www.iqbalkalmati.blogspot.com

# کہساروں کی آگ




طارق اسمٰعیل ساگر

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# کہساروں کی آگ

www.iqbalkalmati.blogspot.com

فطرت کے مقاصد کی کرتا ہے نگہبانی
یا بندۂ صحرائی یا مردِ کوہستانی

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# کہساروں کی آگ

طارق اسمٰعیل ساگر

گورا پبلشرز ○ ۲۵-لوئر مال لاہور

www.iqbalkalmati.blogspot.com

باذوق لوگوں کے لئے خوبصورت
منفرد اور معیاری کتابیں
پیش کرنے والا ادارہ!

ناشر : طاہر اسلم گورا

GORA PUBLISHERS

جملہ حقوق محفوظ

۱۹۹۶ء

سرورق : منوّر

اہتمام : افتخار احمد

قیمت : ۱۵۰ روپے

زاہد بشیر پرنٹرز - لاہور

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# ترتیب


| | |
|---|---|
| پیش لفظ | 7 |
| فیضان اوغلو | 11 |
| ٹارچ سیل | 27 |
| یاسمین | 43 |
| سرخ آندھی | 71 |
| ضمیر کی آواز | 103 |
| حیات نو | 119 |
| گم شدہ اوراق | 129 |
| مصور اور تصویر | 139 |
| شعلہ اور شبنم | 151 |
| ابھاؤ' ابھاؤ' ابھاؤ | 165 |
| منزل مراد کا مسافر | 175 |
| تائید غیبی | 179 |
| جال | 191 |
| گرفت | 207 |
| جی آر یو | 213 |
| نیا شکاری | 217 |
| شاہراہ موت | 227 |
| احمد ترسون | 241 |
| میدان کار زار میں | 245 |
| محسن کا ملاپ | 251 |
| سپیٹنز | 269 |
| الوداع! الوداع!! | 277 |
| انجام سفر | 283 |
| نئی منزلوں کے مسافر | 291 |

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# پیش لفظ

پاکستان اپنی تاریخ کے جس بھیانک دور سے گزر رہا ہے۔ اس کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی:

ایک طرف ہمارا ازلی دشمن بھارت اپنے جبڑے کھولے ہماری سالمیت کو ہڑپ کرنے کے لیے پر تول رہا ہے تو دوسری طرف روسی عفریت منہ پھاڑے گرم پانیوں کی ہوس میں دیوانہ وار ہماری طرف لپک رہی ہے۔

ملک کے اندرونی حالات دیکھ کر یہی گمان گزرتا ہے کہ خدانخواستہ آج نہیں تو کل پاکستان ٹوٹ جائے گا اور ادھر ہماری بدنصیبی یہ ہے کہ:

غدار ہیرو ٹھہرے ——!

اور ہیرو غدار ——!!

حاکمان وقت ان کے لیے پھولوں کے گلدستے بھیج رہے ہیں جو زندہ ہیں اس امید پر کہ کبھی نہ کبھی (خدانخواستہ) ان کے مکروہ عزائم شرمندہ تعبیر ہو جائیں گے۔

جس کے جو جی میں آئے کہہ ڈالتا ہے۔

ملکی سالمیت مذاق بن کر رہ گئی ہے۔

سیاہ چن کی بلندیوں پر تو بھارتی قابض ہیں ہی۔

شمال مغربی صوبہ سرحد کے سرحدی علاقوں پر بمباری کھیل تماشے کی حیثیت اختیار کر گئی ہے۔ اور ——

افغانستان کو جیسے ہی اپنے غیر ملکی آقا کا اشارہ موصول ہوتا ہے وہ پاکستانی سرحدوں کا تقدس روندنے لگتا ہے ——

فضائیں محفوظ ہیں نہ زمین۔ ——

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

غرض کس کس زخم کی نشاندہی کی جائے یہاں تو سارا بدن لہو لہو اور جگر لخت لخت ہے۔

غالباً" اس صدی کی سب سے بڑی جارحیت روس جیسی سپر پاور کا دوستی کی آڑ میں افغانستان میں گھس آنا ہے۔

چیکو سلاوکیہ' یوگو سلاوکیہ' ہنگری' بلغاریہ' اور پولینڈ کے بعد روس نے شاید اپنی دانست میں افغانستان کو بھی ترنوالہ جان کر اس پر "دست شفقت" رکھنے کی کوشش کی تھی ـــــــ لیکن روسی شاید نظر انداز کر گئے کہ افغان نے اپنی تاریخ نہیں بھلائی :..........

سمرقند' بلخ' بخارا کی داستانیں افغانوں کے خون میں نسل در نسل منتقل ہوتی آ رہی ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ اس دوستی کی کیا قیمت ادا کرنی پڑتی ہے!

یہی وجہ تھی کہ یہ ترنوالہ اب لوہے کا ایسا مکا بن گیا ہے جس نے روس کے دانت توڑ ڈالے۔

روس جو بزعم خویش اس خطہ ارض کا زمینی خدا بن بیٹھا تھا آج ایسی دلدل میں پھنس گیا ہے کہ اس کے لیے نہ جائے رفتن نہ پائے ماندن کی سی صورت حال پیدا ہو چکی ہے۔ اس کی انا اسے افغانستان میں رکے رہنے پر مجبور تو کر رہی ہے لیکن اس کی قیمت روس اپنے اندازے سے بھی بہت زیادہ ادا کر چکا ہے مگر ـــــــ

تصویر کا دوسرا رخ جو بہت ہی اندوہناک ہے ہماری توجہ کا خاص مستحق ہے۔ اگر ـــــ! روس نے افغانستان کی سرحد بھی عبور کر لی تو پھر اس کے راستے میں کیا رکاوٹ باقی رہ جائے گی؟

شاید یہی آج کے دور کا سب سے زیادہ سلگتا ہوا سوال ہے! جس کے جواب میں افغانوں کی عظیم جدوجہد کی داستان بھی پوشیدہ ہے اور ہماری ملی بے حسی کا منہ بولتا ثبوت بھی ـــــ!! یہ نہتے بے سر و سامان' پٹے پھٹے' زخم زخم لیکن پہاڑوں کی طرح ناقابل تسخیر عزائم کے مالک غیور افغان آج دنیا بھر کے آزادی پسندوں کی علامت بن چکے ہیں۔!!

دنیا بھر کے حریت پسندوں کی نگاہیں اس جہاد کی طرف لگی ہیں اور اس کے

نتائج پر ہی مستقبل کی تاریخ کا انحصار ہے ــــــــ

یہ کوہ شکن ارادوں کے مالک!

یہ سربفلک ولولوں کے امین!

یہ ذلت کی حیات پر عزت کی موت کو ترجیح دینے والے افغان!

یہ تو بے سروسامانی کے عالم میں خدا کے حکم کو سینے سے لگائے دشمن کے خلاف سینہ سپر ہیں لیکن ــــــــ!

مسلمان ہونے کی حیثیت سے ایک سوال آج ہمیں بھی خود سے کرنا ہے کہ مستقبل کا مورخ جب ماضی کی تاریخ لکھے گا تو ہمارا اس میں کیا مقام ہو گا؟

"کہساروں کی آگ" دراصل آتش نمرود کی کہانی ہے جس میں عشق بے خطر کود پڑتا ہے۔ میں نے اپنی دانست میں یہ کتاب لکھ کر غیور افغانوں کے جہاد آزادی کو خراج عقیدت گزارنے کی کوشش کی ہے۔

کاش میں بھی آپ کی طرح اس سے آگے کچھ سوچتا۔

طارق اسمٰعیل ساگر

۱۵ جون ۱۹۸۷ء

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# فیضان اوغلو

افغان انٹیلی جنس سروس ـــــ "خاد" کے ہیڈ کوارٹر پر ہمیشہ کی طرح بے رحم سکوت طاری تھا! پرانی اور خستہ حالت عمارت کے در و دیوار پر ٹپکتی نحوست اس عمارت کے مکینوں کے چہروں پر اس طرح پھیل گئی تھی کہ وہ عمارت ہی کا حصہ نظر آنے لگے تھے ـــــ بیرونی پتھریلی فصیل کے اندر بنے مختلف بلاکوں کے قطار اندر قطار کمروں میں کرخت چہروں والے افغانی "ضابط" (افسر) اور روسی مشاوروں کی یہی کوشش ہوتی تھی کہ چلتے وقت ان کے قدموں کی چاپ بھی دوسرے کو سنائی نہ دے۔

کبھی کبھی کسی بلاک کے کسی کمرے سے جب اچانک زیر تفتیش ملزم کی چیخ سنائی دیتی تو یوں محسوس ہونے لگتا: "جیسے یہ عمارت انسانوں کے بجائے بھوت پریت کا مسکن ہے۔" عموماً" ایک بلاک سے اٹھنے والی چیخ کا گلا وہیں گھٹ کر رہ جاتا کیونکہ دوسرے بلاک تک درمیان میں اچھا خاصا فاصلہ رکھا گیا تھا۔

یہ چیخیں اور آہیں یہاں کے مکینوں کے لیے روزانہ کا معمول بن چکی تھیں۔ خصوصاً" "قوائے دوست" (دوست افواج) کی آمد کے بعد سے تو اب کوئی ان پر دھیان ہی نہیں دیتا تھا۔

رات کو جب شہر کرفیو کی زد میں آکر سائیں سائیں کرنے لگتا تو اس عمارت میں ایک نیا شہر بسنے لگتا۔ مہمانوں کی آمد و رفت کا تانتا بندھ جاتا! غروب آفتاب کے تھوڑی دیر بعد ہی اس عمارت کے پیٹ سے مختلف جیپیں برآمد ہوتیں جن میں افغان عساکر (سپاہی) اور ان کی کمانڈ کے لیے اکا دکا جگرن (میجر) موجود ہوتے!! جیپوں اور

کاروں کی روانگی تو بڑی پراسرار ہوتی تھی لیکن ان کی واپسی اپنے ہمراہ ایک آدھ ہنگامہ ضرور لیے ہوتی۔

جب کبھی ایسی کوئی گاڑی اپنے مشن سے لوٹتی اس کے سواروں میں ایک آدھ ہتھکڑی سے بندھا نیم بے ہوش افغان ضرور موجود ہوتا——

رات کے دوسرے پہر جب کابل کی سڑکیں کرفیو کی وجہ سے کھانے کو دوڑتیں تو چاروں اطراف سے بند روسی گاڑ—— جیپیں بڑی تیز رفتاری سے برآمد ہونا شروع ہو جاتیں ان کا رخ عموماً دریائے کابل کی طرف ہوتا—— دریا کے کسی محفوظ کنارے پر جہاں عموماً روسی افواج مورچے سنبھالے موجود ہوتیں! ان جیپوں سے بڑی پھرتی سے روسی اور افغان سپاہی ان مردوں کو نکالنا شروع کرتے' جو تفتیش کی تاب نہ لا کر "خاد" کے کسی نہ کسی بلاک میں چیختے چلاتے مر جاتے تھے۔ ان کی لاشیں دریا کی شوریدہ سر لہروں کے سپرد کر دی جاتیں جنہیں جھاگ اڑاتی موجیں لمحوں میں نظروں سے اوجھل کر دیتیں۔

دن کے اوقات میں عموماً یہاں موجود افسران اور ملازمین زیادہ تر اونگھتے رہتے یا پھر مختلف فائلیں سامنے رکھے ان پر مغز ماری میں مصروف رہتے۔

لیکن ان میں ایک گروپ ایسا بھی تھا جن کا کام دن رات جاری رہتا :وہ لوگ حال ہی میں درآمدہ ان آلات تفتیش سے جو ان کے لیے "قوائے دوست" اپنے ہمراہ روس سے لے کر آئے تھے' ان پابہ زنجیر افغانیوں پر مشق ستم ڈھانے میں مصروف رہتے جو زیر حراست یہاں موجود تھے۔

پچھلے دو تین ماہ سے یہاں بڑے نامحسوس طریقے سے ایک اور تبدیلی عمل میں لائی گئی تھی : افغانی افسران کی ایک بڑی تعداد کو یکے بعد دیگرے دوسرے مقامات پر تبدیل کر دیا گیا تھا اور ان کی جگہ روسی "مشاوروں" نے لے لی تھی ——!

مگر اس خدشے کے پیش نظر کہ کہیں افغان افسران اس مداخلت بیجا پر سیخ پا نہ ہو جائیں' اعلیٰ حکام نے اہم ترین عہدوں پر انہیں ہی متمکن رہنے دیا تھا۔ یہ الگ بات کہ عملی اختیارات ان کے نہ ہونے کے برابر تھے۔ خصوصاً" کرنل شولوخوف کے

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سامنے تو ان کی حیثیت رائی کے برابر بھی نہیں تھی۔

لمبا تڑنگا سرخ و سپید چہرے اور گنجے سر کا مالک کرنل شولوخوف اتنی روانی سے فارسی اور پشتو بولتا تھا کہ "خاد" کے قریباً" سب ہی افسران دنگ رہ جاتے۔ وہ پٹھانوں کی طرح پگڑی باندھے' شلوار اور لمبی گھیرے والی قمیص پہنے جب کبھی کابل کی سڑکوں پر مٹر گشت کرنے نکلتا تو کوئی بھی اسے پہچان نہیں سکتا تھا کہ کرنل شولوخوف روسی ہے یا افغانی!

پہلے پہل جب اس نے ہنستے ہوئے اپنا تعارف "خاد" کے اعلیٰ افسران کو کروایا تو وہ اسے روسی ماننے کو تیار ہی نہ ہوئے۔ بات تھی بھی ایسی ہی۔ کسی نے اسے آج تک روسی زبان بولتے ہوئے نہیں سنا تھا۔ وہ عموماً" ایک دلفریب مسکراہٹ اپنے ہونٹوں پر چپکائے رکھتا تھا' لیکن کبھی کبھی اچانک جب یہ مسکراہٹ غائب ہو جاتی تو اس کے چہرے کے حسن کو بالکل دوسرا روپ عطا کر دیتی۔

اب وہ خوبصورت اور قد آور نوجوان کے بجائے ڈھلتی عمر کا ایک خونخوار بھیڑیا نظر آنے لگتا۔ اس کے دانتوں کی اوپری چمکدار قطار سے خونخواری ٹپکنے لگتی۔ گالوں کی ہڈیاں سختی سے بھینچ جانے کی وجہ سے اتنی نمایاں ہو جاتیں کہ ان کا خون نچڑ کر اس کی آنکھوں میں پناہ لے لیتا۔

بظاہر تو کرنل شولوخوف "خاد" کے ڈائریکٹر اپریشن اسفند یار کے ماتحت تھا' لیکن اسفند یار اب خود اس سے خوفزدہ رہنے لگا تھا۔ کیونکہ اس نے شولوخوف کی رپورٹوں پر اپنے تین چار ماتحتوں کے خلاف کارروائی کے بعد ان کے حشر سے خاصی عبرت حاصل کر لی تھی۔

یوں تو اس عمارت کے ہر بلاک کا انچارج ایک افغان جگرن (میجر) ہوا کرتا تھا' جو ڈیپوٹیشن پر یہاں آتا اور اپنی مدت گزارنے کے بعد واپس چلا جاتا۔ "خاد" کے تحت انجام پانے والے مختلف آپریشنز انہی انچارج میجروں کی زیر کمان ترتیب و تکمیل کے مراحل سے گزرتے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



لیکن "قوائے دوست" کی آمد کے بعد اب حالات بدل گئے تھے۔

اب تمام آپریشن ڈائریکٹر آپریشن کرنل شولوخوف کی نگرانی میں ترتیب و تکمیل پاتے۔ پہلے پہل تو افغان افسران نے اپنی پٹھانی فطرت کے تحت اس بات پر جھنجلاہٹ کا اظہار کیا لیکن شولوخوف نے محض تین ماہ کی قلیل مدت ہی میں ان کے دماغ درست کر دیئے۔ وہ اچانک ہنستے ہنستے یکدم آدمی سے ڈریکولا کا روپ دھار لیتا اور اپنے سامنے کھڑے افسر پر پل پڑتا۔ اول تو اس کے اس اچانک اقدام سے کسی کو مدافعت کی ہمت ہی نہ ہوتی اور اگر کوئی غصے یا بے عزتی کے احساس کی تاب نہ لا کر جوابی کارروائی کرتا تو عموماً کوئی گہری چوٹ کھا کر گر پڑتا۔

پھر یوں ہوتا کہ شولوخوف کے ہال نما کمرے کے باہر کھڑے باوردی "ضابط" جب گھنٹی کی آواز پر اندر داخل ہوتے تو وہ ہنستے ہوئے موقع محل کی مناسبت سے فارسی یا پشتو میں اس بے ہوش افسر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ان سے کہتا۔

"اس کی طبیعت ذرا خراب ہے اسے باہر کھلی ہوا میں لے جاؤ!"

"ضابط" بڑے مؤدب غلاموں کی طرح اس افسر کو ہاتھوں پیروں سے پکڑتے اور ڈنڈا ڈولی کرتے باہر لے جاتے۔

خدا جانے کرنل شولوخوف کے پاس کیا پراسرار طاقت تھی کہ پلک جھپکنے میں وہ بڑے بڑے شہ زوروں کو زمین چاٹنے پر مجبور کر دیتا۔ اس "راز" کا علم "خاد" کے دفتر میں اگر کسی کو تھا تو ڈائریکٹر اسفند یار کو۔

---

وہ جانتا تھا کہ یہاں آنے سے پہلے کرنل شولوخوف ماسکو میں کے۔ جی۔ بی کے ہیڈ کوارٹر میں مارشل آرٹس کا سب سے بڑا انسٹرکٹر تھا۔ دو تین ماہ بعد اس کی ٹریننگ کے ہاتھوں کسی نہ کسی زیر تربیت ایجنٹ کی کوئی نہ کوئی ہڈی ٹوٹنے کے واقعات سننے کو ملتے رہتے تھے۔ اسے یوکرائن کے اکثر علاقوں میں مقامی شرپسندوں کا دماغ ٹھیک کرنے کے فرائض سونپے جاتے تھے اور شولوخوف کا نام ہی یوکرائن کے آزادی پسندوں کے لیے خوف کی علامت بن چکا تھا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس روز بھی ایسا ہی کوئی واقعہ ہو گیا تھا۔

"جونیئر ضابطوں" کو کیا علم کہ اندر خانے معاملہ کیا ہے۔ وہ بے چارے تو سہمے سکڑے اپنے اپنے کمروں میں بیٹھے تھے کیونکہ دوپہر کے بعد ہی انہیں کرنل کا موڈ آف ہونے کی اطلاع مل چکی تھی۔ ہر کوئی اس کے سامنے جانے سے کترا رہا تھا۔ خصوصاً" ہر بلاک کے آپریشن انچارج کی تو جان پر بنی تھی۔

میجر ارخان کو جب انٹر کام پر کرنل کے سامنے پیش ہونے کا حکم ملا تو اسے ہاتھوں پیروں سے جان نکلتی محسوس ہونے لگی۔ اسے یوں لگا جیسے لکڑی کی کرسی جس پر وہ بیٹھا تھا' میں اچانک مقناطیسی لہر دوڑنے لگی ہے جس نے اس کے بند بند کو جکڑ لیا ہو۔ بڑی ہمت کے بعد وہ اٹھ کھڑا ہوا۔

اپنے پیچھے کارنس پر رکھے شیشے میں اس نے اپنے چہرے کی اڑتی رنگت کا نظارا کیا' خود کو سنبھالا دینے کے لیے وہیں ایک کونے میں رکھے جگ سے ایک گلاس میں پانی انڈیلا۔ یخ پانی کے دو گھونٹوں نے ہی اس کی رگوں میں دوڑتے خون کو بھی منجمد کر دیا تھا لیکن نجانے کیوں آدھا گلاس حلق میں انڈیلنے کے بعد اسے اپنے حواس بجا ہوتے دکھائی دے رہے تھے۔

میجر ارخان نے ٹوپی اپنے سر پر سلیقے سے جمائی' ہولسٹر میں رکھے ریوالور کو تھپتھپایا اور نپے تلے قدموں سے اپنے کمرے سے باہر نکل آیا۔ آہستہ آہستہ اس کی خود اعتمادی لوٹ رہی تھی۔ جب وہ آخری بلاک کے ایک کونے میں بنے کرنل شولوخوف کے ہال نما کمرے تک پہنچا تو خود کو خاصا پرسکون محسوس کر رہا تھا۔

دروازے کے باہر موجود دونوں محافظوں کی "درخواست" پر اس نے ہولسٹر سے پستول نکال کر ان کے حوالے کر دیا اور خود ڈرتا ڈرتا اندر داخل ہوا۔ جہاں کمرے کی پچھلی دیوار پر لٹکتے ایک بڑے نقشے کے نیچے جس پر کابل شہر کی ایک ایک تفصیل نمایاں تھی۔ کرنل شولوخوف مسکراہٹ ہونٹوں سے چپکائے اس کا منتظر تھا۔

ارخان نے دونوں ایڑیاں بجا کر کرنل کو سلیوٹ کیا۔

"خوش آمدید میجر ارخان——" کرنل کی مسکراہٹ دیکھ کر اسے کچھ حوصلہ ہوا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



"شولوخوف نے اسے سامنے کرسی پر بیٹھنے کا اشارہ کیا اور خود اپنی لمبی سی میز کے ایک کونے پر قریباً" جھک کر اس کی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے اس سے کہا:

"میجر ارخان میرے خیال میں فیضان اوغلو کسی جن بھوت کا نہیں انسان کا نام ہے اور وہ اسی ملک میں بلکہ اسی شہر میں موجود ہے۔"

"جناب والا! ہم سرگرمی سے اسے تلاش کر رہے ہیں۔ ہمارے آدمیوں نے شہر کے چپے چپے پر نظر رکھی ہوئی ہے۔ کابل سے باہر جانے والے تمام راستے ہماری نظر میں ہیں۔" ارخان نے بڑے پر اعتماد لہجے میں کہا۔

"ارخان تم لوگ کب سے اسے ڈھونڈ رہے ہو؟" کرنل شولوخوف نے بڑے تمسخر سے اس کی طرف دیکھا۔ ایک بے رحم سی مسکراہٹ اس کے ہونٹوں پر بدستور کھیل رہی تھی۔

"جناب!" ارخان نے تھوک نگلا: "پرسوں صبح سے، جب آپ کا حکم موصول ہوا۔"

اس کا جواب سنتے ہی کرنل شولوخوف تن کر کھڑا ہو گیا۔ اس کے ہونٹوں سے چپکی مسکراہٹ غائب ہو گئی اور وہاں وہ کرختگی اور درشتی نظر آنے لگی جس کے تصور ہی سے "خاد" کے افسران سہمے رہتے تھے۔

"ارخان" اس نے غصے سے چنگھاڑتے ہوئے کہا۔ "تم لوگ پرسوں صبح سے جھک مار رہے ہو۔ جانتے ہو وہ کہاں ہے؟"

"نہیں جناب....." بے ساختہ اور گھبراہٹ میں اس کے منہ سے نکلا۔

"گدھے" کرنل شولوخوف نے میز پر رکھی چھوٹی سی چھڑی اٹھا کر اس سے میز کا ایک کونا پیٹا، پھر اپنی جگہ سے ہٹ کر اس نقشے تک پہنچ گیا جو اس کی پشت پر نظر آ رہا تھا۔

"ادھر آؤ ــــــ اس نے قریباً" پھاڑ کھانے والے لہجے میں بگڑن ارخان کی طرف گھورتے ہوئے اسے قریب آنے کا اشارہ کیا۔

ارخان کو کرسی سے اٹھ کر اس تک جاتے ہوئے یوں محسوس ہوا جیسے اس کی روح کسی نے آہستہ آہستہ قبض کر لی ہو، تاہم کسی نہ کسی طرح وہ کرنل سے دو

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



تین قدم کے فاصلے پر پہنچ کر رک گیا۔ کرنل نے اپنی چھڑی کی نوک نقشے میں ایک جگہ جمائی اور چیختے ہوئے بولا:

"یہاں —— اسے ایک گھنٹے کے اندر ہر حالت میں میرے سامنے پیش کرو۔" پھر وہ ارخان کی طرف گھوما۔

"ناؤ گیٹ آؤٹ۔"

ارخان جب بوجھل قدموں سے کمرے سے باہر آ رہا تھا تو بے عزتی کے احساس اور غصے کے مارے اس کا خون کھول رہا تھا۔ اس کا جی یہی چاہتا تھا کہ باہر کھڑے "ضابط" جیسے ہی اس کا ہولسٹر لوٹائیں۔ وہ پستول نکال کر اندر داخل ہو اور سارا پستول اس بھیڑیے کرنل پر خالی کر دے، لیکن —— وہ بھی دیگر افسران کی طرح ایسی باتیں صرف سوچ ہی سکتا تھا۔ ان پر عمل کرنا اس کے بس میں نہ تھا۔

---

پلازا ہوٹل کا شمار کابل کے امیر ترین ہوٹلوں میں ہوتا تھا —— اس ہوٹل کو "لنچ گھر" بھی کہا جا سکتا تھا۔

یہاں آئے دن کوئی نہ کوئی شادی کی تقریب منعقد ہوتی رہتی تھی اور ہوٹل پلازا ایسی تقاریب کے انتظام و انصرام کے لیے مشہور تھا۔ روسی افواج کی آمد کے بعد سے شہر میں ایک بے نام سا خوف و ہراس تو پھیل گیا تھا، لیکن اس ہوٹل کے در و دیوار اس سے خاصے محفوظ تھے۔

فرق صرف اتنا پڑا تھا کہ اب رات گیارہ بجے سے پہلے پہلے ایسی تقاریب اپنے انجام کو پہنچ جاتی تھیں۔ کیونکہ گیارہ بجے رات کے بعد سے صبح پانچ بجے تک کرفیو لگا رہتا تھا۔

یوں بھی رات گیارہ بجے کے بعد سارے شہر میں دھماکے ہونے لگتے تھے۔ اور شہر کے کسی نہ کسی کونے سے گولیاں چلنے کی آوازیں آتی ہی رہتی تھیں۔ جس کی وجہ سے یہاں ہنگامہ ہاؤ ہو کا جاری رہنا مشکل نظر آتا تھا۔

ہوٹل پلازا کی دوسری منزل کے ایک کمرے میں فیضان اوغلو بڑی شدت

سے کسی بارات کا منتظر تھا۔ اس کی اطلاعات کے مطابق شام سات بجے تک بارات کو یہاں پہنچ جانا چاہیے تھا' لیکن ساڑھے چھ بج رہے تھے اور ابھی تک دور دور تک بھی باراتیوں کا نام و نشان دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ اس دوران اس نے دو مرتبہ نیچے جا کر اس ہال کا جائزہ لیا جہاں بارات آنے والی تھی۔

ہوٹل کے ملازمین نے بڑے سلیقے سے ہال کو سجا رکھا تھا۔ ایک طرف میزوں پر سفید بے داغ چادریں ڈال کر ان پر کھانے کے برتن سجائے گئے تھے اور ہال سے ملحق اس کچن روم سے جہاں باراتیوں کے لیے کھانا پک کر تیار ہو چکا تھا اشتہا انگیز خوشبو ـــــ نکل کر ہال میں پھیل رہی تھی۔

ابھی چند منٹ پہلے ہی کاروں کے ایک جلوس کے ساتھ یہاں دلہن کی آمد ہوئی تھی جو "پرچم پارٹی" کے ایک سرکردہ لیڈر کی بیٹی تھی۔ اس کی شادی بھی "پرچم پارٹی" ہی کے ایک لیڈر کے بیٹے سے طے پائی تھی۔

جو لوگ دولہن کو بیاہنے آنے والے تھے ان میں ایک خاص شخصیت تھی اور وہ تھا مقامی پولیس کا سربراہ اخوند زادہ جس کے پچھلے کئی حساب فیضان اوغلو اور اس کے ساتھیوں نے چکانے تھے۔

روانگی سے پہلے ـــــ میرداد خان نے جو مقامی جماعت مجاہدین کا سربراہ اور علاقے کے روحانی پیشوا کا بیٹا بھی تھا اسے خاص طور سے اس مہم کے لئے منتخب کیا تھا۔ میرداد خان نے "ژاور" مرکز سے کابل پہنچنے تک فیضان کو متعدد مرتبہ آزما لیا تھا۔

"میرے دوست!" میرداد خان نے اس کے کندھے پر شفقت سے ہاتھ رکھتے ہوئے کہا تھا۔ "میں جانتا ہوں تمہاری تلاش ان لوگوں کو کتنی شدت سے ہے' لیکن تم چونکہ ماسکو یونیورسٹی کے تعلیم یافتہ ہو۔ روسی زبان بول اور سمجھ سکتے ہو۔ اس کے علاوہ اس جماعت میں صرف تم ہی ایک ایسے فرد ہو جو اونچی سوسائٹی کے جدید رسوم و رواج سے واقف ہو جسے اس طرح کے ہوٹلوں اور کلبوں میں رہنے کا تجربہ ہے۔ میرا دل گواہی دیتا ہے اخوند زادہ کو مارنے کی سعادت صرف تمہارا نصیب ہے ـــــ صرف تمہارا۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



"جو حکم یا امیر! مجھ سے انشاء اللہ کسی بزدلی کی شکایت آپ کو نہ ہو گی۔"
اس نے بڑے پر اعتماد لہجے میں امیر جماعت سے کہا تھا۔

فیضان اوغلو نے صبح گیارہ بجے کمرہ ایک جعلی نام سے بک کروایا۔ اس نے خود کو غزنی کے ایک تاجر کا بیٹا ظاہر کیا جو مقامی منڈی سے حساب کتاب کرنے آیا تھا۔

کرنل شولوخوف کے متعلق فیضان اوغلو اس کے کسی ساتھی کو کوئی غلط فہمی نہیں تھی: وہ سب جانتے تھے کہ شولوخوف نے چارج سنبھالتے ہی کتنی برق رفتاری سے ان کی طرف بڑھنا شروع کیا ہے۔

فیضان کی بے قراریوں کو تب قرار ملا جب اس کے کانوں تک شہنائی کی مخصوص آواز پہنچی جو اس بات کا اعلان تھا: "کہ بارات آ گئی ہے۔"

اس نے اپنے اوور کوٹ کی جیب میں رکھے ریوالور کو تھپتھپایا پھر کسی اچانک آمدہ خیال کے تحت دوبارہ باتھ روم میں جا کر ریوالور کو چیک کیا' اس سے گولیاں نکال کر گراری کو گھما کر چیک کیا۔ گولیوں کو الٹا پلٹا کر ان کا جائزہ لیا اور دوبارہ بڑی پھرتی سے ریوالور لوڈ کر کے سے جیب میں رکھ کر کمرے سے باہر نکل گیا۔

فیضان کا رخ ہوٹل کے دروازے کی طرف تھا۔

جب وہ مین گیٹ پر پہنچا تو شہنائیوں کی زور دار آواز کے ساتھ اسے شہنائیاں بجانے والے بھی نظر آنے لگے۔ ہوٹل کے دروازے پر دلہن کے رشتے دار جن میں عورتیں اور مرد دونوں شامل تھے بارات کا استقبال کرنے کھڑے تھے۔ ان میں اکابرین شہر نمایاں تھے اگر وہ چاہتا تو یہاں موجود حکومتی پارٹی کے کئی آدمیوں کو بآسانی نشانہ بنا سکتا تھا۔ اس کے اوور کوٹ کی دوسری جیب میں ہینڈ گرنیڈ بھی کسی ہنگامی حالت کا مقابلہ کرنے کے لیے موجود تھے لیکن امیر کا حکم صرف اخوند زادہ سے متعلق تھا۔

بارات اب ہوٹل کے دروازے میں داخل ہونا شروع ہو گئی تھی۔ پھر بے اختیار اس کا ہاتھ کوٹ کی جیب میں رینگ گیا۔ ایک لمبی شیورلیٹ کار سے اس نے

اخوندزادہ کی گنجی ٹانٹ چمکتے دیکھ لی تھی۔ وہ اپنے ساتھیوں کے ہجوم میں دروازے کی طرف پیدل ہی آ رہا تھا۔ کاریں ہوٹل کے باہر ہی پارکنگ ایریا میں کھڑی کی جا رہی تھیں۔

———○———

مگرلن ارخان نے لاکھ طیش میں ہونے کے باوجود اس حقیقت کو فراموش نہیں کیا تھا: کہ اگر آج فیضان اس کے ہاتھوں سے نکل گیا تو کچھ بعید نہیں: "کہ کرنل شولوخوف غصے یا جھنجلاہٹ میں اسے گولی مارنے سے بھی دریغ نہ کرے۔" اس لیے اس نے انتظامات میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی۔

سب سے پہلے تو اس نے ہوٹل کے گرد اگرد چاروں طرف کی ناکہ بندی بڑی تیزی اور احتیاط سے کروا دی۔ اس کے بعد ہوٹل میں "خاد" کے ایجنٹ پھیل گئے۔ انہوں نے کمروں کے سامنے اور ہال پر کڑی نظر رکھی ہوئی تھی۔

اس خدشے کے پیش نظر کہ "خاد" میں موجود مجاہدین کے آدمیوں میں سے کوئی فیضان یا جماعت کے کسی اور رکن کو صورتحال سے آگاہ نہ کر دے' انہوں نے فیضان کے متعلق کسی کو نہیں بتایا تھا۔ صرف ارخان نے اس کی تصویر دیکھی تھی۔ عموماً" ماتحت عساکر کو آخر وقت تک یہ علم نہیں ہوتا تھا کہ وہ کس شخصیت کو گرفتار کرنے جا رہے ہیں کیونکہ ان سے زیادہ تر خطرہ اسی بات کا رہتا تھا کہ کہیں ان کی وفاداریاں تبدیل نہ ہو جائیں وہ افغانیت کے جوش میں آ کر سارے کیے کرائے پر پانی نہ پھیر دیں۔

ارخان جب اپنے ماتحتوں کے ساتھ سویلین کپڑوں میں ملبوس ہوٹل پہنچا تو اس کے ساتھی اپنی اپنی جگہ سنبھال چکے تھے —— بارات دروازے کے پاس آ کر ٹھہر گئی تھی اور اس میں شامل براتیوں کے گلے میں لڑکی والے خشک میوہ جات سے پروئے ہوئے ہار ڈال کر ان کا خیر مقدم کر رہے تھے۔

ارخان کو یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے اس ہجوم میں ضرور شولوخوف بھی موجود اس کی نگرانی کر رہا ہے۔ اگر اس نے ذرا سی بھی کوتاہی کی تو وہ اسے موقع پر

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

بھی گولی مار دے گا۔

جس طرح اچانک اس نے فیضان کی موجودگی کا انکشاف اس ہوٹل میں کیا تھا اس سے تو ارخان بھونچکارہ گیا تھا۔

اسے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ کرنل شولوخوف کے ایسے کون سے ذرائع یہاں موجود ہیں جنھوں نے اس تک یہ اطلاع براہ راست پہنچا دی۔ جب کہ "خاد" کے روسی تربیت یافتہ ایجنٹ شکاری کتوں کی طرح اس کی بو سونگھتے پھرتے تھے۔

ابھی تک فیضان اسے اس ہجوم میں دکھائی نہیں دیا تھا' البتہ اس کی نگاہیں مختلف چہروں پر پھسل کر یہاں موجود لوگوں کی اہمیت سے باخبر ہو چکی تھیں۔ اور اسے اس بات کی بھی سمجھ آ گئی تھی کہ فیضان آخر اس ہوٹل میں کیوں موجود ہے۔

ارخان ہجوم کے ایک طرف سے نکلتا ہوا ہوٹل کے اندر داخل ہو رہا تھا۔ جب اچانک ایک فائر کی آواز نے اس کے حواس پر بجلی گرا دی۔ آواز کے ساتھ ہی اس نے پلٹ کر دیکھا اس سے چند قدم کے فاصلے پر اخوند زادہ سینے پر ہاتھ رکھے آگے کی طرف جھک رہا تھا اور اس سے بمشکل آٹھ دس گز دور فیضان اوغلو کے ہاتھ میں پکڑے ریوالور سے گولیاں یکے بعد دیگرے نکل کر اس کے جسم میں داخل ہو رہی تھیں۔

وہاں موجود باراتیوں میں بھگدڑ مچ گئی' لیکن ارخان کے حواس بجا تھے۔ اس نے اپنا پستول ہاتھ میں تھام رکھا تھا اور وہ فیضان کی گولیاں ختم ہونے کا انتظار کر رہا تھا۔ اس نے اندازہ لگا لیا تھا کہ اخوندزادہ کے بچنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور اگر اس کی طرف سے بھی فائرنگ شروع ہو جاتی تو فیضان کو گولی لگنے سے پہلے دو تین بے گناہ بھی ضرور مارے جاتے۔

جیسے ہی فیضان کا ریوالور خالی ہوا اس نے بھاگ کر ایک طرف نکلنا چاہا تاکہ دوبارہ ریوالور لوڈ کر سکے لیکن اس دوران ارخان اس کے سر پر پہنچ چکا تھا۔ اس کے درجنوں ساتھی بھی ہجوم کے بیچوں بیچ راستہ بناتے اپنے پستول تانے فیضان اوغلو کی طرف بڑھ رہے تھے۔

فیضان کا بایاں ہاتھ اوور کوٹ کی جیب میں تھا جب اس نے بگرن ارخان کو

للکارتے سنا۔

"ہینڈز اپ"

اس کے لیے کچھ مشکل نہیں تھا کہ گرنیڈ باہر نکال کر اسے ارخان کی طرف پھینک دے۔ اگر پن نکالتے ہوئے اسے ایک آدھ گولی لگ بھی جاتی تو بھی فیضان اوغلو اپنی سی کر گزرتا' لیکن اردگرد افراتفری کے عالم میں چیختے چلاتے بے گناہ لوگ بھی اس کی زد میں آ جاتے۔ اس کی غیرت نے گوارہ نہ کیا کہ کسی مجاہد کے ہاتھوں کسی بے گناہ کی جان بھی جائے۔ فیضان اوغلو نے ہاتھ اوپر اٹھا دیئے۔

---

فوراً" میجر ارخان کے اشارے پر اس کے دو ساتھیوں نے فیضان کی بڑی پھرتی سے جامہ تلاشی لے کر اس سے گرنیڈ' خالی پستول اور فالتو راؤنڈ برآمد کر لیے۔ اس دوران ارخان نے پستول اس کی کنپٹی سے لگائے رکھا۔ اس کی تلاشی سے مطمئن ہوتے ہی انہوں نے فیضان اوغلو کے دونوں ہاتھ پیٹھ پیچھے باندھ دیئے۔ اس کے ساتھ ہی اس کی آنکھوں پر پٹی باندھ دی گئی اور وہ لوگ اسے دھکے دیتے ہوئے ہوٹل سے باہر کھڑی ایک جیپ کی طرف لے جانے لگے۔

آنکھیں بند ہونے سے پہلے فیضان اوغلو نے آخری منظر یہی دیکھا تھا کہ لوگ اخوند زادہ کی لاش کے گرد اکٹھے ہونے لگے تھے۔ اردگرد کی زمین اس کے خون سے سرخ ہو رہی تھی۔ اس نے دل ہی دل میں خدا کا شکرادا کیا کہ وہ سرخرو ہوا۔

ارخان پچھلی سیٹ پر فیضان اوغلو کے پہلو میں پستول لگائے اس سے چپکا بیٹھا تھا۔ اسے یہاں موجود کسی پر بھی اعتماد نہیں تھا۔ عام حالات میں وہ کبھی اتنی احتیاط نہ کرتا لیکن اب معاملہ کرنل شولوخوف کا تھا اور اسے ڈیڑھ دو گھنٹے پہلے والا شولوخوف اتنی جلدی بھولا نہیں تھا۔

کرنل شولوخوف کو پل پل کر خبر مل رہی تھی۔ جب اس نے اپنے کمرے کی کھڑکی سے جیپ کو اندر داخل ہوتے دیکھا تو ایک سفاک مسکراہٹ اس کے ہونٹوں پر

www.iqbalkalmati.blogspot.com :مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com


پھیل گئی۔ اس کی ہدایت پر قیدی کو سیدھا اس کے کمرے میں پیش کرنے کے لیے لایا جا رہا تھا۔

جیپ کے رکتے ہی ارخان نے فیضان اوغلو کے بازو پر اپنی گرفت مضبوط کر لی اور اسے جیپ سے باہر نکالنے کا حکم دیا۔

"جب تم لوگ مجھے پکڑ کر لے ہی آئے ہو تو کم از کم میری آنکھیں تو کھول دو۔ اتنے پہرے میں میں بھاگا تو نہیں جا رہا۔" فیضان اوغلو نے اسے مخاطب کیا۔

ارخان نے خاص طور سے یہ بات نوٹ کی کہ اس کے لہجے میں التجا یا درخواست والی ایسی کوئی بات نہیں۔ یہ کہ وہاں گھبراہٹ یا خوف کا شائبہ تک بھی نہیں پایا جاتا تھا۔ گرفتاری سے لے کر "خاد" کے ہیڈ کوارٹر پہنچنے تک فیضان نے اس سے ایک لفظ بھی نہیں کہا تھا۔ جب کہ اس نے راستے میں کئی مرتبہ اس سے بات کرنی چاہی تھی۔

وہ نہ چاہتے ہوئے بھی فیضان اوغلو کے لیے کچھ ہمدردی سی محسوس کرنے لگا تھا۔ اس کی تصویر دیکھنے یا اسے ملنے سے پہلے ارخان کے ذہن میں یہ بات موجود تھی کہ وہ کوئی "ہائی جیکر" قسم کا بین الاقوامی غنڈہ ہو گا' لیکن اس سے گفتگو کیے بغیر ہی اس کے ساتھ ایک "غالب" کی حیثیت میں سفر کرنے کے دوران ہی نجانے کیوں وہ خود کو فیضان اوغلو کی شخصیت کے سامنے دبا دبا سا محسوس کرنے لگا تھا۔ یہ وہ فیضان نہیں تھا جو اسے پل چرخی جیل میں دو سال پہلے ملا تھا۔

لیکن اس نے اپنے لہجے میں کوئی فرق نہ آنے دیا۔ اسے علم تھا کہ اس کے ساتھیوں میں یقیناً" کرنل شولوخوف کے خصوصی مخبر بھی موجود ہیں۔ جن کو اگر اس بات کا ذرہ برابر بھی شک ہو گیا کہ اس کا رویہ قیدی سے کچھ نرم یا شریفانہ قسم کا رہا ہے تو وہ فوراً" اس کی رپورٹ کر دیں گے اور اس کے بعد جو حال ارخان کا ہوتا' اس کے متعلق اسے کوئی خوش فہمی نہیں تھی۔

اس نے پچھلے تین چار ماہ میں اس بات کا نظارہ بہت قریب سے کیا تھا کہ "خاد" کے دفتر میں موجود مجاہدین کے "مخبروں" کا انکشاف ہونے کے بعد کیا حشر ہوا۔ ان کے لواحقین کو آج تک علم ہی نہ ہو سکا تھا کہ انہیں کن کن اذیت ناک

مراحل سے گزرنے کے بعد موت نصیب ہوئی تھی۔

"بکومت" اس نے سخت گیر لہجے میں فیضان اوغلو سے کہا۔ اور اسے دھکا دے کر آگے بڑھا دیا۔

فیضان نے کوئی مداخلت نہ کی اور چپ چاپ آگے بڑھ گیا۔ عمارت کے مختلف کمروں کے سامنے سے گزرتے ہوئے وہ لوگ بالآخر اسے "آپریشن بلاک" میں لے آئے۔ ارخان نے بدستور اس کا ایک بازو مضبوطی سے پکڑ رکھا تھا۔ کرنل شولوخوف کے کمرے کے باہر اسے رکنے کا حکم ملا۔

باہر موجود گارڈز نے اس کی دوبارہ جامہ تلاشی لی۔ ارخان کو انہوں نے واپس جانے کے لیے کہا اور خود اسے دونوں بازوؤں سے پکڑ کر اندر لے گئے۔ کمرے کے وسط میں پہنچ کر انہوں نے فیضان اوغلو کو رکنے کے لیے کہا اور اس کی آنکھوں سے پٹی کھول دی گئی

جب اس کی آنکھیں دیکھنے کے قابل ہوئیں تو سب سے پہلے فیضان کی نظر کرنل شولوخوف کے چہرے پر پڑی جو اس سے کچھ فاصلے پر کھڑا مسکرا رہا تھا۔ کن اکھیوں سے اس نے کمرے کی مختلف اطراف کا جائزہ لیا۔ کمرے کے چاروں کونوں میں سٹین گن سے مسلح "ضابط" موجود تھے۔

"خوش آمدید مسٹر فیضان اوغلو" شولوخوف نے ہلکا سا قہقہہ لگایا۔

فیضان خاموشی سے اس کی آنکھوں میں آنکھیں گاڑے کھڑا رہا۔ کرنل شولوخوف نے اس کی مادری زبان فارسی میں اسے مخاطب کیا تھا' لیکن فیضان نے پہلی ہی نظر میں اس کی قومیت کا اندازہ لگا لیا تھا۔

"تمہیں گرفتاری کا افسوس تو اصولاً" نہیں ہونا چاہیے۔ کیونکہ تمہارا مشن بہرحال پورا ہو چکا ہے۔ اخوند زادہ مارا گیا۔" شولوخوف بدستور مسکرا رہا تھا۔

"میرے لیے گرفتار ہونا' زخمی ہونا یا مر جانا کچھ اہمیت نہیں رکھتا ——" پہلی مرتبہ فیضان نے زبان کھولی۔

"حیرت ہے ماسکو یونیورسٹی کا گریجویٹ بھی ایسی باتیں کرتا ہے۔" کرنل نے بڑے تمسخر سے اس کی طرف دیکھا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں :

"تمہیں ابھی بہت سی حیرتوں کا سامنا ہو گا' دیکھتے جاؤ ———" فیضان کے لہجے کا وقار بدستور قائم رہا۔

"کم از کم اس بات پر تو ہمارا شکریہ ادا کرو کہ ہماری تعلیم نے تم جیسے گنواروں کو مکالمہ بازی سکھا دی۔" شولوخوف کی جہاندیدہ نظروں نے اندازہ کر لیا تھا کہ فیضان نے اس کی شہریت پہچان لی ہے۔

"تمہاری یہ خوش فہمی بھی جلدی دور ہو جائے گی۔"

"باتیں بہت کرتے ہو۔" کرنل کی مسکراہٹ غائب ہونے لگی۔

"عمل بھی ہمارا ایسا ہی ہوتا ہے۔" فیضان رعد کی طرح کڑکا۔

جب کرنل شولوخوف نے اس کی فائل پڑھی تو پہلا خیال اس کے ذہن میں یہی آیا تھا کہ یقیناً" اس نوجوان کو ملاؤں نے ورغلا لیا ہے کیونکہ یونیورسٹی کے غیر ملکی طلبہ کے گروپ میں اس کا شمار ان طالبعلموں میں ہوتا تھا جو انتہا پسند کمیونسٹ نظریات رکھتے تھے۔ اور کرنل شولوخوف کے تجربے نے اسے بتایا تھا کہ انتہا پسند نظریاتی لوگوں کی بڑی کمزوری یہی ہوتی ہے کہ وہ اتنی ہی شدت سے متضاد نظریہ بھی قبول کر لیتے ہیں۔ اسے امید تھی کہ فیضان اوغلو کو واپس لایا جا سکتا ہے۔

فیضان اوغلو کو واپس لانا بہت ضروری اور سودمند تھا وہ مجاہدین کے جتنا اندر جا چکا تھا اس کی اہمیت اتنی ہی کے۔ جی۔ بی کے نزدیک بڑھ چکی تھی۔ اگر وہ تعاون پر رضامند ہو جاتا تو ان لوگوں کی بہت بڑی درد سری ختم ہو جاتی اور کابل میں وہ شرپسندوں کی کمر توڑ کر رکھ دیتے۔

شولوخوف کی کامیابی کا یہی راز تھا کہ وہ ٹھنڈے دماغ کا گرم مزاج آدمی تھا۔ اس میں برداشت کا حوصلہ بہت زیادہ تھا۔ اتنا زیادہ کہ بسا اوقات ہیڈ کوارٹر اس کے رویے پر جھنجلاہٹ کا شکار ہو جاتا لیکن آج تک اس نے جو کہا وہ کر گزرا۔ اسی باعث اعلیٰ حلقوں میں اس کا ایک مقام بن چکا تھا۔

"میرا خیال ہے تمہیں آرام کرنا چاہئے' ہم پھر اطمینان سے دوستانہ ماحول میں گفتگو کریں گے۔" شولوخوف نے بڑی نرمی سے فیضان کا کندھا تھپتھپایا۔

اس کے اشارے پر ایک ضابط نے فیضان کو باہر نکلنے کا حکم دیا۔ وہ بغیر کسی

ہچکچاہٹ کا مظاہرہ کیے باہر نکل آیا ——— دو مسلح محافظ اسے اپنے جلو میں لیے دوسرے بلاک کی طرف بڑھ رہے تھے۔

اس کے باہر نکلتے ہی کرنل شولوخوف مسکراتا ہوا اپنی میز پر رکھے انٹرکام کی طرف پلٹا' ایک مخصوص بٹن دبانے پر اس کا رابطہ "ٹارچر سیل" کے انچارج میجر بوناکوف سے ہو گیا۔ اس نے الفاظ چباتے ہوئے بوناکوف کو کچھ احکامات جاری کیے اور دوبارہ اپنی کرسی پر ٹیک لگا کر بیٹھ گیا۔ کرسی سے پشت سہلاتے ہوئے وہ بڑبڑایا۔ اس نے اطمینان کی لمبی سانس لی: منصوبے کا پہلا حصہ تو مکمل ہو گیا۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# ٹارچر سیل

رات ۱۲ بجے اس کی ڈیوٹی ختم ہوئی تھی اور اسے آج تین روز کے بعد گھر جانے کی اجازت ملی تھی۔ اب ان لوگوں کے لیے ہفتہ وار چھٹی والی تو کوئی بات رہ ہی نہیں گئی تھی۔ مہینے میں بمشکل ایک یا دو خوش قسمت دن چھٹی کے نصیب ہوتے تھے۔

عمارت کے کمروں میں سے چھنتی ہوئی روشنی کہیں کہیں کھڑکیوں سے باہر جھانکتی دکھائی دیتی تھی ورنہ تو ہر سو اندھیرے یا پھر یخ بستہ ہواؤں کے تھپیڑوں کی حکمرانی تھی' اپنے کمرے سے باہر نکلتے ہوئے احمد اس اندھیرے ہی کا حصہ دکھائی دے رہا تھا۔

اپنے بلاک سے موٹر سائیکل تک پہنچتے ہوئے اسے تین مرتبہ شناخت کے مراحل سے گزرنا پڑا۔ مرکزی دروازے تک وہ موٹر سائیکل کو بغیر انجن سٹارٹ کیے گھسیٹتا ہوا لایا تھا۔ اس کی پہچان مکمل ہونے کے بعد آہنی دروازہ کھلا اور جونیئر ضابط احمد ترسون موٹر سائیکل گھسیٹتا باہر نکل آیا۔ اس نے خصوصی کرفیو کارڈ اپنے اوور کوٹ کے باہر ٹانک لیا تھا کہ راستے میں اسے روکنے پر زیادہ تردد نہ کرنا پڑے۔

باہر نکل کر اس نے موٹر سائیکل سٹارٹ کی تو روسی بائیک کی آواز سے جیسے ساری فضا تھرتھرا اٹھی۔ اس کا رخ' کابل' جلال آباد روڈ کی طرف تھا۔ اسی روڈ پر واقع ایک آبادی میں اس کا گھر تھا جہاں احمد ترسون کی ماں اور بہن اس کی منتظر تھیں۔ اس کا والد غزنی میں پھلوں کا کاروبار کرتا تھا اور مہینے میں ایک آدھ دفعہ ہی گھر آیا کرتا۔

راستے میں تین مرتبہ سڑکوں پر چکراتی آرمی کی جیپوں نے اسے روک کر اس کا کرفیو کارڈ چیک کیا۔ اب وہ قدرے غیر آباد علاقے کی طرف نکل آیا تھا۔ یہ سڑک ایک پہاڑی سلسلے کے درمیان میں سے گزرتی تھی۔ ایک مخصوص مقام پر پہنچ کر اس نے موٹر سائیکل کی رفتار آہستہ کرتے کرتے بالآخر اس کا انجن بند کر دیا۔

بادی النظر میں یہی دکھائی پڑتا تھا جیسے پلگ میں کچرا آ جانے کی وجہ سے موٹر سائیکل رک گئی ہو۔ سڑک کے ایک کنارے پر اس نے موٹر سائیکل کھڑی کر لی ——!!

کابل کی جان لیوا سردی رگوں میں لہو جمائے دیتی تھی، لیکن احمد ترسون کے نزدیک اس لمحے سردی گرمی کا احساس ختم ہو کر رہ گیا تھا۔ یوں بھی یہ اس کا روزانہ کا معمول تھا۔ وہ موٹر سائیکل کا ٹول بکس کھول کر اس میں سے پلگ پانا نکالنے کے بعد پلگ باہر نکال رہا تھا۔ جب اندھیرے میں پہاڑی سلسلے سے اس نے ایک سایہ برآمد ہوتے دیکھا۔

نووارد نے کچھ فاصلے پر رک کر ایک پنسل ٹارچ جلا بجھا کر مخصوص قسم کا اشارہ کیا۔ بیٹھے بیٹھے احمد ترسون نے اپنے لمبے کوٹ کی اندرونی جیب میں ہاتھ ڈال کر پستول باہر نکالا۔ اس کی گرفت اجنبی کے اس سمت بڑھتے قدموں کے ساتھ ساتھ پستول کے دستے پر مضبوط ہوتی جا رہی تھی۔

نووارد اس کے نزدیک پہنچ کر ہاتھ اٹھا کر کھڑا ہو گیا۔ اس نے اپنی سمت اٹھی پستول کی نالی دیکھ لی تھی۔

"آمدم بر سر مطلب؟" احمد نے بڑے سرد لہجے میں اس کی طرف جھانکا۔

دوسری طرف سے پشتو میں ایک خاص لفظ سننے کے بعد اس نے پستول نیچے جھکا لیا۔

دو تین فقروں میں اس نے نووارد کے ساتھ "کوڈ ورڈز" کا تبادلہ کر لیا تھا۔ اور مطمئن ہوتے ہی اس نے اپنے پاؤں میں پہنے لونگ بوٹ میں سے ایک تہہ شدہ کاغذ نکال کر اسے تھما دیا۔

"فی امان اللہ" اجنبی نے کہا اور منہ موڑ کر اس طرف چل دیا جس طرف

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سے اس کی آمد ہوئی تھی۔

"خدا حافظ" احمد ترسون آہستہ سے بڑبڑایا اس نے پلگ دوبارہ فٹ کیا۔ ٹول بکس باندھا اور موٹر سائیکل سٹارٹ کر دی۔

جب وہ اپنے گھر کی طرف جا رہا تھا تو اسے اس بات کی خوشی تھی کہ اپنے فرائض سے وہ بڑے احسن طریقے سے عہدا برا ہو چکا تھا۔ اس نے فیضان اوغلو کی گرفتاری کی خبر مجاہدین کو پہنچا دی تھی۔

---

امیر داد خان کی آنکھیں گہری سوچ میں ڈوبی ہوئی تھیں۔ اس کے گرد اگرد بیٹھے پانچوں مجاہد بھی خاموش تھے وہ سب اپنے امیر کی طرف آنکھیں لگائے بیٹھے تھے۔ ایک دوسرے سے نظریں ملاتے ہوئے بھی انہیں شرمندگی کا احساس ہو رہا تھا۔ جیسے وہ پانچوں ہی اس حادثے کے ذمہ دار تھے۔

امیر داد خان کو صرف ایک ہی سوچ پریشان کر رہی تھی! "ان کے درمیان کوئی حکومتی مخبر ہے ضرور' ورنہ یہ ممکن نہیں تھا کہ اس طرح افغان سیکرٹ سروس فیضان اوغلو تک پہنچ جاتی۔" اور یہاں اپنے معتمد ساتھیوں کے درمیان وہ نجانے کیوں اپنے اس اندیشے کو نوک زبان پر لاتے ہوئے کچھ ہچکچاہٹ سی محسوس کر رہا تھا۔

"میرے خیال سے ٹھکانہ بدل لیا جائے۔" اچانک پانچوں میں سے ایک نے اسے مخاطب کیا۔

امیر داد کے سامنے رکھی قہوے کی پیالی ٹھنڈی ہو رہی تھی حالانکہ وہ "لب سوز" قہوہ پینے کا عادی تھا۔ اس نے ایک لمحے کے لیے بات کہنے والے کی طرف نظریں اٹھا کر دیکھا۔ پھر دوبارہ چہرہ اسی سمت کر لیا۔

"میرا خیال ہے امیر!" اس کا دوسرا ساتھی بولا۔" قاسم ٹھیک کہتا ہے۔"

"آپ لوگوں کی کیا رائے ہے؟" امیر داد خان نے باقی تینوں کو مخاطب کیا۔

تینوں خاموش رہے۔ کوئی بات ان تینوں کی زبان پر آکر اٹک اٹک جاتی تھی۔ بالآخر ان میں سے ایک نے گلا کھنکار کر کہا۔

"یہ ٹھکانہ تو ہمیں بڑی مشکل سے میسر آیا ہے۔ جہاں بیٹھ کر ہم شہر پر نظر رکھ سکتے ہیں۔ میرے خیال سے یہ واحد جگہ ہے جو دشمن کے جاسوس ہیلی کاپٹروں کی برقی آنکھوں سے اوجھل ہے۔ اگر یہ ٹھکانہ بھی چھٹ گیا تو ہمیں شاید ایسی شاندار پناہ گاہ کبھی میسر نہ آ سکے۔"

"لیکن فیضان بہرحال گوشت پوست کا انسان ہے۔ وہ کسی بھی کمزور لمحے کی گرفت میں آ سکتا ہے۔" قاسم نے مداخلت کی۔

پہلے بات اور تھی' اب روسیوں کی آمد کے بعد سے ان کے پاس برقی آلات تفتیش آ گئے ہیں جن کے ذریعے وہ بڑے بڑے سخت جانوں کی زبان بھی کھلوا لیتے ہیں۔" دوسرا بولا۔

اس کے بعد پھر سب خاموش ہو گئے۔ ان کی نظریں اپنے امیر کی طرف لگی تھیں' جس کا فیصلہ بہرحال حتمی ہوتا۔

"میرے دوستو!" بالآخر امیر داد خان بولا۔" اگر تو آپ لوگ یہاں سے کوچ کرنے کا اس لیے سوچ رہے ہیں کہ فیضان اوغلو کرنل شولوخوف کے سامنے ہتھیار ڈال دے گا تو میں آپ کو اس بات کا یقین دلاتا ہوں کہ ایسا نہیں ہو گا۔ بعض لوگ دنیا میں ایسے بھی ہوتے ہیں جن کے متعلق حتمی رائے قائم کی جا سکتی ہے۔ ہم ان پر آنکھیں بند کر کے اعتماد کر سکتے ہیں گو کہ یہ بات ہمارے اصولوں سے لگا نہیں کھاتی' لیکن ایسا ہے۔ فیضان اوغلو مر جائے گا لیکن اس کی زبان نہیں کھلے گی۔ میں یہ بات اتنے ہی اعتماد سے کہہ رہا ہوں جتنے اعتماد سے ہم یہ جنگ لڑ رہے ہیں۔"!

"خان! ہمارا مقصد بخدا یہ ہرگز نہ تھا کہ ہمیں فیضان پر اعتماد نہیں۔ یہ سب تو ہم بطور احتیاط کرنا چاہتے ہیں۔ اگر کابل میں ہمارے دو تین سرکردہ آدمی بھی پکڑے گئے تو ہم اپنے سینکڑوں ہمدردوں سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے۔ بہرحال آپ کا حکم سر آنکھوں پر ......"

"قاسم خان!" اس مرتبہ امیر داد خان کی آواز میں رعد کڑک رہی تھی:
"اول تو ایسا وقت کبھی نہیں آئے گا اگر ایسا ہوا بھی تو روسی فوج ہماری گرد کو بھی نہ پہنچ سکے گی۔ متبادل راستوں پر میری نظر ہے۔ ہمارے ساتھی پل پل کی خبر رکھتے

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہیں۔"

"جو حکم یا امیر" قاسم خان مطمئن ہو گیا۔

امیر داد خان نے قہوے کی پیالی ایک ہی گھونٹ میں خالی کر دی اور اپنے ساتھیوں کی طرف گھوما:

"سجاول خان کو پیغام روانہ کرو کہ ہم اس کی سمت سے پسپائی اختیار کریں گے! بھاری ہتھیار لے کر اگلے ٹھکانے کی طرف کوچ کر جاؤ۔ جلال آباد کے دوستوں کو نئی صورت حال سے آگاہ کر کے اگلی ہدایات حاصل کرو۔ اس ٹھکانے پر صرف آٹھ مجاہد چھوڑ کر باقی سب کو لے کر متبادل راستوں سے سجاول خان کی طرف نکلنے کی تیاری کرو۔ روانگی اگلی اطلاع آنے کے بعد ہو گی ــــــ!"

"تعمیل ہو گی یا امیر!" قاسم نے کہا اور پانچوں ہدایات پر عمل پیرا ہونے کے لیے باہر نکل گئے۔

---

احمد ترسون کی واپسی اگلے روز دوپہر کے بعد ہوئی۔ اس کی ڈیوٹی کے اوقات ۳ بجے دوپہر کے بعد شروع ہوتے تھے۔ دروازے تک اس کی بوڑھی ماں اس کو الوداع کہنے آئی تھی۔ اس نے حسب سابق روانگی سے پہلے اس کا سر اور ماتھا چوم کر اسے دعائیں دیں۔ ریشم جان کا اس دنیا میں اور تھا ہی کون؟"

ایک اس بیٹے کے لیے اس نے کیا کیا مصیبتیں نہیں جھیلی تھیں۔ اس کی خواہش تھی کہ تعلیم مکمل کرتے ہی احمد ترسون باپ کے کاروبار میں اس کا ہاتھ بٹائے۔ ان کی تو پشتوں میں بھی کسی نے حکومتی نوکری نہیں کی تھی۔ یہ بات ان کے نزدیک ایک طعنہ تھی کہ فلاں خان کا فلاں بیٹا نوکر ہے، لیکن برا ہو جدید تعلیم کا جس نے احمد ترسون کا دماغ خراب کر دیا تھا۔

ریشم جان کی شادی اس کے والدین نے بہت کم عمری میں اپنے خاندان میں کر دی تھی۔ بیچاری تیسرے ہی مہینے بیوہ ہو گئی اور خاوند کی وفات کے سات ماہ بعد احمد ترسون پیدا ہوا تھا۔ اس کی پیدائش کے بعد اس کی پرداخت کا سوال ہمیشہ

ریشم جان کو ڈستا رہتا تھا۔ کیونکہ اس معاشرے میں دوسری شادی کا تصور ہی بڑا اذیت ناک تھا۔

بیٹے کی پیدائش کے بعد جب وہ غزنی اپنے گھر گئی تو اس کی نیکو کاری اور پرہیزگاری سے متاثر ہو کر اس کے خاندان کے ایک اور نوجوان نے اس کے والدین سے ریشم جان کا رشتہ مانگا۔ اس نوجوان کا قریبی رشتہ دار تو تھا نہیں۔

بہرحال ریشم جان کے والدین نے اسے تائید غیبی جانا اور "ہاں" کر دی۔

ایک سادہ سی تقریب میں ان کا نکاح ہو گیا۔ تب احمد ترسون بمشکل دو سال کا تھا۔ اس کا والد غزنی سے فروٹ وغیرہ لے جا کر کابل کی منڈی میں فروخت کیا کرتا تھا۔ پھر وہ یہیں کا ہو رہا۔ ان کا گھرانا کابل ہی میں آ گیا اور خادے خان نے کبھی ریشم جان کو اس بات کا احساس نہ ہونے دیا کہ احمد ترسون اس کا سوتیلا بیٹا ہے یا سگا۔

اس نے اپنے بیٹے کو کابل کے مشنری سکول میں تعلیم دلوائی اور اس کی خواہش پر اسے سرکاری نوکری کرنے کی اجازت بھی دے دی۔ خادے خان زیادہ ترمنڈی میں اپنے کاروبار ہی میں مصروف رہتا۔ اور گھر کم ہی آیا کرتا تھا۔ احمد البتہ دوسرے تیسرے روز ضرور اس سے مل لیا کرتا تھا۔

---

گھر سے روانہ ہونے کے بعد اس نے واپسی کا بھی وہی راستہ اختیار کیا تھا۔ جس راستے سے وہ دفتر سے گھر آیا تھا۔ پہاڑی سلسلے کی اس سڑک پر پہنچ کر ایک مرتبہ پھر اس کی موٹر سائیکل کی رفتار کم ہونے لگی۔ اس نے اپنے داہنے ہاتھ اگلے شیشے میں ایک آرمی ٹرک کو اپنے پیچھے آتے دیکھ لیا تھا اور اب وہ اسے آگے نکلنے کا موقع دے رہا تھا۔

ٹرک سے نجات حاصل کرنے کے بعد اس نے رات والے موڑ کے نزدیک پہنچ کر ایک مرتبہ پھر موٹر سائیکل کھڑی کر دی۔ اس مرتبہ اس نے یہاں قیام کا دوسرا بہانہ تراشا تھا۔ وہ سڑک کے ساتھ ساتھ پھیلے ہوئے پہاڑی سلسلے میں پیشاب کے لیے

کوئی جگہ تلاش کر رہا تھا۔ بالآخر وہ جگہ اسے نظر آ گئی۔

ایک پتھر کے نیچے سے نکلا ہوا ایک نیلے رنگ کے لفافے کا کونہ اسے بخوبی دکھائی دے رہا تھا۔ اس نے وہیں بیٹھ کر لفافہ باہر نکالا۔ اس چاک کر کے ایک رقعہ برآمد کیا۔ جس پر ایک مختصر سا ہدایت نامہ لکھا تھا۔

احمد ترسون نے رقعہ پڑھنے کے بعد جیب سے سگریٹ لائیٹر نکال کر اسے جلا دیا اور جلا کر اس اطمینان کے بعد کہ اس کی راکھ میں سے کسی کو کچھ حاصل نہ ہو گا۔ اس نے لائیٹر سے سگریٹ سلگایا اور اس کے لمبے لمبے کش لیتا وہاں سے باہر نکل آیا۔ اس سارے عمل میں اس کے بمشکل دو یا تین منٹ لگے ہوں گے اور اس سے کم وقت میں کسی افغان سے یہ امید نہیں رکھی جا سکتی کہ وہ استنجا سے فارغ ہو جائے گا۔

اپنی موٹر سائیکل کی طرف آتے ہوئے اس نے انہی پہاڑی ٹیلوں کی اوٹ میں غائب ہوتے اس مجاہد کو نہیں دیکھا تھا۔ جس نے سڑک سے یہاں تک اس پر نظر رکھی ہوئی تھی اور جو ہوا میں اڑتے پرندے کو مار گرانے کی مہارت رکھتا تھا۔

یہ تھا قاسم ایشاں زادہ ——!

امیر داد خان کے عقابوں میں سے ایک!

—O—

اس کے بعد دفتر پہنچنے تک اس کو کہیں رکنے کی ضرورت محسوس نہ ہوئی۔ وہ مدھم سروں میں سیٹی بجاتا بڑی لاپرواہی سے حسب سابق موٹر سائیکل کو گھسیٹ کر اندر لایا۔ آج اتفاق سے مین گیٹ پر وہ محافظ ڈیوٹی دے رہے تھے جو اس سے واقف تھے ورنہ تو بار بار اپنی شناخت کروانے سے اسے بہت الجھن ہوتی تھی۔

اس سے پہلے کبھی ایسی ضرورت پیش نہیں آئی تھی لیکن "قوائے دوست" کی آمد کے بعد سے عجیب عجیب باتیں سننے اور مشاہدے میں آنے لگی تھیں۔ جن میں سے ایک یہ بھی تھی کہ ایک دوسرے سے واقفیت رکھنے کے باوجود ان لوگوں کو ایک سے دوسرے بلاک تک جاتے ہوئے بھی اپنی شناخت کروانی پڑتی تھی۔

اس سے پہلے تو وہ لوگ کھل کر ایک دوسرے سے ہنسی مذاق بھی کر لیا کرتے تھے لیکن روسی افسران کی آمد کے بعد سے تو وہ ایک دوسرے سے کھل کر بات کرتے ہوئے بھی جھجکتے تھے۔ بڑی تلخ فضا میں آج کل وہ لوگ کام کر رہے تھے۔

ماحول کچھ ایسا بن گیا تھا کہ خوا مخواہ وہ لوگ ایک دوسرے پر شک کرنے لگے۔ اس کی وجہ وہ واقعات تھے جو پچھلے دنوں یکے بعد دیگرے پیش آئے تھے:

اگر کوئی جونیئر یا سینئر "ضابط" ہنسی مذاق میں بھی اپنے دفتر یا کنٹین میں بیٹھے کوئی بات حکومت یا "مشاوروں" کے خلاف کہہ دیتا تو اگلے ہی روز اس کی جواب طلبی افسر اعلیٰ کے سامنے ہو جاتی اور ایک سخت وارننگ بھی اس کے ساتھ ہی مل جاتی۔

"دیوار ہم گوش دارد" ان سبھوں کو یہ بھولا ہوا سبق بڑا شدت سے یاد رہتا تھا اور سبھی بڑے جی جان سے اس پر عمل پیرا بھی تھے۔

اپنی ذمہ داریاں سنبھالنے سے پہلے جب وہ ڈیوٹی افسر کے پاس حاضری رجسٹر میں اپنی حاضری لگانے گیا تو ایک پیغام اس کا منتظر تھا۔

"فوراً" آپریشن چیف سے ملیے۔"

ایک لمحے کے لیے تو جیسے وہ چکرا کر ہی رہ گیا۔ ابھی تک اس کا براہ راست سامنا کرنل شولوخوف سے نہیں ہوا تھا۔ آج پہلی مرتبہ اس کی پیشی ہوئی تھی۔ اس کے فرائض کچھ اس قسم کے تھے کہ وہاں براہ راست کرنل شولوخوف سے ٹکرانے کی گنجائش ہی نہ تھی۔ "پھر یہ سب آخر کیا ہے؟" اس نے پریشانی سے سوچا اور بڑی بددلی سے اس کے کمرے کی طرف روانہ ہو گیا۔

---

فیضان اوغلو کے سفر کا خاتمہ جس بلاک کے سامنے ہوا وہ سب سے الگ تھلگ ایک کونے میں بنا ہوا تھا۔ یہ بلاک ایک چھوٹے سے قلعے کی شکل میں تھا جس کی چاردیواری کے درمیان ایک لوہے کا مضبوط پھاٹک لگا ہوا تھا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس پھاٹک میں داخل ہوتے ہی اس کی آنکھوں سے پٹی اتار دی گئی۔ دروازے کے اندر دروازے سے ملحقہ کیبن میں بیٹھے دوہٹے کٹے "ضابطوں" کو فیضان کا چارج دے کر اس کے ساتھ یہاں تک آنے والے واپس چلے گئے۔

ان کے واپس جاتے ہی وہاں موجود تین چار عسا کر فیضان کو دھکیلتے ہوئے ایک کمرے میں لے گئے جہاں اس کے جسم پر صرف ایک زیر جامہ رہنے دیا گیا اور اس کی دوبارہ تلاشی لی گئی —— اس کے اونی کپڑے بھی وہیں رکھ لیے گئے۔ اور ایک پتلون اور قمیص کے ساتھ ننگے پاؤں وہ لوگ دوبارہ اسے دھکے دیتے ہوئے ایک ہال کمرے کی طرف لے گئے۔

ابھی اس نے ہال میں قدم رکھا ہی تھا کہ اچانک اس پر قیامت ٹوٹ پڑی۔ کم از کم دس آدمی بیک وقت اس پر پل پڑے تھے۔ انہوں نے ہاتھوں اور لاتوں سے اسے مار مار کر ادھ موا کر دیا۔ فیضان کے ہاتھ بدستور پیچھے کی طرف بندھے ہوئے تھے۔ اس لیے اس کی طرف سے مزاحمت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ وہ بے بسی سے مار کھاتا رہا۔ لاکھ ضبط کرنے کے باوجود اس کے منہ سے کئی مرتبہ کراہیں نکلیں۔ بالآخر اس نے اپنے ہونٹ اس سختی سے دانتوں تلے بھینچے کہ نچلے ہونٹ سے لہو رسنے لگا۔

اپنے لہو کا ذائقہ ابھی اس کی زبان پر ہی تھا کہ اس کا ذہن ماؤف ہونے لگا۔ اس کے ساتھ ہی وہ اتھاہ گہرائیوں میں ڈوبتا چلا گیا۔

فیضان کو ہوش آیا تو وہ سنگلاخ فرش پر لیٹا ہوا تھا۔ اس کے نیچے ایک پھٹا پرانا کمبل تھا۔ جسم پر چیتھڑے جھول رہے تھے۔ اور اس کا بند بند ٹوٹ رہا تھا بالکل یوں لگ رہا تھا جیسے اس کے جسم کو ہتھوڑوں کی مدد سے کوٹا گیا ہو۔

درد اس کی ہڈیوں میں سرایت کر گیا تھا لیکن وہ چپکا پڑا رہا۔

اسے ہوش میں آتے دیکھ کر ایک "ضابط" اس کی طرف لپکا۔ اس نے فیضان کو کچھ کہے سنے بغیر صرف اس کے مکمل ہوش میں آنے کا انتظار کیا اور کسی کو رپورٹ کرنے چلا گیا۔ فیضان کو اذیت ناک درد کے ساتھ' شدید سردی اور پیاس کا احساس بھی ہو رہا تھا' لیکن وہ اپنی طرف سے حتی المقدور کسی کمزوری کا مظاہرہ کرنا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



نہیں چاہتا تھا۔

اٹھ کر بیٹھنے کی سکت اس میں نہیں تھی، لیکن کسی نہ کسی طرح وہ دیوار سے ٹیک لگا کر بیٹھ گیا۔ ابھی اسے بیٹھے بمشکل دو منٹ ہی گزرے تھے کہ اس کے سیل کا دروازہ کھلا اور تین چار سپاہی اندر در آئے انہوں نے بڑی بیدردی سے اسے بازوؤں اور ٹانگوں سے پکڑ کر باہر گھسیٹنا شروع کر دیا تھا۔

وہ فیضان اوغلو کو اس طرح گھسیٹتے ہوئے باہر لے جا رہے تھے جیسے وہ انسان کے بجائے کوئی مردہ جانور ہے جسے گڑھے میں پھینکنے کے لیے لے جایا جا رہا ہے۔ فیضان کا جی تو چاہتا تھا کہ کسی بھی طرح اٹھ کر وہ ان کی بوٹیاں نوچ لے لیکن ـــــ اس میں مزاحمت کی تمام قوتیں ہی دم توڑ چکی تھیں۔

اس اذیت ناک سفر کا اختتام اسی ہال نما کمرے میں ہوا جہاں اس پر پہلی باقاعدہ قیامت ٹوٹی تھی۔ ایک ٹھگنے قد کا روسی میجر اس کے سامنے کھڑا تھا۔ جس کے چہرے پر سفاکی اور درندگی کے سوا اور کچھ نظر نہیں آ رہا تھا۔ اس کے جبڑوں کی ہڈیاں مسلسل بھینچے رہنے سے اس قدر نمایاں ہو گئی تھیں کہ وہ اس کے چہرے سے، بالکل الگ دکھائی دیتی تھیں۔

جو لوگ فیضان اوغلو کو یہاں تک لے کر آئے تھے انہوں نے اسے میجر کے قدموں کے نزدیک ڈھیر کر دیا۔ جس نے اپنی شعلہ برساتی آنکھیں فیضان پر گاڑی ہوئی تھیں اور جو اپنے داہنے ہاتھ میں پکڑی بید کی چھڑی کو جس کے ایک کونے پر لوہے کا خول چڑھا ہوا تھا۔ بار بار اپنے بائیں ہاتھ پر مار رہا تھا۔

اس نے اچانک ہی ایک زور دار ٹھوکر فیضان کی پسلیوں میں رسید کرتے ہوئے اسے مخاطب کیا۔

"میرا نام میجر بوناکوف ہے۔ تم یقیناً" مجھے جانتے ہو گے۔"

فیضان بوناکوف کو تو نہیں جانتا تھا لیکن اس نے قیام ماسکو کے دوران کے۔ جی۔ بی سے متعلق جو جو حکایتیں سن رکھی تھیں اور جن جن طریقوں سے وہ لوگ ملزموں کی تفتیش کرتے تھے ان کے متعلق جو کچھ وہ جانتا تھا اس کے بعد اگر بوناکوف اسے اپنا نام نہ بھی بتاتا تو کوئی بات نہیں تھی ـــــ وہ میجر کو روسی افواج کی وردی

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

پہنے ہوئے دیکھ رہا تھا۔

کرنل شولوخوف کے ہمدردانہ رویے کے بعد بوناکوف کے اس اچانک بہیمانہ سلوک سے وہ بخوبی اندازہ لگا چکا تھا کہ یہ نفسیاتی اذیت کا طریقہ "خاد" کے بس کا روگ نہیں۔ اس پردہ زنگار کے پیچھے بھی یقیناً" کے۔ جی۔ بی کا دماغ ہی کام کر رہا تھا۔

وہ خاموشی سے زمین پر بیٹھا بوناکوف کو گھورتا رہا۔ اسے جھکنا آتا ہی نہیں تھا۔ میجر بوناکوف نے ٹہلتے ہوئے ایک چکر اس کے گرداگرد کاٹا اور اچانک ایک اور زوردار ٹھوکر اس کی پسلیوں میں جما دی۔

فیضان اوغلو کو یوں محسوس ہوا جیسے اس کی پسلیاں ٹوٹ چکی ہوں۔ اس کے چلانے پر میجر کے منہ سے بے اختیار قہقہہ بلند ہوا۔ جیسے اسے اس "کراہ" پر بہت خوشی ہوئی ہو۔ اس نے وحشیوں کی طرح بلند آہنگ قہقہہ لگاتے ہوئے فیضان اوغلو کو اپنی چھڑی سے پیٹنا شروع کر دیا۔

وہ سپاہی جو فیضان کو یہاں تک لائے تھے ہنسنے میں میجر بوناکوف کا پورا پورا ساتھ دے رہے تھے۔ جیسے یہ ہنسنا بھی ان کے فرائض میں شامل ہو —— بوناکوف اچھل اچھل کر فیضان کو ٹھوکریں بھی رسید کر رہا تھا۔ اور چھڑی سے بھی پیٹ رہا تھا۔

اس لمحے فیضان کو "رومن اکھاڑہ" یاد آگیا۔ اسے یوں لگا جیسے وہ رومی غلام ہے اور یہ وحشی درندے سب "نیرو" —— کے حواری ہیں۔

اچانک بوناکوف کے قہقہے رک گئے۔ اس کے ساتھ ہی باقی لوگ بھی خاموش ہو گئے۔ وہ سب کسی ایک مشین کے کل پرزے نظر آ رہے تھے۔

میجر بوناکوف کے اشارے پر ایک سپاہی باہر نکل گیا۔ اس کی واپسی ایک سٹینوگرافر کے ساتھ ہوئی جو ہاتھوں میں کاغذ قلم تھامے کمرے کے ایک کونے میں کرسی پر آکر بیٹھ گیا۔ اس کے ساتھ ہی وہاں رکھے ٹیپ ریکارڈر کا سوئچ آن ہو گیا۔

"تمہارا نام؟" بوناکوف کا لہجہ پھاڑ کھانے والا تھا۔

"تمہاری فائلوں میں لکھا ہے۔" فیضان اوغلو سوائے اظہار نفرت کے اور

کسی بات پر قادر نہیں تھا۔

"کس گروپ سے تعلق ہے؟"

"افغانستان سے۔"

"خوندزادے کو کس کے کہنے پر قتل کیا گیا؟"

"اپنی مرضی سے" ——— وہ ہر سوال کا جواب اکھڑ لہجے میں دے رہا تھا۔ ابھی تک اس کے کسی جواب سے بوناکوف کو طیش نہیں آیا تھا۔ شاید وہ نفسیاتی طور سے ہر طرح فیضان اوغلو پر اپنی برتری جتانے پر تلا ہوا تھا۔

"شہرتو میں ہونے والے واقعے میں کس کا ہاتھ تھا؟"

"میرا" ———

"تم نے کس کے کہنے پر بم پھینکا" ———؟

"میں کسی کے کہنے پر کچھ نہیں کرتا۔"

میجر بوناکوف کے چہرے سے کسی کیفیت کا اظہار نہیں ہو رہا تھا۔ صرف اس دوران میں وہ اپنے ایک ہاتھ میں پکڑی چھڑی کو حسب عادت دوسرے ہاتھ پر مارتا رہا۔

اچانک وہ زور دار آواز میں دھاڑا۔ "مارو ——— اسے مارو" وہ وحشیوں کی طرح چلا چلا کر وہاں موجود سپاہیوں کو حکم دے رہا تھا۔

اس کے ساتھ ہی وہ سب لوگ فیضان اوغلو پر ٹوٹ پڑے۔ ایک مرتبہ پھر وہ پہلے والی کیفیت سے گزر رہا تھا۔ میجر بوناکوف اس درندگی میں پیش پیش تھا۔ وہ دیوانہ وار اس پر چھڑیاں برسا رہا تھا جب کہ باقی لوگ اسے ٹھوکریں اور گھونسوں سے مار رہے تھے۔!

مسلسل مار سے اس کے ہونٹ پھٹ گئے تھے۔ چہرہ نیلا پڑنے لگا اور ایک مرتبہ پھر فیضان اوغلو پر غشی طاری ہونے لگی ———!!

کمرے کے باہر پہنچ کر احمد ترسون نے اپنی شناخت پیش کی۔ باہر موجود

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com


خصوصی محافظوں نے اس کی جامہ تلاشی لی اور سروس پستول رکھ کر اسے اندر جانے کی اجازت دے دی۔ کمرے میں خلاف توقع کرنال شولوخوف اپنی کرسی پر موجود دروازے پر نظریں گاڑے بیٹھا تھا۔

اس نے اپنی جگہ سے اٹھ کر احمد ترسون کو خوش آمدید کہا اور اس سے مصافحہ کرنے کے بعد اسے سامنے کرسی پر بیٹھنے کا اشارہ کیا۔

"میں نے تمہاری فائل دیکھی ہے۔" کرنل شولوخوف نے اپنے سامنے رکھی فائل کی طرف اشارہ کیا۔

"یس سر" ـــــــ احمد ترسون نے تھوک نگلا۔

"تم بہت اچھے جا رہے ہو۔"

"شکریہ جناب۔" اس کے حواس ٹھکانے آنے لگے۔

"تمہاری شرافت کی وجہ سے تمہارے ساتھ زیادتی کی گئی ہے۔ اصولاً تمہیں اب تک "سینئر ضابط" ہونا چاہیے تھا" ـــــــ کرنل شولوخوف بڑے خوشگوار موڈ میں دکھائی دے رہا تھا۔

احمد ترسون کو کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ اس کی اس بات کا کیا جواب دے۔ وہ خاموش بیٹھا اس کے چہرے کو تکتا رہا جہاں کسی سختی یا بداخلاقی کا دور دور تک نام و نشان بھی دکھائی نہیں دے رہا تھا۔

"جانتے ہو اس کی وجہ کیا ہے؟"

"نہیں جناب" ـــــــ بے ساختہ اس کے منہ سے نکلا۔

"سنائی" ـــــــ

سنائی ٹارچر سیل کا افغان انچارج تھا۔ اور حال ہی میں اسے احمد کے شعبے سے اس خصوصی شعبے میں ترقی دے کر منتقل کیا گیا تھا۔ وہ اس سے پہلے اس کا افسر اعلیٰ تھا اور کبھی احمد کے کسی کام سے خوش نہیں ہوا تھا۔

وہ خاموشی سے کرنل شولوخوف کا منہ دیکھتا رہا۔

"وہ اسفندیار کا خاص آدمی ہے ـــــــ اور یہ بڈھا زیادہ ہی اعتماد کرتا ہے۔" اس پر کرنل نے اپنی بات جاری رکھی۔

احمد کو کوئی جواب نہیں سوجھ رہا تھا۔

"میں تمہیں ایک مہینے میں "سینئر ضابط" بنا دوں گا۔"

"شکریہ جناب"—— احمد نے بڑے انکسار سے جواب دیا۔

"لیکن ایک شرط ہے۔"

اچانک جیسے ایک سرد لہر اس کی ریڑھ کی ہڈی میں دوڑ گئی۔

"کیا جناب؟" اس نے ہمت کر کے پوچھ ہی لیا۔

"دیکھو تم آج سے تارچہ سیل میں تبدیل ہو رہے ہو۔ سنائی کی حرکات پر نظر رکھو۔ اس کے پل پل کی خبر براہ راست مجھے دو۔ درمیان میں کسی سے رابطہ قائم کرنے کی ضرورت نہیں۔ تمہیں ہر وقت مجھ سے رابطہ کرنے کی خصوصی اجازت ہو گی۔" کرنل شولوخوف کی مکارانہ مسکراہٹ اس کے ہونٹوں سے بدستور چپکی ہوئی تھی۔

"ٹھیک ہے جناب۔" احمد ترسون تارچہ سیل تک اس طرح اپنی رسائی پر دل ہی دل میں جھوم ہی تو اٹھا تھا—— یہ واقعی اس کے لیے تائید غیبی تھی۔

اسی دوران ایک مؤدب بیرا ان کے سامنے کافی کے دو مگ رکھ کر واپس چلا گیا۔

"اور ہاں"—— کرنل شولوخوف نے ایک مگ اس کی طرف کھسکاتے ہوئے کہا۔ "اور اگر تم اس کا کوئی تعلق تخریب کاروں سے ثابت کرنے میں کامیاب ہو جاؤ تو ....." اس نے فقرہ ادھورا چھوڑ کر احمد ترسون کے چہرے کی بدلتی کیفیت کا جائزہ لیا اور بولا: "سنائی کی جگہ پھر تم سنبھال سکتے ہو۔"

"میں آپ کے حکم کی تعمیل کروں گا جناب۔" احمد ترسون نے اسے مطمئن کرنا چاہا۔

"ایک بات کا خیال رہے؟" اچانک کرنل دوبارہ اس سے مخاطب ہوا۔

"جناب؟"

"زیادہ چالاکی نہیں —— ہاں! سمجھ گئے نا! تم جانتے ہو ہمیں جلدی بیوقوف نہیں بنایا جا سکتا۔"

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com


"لیس سر۔" بے اختیار اس کے منہ سے نکل گیا۔

جب احمد ترسون اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھالے اپنے بلاک کی طرف جا رہا تھا تو اس کو کم از کم ایک بات کی اچھی طرح سمجھ آ چکی تھی کہ آخر کرنل شولوخوف کو اس دفتر کے معمولی ملازمین سے افسر اعلیٰ تک کی ہر خفیہ بات کا علم کیسے ہو جاتا ہے۔

اس کے ساتھ ہی وہ دل ہی دل میں خدا کا شکر بھی ادا کر رہا تھا: "کہ اب وہ فیضان اوغلو سے براہ راست رابطہ پیدا کرنے میں کامیاب ہو جائے گا ورنہ اس تک "خصوصی پیغام" پہنچانے کے لیے نجانے اسے کیا کیا پاپڑ بیلنے پڑتے۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# یاسمین

احمد ترسون کے پہنچنے سے پہلے ہی اس کے آرڈر سنائی کی میز پر پہنچ چکے تھے۔ اور وہ غصے سے کھولتا ہوا بڑبڑا رہا تھا:

"کمبخت یہاں بھی آن مرا۔"

اور عین اسی لمحے احمد بھی وہاں آ گیا جب سنائی نے اس کی فائل اپنے سامنے رکھے میز پر زور سے پٹخ دی تھی۔ احمد نے دروازے کے نزدیک رک کر اسے احترام دیا اور مؤدب ہو کر اس کے سامنے کھڑا ہو گیا! سنائی نے بڑی غصیلی نظروں سے اس کی طرف دیکھا اور بولا۔

"جب تمہارا واسطہ کبھی ان کاموں سے پڑا ہی نہیں تو یہاں آنے کی کیا ضرورت تھی؟"

"جناب والا!" احمد نے بڑے طنزیہ لہجے میں کہا: "میں اپنی مرضی سے تو یہاں نہیں آیا——"

"افوہ خدایا یہ شخص تو عذاب بنتا جا رہا ہے —— جانے کس منحوس گھڑی میں یہ کمبخت ہماری قسمت میں لکھا گیا تھا۔" سنائی نے بڑے جلے کٹے لہجے میں کہا۔

"ٹھیک ہے جناب" —— احمد ترسون نے بمشکل اپنی ہنسی روکی تھی۔

"بیٹھو تم دفتر میں' میں تمہارے فرائض کا تعین کرتا ہوں۔" سنائی نے ہتھیار ڈالتے ہوئے اسے باہر جانے کو کہا۔

سنائی جل بھن کر ہی تو رہ گیا تھا۔ اس کی احمد ترسون سے کبھی نہ بن سکی تھی۔ سنائی چونکہ "خاو" کے ڈائریکٹر اسفندیار کا رشتہ دار تھا۔ اس لیے وہ اپنے

ماتحتوں سے توقع سے زیادہ تابعداری کی امید کیا کرتا تھا۔ جب کہ احمد ترسون نے کبھی سنجیدگی سے اس کی کسی بات کا نوٹس ہی نہیں لیا تھا! وہ احمد ترسون کا اور تو کچھ نہ بگاڑ سکا۔ البتہ اس کی فائل اس نے اتنی بگاڑ دی کہ اگلے دو تین سال تک اس کے "سینئر ضابط" بننے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔

احمد ترسون کے فرائض کی نوعیت کبھی ایسی نہیں رہی تھی کہ اسے اتنی "حساس ڈیوٹی" سونپی جاتی۔ سنائی نے سوچا ضرور وہ اسے تنگ کرنے کے لیے شرارتاً" یہاں چلا آیا ہے۔ اب وہ احمد ترسون کو اس شرارت کی سزا دینے کے چکر میں تھا۔ اسے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ کس طرح اسے زک پہنچائے۔ بالآخر ایک تجویز اس کے ذہن میں آئی اور وہ دل ہی دل میں جھوم اٹھا:

"اب دیکھوں گا برخوردار۔" وہ منہ ہی منہ میں بڑبڑایا۔

تھوڑی دیر بعد احمد ترسون تک نئے فرائض کا حکمنامہ پہنچا تو وہ زیر لب مسکرائے بنا نہ رہ سکا۔

سنائی نے تو انتقاماً" اس کو اتنی گھٹیا ڈیوٹی سونپی تھی جب کہ وہ تیز رفتاری سے اس طرح فیضان کے نزدیک ہونے کو عطیہ خداوندی جان رہا تھا: احمد ترسون کو زیر تفتیش ملزموں کے باورچی خانے کا انچارج بنا دیا گیا تھا! ایک لحاظ سے یہ بڑی اہم ذمہ داری بھی تھی اور سنائی اس کی وضاحت بھی افسران اعلیٰ کے سامنے کر کے باسانی کسی الزام سے بری الذمہ ہو سکتا تھا۔

اس سے پہلے یہاں دو تین ایسے واقعات دیکھنے کو ملے تھے کہ کسی باورچی نے میس انچارج کی نظر بچا کر کسی ملزم کے کھانے میں نشہ آور شے ملا کر کھانا اس تک پہنچا دیا۔ اس طرح زیر تفتیش ملزم باسانی "وقتی مار پیٹ" کے اثر سے محفوظ ہو جاتا تھا ——— اور ایک مرتبہ اگر خاصے تشدد کے بعد بھی کوئی ملزم جرم کا اقرار نہ کرتا تو اس پر بے گناہ ہونے کا "شک" کیا جا سکتا تھا۔

اس کے بعد سے میس انچارج کی ڈیوٹی خاصی سخت قسم کی ہو گئی تھی۔ وہ عموماً" کھانا پکنے کے بعد اسے ڈاکٹر سے ٹیسٹ کرواتا اور پھر اپنی نگرانی میں تقسیم کرواتا تھا۔

احمد ترسون نے بڑی فراخدلی سے اپنی نئی ذمے داریوں کے پروانے پر دستخط کیے اور باورچی خانے کی طرف روانہ ہو گیا۔ جہاں تھوڑی دیر بعد ملزموں کے لیے رات کا کھانا پکنے والا تھا۔ زیر تفتیش ملزموں کی کوٹھڑیاں جہاں وہ بند کیے جاتے تھے' دو قطاروں کی صورت میں زیر زمین بنائی گئی تھیں۔

دونوں قطاروں کے دروازے بھی ایک دوسرے کے سامنے نہیں کھلتے تھے بلکہ ان کی پشت آپس میں ملی ہوئی تھی۔ اس طرح یہاں بند لوگوں کو زیادہ سے زیادہ ذہنی اذیت پہنچانے کا سامان کیا گیا تھا' تاکہ انہیں ایک دوسرے کی شکل بھی نظر نہ آ سکے۔

ان کوٹھڑیوں سے جب کسی ملزم کو تفتیش کے لیے لے جایا جاتا تو اس کے منہ پر کمبل ڈال دیا جاتا تاکہ وہ دوسروں کو اور دوسرے اسے نہ پہچان سکیں۔ اسی حالت میں بعد از تفتیش انہیں یہاں لا کر بند کر دیا جاتا تھا اور مہینوں ایک دوسرے کے نزدیک رہنے کے باوجود بھی یہاں گرفتار لوگ ایک دوسرے کی شخصیت سے بے خبر رہتے تھے۔

اس خطرے کے پیش نظر کہ کوئی ملزم اونچی آواز سے ساتھ والوں کو اپنی شناخت نہ کروا دے' انہیں آپس میں گفتگو کرنے یا اونچی آواز میں بولنے کی سختی سے ممانعت کی گئی تھی۔ عموماً" اس جرم کے مرتکب ملزموں کو بڑی ظالمانہ سزا دی جاتی تھی' تاکہ دوسروں کو نصیحت ہو۔ انہیں اچھی طرح مارنے پیٹنے کے بعد ان کا منہ کالا کرکے ان کو کوٹھڑیوں کے آگے گھمایا جاتا اور ان کو مجبور کیا جاتا کہ اپنے بارے انتہائی بے ہودہ الفاظ کی تکرار کریں۔

ان تمام اقدامات کے باوجود آئے دن کوئی نہ کوئی ملزم ضرور اس "گناہ" کا مرتکب ہو جاتا۔ اس سلسلے میں انہیں پہریداروں کی ہمدردیاں بھی حاصل تھیں۔

یہاں مختلف گروپوں سے تعلق رکھنے والے مجاہدین نظر بند تھے' لیکن وہ سب ہی فیضان اوغلو سے غائبانہ تعارف رکھتے تھے۔ فیضان اوغلو زیر زمین دنیا کے لوگوں میں پراسرار اور جری مجاہد کی حیثیت سے پہچانا جاتا تھا۔ اس نے قلیل عرصے ہی میں اتنے زیادہ کارنامے انجام دے لیے تھے کہ اب وہ ان مجاہدین کے نزدیک

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ایک ہیرو کی حیثیت اختیار کر چکا تھا۔

اس کی آمد کے ساتھ ہی اس کا ذکر بھی اس ٹارچر سیل میں پہنچ گیا۔ جہاں مجاہدین میں پریشانی کی لہر دوڑی تھی وہاں اس کی آمد سے ان کا اعتماد بھی بڑھنے لگا تھا فیضان کو جب پہلی مرتبہ بے ہوشی کے عالم میں یہاں لایا گیا تو "نعرہ تکبیر" "اللہ اکبر" کے فلک شگاف نعروں سے اس کے جانباز ساتھیوں نے اسے خوش آمدید کہا تھا۔

مسلسل مار پیٹ نے گو کہ جسمانی طور پر اسے نڈھال کر دیا تھا۔ لیکن اس کے عزائم کو توڑنے والا کوئی ایٹمی یا کیمیاوی ہتھیار ابھی تک افغانی یا روسی افواج کے ہاتھ نہ لگا تھا۔ ہر دفعہ جب وہ تشدد کا سامنا کرتے بے ہوش ہونے کے بعد ہوش میں آتا تو ایک نیا ولولہ اور ایک نیا جوش اپنے اندر موجود پاتا۔

امیر داد خان کی چند مہینوں کی صحبت نے اسے گوشت پوشت کے معمولی سے انسان سے مرد آہن بنا کر رکھ دیا تھا۔ اگر اس کے جسم کی بوٹی بوٹی بھی افغانستان کی آزادی کے نام پر نوچ لی جاتی تو بھی خود کو خوش قسمت گردانتا اور بخوشی جان سے گزر جاتا۔ یہاں موجود پہریدار اس کے عزم و استقلال پر انگشت بدنداں تھے کہ آج تک اس نے ہوش میں آنے کے بعد کبھی پانی بھی طلب نہ کیا تھا۔ وہ خود ہی افسران سے چوری چھپے اسے پانی کے دو گھونٹ پلا دیتے تھے۔

آج پہلی مرتبہ فیضان کے لیے ملزموں کے مطبخ سے کھانا آ رہا تھا۔ اس نے اس "نوازش" کو بھی دشمن کی چال ہی گردانا اور دل ہی دل میں مسکرا کر رہ گیا۔ "مطبخ" کا نیا انچارج احمد ترسون اپنی زیر نگرانی ملزموں میں کھانا تقسیم کروا رہا تھا۔ وہ ایک ایک قیدی کو بڑے سخت گیر لہجے میں مخاطب کرتا اور ساتھ ہی دو چار جھڑکیاں بھی پلا دیتا۔

فیضان اوغلو کو حفاظتی اقدامات کے تحت بالکل آخری سرے والی کوٹھڑی میں بند رکھا گیا تھا۔ اس کے بعد دو تین کوٹھڑیاں بطور احتیاط خالی رکھی گئی تھیں تاکہ وہ چیخ کر بھی کسی کو مخاطب کرنا چاہے تو نہ کر سکے۔ احمد ترسون ٹہلتا ہوا اب اسی کوٹھڑی

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کی طرف جا رہا تھا۔

کوٹھڑیوں کا پہرے دار دروازے پر کھڑا تھا۔ وہ ماحول سے بے نیاز اس راشن پر نظر رکھے ہوئے تھا جو قیدیوں میں تقسیم ہو رہا تھا۔ اس کی خواہش تھی کہ احمد ترسون کسی طرح وہاں سے ہٹے تو راشن تقسیم کرنے والے عساکر اسے بھی چوری چھپے ملزموں کے کھانے میں سے کچھ حصہ دے دیں۔ جب احمد ترسون ٹہلتا ہوا آخری کوٹھڑی تک پہنچ گیا تو اس نے بھی اپنی تھالی نکال کر چپکے سے راشن تقسیم کرنے والے کی طرف بڑھا دی

"عقاب کو سلام پہنچے" —— احمد ترسون نے اس کی کوٹھڑی کے نزدیک پہنچ کر فیضان اوغلو کو مخاطب کیا۔

"عقاب" کے لفظ پر فیضان چونکا —— کہیں دھوکا تو نہیں ہو رہا۔

"سیاہ عقاب کی طرف سے سلامتی کی دعا پہنچے۔" احمد ترسون کے اگلے فقرے نے اس کا خیال فوراً بدل دیا۔

"کوہسار باقی —— افغان باقی ——" فیضان اپنی جگہ بیٹھے بیٹھے بولا۔

یہ ایک طرح کا سوال تھا جس کا مطلب دوسرے سے شناخت طلب کرنا تھا۔ احمد ترسون کے اگلے دو تین فقروں کی ادائیگی نے فیضان اوغلو کے تمام وسوسے ختم کر دیئے۔ وہ بے اختیار آگے کی طرف جھک گیا۔

"سیاہ عقاب کا پیغام ہے ——" احمد ترسون اس طرف آتے باورچیوں کو دیکھ کر فوراً ایک قدم پیچھے ہٹا اور خوا مخواہ فیضان کو ڈانٹنے لگا۔

"تم لوگ اس قابل ہرگز نہیں کہ تمہیں کھانے پینے کو ملے۔ تمہیں تو سسکا سسکا کر مارنا چاہیئے۔ ملاؤں نے تو تمہارا دماغ خراب کر دیا ہے" —— اس نے فیضان کے سامنے اچھا خاصا لیکچر جھاڑ دیا۔

وہ سر جھکائے احمد ترسون کی باتیں سنتا رہا ——!

باورچی ایک پلاسٹک کی پلیٹ میں اس کے سامنے ترکاری اور روٹیاں پھینک

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کر چلے گئے۔ احمد ترسون وہیں کھڑا رہا۔

یہ بات اس کے فرائض میں شامل تھی کہ وہ کھانا کھاتے ہوئے ملزموں پر آخری وقت تک نظر رکھے تاکہ کسی شک کی صورت میں فوراً" کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

وہیں کھڑے کھڑے احمد ترسون نے اس کاغذ پر لکھا ہوا سارا پیغام جو اس نے پڑھ کر جلا دیا تھا فیضان اوغلو تک پہنچا دیا اور خود اس کے سامنے سے ہٹ کر باری باری باقی گرفتاروں کا جائزہ لینے لگا ——!!

رات کے قریباً" ۱۰ بجے کا عمل تھا۔ فیضان اوغلو اپنی کوٹھڑی کے ایک کونے میں نماز سے فراغت کے بعد اپنی جسمانی تکالیف سے نجات پانے کے لیے اپنا ذہن اگلے لائحہ عمل کی تیاری میں مصروف کیے دیوار سے ٹیک لگائے بیٹھا تھا۔ جب بوناکوف کی طرف سے اس کی فرستادہ درندے اسے لینے آ گئے۔

اس مرتبہ اسے خاصے شریفانہ انداز میں لے جایا جا رہا تھا۔ صرف معمول کی کارروائی کے مطابق اس کے منہ پر کمبل ڈالا گیا تھا۔ پہلے کی طرح اس کی کھینچا تانی نہیں کی جا رہی تھی۔ اسی ہال کمرے کے اندر پہنچ کر اس کے چہرے سے کمبل الگ کرکے اسے اندر دھکیل دیا گیا۔

ہال کمرے کے ایک کونے میں چھت کے ایک کنڈے سے ایک رسہ لٹک رہا تھا۔ میجر بوناکوف نے اس سمت اپنی چھڑی سے اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

"تمہیں الٹا لٹکا کے پہلے مرچوں کی دھونی دی جائے گی' اس کے بعد جسم کا بند بند کاٹ کر الگ کر دیا جائے گا —— یہ عمل اس وقت تک جاری رکھا جائے گا جب تک تم سچ نہ بک دو۔"

"میجر!" فیضان اوغلو نے پہلی مرتبہ اسے نرم لہجے میں مخاطب کیا۔ "اس سزا سے میں ڈرنے والا نہیں۔ نہ میں تمہارے ڈرانے دھمکانے سے کوئی بات کہنے والا ہوں میرا خیال ہے کہ اس کھیل کو ختم کرکے ہم دوسرے ماحول میں کوئی بات کریں —— لیکن تمہارے ساتھ نہیں —— اس لیے کہ مجھے بہرحال کچھ ضمانت درکار ہو گی۔ اور وہ تم نہیں دے سکتے ——"

www.iqbalkalmati.blogspot.com



میجر بوناکوف کی مکارانہ اور گہری نظریں فیضان پر گڑی ہوئی تھیں۔ وہ اس کے چہرے پر کچھ تلاش کر رہا تھا۔ شاید جھوٹ یا چالاکی کے تاثرات ——— لیکن فیضان اوغلو جیسے ملزم سے اس کا سامنا شاید اس سے پہلے کبھی ہوا ہی نہیں تھا۔

ایک ڈیڑھ منٹ تک اس کی طرف ٹکٹکی لگا کر گھورنے کے بعد جب اسے وہاں چالاکی ہوشیاری دور دور تک نظر نہ آئی تو اسے فیضان کی پیش کش کے متعلق کچھ سوچنا پڑا۔ دوسرے ہی لمحے وہ کسی نتیجے پر پہنچ چکا تھا۔

"اس بات کی ضمانت کیا ہو گی کہ تم ہمارے ساتھ تعاون کر رہے ہو؟" ——— اس نے فیضان اوغلو کی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے سوال کیا۔

"یہ دو طرفہ معاہدہ ہے میجر ———" فیضان نے پرسکون لہجے میں جواب دیا۔

"میرا خیال ہے اس سلسلے میں تم میری کوئی مدد نہیں کر سکو گے۔" اس کے لہجے کا سکون برقرار تھا۔ وہ اپنے کسی بھی غیر معمولی عمل سے کے جی بی کے تربیت یافتہ اس میجر کو شک میں نہیں ڈال سکتا تھا۔ اس کی کامیابی کا راز اس کی شاندار ایکٹنگ ہی کے مرہون منت تھا۔ کیونکہ وہ کے جی بی کو دوسری مرتبہ دھوکا دینے جا رہا تھا۔

"کچھ بولو گے بھی ———" بوناکوف نے بڑی جدوجہد سے اپنے لہجے کو نارمل بنائے رکھا۔

"میں سوائے کرنل شولوخوف کے اور کسی سے اس مسئلے پر بات نہیں کروں گا" ——— فیضان نے حتمی اور دو ٹوک لہجے میں جواب دیا۔

میجر بوناکوف پریشان ہو کر رہ گیا۔ اس سے تو وہ صورت حال زیادہ بہتر تھی جب وہ اپنے جرم کا اقرار نہیں کر رہا تھا۔

اس نے اچانک ہی گیند میجر بوناکوف کے کورٹ میں پھینک کر اسے بری طرح الجھا دیا تھا۔ اگر وہ خود اس معاملے کو زبردستی ہینڈل کرنے کی کوشش کرتا تو ممکن تھا کہ فیضان اوغلو دوبارہ ہتھے سے اکھڑ جاتا۔ اگر کرنل شولوخوف تک معاملہ پہنچا تو اس کی ناراضی کا خطرہ اپنی جگہ موجود تھا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



تیسرا خیال سب سے زیادہ پریشان کن تھا: کہ کہیں فیضان اوغلو اسے ڈاج تو نہیں کر رہا ـــــ اس نے ماضی میں یہی کچھ تو کیا تھا۔

میجر بوناکوف کو ان تمام اذیت ناک سوچوں سے فرار کا صرف ایک ہی راستہ نظر آیا کہ وہ سارا معاملہ کرنل شولوخوف تک پہنچا کر خود اس سے الگ ہو رہے۔ اس طرح کم از کم آئندہ پیش آنے والے منفی حالات سے تو وہ خود کو بری الذمہ ثابت کر سکتا تھا۔ بات اس تک محدود ہی نہیں رہ سکتی تھی۔

فیضان اوغلو کی پیش کش کو یہاں موجود تمام عسا کرنے سن لیا تھا اور ان میں سے کوئی بھی کرنل شولوخوف تک یہ بات پہنچا سکتا تھا۔ وہ خود کے۔ جی۔ بی کا میجر تھا اور جانتا تھا کہ ہر بڑا افسر ہر چھوٹے افسر پر آنکھ رکھنے کے لیے اس کے پیچھے اس سے چھوٹے افسر کو لگا دیتا ہے۔

"ٹھیک ہے ـــــ اسے واپس لے جاؤ۔" اس نے انہی عساکر کو حکم دیا۔ جو اسے یہاں تک لائے تھے۔

جب فیضان اوغلو اپنی کوٹھڑی کی طرف واپس جا رہا تھا تو اسے اس بات کی خوشی ضروری تھی کہ اس نے کم از کم کچھ عرصے ہی کے لیے سہی میجر بوناکوف کو ذہنی اذیت میں مبتلا تو کر دیا ہے۔

دوسری طرف فیضان کے رخصت ہوتے ہی میجر بوناکوف نے اپنے سامنے رکھے انٹرکام پر کرنل شولوخوف کو مخاطب کرکے اس تک یہ سارا معاملہ پہنچا کر گویا اپنے سر سے بوجھ اتار دیا۔

کرنل کی طرف سے ہدایات وصول ہونے پر اس نے مطبخ کے انچارج سے رابطہ قائم کیا اور اپنا سر کرسی کی پشت سے سہلاتے ہوئے اسے فیضان اوغلو کے لیے نئی ہدایات دے کر سلسلہ منقطع کر دیا۔

تھوڑی دیر بعد احمد ترسون میجر بوناکوف کے خصوصی حکم پر اس کے لیے کافی تیار کرکے لے جا رہا تھا۔ جب وہ فیضان اوغلو کے سامنے پہنچا تو دونوں ہی زیر لب مسکرا دیئے۔

—O—

صبح تک فیضان سے کسی نے رابطہ قائم نہ کیا۔ کافی کا مگ ختم ہونے تک کوٹھڑیوں کا منتظم اس کے لیے دو فالتو کمبل بھی لے آیا تھا۔ احمد ترسون نے چوری چھپے اس تک درد سے نجات کی دو گولیاں بھی پہنچا دی تھیں۔

صبح اس کی آنکھ قریبی کوٹھڑی سے بلند ہوتی اذان کی آواز کے ساتھ کھلی۔ ایک "ضابط" کو آواز دے کر اس نے اپنے وضو کرنے کے لیے پانی طلب کیا اور تھوڑی دیر بعد وہ خدائے بزرگ و برتر کے حضور سجدہ ریز ہو کر اپنے منصوبے کی کامیابی کے لیے دعاگو تھا۔

نماز کی ادائیگی کے بعد گرفتار شدگان کو حوائج ضروریہ سے فراغت کے لیے ایک ایک کرکے لے جایا جاتا تھا۔ آج فیضان اوغلو کو نہ صرف خصوصی طور پر غسل کرنے کی اجازت تھی بلکہ اس کے لیے ایک پرائیویٹ کپڑوں کا جوڑا بھی موجود تھا اور اس کے ضبط شدہ اونی کپڑے بھی لوٹا دیئے گئے تھے وہیں سے عساکر اسے کرنل شولوخوف کے کمرے کی طرف لے گئے۔ وہ اس حالت میں اسے دوبارہ کوٹھڑیوں میں لے جانے کا خطرہ مول نہیں لے سکتے تھے۔

کرنل شولوخوف ایک میز پر ناشتہ سجائے اس کا منتظر تھا۔

"خوش آمدید——" اس نے فیضان کو سامنے بیٹھنے کا اشارہ کیا۔

کمرے کے ایک کونے میں صرف ایک مسلح پہرے دار موجود تھا۔ باقی محافظ بھی کرنل کے اشارے پر باہر چلے گئے تھے۔

"اپنے دوستوں کے لیے ہمارے پاس بے شمار محبت ہے مسٹر اوغلو——!" اس نے کافی کا مگ خود بنا کر اس کی طرف بڑھایا۔

"شکریہ جناب۔" فیضان اوغلو نے نہایت عاجزی کا مظاہرہ کیا۔

"ان ملاؤں کے ورغلانے میں کوئی کب تک آ سکتا ہے۔ مسٹر اوغلو! ہم تمہارے دشمن نہیں۔ ہم غیور افغانوں کے دوست ہیں۔ ہم چاہتے ہیں ہمارے دوست ترقی کریں۔ اس بورژوائی نظام سے نجات حاصل کریں جو ملاؤں اور سرداروں نے ان پر صدیوں سے مسلط کر رکھا ہے۔ ہم شخصی آزادی کے تقدس کی بحالی کا عزم لے کر آئے ہیں۔ ہم ان پہاڑوں سے دودھ کی نہریں نکال دیں گے تاکہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

ہمارے عظیم دوست دنیا کی ہر نعمت سے فائدہ اٹھائیں۔ اس کے عوض ہم صرف دوستی چاہتے ہیں صرف دوستی ——!" جانے وہ اور کیا کیا کہتا کہ اوغلو نے اسے روک دیا۔

"کرنل مجھے تمہاری باتوں پر پورا یقین ہے۔ افسوس میں ان لوگوں کی چکنی چپڑی باتوں میں آ گیا۔" پھر اس نے اچانک بڑی پر امید نظروں سے اس کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا!" کرنل مجھے کیا دوبارہ ماسکو یونیورسٹی میں داخلہ مل جائے گا۔"

"اوہ! کیوں نہیں! کیوں نہیں —— ہمارے دروازے واپس آنے والوں کے لیے ہمیشہ سے کھلے ہیں" ——!

"آپ واقعی ہمارے عظیم دوست ہیں کرنل ——" ماسکو یونیورسٹی میں حاصل کی گئی سٹیج ڈرامے کی ایکٹنگ اس کے صحیح معنوں میں آج کام آ رہی تھی۔

"اپنی پچھلی زندگی کو بھلا دو۔" کرنل نے اسے بظاہر بڑی شفقت سے کہا۔

"شکریہ جناب والا! بہت شکریہ —— میں اپنی وفاداری کا ثبوت آپ کی توقعات سے بڑھ کر دوں گا۔" اس نے خاصے جوش و خروش کا مظاہرہ کیا۔

کرنل شولوخوف نے زبان سے کچھ کہنے کے بجائے صرف نظریں اٹھا کر استفہامیہ انداز میں اس کی طرف دیکھنے پر ہی اکتفا کیا:

"میں امیر داد خان اور اس کے گروہ کو گرفتار کروا دوں گا کرنل ——" اس نے فقرہ ادھورا چھوڑ کر تھوڑا سا سسپنس پیدا کیا۔

کرنل شولوخوف نے بے یقینی کے عالم میں اس کی طرف دیکھا۔

"آج ہی کرنل —— آج رات ہی —— میں نے کہا تھا کہ آپ کو یقین نہیں آئے گا۔"

"اور اگلے ہفتے آج ہی کے دن تم ماسکو میں زندگی کی رنگینوں سے لطف اندوز ہو رہے ہو گے۔" کرنل نے بڑے وثوق سے اسے یقین دلایا۔

"مجھے صرف آپ کی زبان پر یقین ہے کرنل —— صرف آپ کی زبان پر —— میں افغان انتظامیہ سے بات بھی نہیں کروں گا" —— فیضان کا لہجہ خاصا جذباتی ہو رہا تھا۔

"تم مطمئن رہو کامریڈ ——" کرنل شولوخوف نے وہیں بیٹھے بیٹھے اپنا ہاتھ اس کی طرف بڑھا دیا۔

فیضان اپنی کرسی سے اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ اس نے مصافحہ کرنے میں کچھ زیادہ ہی گرمجوشی کا مظاہرہ کیا تھا۔

کرنل شولوخوف کے چہرے سے صاف دکھائی دے رہا تھا کہ وہ فیضان اوغلو کی بات سے خاصا متاثر نظر آ رہا ہے۔ اس نے آنکھ کے اشارے سے وہاں موجود واحد پہرے دار کو بھی باہر جانے کا حکم دے دیا۔ یہ واحد پہریدار جو ابھی تک یہاں موجود تھا۔ روسی فوج کا سپاہی تھا اسے پشتو زبان آتی ہی نہیں تھی جس میں کرنل شولوخوف اور فیضان اوغلو اب تک باتیں کر رہے تھے۔ پھر بھی کرنل شولوخوف کسی بھی قسم کا خطرہ مول لینے کے لیے تیار نہیں تھا۔ اس نے یہ بھی محسوس کر لیا تھا کہ فیضان اوغلو کو بھی اس کی یہاں موجودگی کھٹک رہی تھی۔

تھوڑی دیر بعد فیضان اوغلو ایک کاغذ پر الٹی سیدھی لکیریں کھینچ کر شولوخوف کو کچھ سمجھا رہا تھا۔ دونوں قریباً" دو گھنٹے تک اسی نقشے پر بحث کرتے رہے جو فیضان کی انہی الٹی سیدھی لکیروں سے وجود میں آیا تھا۔ بالآخر وہ ایک نتیجے پر پہنچ گئے۔

"کرنل" —— نتیجے پر پہنچنے کے بعد فیضان اوغلو نے اسے مخاطب کیا۔

"میں آپ کو کوئی مشورہ دینے کی پوزیشن میں نہیں ہوں۔ نہ ہی ظاہر ہے آپ میرے مشورے پر عمل کرنے کے پابند ہیں۔ میں آپ کی حکمت عملی بھی دریافت کرنا نہیں چاہتا۔ صرف ایک احتیاط کی طرف توجہ دلاؤں گا ——"

"کیا؟" کرنل نے بے صبری سے پوچھا۔

"اگر آپ نے حملہ کرنے سے پہلے وہاں کمانڈوز چھپانے کی کوشش کی تو ہماری ذرا سی بے احتیاطی سے کیے کرائے پر پانی پھر جائے گا۔ آپ تصور نہیں کر سکتے کہ وہ لوگ کتنے محتاط اور خبردار ہیں۔ اس علاقے کے چپے چپے پر انکی نظر ہے اور ایک مرتبہ اگر امیرداد خان ہاتھ سے نکل گیا تو سارے کابل کی فوج مل کر بھی اس کی گرد کو نہ پا سکے گی۔" اس نے اپنا آخری نفسیاتی حربہ بھی آزمانے کا فیصلہ کر لیا اور تیر نشانے پر لگا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کرنل نے گہری نظروں سے اس کے چہرے کو ٹٹولا جہاں سنجیدگی کے سوا اور کچھ اسے دکھائی نہیں دے رہا تھا۔

"تم بے فکر ہو جاؤ مسٹر اوغلو"——

"میرے خیال سے آپریشن بھی رات ہی کے وقت ترتیب دیں تو زیادہ بہتر ہو گا۔" اوغلو نے مشورہ دیا۔

"ٹھیک ہے —— فی الوقت تم وہیں رہو گے جہاں میں تمہیں بھیج رہا ہوں۔ تم سے کوئی کچھ دریافت نہیں کرے گا۔ اگر کوئی سوال بھی کرے تو اسے ڈانٹ دینا۔ تم سوائے میرے اور کسی کی بات کا جواب دینے کے پابند نہیں——"

کرنل شولوخوف خود اسے اس آرام دہ کمرے تک چھوڑنے آیا تھا۔ جہاں اسے رات دس بجے تک کا وقت گزارنا تھا۔

——○——

آپریشن روم میں اسفندیار کرنل شولوخوف اور تین دوسرے اعلیٰ افغان افسران موجود تھے۔ سامنے دیوار پر وہ نقشہ ٹنگا ہوا تھا۔ جس میں فیضان اوغلو کو نشان زدہ جگہ اور اس تک پہنچنے والے ممکنہ راستوں کی نشاندہی کی گئی تھی۔ ان لوگوں نے چھاپہ مارنے کے لیے رات کا وقت منتخب کیا تھا کیونکہ فیضان اوغلو کی اطلاع کے مطابق دن کے اوقات میں وہاں کچھ بھی نہیں ہوتا۔ اس نے انہیں یہ بھی بتایا تھا کہ تخریب کار صرف اسے دیکھ کر سامنے آئیں گے۔ اگر فوراً حملہ کر دیا گیا یا حملہ آوروں نے بے صبری کا مظاہرہ کیا تو بازی الٹ کر رہ جائے گی۔

"ایک بات ذہن میں آتی ہے فیضان ہمیں جس راستے سے لے جا رہا ہے۔ وہاں اچھی خاصی جمعیت چھپ سکتی ہے اور اس علاقے کی پوزیشن ایسی نہیں کہ ہم ان لوگوں کو گھیرے میں لے لیں پھر کسی ممکنہ مدافعت پر ان کے گرد گھیرا تنگ کرتے چلے جائیں اگر کھل کر کوئی کارروائی کی گئی تو شہری آبادی زد میں آ جائے گی —— ہوائی حملے کے امکانات ہی نہیں ——"

ایک اعلیٰ افسر کچھ کہتے کہتے رک گیا۔

"تم کہنا کیا چاہتے ہو؟" شولوخوف نے چونکتے ہوئے کہا۔

سر! میرا مطلب ہے کہیں یہ کوئی دھوکہ ہی نہ ہو ——— اس جگہ گھیرے میں آنے کے بعد کسی بھی فوج کے بچ نکلنے کے مواقع کم رہ جاتے ہیں۔" اسی افسر اعلیٰ نے اپنا خدشہ ظاہر کیا۔

اس کی بات پر شولوخوف تو الجھ گیا تھا لیکن اسفندیار نے زور دار قہقہہ لگایا ——— "بے وقوف!" ——— اس نے اس افسر کو مخاطب کیا ——— "تخریب کار کیا کھلی سڑکوں پر کندھوں پر رائفلیں سجائے گھوما کرتے ہیں۔ ظاہر ہے ان کا ٹھکانہ ایسی ہی کسی پناہ گاہ میں ہو گا۔" افسر کسمسا کر رہ گیا۔

"کوئی رپورٹ آئی ہے ان لوگوں کی طرف سے ———" کرنل شولوخوف نے اس گفتگو کا رخ دوسری طرف موڑنا چاہا۔ وہ منفی نتائج کا تصور بھی نہیں کرنا چاہتا تھا۔

"ابھی تک تو نہیں ——— ہمارے آدمی وہاں پھیل رہے ہیں۔" اسفندیار نے جواب دیا۔

اس سے پہلے کہ اگلی کوئی بات ہو آپریشن روم کا ہنگامی ریسیور چلانے لگا۔" ضروری پیغام" ——— اسفندیار نے آگے بڑھ کر ایک ریڈیو سیٹ کے قریب رکھا چونگا منہ سے لگا لیا۔

"ڈائریکٹر آن دی لائن۔" اس نے کسی کو مخاطب کیا۔

"جناب والا کنٹرول روم سے بات کیجئے" ——— دوسری طرف سے کہا گیا۔

کلک کی آواز کے ساتھ کنٹرول روم سے رابطہ مل گیا۔ اس مرتبہ آواز ہنگامی ریسیور سے بلند ہو رہی تھی۔

"ایڈوانس پارٹی کی رپورٹ ہے جناب کہ مشتبہ نقل و حرکت نوٹ کی گئی ہے۔ حالات پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔"

کنٹرول روم سے پیغام آ رہا تھا۔

"آؤٹ" ——— کہہ کر ڈائریکٹر اسفندیار نے سوئچ آف کیا اور سلسلہ منقطع ہو گیا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

اس کے ساتھ ہی اس کا قہقہہ گونجا۔ کرنل شولوخوف کے کھچے ہوئے اعصاب بھی نرم پڑنے لگے۔ اسفندیار نے اسی افسر اعلیٰ کی طرف رخ کیا۔ جس نے اس سے پہلے اندیشہ ظاہر کیا تھا۔

"اب کیا خیال ہے!" —— وہ بے چارہ شرمندہ سا نظر آ رہا تھا۔

اس اطلاع کا مطلب یہ تھا کہ فیضان اوغلو اسے دھوکہ نہیں دے رہا تھا۔ بات واقعی کچھ ضرور تھی۔ ڈائریکٹر اسفندیار نے اس طرح کرنل شولوخوف کی طرف دیکھا جیسے یہ کارنامہ بھی اسی نے انجام دیا ہو۔ اس نے دوبارہ ریڈیو سیٹ کے نزدیک پہنچ کر اس "ایڈوانس پارٹی" سے رابطہ قائم کیا۔ جنہیں پہلے اس علاقے میں "لانچ" کیا گیا تھا تاکہ وہ لوگ یہاں "ریکی" کر کے تازہ ترین صورت حال کی اطلاع ان لوگوں تک پہنچاتے رہیں۔

ڈائریکٹر "خاد" اسفندیار نے ایڈوانس پارٹی کو حکم دیا کہ وہ صورت حال پر کڑی نظر رکھیں اور بجائے کنٹرول روم کے براہ راست اسے رپورٹ کریں۔ ان لوگوں نے اس آپریشن روم کو اپنے آپریشن کے لیے ہنگامی ہیڈ کوارٹر کی شکل دے لی تھی کیونکہ یہاں سے وہ ہر جگہ رابطہ قائم کر سکتے تھے۔

یہ آپریشن روم "قوائے دوست" کی آمد کے بعد سے کے۔ جی۔ بی کی زیر نگرانی جدید ترین خطوط پر استوار کر دیا گیا تھا۔ اب یہاں سے کوئی بھی "حکم" جاری ہونے کے محض چند منٹ بعد متعلقہ محکمے کے لوگ حرکت میں آ سکتے تھے اور اسی آپریشن روم کے کسی بھی ہنگامی حکم پر عمل پیرا ہونے کے لیے مختلف مقامات پر "تیار برتیار" (Stand to) دستے موجود تھے جو صرف "خاد" کی کارروائیوں کے لیے مختص کیے گئے تھے۔

فیضان اوغلو کی کہی گئی بات کے حق میں ایک دلیل بھی کرنل شولوخوف کے لیے نعمت غیر مترقبہ سے کم نہ تھی کیونکہ وہ خود کو خاصا پرسکون محسوس کرنے لگا تھا۔ یہ حقیقت تھی کہ اس افسر اعلیٰ کی طرف سے اٹھائے گئے پراز خدشات نکات پر وہ بھی پچھلے ایک گھنٹے سے مغز ماری کر رہا تھا لیکن نہ جانے کیوں وہ اپنے خدشات کا اظہار ان لوگوں کے سامنے نہیں کرنا چاہتا تھا۔

"خدمت اطلاعات دولتی" کے ہیڈ کوارٹر میں فوراً" افغانی کمانڈوز کا ایک دستہ ترتیب پا گیا۔ جس کی کمان ایک روسی میجر کو سونپی گئی۔

"تمہیں صرف فیضان پر نظر رکھنی ہے۔ اگر وہ فرار ہونے کی کوشش کرے تو اسے گولی مار دو" ——— کمانڈوز میں سے ایک حوالدار کو جس کے سچے نشانے کا مظاہرہ اس سے پہلے بھی کرنل شولوخوف کئی مرتبہ دیکھ چکا تھا۔ الگ کرکے اس نے ہدایات دیں۔

———O———

سورج غروب ہونے کے بمشکل پندرہ منٹ بعد ہی آپریشن شروع ہو گیا۔ صبح ہی سے ہلکی ہلکی پھوار پڑ رہی تھی۔ سردی کی شدت پہلے سے کئی گناہ بڑھ گئی تھی۔ انہیں یہی امید تھی کہ تخریب کار سردی سے بچنے کے لیے اپنی پناہ گاہوں میں بیٹھے ہوں گے۔

پہلے حملہ رات کو دیر گئے کرنے کا منصوبہ زیر غور آیا تھا لیکن کرنل شولوخوف کے جی۔ بی کا کرنل تھا۔ وہ واقعے کی چھوٹی چھوٹی جزئیات کو بھی نظرانداز نہیں کر سکتا تھا۔ وہ اپنی طرف سے تمام احتیاطیں بروئے کار لایا تھا۔ اس نے اتنا شاندار اور بھرپور منصوبہ ترتیب دیا تھا کہ ان پر شک کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔

اسے علم تھا کہ کرفیو کے اوقات میں اس طرف کسی بھی سرکاری یا غیر سرکاری وہیکلز کی "خصوصی آمد" تخریب کاروں کو شک میں مبتلا کر دے گی۔ اس نے سوائے "ایڈوانس پارٹی" کے چار جوانوں کے اور کسی کو اس طرف پھٹکنے سے سختی سے منع کر دیا تھا۔ کرنل شولوخوف نے اس پرائیویٹ ٹرانسپورٹ کمپنی کی ایک بس حاصل کی تھی جو اس طرف جایا کرتی تھی۔ اس بس میں اس نے کمانڈوز کو سویلین لباس میں چھپا کر اس طرف روانہ کیا تھا۔

بس کی روانگی کے لیے وہی وقت منتخب ہوا تھا۔ جس وقت پر اس کمپنی کی ایک بس واقعی وہاں سے گزر کر جلال آباد جایا کرتی تھی۔ اس نے اپنی دانست میں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی تھی۔ اس بس کو چھپانے کے لیے اور کمانڈوز کے چھپ کر اور وہاں موجود تخریب کاروں کی نظروں سے بچ کر چلنے کے لیے جگہ اور راستے ایڈوانس پارٹی نے تلاش کر لیے تھے۔ انہوں نے اس علاقے میں مقامی دیہاتیوں کے روپ میں ریکی کرنے کے بعد تمام حالات کا جائزہ لے کر جو رپورٹ ترتیب دی تھی اس پر بحث کرنے کے بعد ہی ان لوگوں نے ایک لائحہ عمل ترتیب دیا تھا۔

بس "خاد" کے قلعہ نما دفتر کے صحن میں کھڑی تھی اور اس کی چھت پر بھاری مشین گنیں دونوں اطراف نصب کرنے کے بعد اس طرح کیمو فلاج کر دی گئی تھیں کہ ان کے نظر آنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا لیکن وہ چند سیکنڈ کے نوٹس پر حرکت میں آ سکتی تھیں۔

ان مشین گنوں کے ساتھ کمانڈوز کو لٹا کر ان پر ترپال ڈال دی گئی تھی اور بادی النظر میں یہی دکھائی دیتا تھا کہ بس کے اندر بیٹھے ہوئے مسافروں کا سامان اوپر چھت پر رکھا ہوا ہے۔ کابل سے جلال آباد کی طرف جانے والی بسوں پر رکھے سامان پر اس طرح ترپال ڈال کر باندھ دیا جاتا تھا خصوصاً بوندا باندی کے ایسے موسم میں جس میں یہ لوگ سفر کر رہے تھے۔

بس کے اندر موجود کمانڈوز نے اپنا اسلحہ سیٹوں کے درمیان رکھا ہوا تھا اور انہوں نے چادریں اوڑھی ہوئی تھیں۔ اگر کوئی کھڑکیوں میں لگے بڑے بڑے شیشوں سے بھی اندر جھانک کر دیکھتا تو اسے اندر کچھ نظر نہ آتا۔

تخریب کاروں پر حملہ کرنے کی ریہرسل وہ لوگ دو تین گھنٹوں سے کر رہے تھے۔ ایک مرتبہ پھر انہوں نے کرنل شولوخوف کے سامنے اس ریہرسل کا شاندار مظاہرہ کیا۔ کرنل نے مطمئن انداز میں سر ہلایا اور میجر ششکن کو بلا کر کچھ خصوصی ہدایات دیں۔ اس کے بعد اس نے فیضان کو کچھ سمجھایا۔

اس کے سنہرے مستقبل کے سپنے کی شاندار جھلک اسے دوبارہ دکھائی اور اس تسلی کے ساتھ کہ اس کی جان ہر طرح محفوظ رہے گی۔ اسے کمانڈوز کے ساتھ بس میں سوار کر دیا۔

وہ حوالدار جس نے فیضان اوغلو پر نظر رکھنی تھی۔ وہیں سے اس کے ساتھ

چپک کر بیٹھ گیا تھا ـــــ اسے جان بوجھ کر فیضان اوغلو کے ساتھ والی سیٹ پر بیٹھایا گیا تھا۔

احمد ترسون نے بس کی روانگی کا نظارہ اپنے بلاک کی بالکونی سے کیا تھا۔ بس روانہ ہونے سے کچھ دیر پہلے ہی وہ بالکونی سے نیچے اتر آیا۔ اس نے آخری تیاریاں اپنی آنکھوں سے دیکھ لی تھیں۔ اس کا رخ سنائی کے کمرے کی طرف تھا:

"جناب والا آج مجھے چھٹی مل جائے گی تھوڑی دیر کے لیے؟" ـــــ اس نے بڑی ملتجی نگاہوں سے درخواست کی۔

"نہیں" ـــــ سنائی نے اس کی طرف دیکھے بغیر جواب دیا۔

احمد ترسون کو اس سے اسی جواب کی توقع تھی۔

"جناب! میرا والد شدت سے میرا منتظر ہے۔ مجھے کم از کم ڈیڑھ دو گھنٹے کی چھٹی ہی دے دی جائے تاکہ اس سے ـــــ"

میں نے کہا ناکہ چھٹی نہیں مل سکتی" ـــــ سنائی نے اس مرتبہ ذرا سخت لہجے میں کہا۔

"ٹھیک ہے جناب ـــــ جو آپ کا حکم ـــــ کہہ کر احمد ترسون اپنے کمرے میں چلا گیا۔

اپنے کمرے میں وہ منہ ہی منہ میں کچھ بڑبڑاتا ہوا جا رہا تھا۔ اس کے ساتھی اس کی اور سنائی کی معاصرانہ چشمک سے آگاہ تھے۔ اس لیے اسے دیکھتے ہی وہ ساری بات خود بخود سمجھ گئے اور زیر لب مسکرانے لگے۔ اگر سنائی چاہتا تو اسے چھٹی دے بھی سکتا تھا کیونکہ احمد ترسون کوئی ایمرجنسی ڈیوٹی تو دے نہیں رہا تھا۔

اس نے اپنی میز پر رکھا ٹیلیفون اٹھایا اور باپ کی دکان کا نمبر گھما دیا۔

"ہیلو بابا جان ـــــ خالد میرا انتظار کر رہا ہو گا اسے کہو تھوڑی دیر بعد جانے والی کابل غزنی ٹرانسپورٹ کی بس پر بیٹھ کر چلا جائے۔ مجھے آج تو کیا ایک ہفتے تک بھی چھٹی نہیں مل سکتی ـــــ" اس کی بات پر وہاں موجود اس کے ساتھی قہقہہ مار کر

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہنس دیے۔

"خاد" کی ٹیلیفون ایکسچینج میں بیٹھا آپریٹر بھی مسکرائے بغیر نہ رہ سکا۔ اسے ساری بات سمجھ آ گئی تھی۔ یہاں موجود ہر شخص چھٹی کو خدائی عطیہ جاننے لگا تھا۔ شاید ہی کوئی خوش قسمت ایسا ہوتا جسے ہفتے میں ایک دن گھر جانے کی اجازت مل جاتی۔ جب سے ایمرجنسی کا اعلان ہوا تھا۔ وہ لوگ خود کو اس چار دیواری میں قیدی جاننے لگے تھے۔ انہیں سارے دن میں بمشکل لنچ ٹائم کے وقت ہی ایک گھنٹہ فرصت کا میسر آتا تھا۔ جس دوران وہ یہاں سے باہر نکل کر کھلی فضا میں سانس لے سکتے تھے۔ ورنہ تو بے چارے سارا سارا دن وہیں اپنے اپنے کمروں میں بیٹھے رہتے تھے۔

خادے خان کے پاس دوپہر ہی سے احمد ترسون کا کوئی دوست جلال آباد سے آیا بیٹھا تھا۔ احمد ترسون نے اپنے والد کو بتا رکھا تھا کہ وہ آج شام کو اسے ملنے آئے گا کہ اب اچانک اس کا فون آ گیا۔

اس کا بیٹا اتنے غصے میں دکھائی دے رہا تھا کہ اس نے اپنے جلال آباد سے آئے ہوئے دوست سے بات کرنا بھی گوارا نہیں کیا۔ خادے خان اس کی اس بے رخی پر حیران رہ گیا۔ یہ بات اس کی پٹھانی روایات کے سراسر خلاف تھی۔ اسے اپنے بیٹے پر غصہ آ رہا تھا۔ سرکار کی نوکری کرتے کرتے وہ اپنی روایات کو بھی فراموش کرنے لگا تھا۔

خادے خان نے بڑے معذرتی لہجے میں اس کے دوست کو اطلاع دی اور اس کا پیغام بھی دھرا دیا۔

"وہی ٹرانسپورٹ بیٹا ——— جن کی بسیں یہاں سے غزنی اور دوسری طرف جلال آباد کے لیے چلتی ہیں۔" خادے خان نے اسے مکمل اطلاع بہم پہنچائی۔

"کوئی بات نہیں ——— اصل میں سرکاری نوکری ہے ہی بری چیز ———" خالد نے اظہار افسوس کیا۔

"ہاں بیٹا! لیکن اس نالائق کو سمجھائے کون" ——— خادے خان بولا۔

"اچھا بزرگوار مجھے چلنا چاہیے شاید تھوڑی دیر بعد مجھے لاری بھی نہ مل سکے۔ کرفیو لگ جاتا ہے نا۔" خالد نے اٹھنا چاہا۔

"نہیں بیٹا —— تم میرے ساتھ گھر چلو —— یہ مناسب نہیں لگتا" —— خادے خان نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر اسے بیٹھنے کا اشارہ کیا۔

"نہیں بزرگوار —— پھر کبھی سہی —— احمد کو علم ہے کہ مجھے آج رات واپس پہنچنا ہے۔ وہاں بھی کام کا ہرج ہو رہا ہو گا۔ اسی لیے اس نے کہا ہے —— آپ برا نہ منائیں۔ وہ میرا بہت بے تکلف دوست ہے" —— خالد نے بوڑھے خادے خان کو تسلی دی۔ "اگر آپ اجازت دیں تو میں اپنے دوست کو فون کر لوں۔"

"کیوں نہیں بیٹا" —— کہتے ہوئے خادے خان نے فون اس کی طرف بڑھا دیا۔

خالد نے ایک نمبر ملا کر اپنے کسی دوست کو اپنی آمد اور روانگی کی اطلاع دی اور بتایا تھا کہ وہ کابل غزنی ٹرانسپورٹ کی بس سے جلال آباد جا رہا ہے۔ فون کرنے کے بعد وہ اٹھ کھڑا ہوا۔ آخری لاری کی روانگی کا وقت ہو رہا تھا۔ اس کے "نا" "نا" کرنے کے باوجود خادے خان اسے لاری اڈے تک چھوڑنے کے لیے اس کے ساتھ جانے پر تیار ہو گیا۔

ابھی وہ لوگ بمشکل وہاں سے ایک ڈیڑھ فرلانگ چل کر لاری اڈے کے قریب ہی پہنچے تھے جب اچانک احمد ترسون کے دوست کو نزدیکی بازار میں کوئی "ضروری کام" یاد آگیا اور اس نے خادے خان کا شکریہ ادا کرکے اس سے جان چھڑالی۔

---

"الحمدللہ!" —— پیغام سنتے ہی بے اختیار امیر داد خان کے منہ سے نکلا۔ "اللہ نے فضل کیا اور فیضان اوغلو کا منصوبہ کامیاب رہا۔"

"الحمدللہ" —— اس کے نزدیک بیٹھے باقی ساتھیوں نے بھی بیک زبان پکارا۔

"قاسم! —— ساتھیوں کو چوکس کر دو —— آج اللہ نے ہمیں دشمن

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

سے کابل میں براہ راست دو دو ہاتھ کرنے کا موقعہ دیا ہے —— اس موقعے کو غنیمت جانو —— اللہ ہمارا مددگار ہو ——" اس نے قاسم ایشان زادے کو مخاطب کیا۔

"بے شک یا امیر۔"

مختصر سی دعا کے بعد مجلس برخاست ہو گئی جس جگہ وہ لوگ بیٹھے تھے وہ پہاڑی سلسلے سے ملتی ایک جدید اور ماڈرن آبادی تھی جہاں کابل کے روسا اور افسران قیام پذیر تھے۔ عام شہری تو اس کالونی کے نزدیک پھٹکنے کی جسارت بھی نہیں کر سکتا تھا۔

اس ماڈرن کوٹھی کے ایک تہہ خانے میں رکھے ایک ٹرانسمیٹر کے ذریعے یہ پیغام مجاہدوں تک پہنچ گئے۔

قاسم کے بعد اس کے باقی ساتھی بھی ایک ایک کرکے باہر نکل گئے۔ قریبا" آدھ گھنٹے بعد وہ لوگ اپنی اپنی جگہ پہنچ چکے تھے۔ انہوں نے یہاں تک پہنچنے کے لیے جو راستہ اپنایا تھا وہ کسی کے وہم و گمان میں بھی نہیں آ سکتا تھا۔

پہاڑی سلسلے کے آغاز کے بمشکل ایک فرلانگ بعد ہی مجاہد مورچہ بند ہونا شروع ہو گئے تھے۔ وہ جانتے تھے کہ انہیں محیرالعقول کار نامہ انجام دینا ہے: افغانستان کے سب سے بڑے شہر میں —— روسی افواج کے مرکز میں —— حکومتی طاقت کے گڑھ میں بیٹھ کر انہیں حکومت سے ٹکرانا تھا۔

غیر ملکی خود ساختہ آقاؤں کو بتانا تھا کہ پہاڑوں کے بیٹے آزاد فضاؤں کے مکین ہیں۔ غلامی کا لفظ ان کی کسی —— لغت میں موجود نہیں۔

وہ آزاد پیدا ہوتے اور آزادی سے زندہ رہ کر مرنے کے قائل ہیں۔ غلامی کی زندگی سے وہ باوقار موت کو ہر حال میں بہتر جانتے ہیں۔ یہ آزادی' اخوت' جہانبانی اور جانثاری ان کے خمیر میں رچ بس چکی ہے۔ انہوں نے سرجھکانا سیکھا ہی نہیں۔

وہ سربفلک پہاڑوں کی چوٹیوں جتنے بلند اور ناقابل تسخیر عزائم سینوں میں رکھتے ہیں۔ وہ جانتے ہیں:

"کوہسار باقی ـــــ افغان باقی" ـــــ اور کوہساروں کو موت نہیں۔

کابل غزنی ٹرانسپورٹ کی بس کمانڈوز اپنے پیٹ میں سمیٹے بڑی تیز رفتاری سے اپنی منزل کی طرف رواں دواں تھی۔ "میجر شکن" ونڈ سکرین کے باہر سڑک پر نظریں جمائے بیٹھا تھا۔ ہلکی ہلکی پھوار کے بعد اب دھند پھیلنا شروع ہو گئی تھی۔ بس کی تیز لائٹس اور اس کے ماتھے سے بندھی سرچ لائٹ کی روشنی میں بھی وہ لوگ بمشکل پندرہ بیس گز دور تک ہی دیکھ سکتے تھے۔

آہستہ آہستہ دھند گہری ہوتی جا رہی تھی ـــــ کہر اور یخ بستہ موت کی طرح بے رحم سردی کی تیز لہر کابل کو اپنے دامن میں لپیٹ رہی تھی۔ بس ایئرکنڈیشنڈ تھی اس کے ہیٹر پوری رفتار سے چل رہے تھے اس کے باوجود میجر شکن کو سردی اپنی ہڈیوں میں اترتی محسوس ہو رہی تھی۔ وہ یہ سوچ سوچ کر ہلکان ہو رہا تھا کہ جب بس سے باہر نکل کر وہ لوگ کھلی فضا میں پہنچیں گے تو کس طرح برفانی ہواؤں کا سامنا کر پائیں گے۔

فیضان اوغلو بھی باقی مسافروں کی طرح سوچوں کے گہرے بھنور میں ڈوب ڈوب کر ابھرتا اور ابھر ابھر کر ڈوب رہا تھا۔ وہ دل ہی دل میں جانے اب تک کتنی مرتبہ اس بات پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کر چکا تھا کہ وہ اپنے ساتھیوں کی توقعات پر پورا اترا ہے۔ اسے اس بات کا بالکل خوف نہیں تھا کہ گھیرے میں آنے کے بعد خود اس کی اپنی حالت کیا ہو گی؟

اسے تو صرف ایک بات کی خوشی تھی کہ وہ جس جگہ ان لوگوں کو لے جا رہا تھا۔ وہاں سے ان میں سے کسی کے زندہ سلامت بچ آنے کے ایک فیصد امکانات بھی باقی نہیں تھے۔ اسے اگر کوئی سوچ پریشان کر رہی تھی تو یہی کہ اس کے اپنے کچھ لوگ بھی مارے جائیں گے!" کچھ بھی تھا۔ آخر یہ سب تھے تو افغانی۔

بس اب پہاڑی سلسلے کے نزدیک پہنچ چکی تھی۔ ایک پہلے سے مخصوص شدہ مقام پر پہنچ کر رک گئی اور میجر شکن نے کمانڈوز کو باہر نکلنے کا حکم دیا۔ کرنل

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



شولوخوف کی ہدایت پر اس نے دھند میں لپٹی پہاڑیوں کے ساتھ ساتھ کمانڈوز کو اس طرف بڑھنے کی ہدایت کی جس طرف فیضان اوغلو کے کہنے کے مطابق تخریب کار چھپے ہوئے تھے۔

اب پوزیشن کچھ اس طرح ہو گئی تھی کہ نہتا فیضان اوغلو آگے آگے تھا۔ میجر شکن اور دو حوالدار اس کے پیچھے پیچھے اور ان تینوں کے پیچھے کمانڈوز کا دستہ آ رہا تھا۔ وہ سب لوگ اس طرح آگے بڑھ رہے تھے کہ سوائے فیضان اوغلو کے اور کوئی دور سے دیکھنے پر دکھائی نہ دیتا تھا اور یہاں موجود لوگوں کو بھی احساس ہوتا کہ جیسے اکیلا فیضان ہی اس طرف آ رہا ہے۔ راستہ بڑا دشوار اور کٹا پھٹا تھا۔ وہ لوگ پہاڑیوں اور چھوٹی چھوٹی ٹیکریوں کو پھلانگتے ہوئے آگے بڑھ رہے تھے۔

اچانک ہی وہ حادثہ ہو گیا۔ میجر شکن کو یوں محسوس ہوا جیسے چلتے چلتے فیضان اوغلو کا پاؤں رپٹ گیا ہو۔ اس کے ساتھ ہی وہ لڑھکتا ہوا پہاڑی ڈھلوان سے نیچے گرنے لگا۔ میجر شکن زبردست قوت ارادی کا مالک تھا۔ اس نے بغیر کسی خوف جھجک کے اپنے لمبے کوٹ کی جیب سے ٹارچ نکالی اور چاہا کہ اس کی روشنی میں حالات کا جائزہ لے۔

ابھی ٹارچ بمشکل روشن ہی ہوئی تھی کہ ایک گولی عین اس کے سینے میں آن لگی۔ اس کے منہ سے آہ نکلی اور وہ الٹ کر پرے جا گرا۔ ٹارچ اس کے ہاتھ سے نکل کر پہاڑی سلسلے میں لڑھکنے لگی تھی۔

قاسم ایشان زادہ نے اپنی رائفل کے اوپر لگے انفراریڈ شیشے میں سے اپنی گولی کو نشانے پر لگتے دیکھ کر خدا کا شکر ادا کیا اور اگلے شکار کا منتظر ہو رہا۔

حوالدار نے گولی کی آواز سنتے ہی ایک طرف چھلانگ لگا دی۔ اس کے ہمراہیوں نے میجر کو اس طرح گرتے دیکھا تو فوراً" روشنی والے گولے (ٹریلر) فائر کر دیئے۔ اس کے ساتھ ہی وہ اندھا دھند فائرنگ کرنے لگے۔ یہ الگ بات کہ تخریب کاروں کے بجائے پہاڑی سلسلے کے پتھر ان کی گولیوں کا نشانہ بن رہے تھے۔

روشنی راؤنڈز نے رات میں دن کا سماں باندھ دیا تھا لیکن تخریب کاروں کو تو جیسے زمین نگل گئی تھی یا آسمان کھا گیا تھا۔ الٹا ان ہی پر قیامت ٹوٹنے لگی۔ وہ لوگ تاک تاک کر انہیں نشانہ بنا رہے تھے۔ بالکل یوں دکھائی دے رہا تھا۔ جیسے جنگ سے زیادہ یہ کوئی "چاند ماری" کی مشق ہو۔

کرنل شولوخوف اور ڈائریکٹر اسفندیار بڑی بے تابی سے آپریشن روم میں بیٹھے کسی خوشخبری کے منتظر تھے۔ جب اچانک ریڈیو سیٹ میں جان پیدا ہوئی۔

"کمانڈ ـــــ کمانڈ ـــــ اوور۔" سیٹ سے آواز بلند ہو رہی تھی۔

اسفندیار نے پھرتی سے قریب رکھا مائیک اٹھا لیا۔ بٹن دبا کر اس نے رابطہ بحال کیا۔

"کمانڈ اٹنڈ نگ یو ـــــ اوور۔"

"سر! ہم بری طرح گھیرے میں آ چکے ہیں۔ ہم پر زبردست فائرنگ ہو رہی ہے۔ وہ لوگ نظر نہیں آ رہے ـــــ اوور۔" فائرنگ کی آوازیں صاف سنائی دے رہی تھیں۔

کرنل شولوخوف کو یوں لگا جیسے اچانک کسی نے اسے سزائے موت کا حکم سنا دیا ہو۔ وہ فوراً" لڑکھڑاتا ہوا سیٹ تک پہنچا تھا۔

"کیا بک رہے ہو ـــــ اوور۔" اسفندیار غصے سے چلایا۔

"سر ـــــ ٹھائیں" ـــــ گولی کی آواز آئی اور سلسلہ ٹوٹ گیا۔

اسفندیار کے حواس ابھی تک بحال تھے۔ اس نے فوراً" دوسری طرف سلسلہ جوڑا۔

"کنٹرول۔ کنٹرول۔ مجھے فوراً" بگرام سے ملاؤ۔"

"بگرام بات کیجئے جناب" ـــــ تقریباً" آدھ منٹ بعد ہی کنٹرول سے آواز آئی۔

اسفندیار نے فوراً" قریب کے ٹیلیفون کا ریسیور اٹھا لیا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



"ہیلو۔ لائن پر کون ہے؟" —— اس نے بے تابی سے پوچھا۔

"ایڈ جوئنٹ" —— جواب ملا۔

"مجھے فوراً" کمانڈنگ آفیسر سے ملاؤ —— میں اسفندیار بول رہا ہوں۔

"او۔ کے سر۔"

دوسرے ہی لمحے ایک روسی کرنل لائن پر تھا۔

فوراً" کوہ صافی کی طرف گن شپ ہیلی کاپٹر بھیجو۔"

"جناب والا! اتنی دھند میں یہ کیسے ممکن ہے؟" —— آواز خاصی بلند تھی۔

کرنل شولوخوف نے اس کے ہاتھ سے فون جھپٹ لیا۔ اس نے روسی زبان میں اپنا تعارف کرا کر اسے ڈانٹ پلائی اور فوراً" حکم کی تعمیل کے لیے کہا۔

تھوڑی دیر بعد ہی بگرام کے فوجی اڈے سے ایک گن شپ ہیلی کاپٹر اور کوہ صافی کے نزدیکی علاقے سے "سٹینڈ ٹو" افواج کا چاق و چوبند دستہ تیزی سے کوہ صافی کی طرف بڑھ رہے تھے۔ جہاں کمانڈوز کی تعداد ایک ایک کر کے گھٹتی چلی جا رہی تھی۔

—O—

کمانڈوز کی سو گولیوں کے جواب میں تخریب کاروں کی طرف سے بمشکل دس گولیاں فائر ہوتی تھیں۔ لاری پر مورچہ بند کمانڈوز نے جب فائرنگ کی آواز سنی تو انہوں نے اس کی چھت پر لگی مشین گنوں سے اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی' لیکن انہیں بھی سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ وہ آخر کس "ہدف" پر نشانہ لگائیں۔ ان کی یہی حرکت ان کے لیے جان لیوا ثابت ہوئی۔

شاید اس طرف ابھی تک کسی کا خیال نہیں گیا تھا۔ جب بس کی چھت سے فائرنگ شروع ہوئی تو "تخریب کار" اس طرف بھی متوجہ ہو گئے۔ چھت پر موجود کمانڈوز اپنے کام میں مصروف تھے انہیں خبر ہی نہ ہوئی کہ کب ان کے سروں پر قیامت ٹوٹی یکے بعد دیگرے تین ہینڈ گرنیڈ عین ان کے درمیان پھٹے اور لاری سمیت ان کے پرخچے اڑ گئے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اگر وہ لوگ روشی راؤنڈ فائر نہ کرتے تو اس غضب کی دھند میں ان کی پسپائی کے امکانات قدرے روشن تھے لیکن انہوں نے اب اپنے لیے اچھی خاصی مصیبت کھڑی کر لی تھی یہ لوگ روسی افواج کے تربیت یافتہ تھے اور انہیں جدید خطوط پر لڑنے مرنے کی تربیت دی گئی تھی۔ اس صورت حال سے وہ گھبرائے تو نہیں تھے لیکن انہیں کچھ نہ سوجھتا تھا کہ وہ کریں تو کیا؟

جس سمت سے ایک گولی بھی ان کی طرف آتی وہ اس طرف گولیوں کا مینہ برسا دیتے لیکن نتیجہ وہی ڈھاک کے تین پات۔ انہیں اور کچھ تو نہ سوجھا اب وہ لوگ فائرنگ کرتے کرتے ایک طرف سمٹنے لگے تاکہ اس طرف خود کو ایک ڈھلان کی اوٹ میں محفوظ کر لیں۔

قاسم ایشان زادہ نے اپنی رائفل پر لگے شیشے سے فیضان اوغلو کو گرتے دیکھ لیا تھا۔ اسے شاید گرنے سے چوٹ بھی آ گئی تھی کیونکہ وہ اٹھنے میں دقت محسوس کر رہا تھا۔ قاسم نے چاہا کہ اس ٹیلے کے گرد چکر کاٹ کر جس پر وہ مورچہ زن تھا اس جگہ تک پہنچے جہاں فیضان اوغلو گرا ہے تاکہ اسے اٹھنے میں مدد دے سکے۔

اچانک وہ ٹھٹھک کر رک گیا۔ اس نے ایک شخص کو سٹین گن لہراتے چھلانگ لگا کر اس کی طرف لپکتے دیکھا تھا۔ وہ شخص مختلف ٹیلوں کو پھلانگتا اندازے سے اسی سمت آ رہا تھا۔ جس طرف فیضان گرا پڑا تھا۔

حوالدار نے گر کر اٹھنے میں خاصی پھرتی کا مظاہرہ کیا تھا وہ جانتا تھا کہ فیضان اوغلو کو گولی مارنے کی ڈیوٹی اس کے ذمے کرنل شولوخوف نے لگائی ہے اور اگر اسے صبح ان لاشوں میں فیضان کی لاش نہ ملی تو کچھ بعید نہیں کہ وہ حوالدار ہی کو گولی مار دے۔ وہ مختلف ٹیلے پھلانگتا اندازے سے اس سمت جا رہا تھا جہاں اس کے خیال کے مطابق فیضان کو ہونا چاہئے تھا۔ جلد ہی اسے ایک دھندلا سا سایہ ایک پتھر کے نزدیک دکھائی دیا۔

یہ فیضان اوغلو کے سوا اور کون ہو سکتا تھا؟

حوالدار نے فوراً اسٹین گن سیدھی کی کہ اس طرف برسٹ فائر کر سکے، لیکن ابھی اس کا ہاتھ ٹریگر تک پہنچا بھی نہیں تھا کہ ایک گولی اس کے ماتھے میں گھس

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



گئی اور وہ لڑکھڑا کر گر پڑا۔

قاسم ایشان زادہ اور فیضان اوغلو نے ایک ساتھ ہی گن شپ ہیلی کاپٹر کی آواز سنی تھی۔ اس کے ساتھ ہی انہیں شمال مشرق کی سمت سے روشنی کا ایک ہالہ اس سمت بڑھتا دکھائی دیا۔ ہیلی کاپٹر کی تیز سرچ لائٹس اس کے پروں کے نیچے روشن تھیں۔ جن میں سے گنز کی نالیاں باہر جھلکتی دکھائی دے رہی تھیں۔

فیضان اوغلو گرا تو ارادتاً" تھا' لیکن لڑھکنے سے اس کی چوٹوں کا درد جاگ اٹھا۔ پسلیوں سے درد کی تیز رو سارے جسم میں دوڑنے لگی۔ وہ بے حال سا ہو کر وہیں پتھر سے ٹیک لگا کر بیٹھ گیا۔ پھر اس نے اپنے عقب میں گولی چلنے کی آواز کے ساتھ ہی کسی کے گرنے کی آواز سنی۔ یہ وہی حوالدار تھا۔

ہیلی کاپٹر کی آواز نے اس کی ضائع شدہ توانائیوں کو جیسے پھر سے اس کے جسم میں لوٹا دیا تھا۔ وہ اٹھا اور ٹیلوں کے عقب میں بنی ماڈرن آبادی کی سمت بھاگنے لگا جو یہاں سے ڈیڑھ دو فرلانگ دور نظر آ رہی تھی۔

فیضان اوغلو دیوانہ وار بھاگ رہا تھا۔ اسے اپنے پیچھے گن شپ ہیلی کاپٹر کی مشین گنوں کا شور بخوبی سنائی دے رہا تھا۔ یہ مقام شکر تھا کہ وہ اس کی روشنی کی زد سے باہر تھا نہ ہی اس طرف کوئی کمانڈو موجود تھا۔ آہستہ آہستہ اس کو سڑک نظر آنے لگی۔ پھر اچانک جیسے زمین نے اس کے قدم جکڑ لیے۔

سڑک پر ایک دوسرے کے عقب میں روشنیوں کا طوفان وہ بخوبی دیکھ سکتا تھا۔ گھیرے میں آئے ہوئے کمانڈوز کی مدد کو فوج آ گئی تھی ——— فیضان اوغلو نے اپنا رخ بدلا اور قریبی آبادی کی طرف بڑھنے لگا۔ اس کا دل گواہی دے رہا تھا کہ اسے وہاں ضرور پناہ مل جائے گی کیونکہ یہ بات اس کے مشاہدے میں آ چکی تھی کہ لوگوں کے دل "تخریب کاروں" اور زبانیں "قوائے دوست" کے ساتھ ہیں۔

بھاگتے بھاگتے وہ بے دم ہو گیا تھا اور اب تو اسے چلنا بھی دوبھر ہو رہا تھا۔ کرفیو کا وقت ہو چکا تھا۔ تب ہی تو سارا علاقہ سنسان پڑا تھا۔ اس کے پیچھے فائرنگ کی

آوازیں اب خاصی تیز ہو گئی تھیں۔ شاید مدد کو آنے والی فوج نے بھی مورچے سنبھال لیے تھے۔

کسی نہ کسی طرح گرتا پڑتا وہ آبادی کے آخری سرے والے مکان تک پہنچ گیا۔ یہ جدید طرز کا مختصر سا بنگلہ تھا۔

درد سے بے حال فیضان اوغلو نے دروازے پر ہاتھ مارا تو وہ کھلا ہوا ملا۔ ارد گرد کے مکانوں کی روشنیاں بجھ چکی تھیں۔ فائرنگ اور دھماکوں کی آوازیں یہاں بھی سنائی دے رہی تھیں۔ یوں تو یہ روزانہ کا معمول بن چکا تھا' لیکن آج شاید معاملہ کچھ زیادہ ہی سنگین دکھائی دیتا تھا۔ اسی لیے تو لوگ اپنے گھروں میں دبک گئے تھے۔

برآمدے میں پہنچ کر فیضان نے دروازے پر آہستہ سے دستک دی۔ فوراً" اندر کی روشنی جل اٹھی۔ اس کے ساتھ ہی دروازہ کھلنے کی آواز سنائی دی۔ فیضان میں اتنا دم بھی نہیں رہ گیا تھا کہ وہ اپنے قدموں ہی پر کھڑا ہو سکے۔ وہ دروازہ کھلتے ہی آگے بڑھا اور لڑکھڑا کر گر پڑا۔ کمر پر لگنے والی لات اتنی ہی زور دار تھی۔

"ہینڈز اپ ——" کی آواز پر جب اس نے اٹھ کر بیٹھنے کے بعد پلٹ کر دیکھا تو جگرن ارخان اس کی طرف پستول تانے کھڑا تھا۔

فیضان اوغلو جو سیدھا ایک تخت پوش سے ٹکرایا تھا' اب اسی سے پشت جمائے زمین پر دوزانو بیٹھا بے بسی سے اپنی بدبختی کا جائزہ لے رہا تھا: جس نے اسے پلازہ ہوٹل سے "خاد" کے ہیڈ کوارٹر تک پہنچایا تھا اب فرار ہونے کے بعد وہ اسی کے حضور دوبارہ "خاد" کے ہیڈ کوارٹر میں پہنچنے کے لیے چلا آیا تھا۔

"خاد" —— جہاں ایک اذیت ناک موت اس کی منتظر تھی!

اچانک ارخان کے پیچھے والا دروازہ کھلا جس کے ساتھ ہی ایک نسوانی آواز بلند ہوئی۔

"پستول پھینک دیجئے۔ آپ میرے نشانے کی زد پر ہیں۔"

بے اختیار فیضان اوغلو کی نظریں اس سمت اٹھیں: بادامی آنکھوں اور لمبے بالوں والی یاسمین شب خوابی کے لباس میں ارخان کی پشت سے ریوالور ٹکائے کھڑی

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



تھی۔

"یاسمین" ـــــ میجر ارخان کی آواز میں حیرت کا عنصر غالب تھا۔

"یاسمین" ـــــ فیضان کے منہ سے بے ساختہ نکلا۔ بالکل ایسے جیسے کوئی خواب میں بڑبڑا رہا ہو۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# سُرخ آندھی

"ہاں میں یاسمین ہی ہوں فیضان۔"

یاسمین کی آواز پرسکون اور کسی گہرے کنویں سے آتی سنائی دے رہی تھی۔ "مجھے علم تھا کہ تمہارے استقبال کے لیے میرے بابا نے یہ تیاری کی ہے۔"

"میرے لیے تو تمہارے بابا ہی کافی تھے" —— فیضان نے طنزیہ لہجے میں اس کی بات کاٹ کر جگا بن ارخان کی طرف اشارہ کیا۔

"تم غلط سمجھ رہے ہو فیضان! یہ پستول میں نے اپنے باپ پر تانا ہے" —— یاسمین کا لہجہ مضبوط اور غیر متزلزل تھا: "شاید تمہیں بھی دوسرے لوگوں کی طرح یقین نہ آئے فیضان! کہ میں اب وہ یاسمین نہیں رہی جو تمہارے ساتھ ماسکو کی ایک یونیورسٹی میں پڑھا کرتی تھی۔"

فیضان اپنی تکلیف بھول چکا تھا۔ اسے بہت سی بھولی ہوئی کہانیاں یاد آ گئیں۔

پہلی مرتبہ جب وہ یاسمین سے اچانک کالج کی سیڑھیوں پر ٹکرایا تھا تو کئی دن تک کھویا کھویا سا رہا۔ اس کے دوست ناظرخاں نے اسی روز کالج کینٹین میں بیٹھے ہوئے فیضان اوغلو سے ہنستے ہوئے کہا تھا۔

"اس لڑکی کی ملاقات نے ہمیشہ حادثات کو جنم دیا ہے۔"

فیضان اس کی بات مسکرا کر ٹال گیا یاسمین سے اپنے ٹکراؤ کو ٹالنا اس کے لیے ممکن نہیں تھا۔ وہ جلال آباد سے یہاں تعلیم حاصل کرنے آیا تھا اور جلد ہی اس نے محسوس کر لیا کہ جلال آباد اور کابل کے ماحول میں زمین آسمان کا فرق ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

ترقی پسندی کے نام پر ایسی ایسی خواہشات یہاں رواج پا گئی تھیں کہ خدا کی پناہ! اس نے کبھی زندگی میں اس بات کا تصور بھی نہیں کیا تھا کہ کوئی افغان شعائر اسلامی کا مضحکہ بھی اڑا سکتا ہے ـــــ لیکن یہاں تو قدم قدم پر نہ صرف ایسے واقعات ہو رہے تھے بلکہ ایسا کرنے والوں کی مکمل حوصلہ افزائی بھی کی جا رہی تھی۔

پہلے پہل تو اسے سمجھ ہی نہ آئی کہ وہ افغانستان ہی کے کسی شہر میں ہے یا یورپ میں آ گیا ہے۔ طلبا کے "محاذ اسلامی" کے مقابلے میں "پرچم" اور "خلق" پارٹی کے کمیونسٹ کھل کر آ گئے تھے۔ اس کی ہمدردیاں ضرور طلباء کے محاذ اسلامی کے ساتھ تھیں، لیکن اس نے کبھی سیاست میں سرگرم حصہ نہیں لیا تھا۔

فیضان اوغلو کی دوسری ملاقات یاسمین سے اس وقت ہوئی جب وہ طلبا کے ایک گروہ کی قیادت کرتی وہاں گھس آئی تھی جہاں اسلام پسند طلباء کا جلسہ ہو رہا تھا۔ فیضان یہاں صرف تقریریں سننے آیا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ ہنگامہ شروع ہوتے ہی وہ وہاں سے نکل گیا۔

یاسمین کی نظر بھی اس پر پڑی۔ دونوں کی نظریں آپس میں ملیں تو یاسمین کو اس کی بوکھلاہٹ پر ہنسی آ گئی۔ فیضان نے اس کی حرکت کو محسوس ضرور کیا لیکن اس سے کچھ کہہ نہ سکا۔ اسے یوں لگا جیسے یاسمین نے اس کا تمسخر اڑایا ہو۔!

دونوں جماعتوں کے طلباء آپس میں ٹکرا گئے۔ عورتوں اور مردوں کی تفریق بھی باقی نہ رہی تھی۔ اس روز پہلی مرتبہ فیضان نے سوچا کہ داؤد آخر یہ کیا انقلاب لا رہا ہے جو افغان قوم کی شرم وحیا اور غیرت اسلام کے لیے سم قاتل بنا ہوا ہے۔

جب پرچم اور خلق پارٹیاں نہیں تھیں تو کبھی ایسے واقعات پیش نہیں آئے تھے۔ اب تو تعلیم بھی مخلوط ہو گئی تھی۔ اس ہنگامے میں یاسمین کے علاوہ بھی لڑکیاں بھرپور حصہ لے رہی تھیں۔ لیکن اسے یاسمین کے رویے پر ضرور دکھ ہوا تھا کہ وہ آخر اپنی نسوانیت کا تقدس کیوں برقرار نہیں رکھنا چاہتی۔

رات کو جب وہ ہوسٹل میں آ کر اپنی چارپائی پر لیٹا تو نیند اس کی آنکھوں سے کوسوں دور تھی ایک نامحسوس سی بیکلی اسے لگی رہی۔ اس نے کئی مرتبہ سوچا کہ آخر وہ یاسمین کے متعلق کیوں سوچ رہا ہے۔ اس کا رشتہ کیا ہے یاسمین سے؟ اسے

اب اپنے ہی رویے سے الجھن ہونے لگی تھی۔ اس رات کافی دیر گئے تک وہ جاگتا رہا بالآخر نیند کی دیوی نے اسے اپنی آغوش میں سمو لیا۔

اگلے روز جب وہ کالج کی گراؤنڈ کے ایک کونے میں بنی پتھر کی بنچ پر بیٹھا تھا تو بھی اس کے ذہن پر یاسمین ہی سوار تھی۔ پھر تو جیسے معجزہ ہو گیا۔ اسے پتہ ہی نہ چلا کہ کب یاسمین اچانک ہی اس کے پیچھے آن کھڑی ہوئی۔

"ہیلو کامریڈ" —— اسے یاسمین کی آواز سنائی دی اور وہ اس طرف گھوم گیا۔

یاسمین کی اچانک آمد' بیباک لہجہ اور بے تکلفی نے اسے گڑ بڑا کر رکھ دیا تھا اسے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ اسے کیا جواب دے۔

"السلام علیکم" —— وہ بے اختیار کہہ گیا اور یاسمین خوا مخواہ مسکرا دی۔

"آپ یہاں اکیلے بیٹھے تھے۔ میں نے سوچا آپ کی خیریت دریافت کرلوں" —— اس نے فیضان کے چہرے پر نظریں ڈالتے ہوئے کہا جس کے کانوں کی لویں سرخ ہو رہی تھیں۔

فیضان کا دل ایک مرتبہ تو اتنی زور سے دھڑکا جیسے ابھی سینے کا پنجرہ توڑ کر باہر آگرے گا۔ اسے خیال آیا کہ آخر یہ کیوں اس کا حال دریافت کرنے چلی آئی ہے۔ ابھی تو ان کی کوئی باقاعدہ ملاقات بھی نہیں ہوئی۔ کبھی انہوں نے اکٹھے بیٹھ کر گفتگو بھی نہیں کی۔ بس ایک دفعہ اچانک ٹکراؤ۔ پھر اس نے سوچا ممکن ہے جس آگ میں وہ جل رہا ہے' یاسمین بھی اسی آگ کا ایندھن بن چکی ہو۔

اس وقت فیضان کا ذہن اتنا پختہ نہیں تھا کہ وہ اس معاملے کے کسی اور پہلو پر بھی نظر رکھتا۔ وہ سیدھا سادا پٹھان تھا اور مضبوط مسلمان اور بس لیکن وہ بھول رہا تھا کہ اس کا طاقتور جسم ہی دراصل ان لوگوں کی کمزوری ہے جن سے یاسمین کا واسطہ رہا ہے۔ وہ اپنے مذموم مقاصد کے لیے اس کی ہمدردیاں ہر قیمت پر حاصل کرنا چاہتے تھے خواہ اس کے لیے ایسی بہت سی یاسمینیں بھی بھینٹ چڑھ جاتیں۔

اس روز وہ آہستہ آہستہ یاسمین سے کھلنے لگا اس نے واقعی یاسمین سے جی بھر کر باتیں کیں اور اسی گفتگو میں اسے یہ بھی بتا دیا کہ وہ پہلے ہی ٹکراؤ کے بعد اس

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

کی زلفوں کا اسیر ہو چکا تھا۔

فیضان سیدھا سادا پٹھان تھا وہ محسوس کر رہا تھا کہ جب تک اپنے دلی جذبات یاسمین تک نہیں پہنچا لیتا اسے سکون میسر نہیں آئے گا۔ تب یاسمین نے اس کی اس "کمزوری" کو اپنے لیے "بونس" ہی سمجھا تھا۔

"آپ کو اس طرح سٹوڈنٹس سیاست میں حصہ نہیں لینا چاہیے۔" اس نے ڈرتے ڈرتے بالآخر یاسمین سے کہہ ہی دیا۔

اس کی اس بات پر یاسمین نے بڑا زور دار قہقہہ لگایا تھا۔ "تم بھی آہستہ آہستہ سمجھو گے سب کچھ ——— فیضان" ——— وہ اس کے اتنا قریب جھک گئی کہ فیضان پر بے خودی سی طاری ہونے لگی۔

"یہ ملاں بڑے خطرناک لوگ ہیں۔ ہمارے ملک کے لیے تو یہ کینسر ہیں! یہ کینسر آہستہ آہستہ ہماری جڑیں کھوکھلی کر رہا ہے۔ اس سے پہلے کہ ہماری بنیادوں کو زنگ لگ جائے ہمیں اس سرطان کو کاٹ کر پھینکنا پڑے گا۔ آؤ کنٹین پر چل کر بیٹھتے ہیں۔"

اس نے فیضان کے کندھے پر ہاتھ مارتے ہوئے کہا۔ فیضان کسی سحر زدہ معمول کی طرح اٹھ کر اس کے ساتھ ہی چلا آیا۔ کنٹین میں بیٹھے کئی لڑکوں اور لڑکیوں نے چونک کر یاسمین کے اس "نئے شکار" کو دیکھا تھا۔

———O———

ایسی ہی چند ملاقاتوں کے بعد وہ یاسمین کی زلفوں کا مکمل اسیر ہو چکا تھا اور یاسمین کو اس کے ترقی پسند دوستوں نے ایک "ملاں" کو راہ راست پر لانے پر خوب مبارکباد دی تھی۔

جس روز اسے اطلاع ملی کہ وہ اعلیٰ کارکردگی کی بنا پر ماسکو یونیورسٹی میں وظیفہ پا کر جانے والے طالب علموں میں منتخب ہو گیا ہے تو بجائے خوش ہونے کے وہ اداس ہو گیا: "کہ یاسمین کے بغیر اتنی مدت کیسے گزارے گا۔" لیکن اس کی حیرت اور خوشی کی انتہا نہ رہی جب یاسمین نے اسے اس کے کمرے میں آ کر خوشخبری دی

کہ وہ بھی اسی کورس پر جانے کے لیے منتخب ہو گئی ہے ——— !

فیضان کے والد نے بیٹے کے شوق کے پیش نظر اسے پڑھائی جاری رکھنے کی اجازت دی تھی ورگرنہ وہ جانتا تھا کہ بالآخر اسی کے بیٹے کو اس کا کاروبار سنبھالنا ہے' لیکن جب اس کے چھ ماہ کے لیے روس جانے کی خبر اسے ہوئی تو وہ تذبذب کا شکار ہو گیا۔ اس کا جی نہیں چاہتا تھا کہ وہ اپنے بیٹے کو "کافروں کے ملک" میں جانے دے لیکن اپنی تربیت پر بھی اسے اعتماد تھا اور یہ بات بھی اس کے پیش نظر تھی کہ آج تک فیضان نے اس کا ہر حکم مانا ہے۔ اب وہ اس سے علیحدہ تھا۔ خصوصاً" اس ماحول میں جو اب "مشاوروں" کے آ جانے اور ان کے ساتھ ہی ان کا بے تحاشا لٹریچر پھیل جانے کے باعث اس کی توقعات سے بھی زیادہ تیزی سے لادینیت کی طرف مائل تھا کچھ بھی متوقع تھا۔

وہ خود اپنے بیٹے سے ملنے آیا اور باتوں باتوں میں اس سے پوچھتا رہا کہ وہاں وہ کیا سیکھنے پڑھنے جا رہا ہے۔ فیضان اپنے مذہبی باپ کے خدشات کو جانتا اور سمجھتا تھا اس نے جلد ہی اپنے والد کو مطمئن کر کے واپس بھیج دیا۔ جاتے ہوئے اس کا والد اسے دوبارہ ترکستان سے اپنی ہجرت کی کہانی سنا کر گیا تھا۔ اس کی خواہش تھی کہ فیضان اوغلو اس کہانی کو کبھی نہ بھولے۔

——O——

ایروفلوٹ کے اس جہاز میں دونوں کی نشستیں ساتھ ساتھ تھیں۔ اپنے کالج سے ایئرپورٹ تک کا فاصلہ انہوں نے یونہی طے نہیں کر لیا تھا۔ اس دوران فیضان کو بھی اپنے دوسرے ساتھیوں کی طرح متعدد بار مختلف روسی افسران کے سامنے انٹرویو کے لیے پیش ہونا پڑا۔ اسے حیرت ہوتی جب یہ لوگ اس کے ساتھ پشتو اور فارسی بالکل اپنی زبان کی طرح بولتے تھے۔

ہر انٹرویو کرنے والے نے بڑی گہری اور تنقیدی نظروں سے لیکن مسکراتے ہوئے اس کا جائزہ لیا۔ ایک دو مرتبہ اس سے مذہبی قسم کے سوالات بھی کیے گئے' لیکن بڑے نامحسوس طریقے سے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com


فیضان یہ کبھی نہیں سمجھ سکتا تھا کہ جہاز میں اس کے ساتھ یاسمین کی سیٹ بھی اسی منصوبہ بندی کا حصہ ہے جس کا وہ شکار ہونے جا رہا ہے۔ ایرو فلوٹ کی وہ خوبصورت اور انتہائی متناسب اعضاء والی ایئر ہوسٹس تو جیسے اس کے لیے مخصوص ہو کر رہ گئی تھی اس نے فیضان اور یاسمین کی "بھرپور مہمان نوازی" کی تھی اور ماسکو پہنچنے تک فیضان کو یقین ہو چکا تھا کہ دنیا کی سب سے زیادہ مہذب قوم روس میں بستی ہے۔

اس دوران یاسمین نے بھی اپنی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال کیا تھا۔ اس نے اپنے قرب کے لمس اور گفتگو کے سحر سے فیضان کو جکڑ لیا تھا۔

جہاز جب ماسکو کے ہوائی اڈے پر اترا تو فیضان ذہنی طور پر تسلیم کر چکا تھا کہ روس سے بڑا افغانوں کا کوئی دوست نہیں اور ملاؤں سے بڑا افغانستان کا کوئی دشمن نہیں۔

ماسکو ایئر پورٹ پر آنے والی اس "خصوصی فلائیٹ" کو ایک الگ مقام پر ٹیکسی کیا گیا تھا۔ فیضان نے جہاز کی کھڑکی ہی سے باہر جھانکا۔ ہوائی اڈہ سرخی میں رنگا دکھائی پڑا۔ چاروں طرف سرخ پھریرے لہرا رہے تھے۔

وہی ایئر ہوسٹس ایک مرتبہ پھر ان کے نزدیک آئی اور جھک کر فیضان سے مسکراتے ہوئے کہنے لگی:

"کامریڈ اگر مہمان نوازی میں کمی رہ گئی ہو تو معاف فرما دیں۔"

"نہیں! نہیں شکریہ۔ آپ نے تو۔۔۔۔۔۔" شدت جذبات سے مغلوب سادہ لوح پٹھان بچہ اس سے آگے کچھ نہ کہہ سکا۔

جہاز کی سیڑھیاں اترتے ہوئے ایک بے نام سے احساس سے اس پر ہلکی سی کپکپاہٹ طاری تھی۔ سیڑھیاں اترنے پر وہ باری باری آگے جاتے اور ماسکو یونیورسٹی کی طرف سے ان کے استقبال کے لیے آئی ہوئی قطار میں کھڑی لڑکیوں سے ہاتھ ملاتے تھے۔ فیضان نے آج تک سوائے یاسمین کے کسی اور لڑکی کا ہاتھ چھو کر

بھی نہیں دیکھا تھا وہ خاصی جھجک محسوس کرتا تھا کسی خاتون سے ہاتھ ملانے میں۔

لیکن اس کو اتنی مہلت ہی کب میسر آئی تھی۔ اس کے ہاتھ آگے بڑھانے سے پہلے ہی مسکراتی ہوئی لڑکی اس کا ہاتھ گرمجوشی سے دبا کر اسے "خوش آمدید" کہہ دیتی۔

ان کا جہاز باقی جہازوں سے بالکل الگ تھلگ کھڑا تھا۔ فیضان اور اس کے ساتھیوں کو اپنے جلو میں لیے میزبان لڑکیاں ایک نزدیکی عمارت میں چلی آئیں جہاں ان کے لیے پرتکلف چائے کا بندوبست کیا گیا تھا۔ اس عمارت کے دروازے پر ایک خاصا بڑا بینر "روس افغان دوستی زندہ باد" کے ساتھ سجایا گیا تھا۔

اس ہال نما کمرے میں جہاں انہیں لایا گیا تھا' اخبارات' ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے نمائندے اپنے کیمروں اور مائیک کے ساتھ سرگرم تھے۔ روس میں موجود افغان سفارتخانے کے علاوہ دوسرے روس حمایتی ممالک کے سفارتی نمائندے بھی وہاں موجود تھے۔ دو ڈھائی گھنٹے تک وہ لوگ ایک دوسرے کے ساتھ گھل مل کر باتیں کرتے اور پرتکلف چائے سے لطف اندوز ہوتے رہے۔

ان کے گروپ میں کابل سے بیس لڑکے اور دس لڑکیاں آئی تھیں۔ قریباً" سبھی لڑکیاں یاسمین کی طرح بڑی "آزاد خیال اور سلجھی ہوئی لڑکیاں" دکھائی دے رہی تھیں وہ یہاں موجود روسی اور دوسرے کیمونسٹ ممالک کے سفارتکاروں کے ساتھ بڑی بے تکلفی اور بے باکی سے مصروف گفتگو تھیں۔

نجانے فیضان کو کیوں آج کسی بھی افغان لڑکی کی بے باکی پر غصہ نہیں آ رہا تھا-----؟

جہاز سے فیضان اور اس کے ساتھیوں کے نیچے اترتے ہی جہاز میں موجود عملہ اپنے کام میں جت گیا۔ باقی لوگوں کی طرح ایئر ہوسٹس جو خاص طور سے فیضان اور یاسمین کی خدمت پر مامور تھی اپنے ہاتھوں میں مختلف اوزار پکڑے مصروف عمل ہو گئی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس نے دونوں کی سیٹوں کی پشت کھول کر ان میں نصب ٹیپ ریکارڈروں میں سے کیسٹ نکال لیے اور جب اس نے دوبارہ سیٹ کی پشت کو بند کیا تو کسی کے وہم و گمان میں بھی نہیں آ سکتا تھا کہ یہ پشت کبھی سیٹ سے الگ بھی رہی ہو گی۔ وہ تو مکمل سیٹ کا ہی ایک حصہ دکھائی دے رہی تھی۔ اس کے باقی ساتھیوں نے بھی یہی عمل دہرایا تھا۔ وہ سب کسی مشین کے مختلف پرزے دکھائی دے رہے تھے۔

ایک دوسرے سے خوفزدہ ——— اپنے اپنے کام میں مصروف!

اس دوران جہاز کا کیپٹن کاک پٹ سے نکل کر وہاں آ چکا تھا۔ اس نے سرسری نظر ان سب پر ڈالی اس کی گہری اور سرد آنکھوں میں نجانے کیسی پراسرار سی چمک موجود تھی کہ کسی کو اس سے آنکھ ملانے کی ہمت نہیں پڑتی تھی۔

کیپٹن کے وہاں آنے تک وہ لوگ اپنا آپریشن مکمل کر چکے تھے۔ کام ختم ہونے پر وہ سب مودب نگاہیں جھکا کر کھڑے ہو گئے۔ ایک جھلتی ہوئی نظر ان سب کے چہروں پر ڈال کر کیپٹن دروازے کی طرف بڑھ گیا۔ سب اس کے تعاقب میں دبے قدموں دروازے کی طرف بڑھنے لگے۔ کیپٹن سیڑھیوں سے کچھ فاصلے پر کھڑا ہو گیا۔ ہوائی اڈے کا دوسرا عملہ اپنے کام میں مصروف تھا۔ جہاز کا پیٹ کھل چکا تھا اور اس میں سے مسافروں کا سامان ایک گاڑی پر لادا جا رہا تھا۔

جہاز کے عملے کو لینے کے لیے ایئر فلوٹ کی ایک ویگن وہاں آ کر رک گئی۔ کیپٹن تو باہر رہا۔ عملے کے باقی لوگ ایک ایک کر کے ویگن میں سوار ہونے لگے۔ وہ ایئر ہوسٹس جو فیضان اور یاسمین کے سر پر مسلط رہی تھی جیسے ہی ویگن کے دروازے کی طرف بڑھی کیپٹن کی آواز سنائی دی۔

"ویلنٹینا———!"

ایئر ہوسٹس اپنی جگہ پر جم کر رہ گئی۔ خوف کی ایک سرد لہر اس کی ریڑھ کی ہڈی میں سرایت کر گئی وہ بمشکل ہی اپنے قدموں پر کیپٹن کی طرف گھومی تھی۔

"تم رک جاؤ———" کیپٹن کی آواز سنائی دی اور وہ مودب ایک طرف ہٹ کر کھڑی ہو گئی۔

ویگن کا انجن بمشکل ابھی اسٹارٹ ہی ہوا تھا۔ جب رن وے کے ایک کونے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سے ایک چھوٹی سی تیز رفتار کار ویلنٹینا کو اپنی سمت آتی دکھائی دی کار کیپٹن کے نزدیک آ کر رک گئی۔ ڈرائیور نے پھرتی سے دروازہ کھولا اور مستعد فوجیوں کی طرح ایڑیاں بجا کر جہاز کے کیپٹن کو تعظیم دے کر ایک طرف ہٹ کر کھڑا ہو گیا۔

کیپٹن سر ہلاتا ہوا آگے بڑھا اور ڈرائیور کی سیٹ سنبھال لی۔ ڈرائیور نے فوراً" دوسری طرف آ کر اگلا دروازہ ویلنٹینا کے لیے کھول دیا تھا۔ اس کے اندر بیٹھتے ہی ڈرائیور نے دروازہ بند کر دیا۔ کیپٹن نے اگنیشن میں چابی گھمائی اور کار ایک جھٹکے سے فراٹے بھرتی ہوئی آگے نکل گئی۔ اس دوران وہاں موجود کسی بھی شخص نے اس طرف نظر بھر کر دیکھنے کی ہمت نہیں کی تھی۔

ہوائی اڈے کی حدود سے باہر نکلنے تک تین مرتبہ ان کی کار کو روکا گیا' لیکن ہر دفعہ وہ لوگ کیپٹن کو پہچانتے ہی اسے سلیوٹ مار کر ایک طرف ہٹ جاتے تھے جلد ہی وہ دونوں ہوائی اڈے سے باہر جانے والی سڑک پر نکل آئے۔

اس دوران کیپٹن نے بات کرنا تو کیا اس کی طرف نظر بھر کر دیکھنے کی بھی کوشش نہیں کی تھی۔ اس کی سرد آنکھیں تو جیسے ونڈ سکرین پر جم کر رہ گئی تھیں ویلنٹینا کو یوں محسوس ہو رہا تھا ابھی چند لمحوں بعد کیپٹن کی تیز اور نوکیلی نظریں اس ونڈسکرین کو چھید کر اس میں سوراخ بنا دیں گی۔

قریباً" آدھ گھنٹے کی تیز رفتار ڈرائیونگ کے بعد وہ ماسکو کی ایک جدید آبادی میں پہنچ گئے۔ ایک چھوٹے سے فلیٹ کے سامنے پہنچ کر گاڑی رک گئی۔ یہ عمارت ویلنٹینا کے لئے نئی نہیں تھی۔ اس جیسے کئی کپتانوں کے ہمراہ وہ اکثر یہاں پہنچ چکی تھی۔ فلیٹ کے دروازے پر پہنچ کر کیپٹن نے ہارن بجایا۔

ایک لمبے تڑنگے لبوترے چہرے اور خونخوار آنکھوں والے گارڈ نے دروازہ کھولا۔ کیپٹن کار اندر لے آیا دروازہ ان کے پیچھے بند ہو چکا تھا۔ کیپٹن نے انجن بند کر کے چابی نکالنے کی زحمت بھی نہیں کی تھی۔ وہ ایئر ہوسٹس کی طرف دیکھے اور بغیر ایک لفظ کہے باہر نکل آیا۔ دروازہ اس نے جھٹکے سے بند کیا۔ دروازے سے زیادہ جھٹکا ویلنٹینا کو اپنے جسم کو لگتا محسوس ہوا۔

وہ ہمت کر کے اپنے حواس مجتمع کر کے اٹھی اور کیپٹن کے تعاقب میں باہر

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



نکل آئی۔ یہ فلیٹ جہاں وہ لائی گئی تھی گو کہ ایک علیحدہ گھر نظر آ رہا تھا لیکن ویلنٹینا کو علم تھا کہ اس بلاک کے دوسرے تمام فلیٹ بھی اسی کا ایک حصہ ہیں اس کو یہاں کے اکثر فلیٹ دیکھنے کا تجربہ اس سے پہلے ہو چکا تھا۔

کیپٹن نے برآمدے میں پہنچ کر ایک طرف مڑ کر اس پر نظر ڈالی اور ہاتھ سے اپنے پیچھے آنے کا اشارہ کرتا ہوا آگے بڑھ گیا۔ ویلنٹینا نپے تلے قدموں سے اس کا تعاقب کرتی اس کے پیچھے پیچھے چلی جا رہی تھی۔

ان کے سفر کا اختتام دوسری منزل کے ایک آرام دہ کمرے کے دروازے پر ہوا۔ کیپٹن نے دروازہ کھول کر اسے اندر آنے کا اشارہ کیا۔ پھر وہ دروازہ بند کر دیا۔ "بیٹھو" اس نے ایئر ہوسٹس کو ایک آرام دہ کرسی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

وہ خود باتھ روم میں جا چکا تھا ——— !

ویلنٹینا نے ایک گہری سانس لے کر خود کو قدرے نارمل کیا اور آنے والے وقت کے متعلق سوچنے لگی۔ وہ گزشتہ آٹھ برس سے یہی خدمات انجام دے رہی تھی اس کا تعلق، کے۔ جی۔ بی کے اس خصوصی شعبے سے تھا جو روس کے "غیر ملکی دوستوں" سے رابطہ رکھتا تھا۔ اس کی گزشتہ خدمات کے پیش نظر ہی اس کو "فیضان اوغلو" کا خصوصی مشن سونپا گیا تھا۔

اس نوجوان کے متعلق کابل کے سیاسی ماسٹر کی رپورٹ بڑی شاندار تھی۔ اس نے لکھا تھا کہ اگر فیضان قابو آ جائے تو عظیم انقلاب کے لیے ہمیں "طاقت کا پہاڑ" مل جائے گا۔

وہ فیضان کو جلال آباد اور اس سے آگے پاکستانی علاقے میں واقع افغان مہاجرین کے کیمپوں میں استعمال کرنے کے خواہش مند تھے، لیکن اس سے پہلے ضروری تھا کہ اس کے دماغ سے "ملائیت" کا بھوت نکالا جائے اور اسے صحیح معنوں میں "انقلابی" بنا دیا جائے۔

یہی مشن کابل میں یاسمین کو سونپا گیا تھا۔

پندرہ بیس منٹ کے جان لیوا انتظار کے بعد کیپٹن باتھ روم سے باہر نکلا۔ اس نے اپنا لباس بدل لیا تھا اور اس کا موڈ بھی لباس کے ساتھ ہی تبدیل ہو چکا تھا۔ چہرے کی وہ کرختگی جس سے اس کے ماتحتوں کی جان جایا کرتی تھی اب غائب ہو چکی تھی۔ اس کے پتلے پتلے ہونٹوں پر بڑی پراسرار سی مسکراہٹ چپکی ہوئی تھی۔

اس سب کچھ کے باوجود نجانے اب بھی کیوں ویلنٹینا اس سے آنکھ ملا کر بات نہیں کر سکتی تھی——!

"کیسا رہا کامریڈ فیضان۔" اس نے کمرے میں دھری ایک بھاری میز کے کونے پر لگے ایک پش بٹن کو دباتے ہوئے ویلنٹینا کو مخاطب کیا۔

"شاندار جناب" —— ویلنٹینا کی بات مکمل ہوتے ہی ایک باادب ویٹر اندر آ چکا تھا۔

"واڈکا——" کیپٹن کے منہ سے نکلا اور وہ الٹے قدموں واپس لوٹ گیا۔

"کیسٹ چلاؤ——" وہ لفظ بڑی کنجوسی سے استعمال کر رہا تھا۔

ویلنٹینا مشین کی طرح اپنی جگہ سے اٹھی اور اسی میز کے ایک کونے میں رکھے ٹیپ ریکارڈر پر اس نے کیسٹ چلا دی۔ اس دوران وہ اپنی جگہ جم کر کھڑی رہی۔ کیسٹ ختم ہونے تک اس نے اپنی جگہ سے جنبش نہیں کی تھی۔

"ٹھیک ہے——" کیپٹن اس کی طرف متوجہ ہوا۔ "بیٹھ جاؤ۔"

ویٹر اس دوران وہاں "واڈکا" کی بوتل اور سوڈا اور گلاس رکھ کر چلا گیا تھا۔ اس نے ایک لمحہ بھی یہاں رک کر حالات کا جائزہ لینے کی کوشش نہیں کی تھی —— ویلنٹینا شاید یہاں کے آداب جانتی تھی۔ وہ اپنی جگہ سے بوجھل قدموں کے ساتھ میز تک پہنچی اور "واڈکا" کا ایک جام تیار کر کے اس نے پہلے کیپٹن کو دیا۔ اس کے بعد اپنے لیے شراب تیار کرنے لگی۔

جام لے کر وہ اس کرسی پر بیٹھ گئی۔ شراب کے دو تین گھونٹ پینے کے بعد وہ خود کو قدرے نارمل محسوس کر رہی تھی۔

"تمہاری ڈیوٹی آج سے بدل دی گئی ہے۔ اب تم فیضان پر کام کرو گی۔ جتنی جلدی مکمل ہو اسے تیار کر لو۔ یاسمین ٹھیک ہے —— لیکن نہیں۔ ہم کسی

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com


مسلمان اور پٹھان لڑکی کو قابل اعتماد نہیں سمجھتے کسی بھی وقت یہ لوگ اپنی "بورژوائی" ذہنیت کا مظاہرہ کر سکتے ہیں۔"

"او۔ کے سر——"

"اس ضمن میں جو "آپریشن" تم تیار کرو۔ مجھے آگاہ کر دینا۔"

کیپٹن اس کی طرف دیکھ کر مسکرایا۔

"لیس سر——"

"آج رات تم میری مہمان رہو گی—— کل صبح سے آپریشن شروع۔ رپورٹ میں خود ہی موصول کیا کروں گا——" کیپٹن اپنی جگہ سے اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔

ایسے کئی کیپٹن اس سے پہلے بھی ویلنٹینا کو اس قسم کی ڈیوٹیاں سونپ چکے تھے۔ وہ جانتی تھی کہ رات یہاں گزارنا بھی اس کی "ڈیوٹی کا حصہ" ہے اور کوئی سچا کامریڈ کبھی اپنی ڈیوٹی سے انحراف نہیں کر سکتا۔

وہ رات بھی اپنی زندگی کی پچھلی کئی راتوں کی طرح اس نے "عظیم انقلاب" کی نذر کر دی۔ صبح جب وہ کیپٹن کے پہلو سے اٹھ کر باتھ روم تک پہنچی تو اس کا جسم دکھتا ہوا پھوڑا بن چکا تھا۔

ناشتے کی میز پر کیپٹن اس کے سامنے اس طرح بیٹھا تھا جیسے وہ ابھی ابھی یہاں آئی ہو۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ ایک تیز رفتار کار میں ماسکو کی اس آبادی کی طرف جا رہی تھی جہاں اس کی بوڑھی ماں اور دو چھوٹی بہنیں اس کی منتظر تھیں۔ اس کا بوڑھا باپ تو پچھلے تین سال سے سائبیریا میں اصلاحی قید کاٹ رہا تھا۔ اب یہ ویلنٹینا کی "خدمات" پر منحصر تھا کہ کب اس کی عظیم انقلاب کے لیے خدمات پارٹی کے سامنے آئیں اور اس کے باپ کو ان خدمات کے عوض رہائی نصیب ہوتی۔

———O———

فیضان نے ایئر پورٹ سے یونیورسٹی تک کے سفر میں افغان عوام کے لیے روس دوستی کے ایسے ایسے شاندار مظاہرے دیکھے تھے کہ وہ دنگ رہ گیا۔ اسے یقین

ہو چلا تھا کہ واقعی آج تک وہ جھوٹ سنتا آیا ہے۔ یونیورسٹی کے دروازے پر ان کے گلے میں پھولوں کے ہار ڈالے گئے اور استقبالیہ نعروں سے ان کا خیر مقدم ہوا۔

رات کے پر تکلف کھانے کا آغاز "واڈکا" شراب کی پارٹی سے ہوا۔ کابل سے آئے ہوئے اس کے ساتھی روسی طلباء اور طالبات کے ساتھ مل کر "جام دوستی" نوش کر رہے تھے۔ یاسمین فیضان سے لگی کھڑی تھی۔ اس نے گو کہ ابھی تک فیضان کو دعوت نہیں دی تھی لیکن اس کی خواہش ضرور تھی کہ فیضان بھی آگے بڑھ کر دوسروں کی طرح "جام دوستی" ہونٹوں سے لگائے۔

فیضان پہلے سے زیادہ "آزاد خیال" ہو گیا تھا' لیکن ابھی اس کا ذہن یہ قبول نہیں کرتا تھا کہ وہ شراب پینی شروع کر دے۔ وہ محفل کے دیگر شرکاء سے ہٹ کر کھڑا تھا یاسمین سائے کی طرح اس کے ساتھ لگی ہوئی تھی اور ویٹر تو خاص طور سے اس کی حرکات و سکنات نوٹ کر رہا تھا۔ جس کی مستقل ڈیوٹی اسی لیے یہاں لگائی گئی تھی۔

"مجھے یہ سب کچھ نجانے کیوں اچھا نہیں لگ رہا——" اس نے بڑی بیزاری سے لیکن قدرے نیچی آواز میں یاسمین سے کہا۔

"اصل میں ابھی کچھ دیر بعد تم یہ سب کچھ سمجھو گے انقلاب لانے کے لیے یہ سب کچھ ضروری ہے۔ ہمیں مل کر چلنا ہے۔ اکٹھے آگے بڑھنا ہے۔"

وہ کچھ الجھ سا گیا' لیکن یاسمین سے کچھ نہ کہہ سکا۔ یاسمین نے بھی زیادہ دیر صبر نہ کیا اور جب فیضان اس سے "ابھی آیا" کہہ کر اس ہال کمرے کے باہر والے لان کی طرف چلا گیا تو وہ بھی اپنے ساتھیوں کے ساتھ جشن ناؤ نوش میں شریک ہو گئی۔

---

دوسرے ہی روز ان کی پڑھائی شروع ہو گئی۔ انہیں ہوسٹل میں اکٹھے ہی رکھا گیا تھا۔ اس ہوسٹل میں جہاں ان کا قیام تھا زیادہ تر غیر ممالک کے طالب علم ہی تعلیم حاصل کیا کرتے تھے۔ یاسمین کا کمرہ اس کے سامنے والے بلاک میں تھا۔ یہ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

بلاک وہاں سے صرف چند قدم کے فاصلے پر تھا اور انہیں آنے جانے میں کوئی زیادہ وقت کا سامنا بھی نہیں تھا۔

یاسمین رات کو کافی دیر گئے تک اس کے کمرے میں موجود رہتی اور دن بھر کی پڑھائی پر اس سے بحث کیا کرتی۔ فیضان کبھی کبھی یہ سوچ کر ضرور پریشان ہو جاتا: "کہ وہ یہاں کیا پڑھنے آیا ہے؟"

اس کی دانست میں تو انہیں ماسکو یونیورسٹی میں انجینئرنگ کی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے بھیجا گیا تھا' لیکن وہ یہاں صرف نظریاتی تعلیم ہی حاصل کر رہے تھے۔ بمشکل دو پیریڈ انہیں انجینئرنگ پڑھائی جاتی تھی' جبکہ باقی کے چھ پیریڈ میں ان کی نظریاتی برین واشنگ کی جاتی تھی۔

کبھی کبھی تو وہ ان مسلسل لیکچروں سے بور ہو جاتا لیکن یاسمین عموماً" ایسے وقت آڑے آتی اور اسے اس بات پر قائل کر لیتی کہ سچے انقلابی کے لیے ان باتوں کو سیکھنا ضروری ہے وہ اب تک اتنی مرتبہ انقلاب کا لفظ استعمال کر چکی تھی کہ اب فیضان کو اس لفظ سے چڑ سی ہونے لگی تھی' لیکن وہ چاہتے ہوئے بھی کبھی اپنی اندرونی کیفیت کا اظہار یاسمین پر نہ کر سکا۔

ایک بات وہ خاص طور سے محسوس کر رہا تھا کہ نظم و ضبط کی آڑ میں ان پر بعض بے حد ناروا پابندیاں عائد تھیں۔ انہیں ہر جگہ گھومنے پھرنے کی اجازت نہیں تھی۔ لیکن کسی نے کبھی ان باتوں پر احتجاج نہ کیا۔ یہاں کے طالب علم بھی شاید پختہ ذہن لوگ تھے ورنہ عام حالات میں تو فیضان کے خیال میں طالب علم ایسی سختیوں کے متحمل نہیں ہو سکتے تھے۔

چھٹی والے روز عموماً" یاسمین اس کے ساتھ ہی گھومنے جایا کرتی تھی۔ یہاں نزدیک ہی ایک دریا کے کنارے بڑی خوبصورت تفریح گاہ بنی ہوئی تھی' لیکن آج جب بہت انتظار کے بعد بھی یاسمین نہ آئی تو وہ خود اس کے کمرے کی طرف چلا گیا۔ جہاں پہنچ کر اسے علم ہوا کہ یاسمین اپنی ایک مقامی سہیلی کے ساتھ اچانک کسی

کام سے چلی گئی ہے۔

فیضان کچھ پریشان سا ہو گیا۔ اسے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ وہ کام کونسا ہے جس کے لیے یاسمین اچانک چلی گئی ہے اور جب اسے اپنے سوال کا کوئی جواب سجھائی نہ دیا۔ تو وہ اکیلا ہی اس تفریح گاہ کی طرف چل دیا جہاں دریا کے کنارے سبزہ زار اور درختوں کی چھاؤں تلے رکھے پتھر کے بنچ پر بیٹھ کر اسے بڑا سکون ملا کرتا تھا۔

وہ ایک ویران گوشے میں رکھے بنچ پر اکیلا دریا کے پانی پر نظریں جمائے بیٹھا تھا۔ ابھی چونکہ صبح کا وقت تھا اس لیے بہت کم لوگ یہاں نظر آ رہے تھے۔ فیضان اچانک ہی اپنے پیچھے پیدا ہونے والی قدموں کی آہٹ پر چونکا تھا۔ اس نے گردن موڑی۔

ایک مقامی نوجوان لڑکی اسے اس طرف آتی دکھائی دی۔ وہ یہاں کئی دفعہ آ چکا تھا' لیکن تفریح گاہ کے اس حصے کی طرف پہلی مرتبہ آیا تھا۔ لڑکی بڑی باوقار چال چلتی اس کی طرف آ رہی تھی۔ فیضان نے چاہا کہ نظریں اس پر سے ہٹا لے لیکن خدا جانے لڑکی میں ایسی کونسی کشش تھی جس نے اسے جکڑ لیا۔

زیادہ قریب آنے پر اب اس کے نقوش نمایاں ہونے لگے تھے۔ فیضان کو یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے اس نے پہلے بھی کبھی یہ چہرہ کہیں دیکھا ہے' لیکن کہاں؟

پھر جیسے یکدم اس کی کھوئی ہوئی یادداشت لوٹ آئی۔ اسے یاد آ گیا یہ تو وہی ایئر ہوسٹس ہے جو ایئر فلوٹ میں ان کی میزبان رہی تھی۔

"ہیلو کامریڈ ——" اس نے فیضان کو اچانک وہاں دیکھ کر حیرت اور خوشی کے ملے جلے جذبات کا مظاہرہ کیا۔

"ہیلو ——" فیضان اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔

"کمال ہے' آپ سے اچانک یوں دوبارہ ملاقات ہو گی میں نے تو کبھی سوچا بھی نہیں تھا۔"

وہ اتنی صاف فارسی بول رہی تھی کہ خود فیضان کو بھی اس کے روسی النسل ہونے پر شک گزرنے لگا تھا۔

"آپ یہاں آتی ہیں ——؟" فیضان کو اور تو پوچھنے کو کچھ نہ سوجھا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



"ہاں! ہاں——— میں اکثر یہاں آتی ہوں اور اسی بنچ پر بیٹھا کرتی ہوں۔ آج جب ایک اجنبی کو یہاں دیکھا تو یونہی اس طرف آ گئی' لیکن میرے تو یہ وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ یہاں تم سے ملاقات ہو گی———" وہ اچانک ہی بے تکلفی پر اتر آئی۔

فیضان کو بالکل حیرانی نہ ہوئی کیونکہ وہ اب تک جان چکا تھا کہ یہ لوگ فوراً" بے تکلف ہو جاتے ہیں۔ کم از کم یونیورسٹی کی حد تک تو اس نے یہی کچھ دیکھا تھا۔

---

ایئر ہوسٹس نے اسے اپنا نام ویلنٹینا بتایا اور اس کے ساتھ کافی دیر تک بے تکلفی سے باتیں کرتی رہی۔ ویلنٹینا اس سے عمر میں چند سال بڑی ہی ہو گی۔ فیضان کو اس کے قرب میں ایک عجیب سی طمانیت کا احساس ہو رہا تھا۔ اس نے یاسمین کی طرح اب تک ایک لفظ بھی انقلاب کے بارے میں نہیں کہا تھا———!

دوپہر کے وقت وہ فیضان کو اپنے گھر لے گئی۔ اس کا گھر یہاں سے قریب ہی ایک آبادی میں تھا۔ فیضان کو پہلی مرتبہ کسی روسی آبادی میں آنے کا اتفاق ہوا تھا۔ اس نے محسوس کیا یہاں صفائی کا بہت خیال رکھا گیا تھا۔ چھوٹا سا دو کمروں کا فلیٹ تھا۔ ویلنٹینا نے بتایا یہ فلیٹ اسے ایئر لائن کی طرف سے ملا ہوا ہے اور وہ اکیلی ہی یہاں رہتی ہے۔

فیضان نے اس کے گھر بار کے متعلق اس سے جی بھر کر باتیں کیں اور جب سہ پہر کو وہ اس گھر سے باہر نکلا تو خود کو ہلکا پھلکا محسوس کر رہا تھا۔

یہاں کی مروجہ اخلاقیات کے بالکل برعکس نہ تو ویلنٹینا نے اسے شراب پینے کو کہا تھا نہ ہی اس پر فلسفہ انقلاب کی موشگافیاں واضح کی تھیں اور نہ ہی اسے سچا انقلابی بننے کا مشورہ دیا تھا۔

اس نے سیاست کے متعلق ابھی تک ایک لفظ ادا نہیں کیا تھا۔ بس کبھی کبھی جب فیضان اس سے کابل کا ذکر کرتا تو وہ اس بات پر فخر کا اظہار کرتی کہ کابل اور

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ماسکو کے درمیان مضبوط دوستی قائم ہے اور اس خواہش کا اظہار بھی کرتی کہ افغانستان خوب ترقی کرے گا۔

واپسی پر وہ اپنی گاڑی پر اسے یونیورسٹی کے باہر چھوڑ کر گئی تھی۔ یہ اس ایئر لائن کی چھوٹی سی کار تھی جس میں وہ ملازم تھی۔ ویلنٹینا نے اسے بتایا تھا کہ چھٹی والے روز اسے ذاتی استعمال کے لیے گاڑی مل جاتی ہے اس نے فیضان کو بتایا کہ عموماً" اس کی ڈیوٹی اندرون ملک پروازوں پر لگتی ہے اور وہ رات اپنے فلیٹ ہی میں بسر کرتی ہے۔ کبھی کبھی اسے کابل والی فلائیٹ پر جانا پڑتا ہے۔

ویلنٹینا کی متانت اور زندگی سے قریب تر باتوں نے فیضان کو پہلی مرتبہ دیار غیر میں اپنے وطن کی یاد دلا دی۔ اس سے الگ ہونے کے بعد ایک بے نام سی یاسیت نے اسے جکڑ لیا۔

---

شام کو ان لوگوں کے لیے کھیل کے میدان میں پہنچنا اور کوئی نہ کوئی کھیل کھیلنا ضروری ہوتا تھا' لیکن آج وہ اپنے انچارج سے طبیعت کی ناسازی کا بہانہ کر کے لیٹا رہا۔ رات کا کھانا بھی اس نے اپنے کمرے ہی میں منگوایا تھا۔

اس کے دوست بھی اس کی عیادت کو آ چکے تھے لیکن ابھی تک یاسمین نہیں آئی تھی۔ فیضان کچھ پریشان سا ہو گیا۔ اسے سمجھ نہیں آ رہا تھا یہ اچانک یاسمین کو ہو کیا گیا ہے؟ اب تک کئی مرتبہ اس کا جی چاہا کہ چل کر یاسمین کا حال دریافت کر آئے لیکن بہرحال وہ پٹھان تھا۔ ہر مرتبہ اس کی انانیت آڑے آئی اور وہ چاہتے ہوئے بھی اپنی جگہ سے نہ ہلا۔ اسے اس بات پر الجھن ہو رہی تھی کہ وہ یاسمین کے پاس یہ پیغام بھی چھوڑ آیا ہے کہ وہ یہاں آیا تھا۔ پھر بھی یاسمین کیوں نہیں آئی؟

رات دس گیارہ بجے تک وہ مختلف کتابوں کی ورق گردانی کرتا رہا بالآخر دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر اٹھا اور اپنے کمرے سے باہر آ گیا۔ بلاک کے دونوں سروں پر لگے کھمبوں سے لٹکتے بلب روشن تھے۔ اور دور دور تک کسی پہریدار کا نام و نشان دکھائی نہیں دیتا تھا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



یہاں کسی لڑکی کے کمرے میں اگر وہ تمام رات بسر کر دیتا تو اس پر کوئی اعتراض نہ کیا جاتا۔ بس یہ ضروری تھا کہ وہ مطلوبہ وقت پر مطلوبہ لیکچر میں ضرور حاضر ہو' لیکن اس کی یہ خواہش تھی کہ اسے یاسمین کے کمرے میں جاتے ہوئے کوئی نہ دیکھے۔ اس نے ماسکو کی برفیلی ہواؤں سے بچنے کے لیے لمبے گرم کوٹ پر بھی چادر اوڑھ لی اور بڑی احتیاط سے پھونک پھونک کر قدم دھرتا یاسمین کے کمرے کی طرف چل دیا۔

اس نے اس بلاک تک پہنچنے کے لیے اندھیرا راستہ اختیار کیا تھا۔ اسے اپنے مقصد میں کامیابی ہوئی۔ واقعی کسی نے بھی ابھی تک فیضان کو نہیں دیکھا تھا۔ اس بلاک کے اکثر کمروں میں اندھیرا تھا' لیکن یاسمین اور دو تین اور افغانی لڑکیوں کے کمروں میں ابھی تک بلب جل رہے تھے فیضان یاسمین کے کمرے سے کچھ فاصلے ہی پر رک گیا——— ایک عجیب سا خیال اس کے ذہن میں آ رہا تھا۔

اس نے چاہا کہ آج چھپ کر دیکھے آخر اتنی رات گئے تک یاسمین کیا کر رہی ہے؟ اس ارادے سے وہ یاسمین کے کمرے کی پشت پر آ گیا۔ اس بلاک کے تمام کمروں کی کھڑکیاں جس سمت کھلتی تھیں وہاں ایک خوبصورت نظارہ ان کا منتظر ہوتا تھا۔

اس طرف پھولوں سے لدے پھندے درخت اور پودوں کی قطاریں لگی ہوئی تھیں۔ یاسمین کے کمرے کی کھڑکی کے ساتھ ساتھ ایک خوبصورت پھولوں سے لدی پھندی بیل لپٹی ہوئی تھی اور فیضان اس کی آڑ میں چھپا کھڑا تھا۔ اس غیر اخلاقی فعل پر اس کا ضمیر گو کہ ملامت کر رہا تھا' لیکن وہ ایک انجانے تجسس سے جس بُری طرح جکڑا ہوا تھا اس سے فیضان کا نکلنا مشکل تھا۔

کھڑکی بند تھی' لیکن شیشوں کے پیچھے پردہ نہ ہونے کی وجہ سے وہ اندر کا منظر باآسانی دیکھ سکتا تھا۔ فیضان نے ایک لمحے کے لیے اپنے پنجوں کے بل کھڑے ہو کر اندر جھانکا اور پھر جیسے سن ہو کر رہ گیا۔

کمرے کے اندر کا منظر دیکھ کر اسے وحشت ہونے لگی تھی۔

وہ یہ تو ضرور جانتا تھا کہ یاسمین آزاد خیال ہے اور ضرورت سے زیادہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



باڈرن بھی لیکن فیضان خود کو یہ کہہ کر تسلی دے لیا کرتا تھا۔ ”کہ جدید کابل کی تقریباً“ ہر دوسری لڑکی اسی رنگ میں رنگی جا رہی ہے۔“ لیکن آج یہاں اس کی آنکھوں نے جو گھناؤنا منظر دیکھا تھا اس کے بعد سے تو اسے یاسمین سے نفرت ہونے لگی۔

اس نے یاسمین کے ساتھ ایک اور افغانی لڑکی کو دیکھا جو اپنے روسی دوستوں کے ساتھ شراب نوشی کرتے ہوئے ضرورت سے زیادہ ہی غیر اخلاقی حرکات کر رہی تھیں۔

فیضان کے سینے میں ایک آگ سی دہک اٹھی اس کا جی تو یہی چاہا کہ اندر جائے اور کم از کم ان دونوں کا گلہ گھونٹ ڈالے' لیکن وہ بہت کچھ چاہتے ہوئے بھی کچھ نہ کر سکا۔ وہ بچہ تو نہیں تھا۔ اس تھوڑی مدت ہی کے قیام نے اس پر بڑے اسرار منکشف کیے تھے۔

پہلے روز کے تمام تاثرات جو ہوائی اڈے سے ماسکو یونیورسٹی پہنچنے تک اس کے ذہن میں قائم ہو چکے تھے اب وہ حرف غلط کی طرح مٹنے لگے تھے روز روز کے نظریاتی لیکچروں نے اسے بتا دیا تھا کہ حقائق وہ نہیں جو انہیں بتائے گئے بلکہ وہ ہیں جو اسے دکھائی دیتے ہیں۔

غصے سے اس کا رواں رواں کانپ رہا تھا' لیکن اس نے واپسی پر بھی اس احتیاط کو ملحوظ خاطر رکھا کہ اسے یہاں آتے ہوئے کوئی دیکھ نہ لے۔ جس طرح چپ چاپ وہ گیا تھا اسی طرح خاموشی سے لوٹ آیا۔ جاتے ہوئے وہ اپنے کمرے کی بتی بجھا گیا تھا تاکہ دور سے دیکھنے والا یہی سمجھ کہ وہ سو چکا ہے۔

اپنے بستر پر لیٹتے ہوئے فیضان اوغلو کو اپنا جسم جلتا ہوا محسوس ہو رہا تھا۔ اسے بہت تیز بخار نے آ لیا تھا۔ ساری رات وہ کروٹیں بدلتا رہا۔ اس کے اندر ایک آگ سی لگی ہوئی تھی۔ فجر کے وقت اسے نیند آ ہی گئی۔

صبح انہیں وقت کے مطابق جگا دیا جاتا تھا۔ بمشکل وہ دو ڈیڑھ گھنٹے ہی سونے پایا تھا۔ جب اسے گراؤنڈ میں ورزش کے لیے لے جانے آ گئے لیکن فیضان نے معذرت کر دی۔ تھوڑی دیر بعد ہی ایک مستعد ڈاکٹر اس کے کمرے میں موجود تھا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



جس نے بڑی توجہ سے اس کا معائنہ کیا چند دوائیاں دے کر اور انجکشن لگا کر ڈاکٹر چلا گیا۔

فیضان جانتا تھا کہ اب ڈاکٹر کی اگلی رپورٹ تک یونیورسٹی جانے سے اس کی جان چھٹی رہے گی۔

---

دوپہر کی چھٹی کے بعد یاسمین سیدھی اس کے کمرے میں چلی آئی تھی۔

وہ شکل ہی سے خاصی پشیمان دکھائی دے رہی تھی۔ پہلے تو اس نے کل نہ آنے پر معذرت کی پھر بے اختیار فیضان کا ہاتھ تھام کر اس کی نبض دیکھنے لگی۔ فیضان نے ہلکے سے جھٹکے سے اپنا ہاتھ چھڑا لیا۔ اس کا خلاف توقع رد عمل یاسمین کے لیے بڑا پریشان کن تھا۔

وہ قدرے حیرت سے اس کی طرف دیکھتی رہی۔

"کیا بات ہے فیضان خیریت تو ہے——؟" اس کی آنکھیں سارے چہرے پر پھیل گئی تھیں۔

"کچھ نہیں۔ کچھ نہیں۔"—— فیضان اور کیا کہتا۔

اس کا جی چاہتا تھا کہ پھٹ پڑے اور اپنے اندر کا سارا غبار نکال دے لیکن وہ مصلحتاً خاموش رہا۔ فیضان کے لیے ناممکن تھا کہ دل میں چھپی بات زبان پر نہ لائے' لیکن آج پہلی مرتبہ وہ محسوس کر رہا تھا کہ زندگی میں کبھی کبھی انسان کو منافقت بھی اپنانا پڑتی ہے۔ اس نے یاسمین سے کوئی گلہ نہیں کیا نہ ہی اسے اس بات کی خبر ہونے دی کہ وہ کل رات اس کے کمرے میں جھانک کر اس کی اصلیت سے آگاہ ہو چکا ہے۔

یاسمین کافی دیر تک اس کے پاس بیٹھی رہی۔ اس نے محسوس کیا کہ فیضان آج کچھ کھنچا کھنچا نظر آ رہا ہے اس نے لاکھ کریدنے کی کوشش کی کہ فیضان کے دل کی بات جان لے لیکن اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو سکی۔ فیضان اتنا گہرا نکلے گا اس نے کبھی سوچا بھی نہ تھا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



دوپہر کا کھانا اس نے فیضان کے کمرے ہی میں منگوا لیا تھا۔ فیضان نے اس کے بعد ہونے پر دو چار لقمے زہر مار کر لیے۔ اس کے رویے نے یاسمین کو اتنا دل برداشتہ کر دیا تھا کہ اس کی بھوک ہی اڑ گئی۔

سہ پہر کے بعد وہ فیضان کے کہنے پر اٹھ کر آ گئی ——— فیضان کو اس کے وجود سے اب کراہت سی محسوس ہونے لگی تھی۔ اس نے آرام کرنے کا بہانہ کر کے اسے بڑی خوبصورتی سے ٹرخا دیا۔

رات گئے تک باری باری اس کے ہم وطن اس کی عیادت کو آتے رہے۔ یہ بات کوئی بھی نہ جان سکا کہ یہ غیور افغان زادہ غیرت کی جس آگ میں پھنک رہا ہے اس کا سبب کیا ہو سکتا ہے۔

وہ لوگ معمول کے مطابق اس کی تیمارداری کرتے رہے یاسمین بھی رات گئے تک اس کے سرہانے بیٹھی رہی۔ فیضان کے رویے نے اسے خاصا الجھا دیا تھا۔ وہ بڑی پریشان نظر آ رہی تھی۔ رہ رہ کر ایک ہی خیال اسے ستانے لگا تھا کہ آخر فیضان اس سے کھل کر بات کیوں نہیں کرتا۔ ضرور اس کے دل میں کوئی ایسی بات تھی جسے وہ زبان پر لانے میں پس و پیش کر رہا تھا۔

دو روز تک وہ خاصا نارمل ہو گیا۔ اس دوران یاسمین سائے کی طرح اس سے چپٹی رہی۔ اس نے فیضان کی ہر طرح دلجوئی کرنی چاہی لیکن وہ محسوس کر رہی تھی کہ اب وہ پہلے والا فیضان نہیں رہا۔

تیسرے دن جب وہ یونیورسٹی گیا تو اس نے اپنے ایک پروفیسر کو خاص طور سے خود میں دلچسپی لیتے محسوس کیا۔ پیریڈ سے فراغت کے بعد وہ فیضان کو اپنے ساتھ یونیورسٹی کی ایک گراؤنڈ میں لے آیا۔ وہ یوں ظاہر کرتا تھا جیسے اس سے بڑا فیضان کا کوئی ہمدرد روئے زمین پر موجود نہیں۔ فیضان اب بچہ نہیں رہا تھا۔ اس نے یہاں رہ کر اپنے ذہن کی آنکھیں کبھی بند نہیں ہونے دی تھیں۔ خصوصاً یاسمین کی یہ حالت دیکھنے کے بعد سے تو اسے یقین ہو چلا تھا کہ اس کی قوم کسی گہری سازش کا

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



شکار ہونے والی ہے۔

پروفیسر پہلے تو فیضان کی تیمارداری کرتا رہا۔ پھر باتوں ہی باتوں میں اس نے یہ اندازہ لگانا چاہا کہ فیضان کی نفسیاتی حالت کیا ہے۔ فیضان نے اپنی کسی حرکت یا لہجے سے اسے کوئی شک نہ ہونے دیا پروفیسر نے اسے سمجھایا کہ سچا کامریڈ وہی ہے جو کسی جسمانی یا معاشرتی مشکل کو خاطر میں نہ لائے اور جو عظیم انقلاب کے لیے اپنا سب کچھ نچھاور کر دے۔

دوپہر کے بعد جب وہ چھٹی کر کے واپس آیا تو کھانا کھانے کے بعد میس سے اپنے کمرے کی طرف نہ گیا۔ اسے علم تھا کہ تھوڑی ہی دیر بعد یاسمین اسے ملنے آ جائے گی اور شام تک اس سے چمٹی رہے گی۔

فیضان نے اپنے کمرے کے بجائے ہوسٹل میں لگے ٹیلیفون بوتھ کا رخ کیا اور اگلے ہی لمحے ویلنٹینا کا نمبر ڈائل کر رہا تھا۔

اس کی خوشی کی انتہا نہ رہی جب دوسری طرف ویلنٹینا ہی نے فون اٹھایا۔ فیضان کی آواز سن کر اس نے خاصی گرمجوشی کا اظہار کیا تھا۔ فیضان نے اس سے صرف یہی پوچھا تھا کہ وہ آج فارغ ہے یا نہیں۔ جواب میں ویلنٹینا نے اسے یونیورسٹی کے باہر والی سڑک پر اسی جگہ ملنے کو کہا جہاں اس نے چند روز پہلے فیضان کو ڈراپ کیا تھا۔

ویلنٹینا کی اس فراخدلی نے اسے خاصا متاثر کیا۔ اس نے چاہا کہ ویلنٹینا کا شکریہ ادا کرے لیکن دوسری طرف سے ویلنٹینا نے "او۔ کے" کہہ کر فون بند کر دیا۔

---

فیضان اوغلو اپنی دھڑکنیں سنبھالتا جب سڑک کے اس موڑ پر پہنچا تو اس نے دور سے آتی ویلنٹینا کی کار کو دیکھ لیا تھا۔ اس کی چھوٹی سی سرخ رنگ کی کار فیضان کے ذہن سے چپک کر رہ گئی تھی۔

فیضان نے خود کو سنبھالا اور کوشش کی کہ وہ نارمل ہی نظر آئے۔ سڑک پر

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اکا دکا کاریں ہی آتی جاتی تھیں۔ دنیا کے دیگر ممالک کی طرح یہاں بے تحاشا کاریں نہیں تھیں ویلنٹینا کے پاس بھی ذاتی کار نہیں تھی۔ اس نے پہلی ہی ملاقات میں فیضان کو بتا دیا تھا کہ یہ کار اسے ایئر لائن کی طرف سے ملی ہوئی ہے۔

ویلنٹینا نے اس کے نزدیک پہنچ کر گاڑی کھڑی کر دی۔ اس نے اگلی نشست کا دروازہ کھول دیا اور قدرے آگے کی طرف جھک کر فیضان سے ہاتھ ملایا۔ اس طرح اچانک آگے جھکنے سے اس کے جسمانی خطوط جس خوبصورتی اور بے باکی سے اچانک نمایاں ہوئے تھے۔ اس حادثے نے فیضان کو ہلا کر ہی تو رکھ دیا تھا۔ اپنی سیٹ سنبھالتے اور دروازہ بند کرنے کے بعد کافی دیر تک وہ اس "خوبصورت حادثے" کے اثرات محسوس کرتا رہا۔

"کیسے ہو؟" ویلنٹینا نے اس کی طرف مسکرا کر دیکھا۔ اس کی جہاندیدہ نظروں نے فیضان کے چہرے پر آتے جاتے رنگوں سے بخوبی اندازہ کر لیا تھا کہ اس کی پہلی ہی ضرب کاری لگی ہے۔

"بہت اچھا——" فیضان نے مختصر سا جواب دے کر ایک مرتبہ پھر اپنے خشک حلق کو تر کرنے کے لیے تھوک نگلا۔

"شکریہ تم نے مجھے یاد رکھا۔" ویلنٹینا نے اس مرتبہ خاصی بے تکلفی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ دیا۔

فیضان اس کے ہاتھ کے لمس سے لرز کر رہ گیا——!

وہ اس سے پہلے ویلنٹینا سے مل چکا تھا' لیکن آج وہ اسے ضرورت سے زیادہ ہی حسین نظر آ رہی تھی۔ گو کہ اس نے بیہودہ لباس نہیں پہنا ہوا تھا لیکن فیضان کئی دفعہ کن اکھیوں سے اس کے جسمانی خد و خال کا چوری چھپے جائزہ لے چکا تھا۔

ہر دفعہ اس کی طرف دیکھتے ہی اسے اپنے خون کی حدت خاصی بڑھتی محسوس ہوتی تھی——

وہ یہی سمجھ رہا تھا کہ اس کی نظروں کی چوری شاید ویلنٹینا نے نہیں پکڑی' لیکن "بھولا پنچھی" یہ نہ جان سکا کہ اس کا واسطہ کے جی بی کی ایک تربیت یافتہ ایجنٹ

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سے ہے جب و یلنٹینا نے کار چلاتے چلاتے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا تو فیضان نے محسوس کیا جیسے اس کے ہاتھ سے برقی لہریں خارج ہو کر فیضان کے جسم میں داخل ہو رہی ہوں۔

و یلنٹینا کے قرب کا لمس ہی اس کے لیے جان لیوا ہوتا جا رہا تھا——؟

سڑک پر سامنے سے آتا ایک ٹرک دیکھ کر و یلنٹینا نے سٹیرنگ دونوں ہاتھوں سے دوبارہ قابو کر لیا تو فیضان نے قدرے سکون سا محسوس کیا۔

"کیا خیال ہے آج میرے گھر چل کر نہ بیٹھا جائے۔" و یلنٹینا نے اس کی طرف گھائل کر دینے والے انداز میں دیکھا۔

"ہاں! ہاں ٹھیک ہے" —— فیضان کو اس کے اس فیصلے سے بڑی روحانی مسرت حاصل ہوئی تھی۔

و یلنٹینا نے گھر کے دروازے پر کار روک کر اس کی طرف بھرپور نظروں سے دیکھا۔ اس لمحے و یلنٹینا کی آنکھیں پٹھان زادے پر فسوں پھونک گئیں۔ اس کا جی چاہتا تھا کہ آنکھوں کے اس سحر میں یونہی ڈوبتا چلا جائے۔

"آؤ" —— اس نے کار کا انجن بند کرتے ہوئے اسے باہر آنے کا اشارہ کیا۔ فیضان سحرزدہ سا اٹھ کر اس کے ساتھ ہی باہر آ گیا۔ گھر میں سوائے ان دونوں کے اور کوئی نہ تھا۔ و یلنٹینا نے اس کے لیے چائے بنائی۔ دونوں کافی دیر تک ایک دوسرے کے آمنے سامنے بیٹھے باتیں کرتے رہے۔ اس مرتبہ بھی و یلنٹینا نے اس سے "انقلاب کے بجائے" انسانوں کی باتیں کی تھیں۔ وہ فیضان کی آتش شوق کو مسلسل بھڑکاتی چلی جا رہی تھی۔

اور فیضان ایک مرتبہ پھر انہی جذبات کا اسیر ہونے لگا تھا جن سے اس کا پالا اس سے پہلے یاسمین سے پہلی ملاقات کے دوران پڑ چکا تھا۔ ایسے ہی جذبات اس نے کبھی یاسمین کے متعلق بھی محسوس کیے تھے اور کھل کر اس کے سامنے اعتراف محبت بھی کیا تھا لیکن اس مرتبہ وہ محتاط رہنا چاہتا تھا۔ اسے علم تھا کہ روسی لڑکی کسی غیر ملکی سے شادی نہیں کر سکتی لیکن اس کے اندر ایک عجیب سی خواہش نے سر اٹھانا شروع کر دیا تھا۔

وہ چاہتا تھا کہ ویلنٹینا کو جلال آباد لے جائے ——— !واقعی وہ ایسی ہی عورت تھی ——— !!

——O——

ویلنٹینا نے آج بھی اس سے اس کے گھربار' خاندان اور شہر کی باتیں کی تھیں پھر اچانک اس کی ایک بات نے فیضان کو زبردست ذہنی جھٹکا لگایا۔

"فیضان"! وہ اپنی جگہ سے اٹھ کر صوفے پر فیضان کے بالکل ساتھ لگ کر بیٹھ گئی۔ پھر اس نے فیضان کو ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ رکھ کر اس کا چہرہ اپنی طرف کیا۔ ویلنٹینا کی آنکھوں میں نمی تیر رہی تھی۔ فیضان تڑپ کر ہی تو رہ گیا۔"

"مجھے اپنے ساتھ لے چلو فیضان! ہم یہاں سے دور تمہارے گاؤں میں چلے جائیں گے۔ میرا جی چاہتا ہے۔ میں بھی انہی پہاڑیوں کے دامن میں بکریاں چراؤں جہاں تمہارا بچپن گزرا ہے۔ تمہارے لیے اپنے ہاتھوں سے کھانا پکاؤں ——— تمہارے ———" جذبات سے اس کا گلا رندھ گیا تھا۔ وہ خاموش ہو گئی۔

آنسوؤں کے دو قطرے اس کی آنکھوں سے نکل کر اس کے گالوں پر موتیوں کی طرح دمکنے لگے تھے۔

اس کی آواز تھرا گئی۔ پہلے تو اس نے اپنی قمیص کی آستین سے اپنے آنسو پونچھے پھر اچانک اٹھ کر "معاف کرنا" کہتی ہوئی باتھ روم میں چلی گئی۔ فیضان کٹ کر رہ گیا۔

وہ مرد تھا اور اس طرح آنسو بہانا اپنی بزدلی سمجھتا تھا۔ ورنہ شاید وہ بھی رو پڑتا۔ فیضان نے وہیں بیٹھے بیٹھے خود سے عہد کیا کہ وہ ضرور ویلنٹینا کو اپنے ساتھ لے جائے گا ——— بہرصورت ——— !!

دوسری طرف ویلنٹینا اپنے باتھ روم میں لگے شیشے کے سامنے کھڑی سوچ رہی تھی کہ آج زندگی میں پہلی مرتبہ اسے اداکاری کرتے ہوئے "حقیقت" کا گمان کیوں گزرنے لگا تھا۔ "کہیں وہ "واقعی عورت" تو نہیں بننے لگی۔" اس نے سوچا۔

اور یہ سوچ ہی بڑی جان لیوا تھی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com


فیضان اس روز بڑے بوجھل دل سے لوٹا تھا وہ ویلنٹینا کے ساتھ کار میں بیٹھا اسی سوچ میں گم رہا کہ آخر وہ اتنا کمزور کیوں ہو گیا ہے کہ اب یہ روسی لڑکی بھی اس کے حواس پر چھانے لگی ہے۔ اس کے ساتھ ڈرائیور کی سیٹ پر بیٹھی ویلنٹینا یہ سوچ رہی تھی کہ آج وہ اچانک ایک فاحشہ اور "کھلونا عورت" سے اتنی "معصوم بچی" کیسے بن گئی ہے۔

اس نوجوان میں ضرور کوئی ایسی بات ہو گی۔ پراسرار قوت۔ اس نے سوچا تبھی تو کے جی بی ہاتھ دھو کر اس کے پیچھے پڑ گئی ہے۔ یہ بات ویلنٹینا سے زیادہ اچھی طرح کون جانتا تھا کہ ایک مرتبہ کے جی بی جس کے پیچھے پڑ جائے اس کا بچنا پھر ناممکن ہو جاتا ہے۔

فیضان کی آنکھیں بچوں کی طرح متجسس اور چمکیلی تھیں اور ویلنٹینا نے محسوس کیا تھا کہ یہ آنکھیں اس کے دل میں اندر ہی اندر اترتی چلی جاتی ہیں۔ فیضان کے نزدیک بیٹھ کر اسے ہمیشہ اپنا بچپن یاد آ جاتا تھا۔

اس کی ماں کسی سکول میں پڑھاتی تھی۔ باپ ایک ریسٹورنٹ میں مینجر تھا۔ کتنی اچھی زندگی بسر ہو رہی تھی ان کی بس ایک روز جب اس کا باپ گھر آیا تو غصے میں نجانے وہ کیا کیا کہہ گیا۔ اس روز رات گئے تک دونوں میاں بیوی آپس میں بحث کرتے رہے۔ اس واقعے کے تیسرے روز جب ویلنٹینا کالج سے واپس گھر آئی تو اسے معلوم ہوا کہ اس کے والد کو پولیس لے گئی ہے اس کی ماں کی آنکھیں رو رو کر سوج گئی تھیں۔ اور اس میں اچھی طرح بات کرنے کی سکت بھی باقی نہیں رہی تھی۔

پھر ایک روز کچھ لوگ رات کو ان کے گھر آئے پہلے وہ اس کی ماں سے علیحدگی میں باتیں کرتے رہے پھر اس کی ماں نے ہی اسے کہا تھا کہ اگر اسے اپنے باپ کی زندگی منظور ہے تو ان لوگوں کے ساتھ چلی جائے اور ان کی باتوں پر عمل کرتی رہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ویلنٹینا کو انہی لوگوں نے "ایروفلوٹ" میں بھرتی کروایا تھا۔ بطور ایرہوسٹس اس کی ٹریننگ بھی کے جی بی ہی کے ایک تربیتی مرکز میں ہوئی تھی جہاں اسے اس کے نئے پیشے کے اسرار و رموز سے آگاہی بہم پہنچانے کے بعد اسے ڈیوٹی پر بھیج دیا گیا تھا۔

پہلے پہلے تو ویلنٹینا کو خاصی الجھن محسوس ہوتی تھی لیکن آہستہ آہستہ وہ نارمل ہوتی چلی گئی۔ اسے یوں لگا جیسے یہ سب کچھ اب اس کی معمول کی زندگی کا ایک حصہ بن چکا تھا۔ اس دوران تین یا چار مرتبہ اس کی ملاقات اس کی "خصوصی خدمات" کے اعتراف میں اس کے باپ سے بھی کروائی گئی تھی۔

جب پہلی مرتبہ اس کے باپ کو ماسکو ویلنٹینا سے ملاقات کے لیے لایا گیا تو ویلنٹینا اسے پہچان ہی نہ سکی۔ اس کا صحت مند باپ ہڈیوں کا ڈھانچہ بن چکا تھا۔ لیکن یہ بڑی عجیب بات تھی کہ کے جی بی کے افسران کی موجودگی اور غیر موجودگی دونوں ہی میں اس نے ویلنٹینا کے ساتھ کوئی گلہ نہیں کیا تھا۔ وہ اپنے حال سے مطمئن نظر آ رہا تھا۔

اس نے اپنی بیٹی کو بھی بتایا تھا کہ بورژوائیوں کے ریڈیو پروگرام سننے سے اس کا دماغ خراب ہو گیا تھا۔ اور وہ عظیم انقلاب کے خلاف باتیں کرنے لگا تھا۔ اب اس کا ذہن دوبارہ راہ راست پر آ رہا ہے۔ اس نے اپنی بیٹی کو بھی یہی تلقین کی تھی کہ وہ عظیم انقلاب کے لیے اپنا تن من دھن قربان کر دے اور اس کی بالکل پروا نہ کیا کرے۔

وہ سائبیریا میں بہت خوش ہے۔

لیکن ـــــ ویلنٹینا سمجھتی تھی کہ اس کا بدقسمت باپ اس بری طرح ان لوگوں کے شکنجے میں جکڑا جا چکا ہے کہ وہ خود پر ہونے والے مظالم کے خلاف احتجاج بھی نہیں کر سکتا۔ اسے ہر دم یہی خوف لگا رہتا تھا کہ اس کے منہ سے نکلی کوئی بات اس کی بیٹی اور بیوی کے لیے باعث عذاب نہ بن جائے۔ اپنی بیٹی سے ملتے اور پھر جدا ہوتے ہوئے اس کے دل پر چھریاں چل رہی تھیں۔

لیکن دم رخصت بھی وہ جبر کر کے اپنی بیٹی کے سامنے مسکراتا رہتا۔ اور پھر

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ایک بندوین میں بیٹھ کر دوبارہ "عظیم انقلاب" کی تکمیل کے لیے سائبیریا کے برف زاروں کی طرف چلا جاتا ——!

اس روز بمشکل ویلنٹینا کے گھر سے یہاں یونیورسٹی آنے تک ان کے درمیان دو تین باتوں کا تبادلہ ہوا تھا۔ دونوں خود کو ایک دوسرے کا چور محسوس کر رہے تھے۔

ویلنٹینا سے الگ ہوتے ہوئے اس نے اس کی آنکھوں میں سوگواری اور یاسیت کی جو پرچھائیاں لرزتی محسوس کی تھیں انہوں نے فیضان کو تڑپا کر ہی تو رکھ دیا تھا!

واپسی پر وہ نہ دیکھ سکا کہ یاسمین سڑک کے کنارے لگے درختوں کی قطار میں چھپی اسے کار سے اترتے دیکھ چکی تھی اور اس کا تعاقب کرتی ہوئی ہی فیضان کے کمرے تک آئی تھی۔ فیضان ماسکو میں آکر خاصا محتاط ہو چکا تھا۔ اتنا محتاط کہ اپنے سائے سے بھی وہ چوکنا رہتا تھا' لیکن اس روز فیضان کی جذباتی حالت کچھ ایسی ہو گئی تھی کہ اسے اپنے اردگرد کا بھی ہوش نہیں تھا۔

یاسمین اس کے کمرے میں داخلے کے بمشکل دو تین منٹ بعد ہی وہاں آدھمکی۔

"کہاں گئے تھے تم؟ میں اب تک تین دفعہ آچکی ہوں تمہیں ملنے کے لیے۔" اس کے لہجے سے جھلکتی حاکیت نے پٹھان بچے کو سیخ پا کر دیا۔

"دیکھو یاسمین! تمہیں ایسے سوالات کرنے کا کوئی حق نہیں مجھ سے میں کسی کے حکم کا پابند نہیں اور نہ ہی یہ چاہتا ہوں کہ کوئی میرے ذاتی معاملات میں خواہ مخواہ مداخلت کرے۔"

"کیا مطلب ہے تمہارا؟" یاسمین کو اس کے جواب نے بوکھلا ہی تو دیا تھا۔ اسے یقین نہیں آ رہا تھا کہ اس کا مخاطب وہی فیضان ہے جو کبھی یاسمین کے ایک اشارے پر جان دینے کو بھی تیار رہتا تھا۔ جس نے اس کی محبت کے عوض اپنے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اصول و روایات کا بھی سودا کر لیا تھا۔

"اب میں کوئی ایسی زبان بھی نہیں بول رہا۔ فارسی میں بات کر رہا ہوں جو تمہاری مادری زبان ہے۔" فیضان کے لہجے میں ابھی تک رعد کڑک رہی تھی۔

"تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس فاحشہ نے تمہارا دماغ بھی خراب کر دیا ہے۔" یاسمین غم اور غصے کی تاب نہ لا سکی اور پھٹ پڑی۔

اس کی اس بات پر فیضان چونکا اور اسے سمجھ آ گئی کہ ویلنٹینا اور اس کی ملاقاتیں یاسمین سے پوشیدہ نہیں رہیں۔

"دیکھو یاسمین!"۔ اس نے خود پر بڑے ضبط سے قابو پا لیا تھا: "تمہیں اب اس بات سے کوئی غرض نہیں ہونی چاہیے کہ میں کہاں جاتا ہوں کس سے ملتا ہوں؟ کیونکہ تمہارے متعلق اگر میرے دل میں کوئی عزت تھی تو وہ جذبات اسی روز مر گئے تھے جب میں نے تمہیں اپنے انقلابی نظریات سمیت اپنے انقلابی دوستوں کے ساتھ بیہودہ حالت میں دیکھا تھا' لیکن میں نے تمہاری طرح اس بات کا طعنہ کبھی نہیں دیا۔!!

یاسمین دیوانگی کے سے عالم میں اس کی طرف دیکھتی رہی۔ پھر اس کی آنکھوں سے بے اختیار آنسو جاری ہو گئے اور اس سے پہلے کہ فیضان مزید کچھ کہے وہ روتی ہوئی اس کے کمرے سے تیزی سے باہر نکل گئی۔

فیضان کو افسوس تو ضرور ہوا کہ اس نے یاسمین کو یہ بات کیوں جتا دی' لیکن وہ اپنے ضمیر پر اب کوئی بوجھ محسوس نہیں کر رہا تھا۔ یہ تو بہرحال ایک روز ہونا ہی تھا لیکن اس طرح اور اچانک اس کے منہ سے یہ بات نکلے گی' اس کا تو فیضان نے کبھی تصور بھی نہیں کیا تھا۔

---

یاسمین کو خود سے گھن آنے لگی تھی——!

اپنے پلنگ پر اوندھے منہ گر کر کافی دیر تک اکیلی روتی رہی۔ جب دل کا بوجھ قدرے ہلکا ہو گیا تو اس نے اپنے طرزِ عمل کا جائزہ لیا۔ جو بات آج فیضان نے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس سے کہی تھی وہ بات تو کوئی اور بھی اسے بہرحال کہہ سکتا تھا۔ کیونکہ وہ ترقی پسندی اور انقلاب کے چکر میں ضرورت سے زیادہ ہی آگے نکل گئی تھی۔

اس روز پہلی مرتبہ اس نے سوچا یہ کیسا انقلاب ہے جو اس سے اس کی نسوانیت ہی چھیننے پر تلا ہوا ہے۔ اسے زندگی میں پہل مرتبہ خود سے نفرت ہوئی تھی اور اس نفرت کا احساس ہی اس کے لیے جان لیوا تھا۔ اب تک وہ اپنی پارٹی کے حکم پر فیضان کو انگلیوں پر نچاتی آئی تھی' لیکن اب اسے محسوس ہوا کہ وہ تو فیضان سے محبت کرنے لگی ہے۔ زندگی میں پہلی دفعہ اس نے اپنے اندر یہ تبدیلی محسوس کی تھی ورنہ تو آج تک اس نے زندگی میں کسی معاملے کو سنجیدگی سے لیا ہی نہیں تھا۔

بس یہ انقلابی نظریات ایسے تھے جنہوں نے اسے متاثر کیا اور اس نے محسوس کیا تھا کہ افغانستان کی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ وہاں سوشلسٹ انقلاب برپا ہو ——!

وہ خود ایک بڑے خاندان کی بیٹی تھی اور جانتی تھی کہ اس کے ملک میں خوانین اور ملک اپنے ملازموں کو کیا حیثیت دیتے ہیں۔ اپنے عوام کی غربت پر اس کا دل کڑھتا تھا اور ان سرخ جلدوں والی کتابوں کے مطالعے نے اسے یہی بتایا تھا کہ کمیونسٹ اور سوشلسٹ انقلاب برپا کیے بغیر کبھی مزدوروں اور کسانوں کی قسمت نہ بدل سکے گی۔

اپنے کمزور اور سرداری نظام کے شکنجے میں جکڑے غریب اور جاہل عوام کی قسمت بدلنے کے لیے وہ اس میدان میں نکلی تھی لیکن آج اسے پہلی مرتبہ احساس ہوا کہ وہ انقلاب کے راستے پر ضرورت سے زیادہ ہی آگے نکل آئی ہے۔ آج اس نے شدت سے محسوس کیا تھا کہ اس کی نجات اسی میں ہے کہ وہ واپس مڑ جائے۔ وہ پہلے ایک غیور مسلمان افغان زادی تھی اور اس کے بعد کچھ اور ——

پھر ایک عزم کر کے وہ اٹھی اور باتھ روم میں گھس گئی۔

اس روز نہانے سے فراغت کے بعد یاسمین نے محسوس کیا جیسے اس کے بدن پر لدا منوں بوجھ اتر گیا تھا۔

وہ خود کو خاصا ہلکا پھلکا محسوس کر رہی تھی۔ فیضان کے چھن جانے کا پچھتاوا

اسے ضرور رلا رہا تھا لیکن اس بات کی خوشی بھی بہرحال تھی کہ وہ راہ راست پر آ گئی ہے۔

اس رات یاسمین نے پارٹی کی میٹنگ میں حاضری سے معذرت کر لی۔ اسے ڈنر کے بعد ایک "خصوصی لیکچر" سننے کی دعوت دی گئی تھی، لیکن یاسمین طبیعت کی خرابی کا بہانہ کر کے لیٹی رہی۔ جب ایک کامریڈ جس نے اس کے ساتھ لیکچر میں شامل ہونا تھا اس کے کمرے میں معمول کی بے تکلفی سے داخل ہوا تو یاسمین نے اسے ڈانٹنے کے سے انداز میں لیکن مہذب لہجہ اپناتے ہوئے کسی خاتون کے کمرے میں داخل ہونے کے آداب سمجھا دیئے۔

کامریڈ نے بظاہر ہنس کر اس کی بات ٹال دی لیکن اندر سے وہ خاصا الجھ گیا تھا۔ یاسمین کی طرف سے اچانک طبیعت کی ناسازی کی اطلاع اور خصوصی لیکچر میں شامل نہ ہونے کے فیصلے نے اس کے ذہن میں کچھ شکوک و شبہات کو جنم دے دیا۔

اور—— اس نے اپنے "انقلابی" ہونے کے فرائض کا احساس کرتے ہوئے۔ اپنے محسوسات اور یاسمین سے ملاقات کا حال خصوصی لیکچر کے انچارج پروفیسر صاحب تک پہنچا دیا——!

پروفیسر نے بڑی گہری نظروں سے اس کا جائزہ لیا اور بغیر کوئی تبصرہ کیے آگے بڑھ گیا۔

صبح جب یاسمین کالج گئی تو کلاس کے خاتمے پر وہی پروفیسر اسے اپنی طرف آتا دکھائی دیا۔ وہ یونہی گراؤنڈ میں ایک درخت کے نیچے رکھے بنچ پر آ کر بیٹھ گئی۔ پروفیسر بڑی بے تکلفی سے اس کے ساتھ آ کر بیٹھ گیا۔ لیکن اس نے واضح طور پر محسوس کر لیا تھا کہ یاسمین کا رویہ آج کچھ بدلا ہوا ہے اور اس نے پروفیسر کی اس بے تکلفی کا برا منایا ہے۔ لیکن منہ سے کچھ نہ کہا۔

وہ یاسمین سے یونہی ادھر ادھر کی باتیں کرتا رہا۔ جان بوجھ کر اس نے یاسمین سے متعلقہ موضوع پر بات نہیں کی تھی۔ دوران گفتگو وہ اس بات کا اندازہ لگا

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com

چکا تھا کہ یہ "شکار" بھی ہاتھ سے نکلتا دکھائی دیتا ہے۔ یاسمین نے اسے بیماری ہی کا بہانہ کیا تھا —— اور پروفیسر نے اس کے سامنے بظاہر اس کا یہ بہانہ قبول کر لیا تھا۔ اس نے یاسمین کو آرام کا مشورہ دیا اور اس کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتا اٹھ کھڑا ہوا۔

شام تک اس نے یاسمین کی "کیس رپورٹ" اپنے انچارج ماسٹر تک پہنچا دی تھی اور رات گئے تک وہ لوگ یاسمین کی قسمت کے متعلق ایک فیصلے پر پہنچ چکے تھے۔ وہ اس بہترین شکار کو کسی صورت ضائع کرنا نہیں چاہتے تھے۔ اگر یہ شکار ہاتھ سے نکل گیا تو انہیں نئے سرے سے بہت محنت کر کے اس کا کوئی متبادل ڈھونڈنا پڑتا۔

کے جی بی نے اسے بلیک میلنگ کے ذریعہ اپنا مطیع کرنے کا فیصلہ کر لیا تھا اور اب وہ اپنی مقصد براری کے لیے بلیک میلنگ سٹف جمع کرنے لگے تھے۔ اپنے مقاصد کے حصول کے لیے کے جی بی کیا کر گزرتی ہے؟ یہ تو کبھی یاسمین کے وہم و گمان میں بھی نہیں آیا تھا۔

# ضمیر کی آواز

خلاف توقع جب رات کے دوسرے پہر ویلنٹینا کے فون کی گھنٹی بجی تو اس کا دل دھک سے رہ گیا! اسے آج نیند ہی نہیں آ رہی تھی اور اس نے نیند کی روٹھی ہوئی دیوی کو منانے کی ہر ممکن کوشش کر ڈالی تھی لیکن سوائے کروٹیں بدلتے رہنے کے اور کچھ اس کے اختیار میں نہیں رہا تھا۔

فون کی اچانک بجنے والی گھنٹی نے اس کے اعصاب میں بجلی دوڑا دی تھی۔ اسے زور دار ذہنی جھٹکا لگا اور وہ لرز کر رہ گئی۔ اس بات کا تو اسے یقین تھا کہ یہ فون کے جی بی کی طرف سے آیا ہو گا لیکن آخر کیوں؟ اس نے دوسرے ہی لمحے سوچا: "کہ کہیں اس کے اندر کل آنے والے فیضان کی موجودگی میں جو تبدیلی تھوڑی دیر کے لیے آ گئی تھی۔ اس کا علم تو ان لوگوں کو نہیں ہو گیا؟"

کچھ بھی ممکن تھا: اس نے ایسے سینکڑوں لوگوں کے متعلق دیکھا اور سنا جن کے دل میں ذرا سا شائبہ بھی پیدا ہوا تو اس کی خبر ان لوگوں کو ہو جاتی ہے—— پھر ان کا جو انجام ہوا اس کے تصور سے ویلنٹینا کانپ کانپ گئی۔

"ہیلو کامریڈ"—— اپنی آواز میں ہونے والی کپکپاہٹ اسے اپنے رگ و پے میں سرایت کرتی ہوئی محسوس ہوئی۔

"جاگ رہی ہو ابھی تک؟" دوسری طرف سے آنے والی آواز کو وہ ہزاروں میں بھی پہچان سکتی تھی۔

وہ اپنی جگہ دہل کر رہ گئی۔ واقعی وہ ابھی تک جاگ رہی تھی اور یہ بات خلاف معمول ہی تھی—— اور معمول کی یہ خلاف ورزی اس کا جرم بھی قرار دی جا

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سکتی تھی۔

"سر! آج پیٹ خراب ہے۔ رات کھانا کھانے کے بعد سے درد ہو رہا ہے۔" اس نے مقدور بھر کوشش کی کہ اپنی آواز پر قابو پالے۔

"دوائی لے لی ہوتی" —— دوسری طرف سے قدرے ہمدردی کا اظہار ہوا۔ یہ لہجے کی سرد مہری ابھی تک قائم تھی۔

"تھوڑی دیر پہلے لی تھی سر۔"

"ٹھیک ہے تم تیار ہو جاؤ۔ ابھی تھوڑی دیر میں کوئی آ کر لے جائے گا تمہیں۔"

دوسری طرف سے یہ حکم دے کر فون بند کر دیا گیا۔

ریسیور کریڈل پر رکھتے ہی ویلنٹینا اچھل کر بستر سے باہر آ گئی۔ اتنی سردی کے باوجود اسے پسینہ آ رہا تھا۔ اس نے اپنی حالت سنبھالنے کے لیے "واڈکا" کا ایک جام تیار کیا اور ایک ہی سانس میں اسے اپنے حلق میں انڈیل لیا۔

شراب نے اسے بکھرے اوسان کو سمیٹنے میں قدرے مدد دی اور جب وہ منہ ہاتھ دھو کر کپڑے بدل رہی تھی تو نارمل ہو چکی تھی۔

اپنے کمرے میں رکھی ایک آرام کرسی پر بیٹھی وہ اب کسی کی آمد کی منتظر تھی۔ پندرہ بیس منٹ کے جان لیوا انتظار کے بعد دروازہ پر گھنٹی ہوئی اور ویلنٹینا اپنی جگہ سے یوں اٹھی جیسے طاقتور سپرنگوں نے اسے فضا میں اچھال دیا ہو۔

اپنے فلیٹ کا دروازہ بند کرتے ہوئے اس نے دروازہ کے سامنے کھڑی ایک وین دیکھ لی تھی جس کے اندر روشنی ہو رہی تھی اور باہر کی تمام بتیاں بجھا دی گئی تھیں۔ اسی روشنی میں اگلی سیٹ پر ایک کرخت چہرے اور گٹھے ہوئے اعصاب والا ڈرائیور بھی اسے نظر آ رہا تھا۔

---

ویلنٹینا کو لے کر وین اسی دفتر کے سامنے آن رکی تھی جہاں وہ اس سے پہلے متعدد بار پیش ہو چکی تھی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کمرے کا دروازہ حسب معمول بغیر آواز پیدا کیے کھول کر وہ اندر داخل ہو گئی۔ کمرے میں کیپٹن دروازے کی طرف پیٹھ کر کے کھڑا تھا۔ اس کی نگاہیں کھڑکی کے باہر برف باری پر جمی ہوئی تھیں۔ ویلنٹینا کے قدموں کی چاپ پر بھی وہ اسی پوزیشن میں کھڑا رہا۔ اس نے ویلنٹینا کی طرف گھوم کر دیکھنے کی زحمت بھی نہیں کی تھی۔

"بہت دیر کر رہی ہو تم کامریڈ۔" وہ اچانک ویلنٹینا کی طرف گھوما اور اس کی آنکھیں ویلنٹینا کو اپنے جسم میں دھنستی محسوس ہوئیں۔

"میں۔۔۔۔ میں کوشش کر رہی ہوں سر" ——— ویلنٹینا نے اپنے حلق کو تر کرنے کے لیے تھوک نگلا۔

"ابھی صرف کوشش ہی کر رہی ہو ———" کیپٹن کے لہجے میں تمسخر کے علاوہ بھی ایک ایسی دھمکی پوشیدہ تھی کہ جس کے تصور ہی سے ویلنٹینا کی رگوں میں خون منجمد ہو رہا تھا۔ "اب اس کیس کو ختم کرو۔ کل شام تک بہر حال ———" وہ شاید بہت کم الفاظ بولنے کا عادی تھا۔

"ٹھیک ہے سر"! ——— ویلنٹینا نے ہر ممکن کوشش کر ڈالی کہ اس کی آنکھوں کے حصار سے بچ نکلے لیکن یہ اس کے لیے ممکن نہ تھا۔

"تمہارے فلیٹ میں پہنچنے تک تمام بندوبست ہو چکا ہو گا ——— سمجھتی ہو نا ———" کیپٹن یہ الفاظ کہتے ہوئے اس کے قدرے نزدیک بھی آ گیا تھا۔

"یس سر" ——— ویلنٹینا سمجھتی تھی۔ یہ کھیل اس کے لیے ہرگز نیا نہیں تھا۔

"بس ایک ہی داؤ آزمانا ہے ——— مہلت نہیں ملے گی ——— اور ناکامی کی صورت میں ———" اس نے مسکراتے ہوئے ویلنٹینا کے کندھے پر ہاتھ رکھا تھا لیکن اسے یوں محسوس ہوا جیسے اس کے حلقوم میں چھری چل گئی ہو۔

اگر چند منٹ اور اسے اس صورتحال کا سامنا کرنا پڑتا تو وہ کبھی اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کے قابل نہ رہتی۔ وہ دل ہی دل میں دعا مانگ رہی تھی کہ جتنی جلدی ممکن ہو اسے یہاں سے چھٹکارا مل جائے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com


"ٹھیک ہے تم جاؤ" ـــــ اس نے اپنا ہاتھ ویلنٹینا کے گلے کے قدرے نزدیک لا کر بڑے عجیب انداز میں اس کے سارے بدن کو جھنجوڑ ڈالا تھا۔

ویلنٹینا نے بڑی ہمت کر کے کمرے کا دروازہ کھولا اور باہر نکل گئی۔

باہر راہداری میں کوئی بھی موجود نہیں تھا۔ دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر اس نے اپنی سانسوں کا بکھرتا تانا بانا اکٹھا کیا اور بوجھل قدموں سے اس راہداری کے کونے تک پہنچ گئی۔ جہاں باہر سے آنے والے مہمانوں کے لیے آرام دہ صوفے اور گلدان بڑی نفاست سے سجائے گئے تھے۔ ایک صوفے پر ڈھیر ہو کر وہ ہانپنے لگی۔

اس کے لیے مزید چلنا ناممکن ہو گیا تھا۔ جو کام اسے کیپٹن نے سونپا تھا۔ وہ اس کے لیے نہ تو نیا تھا نہ ہی مشکل۔ لیکن اس کا دل گواہی دے رہا تھا: "کہ اس مرتبہ وہ ناکام ہو جائے گا اور ناکامی کا مطلب ـــــ کیا تھا؟ "صرف موت" وہ آہستہ سے بڑبڑائی۔

آج تک یہ ہوا ہی نہیں تھا کہ جے جی بی نے اپنے کسی ناکام ہو جانے والے ایجنٹ کو معاف کیا ہو! فیضان سے ملاقات اور بے تحاشا باتیں کرنے کے بعد اس کی جذباتی کیفیت اب خاصی بدلنے لگی تھی۔

اسے یوں محسوس ہونے لگا تھا: جیسے اس کی چھنی ہوئی نسوانیت واپس آنے لگی ہو۔ فیضان کے نزدیک بیٹھ کر اسے کئی مرتبہ اپنے "بھرپور عورت" ہونے کا احساس ہوا تھا ـــــ!!

یہ احساس اس کے ہاں سے کبھی کا رخصت ہو چکا تھا کیونکہ اب اس نے اپنے جسم کو اپنا سمجھنا ہی چھوڑ دیا تھا!

ـــــ یوں تو دم پیدائش ہی روس میں جنم لینے والے ہر کامریڈ کا جسم اور روح "عظیم انقلاب" کے لیے وقف ہو جاتی ہے' لیکن ویلنٹینا نے اس "حقیقت" کو اس وقت سے قبول کیا ـــــ جب اس کے باپ کو سائیبریا کی یاترا کے لیے بھیج دیا گیا تھا' تاکہ اس کا دماغ اچھی طرح ٹھیک ہو جائے۔

اس کا باپ بوڑھا آدمی تھا۔ زندگی سے اس نے کافی کچھ حاصل کر لیا تھا اور ویلنٹینا کو ابھی بڑی لمبی زندگی گزارنی تھی ـــــ پہاڑ ایسی زندگی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



وہ اتنی بہادر نہیں تھی کہ اپنے ہاتھوں اپنی جان لے سکتی اور زندہ رہنے کے لیے ضروری تھا کہ وہ "سٹیٹ" کے لیے جیے اور مرے۔

"کوئی خدمت مادام؟" —— اسے زبردست ذہنی جھٹکا لگا جب اچانک ہی ایک کمرے سے ایک باوردی ویٹر نکل کر اس کے سامنے آن کھڑا ہوا تھا۔

"ن۔ ن۔ نہیں —— کچھ نہیں۔ پانی لا دو ذرا" —— اس کے لیے اپنی گھبراہٹ چھپانا ممکن نہیں رہا تھا۔

"او۔ کے مادام" —— باوردی اور مودب ویٹر نے قریباً جھکتے ہوئے کہا اور انہی قدموں پر واپس گھوم گیا۔

جب ویٹر پانی کا گلاس ایک پلیٹ میں سجا کر لایا تو وہ حیران رہ گیا کہ مادام وہاں سے جا چکی تھی۔

---

وین وہیں موجود تھی جہاں اس نے ویلنٹینا کو ڈراپ کیا تھا ——!

وہ کچے ہوئے اعصاب اور کرخت چہرے والا ڈرائیور بھی اپنی سیٹ پر مستعد بیٹھا تھا۔ اسے اپنی طرف آتے دیکھ کر ڈرائیور نے وین کے اندر کی لائٹ آن کر دی اور نیچے اتر آیا۔ ویلنٹینا کے لیے دروازہ اس نے خود ہی کھولا تھا۔

تھوڑی دیر بعد وہ نیم بیہوشی کی سی حالت میں اپنی سیٹ پر بے دم ہو کر گری ہوئی تھی۔ وین کے اچانک بریک لگنے سے پیدا ہونے والے جھٹکے نے اسے بیدار کیا اور اس نے دیکھا کہ وین تو اس کے گھر کے سامنے کھڑی تھی۔

وہ ہمت کر کے اٹھی۔ ڈرائیور نے اس کے لیے دروازہ کھولا تھا۔ اس کے باہر نکلنے پر ڈرائیور نے اسے تعظیم دی اور ویلنٹینا لمبے لمبے ڈگ بھرتی اپنے فلیٹ کی طرف چل دی۔ فلیٹ میں روشنی اس نے باہر ہی سے دیکھ لی تھی اور یہ بھی اسے علم تھا کہ اندر کون لوگ موجود ہیں اور وہ کیا کام کر رہے ہیں۔

اپنے کمرے کا دروازہ اس نے کھولا تو دو آدمیوں کو اپنا منتظر پایا۔ دونوں نے اس کی اچانک آمد پر کسی رد عمل کا اظہار نہ کیا۔ بالکل یوں جیسے وہ اس گھر کے

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

فرد ہوں۔ دونوں نے کمرے کی ترتیب خاصی بدل دی تھی اور ویلنٹینا کی مشاق نظروں نے اندازہ لگا لیا تھا کہ یہاں کیا کیا تبدیلیاں عمل میں آئی ہیں۔

"مادام!"—— ان میں سے ایک نے بڑے ادب سے ویلنٹینا کو مخاطب کیا۔ "دیکھیے"——وہ اسے کھڑکی کے ساتھ لگے سوئچ بورڈ پر لے آیا۔

"آج سے پہلے جس سوئچ بٹن سے آپ گھر کے دروازے والی لائیٹ جلایا کرتی تھیں اب اس سے نہیں جلائیں گی۔ جیسے ہی آپ وہ بٹن دبائیں گی کیمرے حرکت میں آ جائیں گے۔ اور ہاں مادام!"—— اس نے ایک دوسرے سوئچ کی طرف اشارہ کیا۔ "ہم نے باہر والے بلب کا کنکشن ادھر کر دیا ہے۔ آئندہ آپ باہر کی روشنی جلانے کے لیے اس بٹن کو استعمال کریں۔ ہم آپ کے معمولات میں اس معمولی سی تبدیلی کے لیے معذرت خواہ ہیں لیکن یہ ناگزیر تھا۔"

"ٹھیک ہے۔ آپ لوگ جاسکتے ہیں"—— ویلنٹینا شدت سے تخلیے کی ضرورت محسوس کر رہی تھی۔

"شکریہ مادام"—— دونوں نے بندروں کی طرف دانت نکالے اور اپنے بیگ سنبھال کر کمرے سے باہر نکل گئے

یہ دونوں کے جی بی کے ماہر مکینک تھے اور اب اس کمرے میں ایسا بندوبست کر دیا گیا تھا کہ اگر ویلنٹینا اس پش بٹن کو دبا دیتی تو اس کمرے میں ہونے والی معمولی سی حرکت کو بھی کمرے میں چھپائے گئے کیمرے اپنے اندر موجود فیتے پر منتقل کر لیتے۔

اس کے ذمے یہ ڈیوٹی لگائی گئی تھی کہ وہ فیضان کے ساتھ "غلط حرکات" میں اپنی فلم بنوائے تاکہ بعد میں اس فلم کی آڑ میں اسے بلیک میل کیا جا سکے——!!

ان لوگوں کے لیے شاید یہی فیضان کو قابو کرنے کا بہترین طریقہ تھا۔

لیکن ویلنٹینا جو اس سے پہلے درجنوں مرتبہ مختلف غیر ملکیوں کے ساتھ اپنے افسران بالا کے حکم پر یہی گھناؤنا کھیل رچا چکی تھی۔ اب واضح طور پر یہ محسوس کرنے لگی تھی کہ فیضان کے ساتھ ایسا کرنا ممکن نہیں ہو گا۔

ساری رات وہ خود سے جنگ لڑتی رہی۔ بوڑھے باپ' معصوم بہن اور ماں کا چہرہ ہر بار سوالی بن بن کر اس کے سامنے آتے اور اسے بے بسی کے آنسو رلاتے رہے۔

بہر طور بادل نخواستہ ہی سہی اسے یہ سب کچھ کرنا تو تھا۔

صبح اس نے فیضان کے یونیورسٹی جانے سے پہلے ہی اسے ہوسٹل میں ٹیلیفون کیا کہ وہ آج شام اس کے گھر چلا آئے۔

فیضان کو آج سے پہلے اس طرح کی دعوت ویلنٹینا کی طرف سے کبھی ملی نہیں تھی گو کہ وہ اب تک کئی دفعہ اس کے گھر جا چکا تھا لیکن آج ویلنٹینا نے جب اسے اچانک یہ دعوت دی اور مزید کوئی تفصیل بتائے بغیر فون بند کر دیا تو وہ کچھ گڑ بڑا کر رہ گیا۔

"کہیں خدانخواستہ وہ کسی چکر میں تو نہیں پھنس گئی؟" اس نے سوچا اور پھر خود ہی اس سوچ کو ذہن سے جھٹک کر الگ کرنے کی تدبیریں کرنے لگا۔

یونیورسٹی جاتے ہوئے اس نے حتی الوسع یہ کوشش کی تھی کہ اس کا آمنا سامنا یاسمین سے نہ ہو اور اسے اپنی کوشش میں کامیابی بھی نصیب ہوئی تھی۔

چھٹی کے بعد اس نے ایک مقامی تھیٹر کا رخ کیا! اسے سب سے زیادہ کوفت اگر کبھی ہوتی تھی تو تھیٹر میں آ کر کیوں کہ سوائے سرخ پھریروں اور خونین کلمات کے اور کچھ اسے سننے یا دیکھنے کو نہیں ملتا تھا۔

---

فیضان نے محسوس کیا کہ آج ویلنٹینا وہ نظر نہیں آ رہی تھی جس سے اس کا اب تک سابقہ رہا تھا۔ اس نے آج سے پہلے نہ تو کبھی ایسا بیہودہ لباس پہنا تھا نہ ہی کبھی خود کو نمایاں کرنے کے لیے ایسی اوچھی حرکت کی تھی۔ اپنے فلیٹ کے دروازے پر ویلنٹینا نے گو کہ فیضان کا استقبال مسکراتے ہوئے کیا' لیکن اس مسکراہٹ کے پیچھے کیا کیا طوفان پوشیدہ تھے' اس کا احساس فیضان کو نہ ہو سکا۔ وہ تو حیرت سے ویلنٹینا کو بس دیکھتا ہی رہ گیا تھا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



"کیا دیکھ رہے ہو فیضان؟" ——— ویلنٹینا نے اس کے سامنے ایک کرسی پر ڈھیر ہوتے ہوئے کہا۔

"تمہیں دیکھ رہا ہوں! کیا ہو گیا ہے تمہیں۔ تم تو ———"

"ہاں فیضان میں ایسی نہیں تھی ———" ویلنٹینا نے اس کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔ "یہی کہنا چاہتے ہو نا تم" ——— اس کی آواز بھرا گئی۔

فیضان واضح طور پر یہ محسوس کر سکتا تھا کہ اس کا گلا رُندھ گیا ہے لیکن اس نے بڑی ہمت سے اپنے آپ پر قابو پایا۔

"مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ آخر تمہارے اونچے آدرشوں اور عظیم انقلاب کا خواب ان لغویات کے بغیر مکمل کیوں نہیں ہوتا۔ یہ کیسا انقلاب ہے؟ تم لوگ آخر دنیا کو کیا دینا چاہتے ہو کیا ایسی مصیبت آگئی ہے تم لوگوں پر کہ ایک عظیم مقصد کے لیے ایسے گھٹیا اور خلاف انسانیت راستے اختیار کرنے لگے ہو تم؟" فیضان لاکھ ضبط کے باوجود بھی پھٹ پڑا۔

ویلنٹینا اور تو کچھ نہ کر سکی بے بسی سے رو دی۔

اسے روتے دیکھ کر فیضان خاموش ہو گیا' نجانے اسے کیوں ایک پچھتاوہ سا لگا تھا۔ اس طرح کی گفتگو پر۔ اس نے سوچا کہ اسے یہ سب کچھ نہیں کہنا چاہیے تھا۔ لیکن اس لمحے واقعی فیضان کو خود پر قابو نہیں رہا تھا۔

اس نے ویلنٹینا کی گفتگو میں کبھی ایسی "انقلابیت" محسوس نہیں کی تھی نہ ہی اس نے کبھی یاسمین کی طرح اس کے سامنے فلسفیانہ موشگافیاں بکھیری تھیں۔ وہ تو ایک سیدھی سادی لڑکی تھی۔ پھر اچانک یہ تبدیلی ———!

فیضان آخر مرد تھا اور محسوس کر سکتا تھا کہ اس طرح جب کوئی عورت کسی مرد کو اپنی خلوت گاہ میں طلب کرے تو وہ اس سے کیا امید رکھتی ہے۔ اسے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ آخر اسے چپ کس طرح کرائے۔ بس وہ اس کے نزدیک کندھے پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہو گیا۔ شاید عورت کو تسلی دینے کا اس سے بہتر طریقہ اس کے نزدیک اور کوئی نہیں تھا۔

"تم جو جی چاہے کہہ ڈالو فیضان!" ———

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ویلنٹینا نے حیرت انگیز ہمت کا مظاہرہ کرتے ہوئے بالآخر خود پر قابو پا لیا تھا "لیکن یہ حقیقت ہے کہ تمہارے ساتھ گو کہ میرا ٹکراؤ قدرتی نہیں بلکہ ایک طے شدہ منصوبے کا حصہ تھا پھر بھی تمہارے ساتھ مل کر' تم سے باتیں کر کے میں اپنے "مقصد" سے دور ہٹتی چلی جا رہی تھی اب میں شاید کبھی پہلے والی ویلنٹینا نہ بن سکوں گی۔ اور یہی میرا ایک کربناک موت کی طرف پہلا قدم ہو گا——"

"تم کیا کہہ رہی ہو—— ویلنٹینا!" فیضان کو ایک دھچکا لگا۔

"ہاں فیضان!" ویلنٹینا نے ایک گہرا سانس لیا۔ "میں چاہتی ہوں کہ آج تمہیں سب کچھ بتا دوں۔ میں نہیں چاہتی کہ زندگی کے کسی بھی مرحلے پر تمہیں یہ احساس ہو کہ میں بھی عام قسم کی لڑکی تھی—— فیضان! کاش تمہیں بتا سکتی کہ میں کس بری طرح اس چنگل میں پھنس چکی ہوں۔"

"میں تمہارا مطلب نہیں سمجھا۔ کیا کہہ رہی ہو تم"—— فیضان نے اس کی طرف عجیب سی نظروں سے دیکھا۔

"ہاں فیضان! واقعی تمہارے لیے یہ سب کچھ عجیب ہو گا۔ کیونکہ تم ——" وہ اچانک خاموش ہو گئی اور پھر دبے پاؤں چلتی کھڑکی تک پہنچی۔

کھڑکی کھول کر اس نے باہر جھانکا اور مطمئن ہو کر لوٹ آئی۔

"کیا ہوا۔ کیا بات ہے؟"—— فیضان قدرے گھبرا گیا۔

"کچھ نہیں—— مجھے کچھ شک تھا۔" ویلنٹینا نے کہا۔ "اچھا میں ذرا چائے تو بنا لوں تمہارے لیے۔"—— کہہ کر وہ فیضان کے "نا۔ نا" کرنے کے باوجود رسوئی میں چلی گئی۔

پانچ منٹ بعد رسوئی سے برآمد ہوئی تو پہلے والی ویلنٹینا بن چکی تھی۔ یہ پانچ چھ منٹ اس کی زندگی کے ساتھ سب سے زیادہ اذیت ناک لمحے تھے۔ اس دوران وہ اپنے آپ سے ایک طویل جنگ لڑنے کے بعد ایک فیصلے پر پہنچ کر مطمئن ہو چکی تھی۔

فیضان البتہ ابھی تک انہی الجھنوں میں گھرا ہوا تھا۔ اسے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ ویلنٹینا کے متعلق کیا رائے قائم کرے؟

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



"فیضان! میری ایک بات مانو گے؟" ویلنٹینا نے چائے کی پیالی اس کے نزدیک سرکاتے ہوئے اسے خیالات کے طلسم سے باہر نکالا۔

"وہ کیا؟"

"تم فوراً واپس چلے جاؤ۔"

"کیا مطلب ہے تمہارا ——— یہ میرے لیے کیسے ممکن ہو گا؟" فیضان گڑبڑا گیا۔

اور "مطلب" سمجھانے کے لیے ویلنٹینا نے اسے شروع سے آخر تک ساری کہانی سنا دی۔ یہ بھی بتا دیا کہ آج اسے کس مقصد کے لیے یہاں بلایا گیا ہے۔

"اس کا مطلب یہ ہے کہ یاسمین کو بھی ان لوگوں نے------" وہ بڑبڑا کر رہ گیا۔

"ہاں فیضان! اسے بھی اسی مقصد کے لیے تمہارے ساتھ منتخب کیا گیا تھا' لیکن ان لوگوں کو شک تھا کہ کسی بھی مرحلے پر شاید وہ پھسل سکتی ہے اس لیے میری خصوصی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔"

"اب وہ تمہارے ساتھ کیا سلوک کریں گے؟"

فیضان کے اس سوال نے گو کہ ویلنٹینا کے بدن میں سنسنی کی ایک لہر دوڑا دی تھی لیکن اس نے اپنے چہرے کے تاثرات نہ بدلنے دیئے۔

"تم فکر نہ کرو۔ میں کوئی نہ کوئی بندوبست کر لوں گی۔ زیادہ سے زیادہ میرا تبادلہ یہاں سے کسی اور جگہ کر دیا جائے گا لیکن تمہارے لیے کچھ بھی ممکن ہے۔"

"لیکن میں-------- ویلنٹینا میں تمہیں اس طرح چھوڑ کر جانا بزدلی سمجھتا ہوں۔ یہ کسی پٹھان کے شایان شان نہیں-------"

"جذباتی باتیں مت کرو فیضان ——— ہمارے پاس یوں بھی وقت کم ہے تم ابھی بچے ہو! تجربے کے لحاظ سے ——— تم اندازہ نہیں کر سکتے کہ تمہارے ملک پر کیا قیامت ٹوٹنے والی ہے۔ واپس چلے جاؤ فیضان اور ان لوگوں کو آنے والے عذاب سے بچانے کی کوشش کرو جس کا شکار وہ بہت جلد بننے والے ہیں۔"

ویلنٹینا نے اس کے چہرے پر نظریں جماتے ہوئے کہا۔

---O---

قریباً" ایک گھنٹہ انہوں نے جی بھر کے آپس میں باتیں کی تھیں۔ اس دوران ویلنٹینا نے اسے مطمئن کرنے کے لیے کہہ دیا تھا: "کہ وہ بہت جلد کابل میں اس سے ملے گی اور اس کے ساتھ ہی فرار ہو جائے گی۔"

انہوں نے آپس میں بڑے منصوبے بھی باندھ لیے تھے ——— فیضان کو یقین تھا کہ ایسا ہی ہو گا' لیکن وہ کبھی نہ سمجھ سکا کہ ویلنٹینا نے تو اسے صرف مطمئن کرنے کے لیے یہ جھوٹ گھڑا تھا۔ وہ کیا کرنے جا رہی تھی۔

اگر اس بات کی ذرا سی بھنک بھی فیضان کے کانوں میں پڑ جاتی تو اس کا ذہن دھماکے سے پھٹ جاتا۔

"اچھا اب تم چلو ——— لیکن میری بات پر ضرور عمل کرنا۔" ویلنٹینا کی آواز لاکھ ضبط کے باوجود بدل رہی تھی۔ دروازے تک وہ اسے خود چھوڑنے آئی ——— "آج میں تمہیں ہوسٹل تک چھوڑنے نہیں جا سکوں گی۔ مجھے معاف کر دینا ——— خدا حافظ۔"

دروازے میں رک کر اس نے ویلنٹینا کی طرف دیکھا جس کی آنکھیں کسی بھی لمحے چھلک پڑنے کو تیار تھیں۔

"خدا حافظ ویلنٹینا ——— میں تمہیں کبھی نہیں بھلاؤں گا۔ تمہارا انتظار کرتا رہوں گا۔"

اس کی بات مکمل ہوتے ہی ویلنٹینا نے دروازہ بند کر دیا۔

——— اب اس میں ضبط کا یارا نہیں رہا تھا۔ وہ بے سدھ سی ہو کر صوفے پر گر پڑی اور بچوں کی طرح بلک بلک کر رونے لگی۔

فون کی گھنٹی بجنے تک وہ بالکل نارمل ہو چکی تھی۔

اس کے دونوں ہونٹ بھنچ گئے تھے اور ہاتھوں کی مٹھیاں بند ہونے لگی تھیں نفرت کا ایک الاؤ سا اس کے اندر دھکنے لگا تھا اور وہ بزدل سی ویلنٹینا جو اپنے بوڑھے باپ کو سائبیریا کے برف زاروں سے نجات دلانے کے لیے "کے جی بی" کے

www.iqbalkalmati.blogspot.com مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہاتھوں میں موم کی گڑیا بنی ہوئی تھی۔ اس نے بڑے مضبوط ارادے سے فون اٹھایا۔

"لیں" —— کسی نے پوچھا اور اسے متعلقہ نمبر دے دیا۔

"کیا رہا؟" —— دوسری طرف کی آواز اس کے لیے اجنبی نہیں تھی۔ یہی وہ شخص تھا جو اس کی بربادی کا باعث بنا تھا۔ اسی نے اسے سب سے پہلے بلیک میل کر کے "کے جی بی" کی جھولی میں ڈالا تھا۔

"بہت اچھا —— سب ٹھیک ہو گیا" —— وہ پھٹ پڑنے کو تھی' لیکن اس نے بڑی مشکل سے خود پر قابو پایا ہوا تھا۔

"ویل ڈن —— تم نے سٹیٹ کے لیے' عظیم انقلاب کے لیے بہت عظیم کارنامہ انجام دیا ہے۔ میں تمہاری سفارش ہائی کمان سے کروں گا۔ بہت جلد تمہارا باپ تمہیں واپس مل جائے گا۔" دوسری طرف سے خوشی کا اظہار کیا گیا۔

"سر!" —— ویلنٹینا کو خود پر قابو پانے کے لیے بڑی زبردست جدوجہد کرنی پڑی تھی۔

"لیں۔"

"میری خواہش ہے کہ یہ فلم "کونسل" میں خود پیش کروں۔ میں چاہتی ہوں اپنی خدمات کے عوض ان لوگوں سے اپنے باپ کی رہائی کی اپیل کر سکوں۔"

"کیوں نہیں۔ کیوں نہیں —— تم صبح آٹھ بجے بلاک ایف میں آ جاؤ۔ فلم لے کر۔" دوسری طرف سے جواب ملا۔

"اوہ۔ شکریہ کامریڈ!"

سلسلہ منقطع ہو گیا۔

ویلنٹینا نے خالی فلم کیمرے سے نکال کر اپنے قبضے میں کر لی تھی۔ اس کے فون کرنے پر وہی مکینک دوبارہ آئے اور خاموشی سے اپنے کیمرے اور متعلقہ اوزار لے کر واپس چلے گئے۔ ویلنٹینا نے ان سے کچھ نہ کہا۔ نہ ہی وہ اس سے کچھ پوچھنے کی جرأت کر سکتے تھے۔ ان کے وہاں سے دفع ہوتے ہی اس نے فلیٹ کے تمام کمروں

کو ڈبل لاک لگا دیے۔

اس نے آج بہت عرصے بعد اپنے خصوصی ٹرنک سے بائیبل کا وہ نسخہ نکالا جو اس کے باپ نے یہاں "چھپایا" تھا۔ دو تین گھنٹے تک وہ عبادت کرتی رہی اور پھر اسے نیند آ گئی۔

صبح جب ویلنٹینا بیدار ہوئی تو خود کو خاصا ہلکا پھلکا محسوس کر رہی تھی۔ اس نے معمول کے مطابق ناشتہ کیا۔ بائیبل کو احترام سے واپس ٹرنک میں رکھ دیا اور ایک جستی بیلٹ وہاں سے نکال لی۔

اس بیلٹ کا استعمال اس سے زیادہ بہتر اور کون جانتا تھا؟ ریوالور اور بیلٹ کے علاوہ بھی اسے کچھ چیزیں دی گئی تھیں جو "کے جی بی" کے ہر قابل اعتماد ایجنٹ کے پاس ہونا ضروری ہوتی ہیں۔

اپنے فلیٹ سے روانگی کے وقت اسے کوئی پشیمانی نہیں تھی نہ ہی کوئی پچھتاوا وہ جو کچھ کرنے جا رہی تھی اس کا فیصلہ اس نے بہت سوچ سمجھ کر کیا تھا——— ویلنٹینا جانتی تھی کہ بہرحال ایک دن اسے یہی کچھ کرنا تھا۔ جلد یا بدیر۔

وقت مقررہ سے کچھ دیر پہلے اس نے جستی بیلٹ چیک کی اور اپنی کمر کے گرد کپڑوں کے نیچے پہن لی۔ اس جستی پٹی میں سے ایک انتہائی باریک تار نکال کر اس نے اپنی آستین کے اندر ہاتھ تک پہنچا دیا تھا۔ تار کے سرے پر لگا ایک قمیص کے بٹن ایسا بٹن اس کی ہتھیلی کے اتنا نزدیک تھا کہ وہ کسی وقت بھی اسے درمیانی انگلی سے چھو سکتی تھی۔

اپنی کار میں بیٹھنے سے پہلے اس نے ماسکو کے برف کے گالوں میں ڈوبتے ابھرتے شہر کو بالکل اسی طرح دیکھا جیسے ان مناظر کو اپنے اندر سمو لینا چاہتی ہو۔ پھر دو چار لمبے لمبے سانس بھرنے کے بعد وہ کار میں بیٹھ گئی اب اس کی کار "ایف بلاک" کی طرف اڑی چلی جا رہی تھی۔

———O———

ماسکو یونیورسٹی کے نزدیک اس نے گاڑی کو تھوڑی دیر کے لیے روک لیا:

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس کی نظریں سیرگاہ کے اس بچ پر جمی ہوئی تھیں جہاں وہ اکثر فیضان کے ساتھ مل کر بیٹھا کرتی تھی اور اس سے پہلے کہ اس کی آنکھیں لہو رونے لگیں۔ اس نے اگنیشن میں چابی گھمائی۔ کار جھٹکے سے آگے بڑھ گئی۔

ایف بلاک کے سامنے اس نے ٹھیک آٹھ بجنے میں پانچ منٹ پر گاڑی روکی تھی اور ٹھیک آٹھ بجے وہ کانفرنس روم میں داخل ہو رہی تھی۔

ایک لمبی میز کے گرد چار باوردی کلف لگے کالروں والے روسی کرنل بیٹھے تھے۔ اس کا اپنا باس بھی ان لوگوں میں موجود تھا۔ ویلنٹینا نے احترام گزارنے کے بعد اپنے بیگ میں سے کیسٹ نکال کر میز پر رکھ دی اور اپنی جگہ جا کر بیٹھ گئی۔ اس کے خوبصورت ماتھے پر پسینے کے ننھے ننھے قطرے پھوٹنے لگے تھے۔ اپنے ہاتھ کو اس نے بالکل بٹن دبانے کی پوزیشن میں کر لیا تھا۔

کیپٹن نے اٹھ کر فلم کیسٹ کو پروجیکٹر میں رکھا اور پروجیکٹر چلا دیا۔ دو تین منٹ تک جب سامنے لگے پردے پر کوئی رد عمل رونما نہ ہوا تو اسے مشین کی گھر گھر اپنے اندر اترتی محسوس ہونے لگی۔

"یہ کیا بے ہودگی ہے؟" ـــــ ایک کرنل نے غصے سے اپنا ہاتھ میز پر مارا۔ "سر! سر!" کیپٹن نے پروجیکٹر بند کر دیا۔ وہ خوف سے کپکپا رہا تھا ـــــ "سر شاید یہ غلط رول ـــــ"

"یہ صحیح رول ہے ذلیل انسان" ـــــ ویلنٹینا پھٹ پڑی۔

"کیا بک رہی ہو تم؟" ـــــ کرنل گلا پھاڑ کر چلایا۔

"شٹ اپ" ـــــ ویلنٹینا کا رواں رواں غصے سے کانپنے لگا۔ "گھٹیا انسانو اصلی فلم تو تب چلے گی جب تھوڑی دیر بعد یہاں تمہارے جسموں کے چیتھڑے اڑیں گے۔"

"کہ ـــــ کہ ـــــ کیا مطلب ہے تمہارا ـــــ تم پاگل تو نہیں ہو گئی؟" ـــــ ایک دوسرے کرنل نے بظاہر گھبراہٹ کی ایکٹنگ کی۔

"کرنل اگر کسی نے بھی پستول نکالنے کی کوشش کی تو یاد رکھنا بیٹی بم پر میری انگلی دب جائے گی" ـــــ ویلنٹینا کے لہجے میں نجانے کیا چھپا تھا کہ وہ سب

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اپنی جگہ سن ہو کر رہ گئے۔

"دیکھو پاگل مت بنو! ہم تمہارے باپ کو رہا کرنے کے احکامات جاری کر چکے ہیں۔ اور تمہیں اچانک یہ خوشخبری دینے والے تھے۔" ایک کرنل نے پانسہ پھینکا۔

"جب تم گھر پہنچو گی تو والد کو اپنا منتظر پاؤ گی۔" ——— دوسرے نے لقمہ دیا۔

"ہم تمہاری پچھلی عظیم خدمات کے عوض تمہیں معاف بھی کر دیں گے۔ اس واقعے کی کسی کو کانوں کان خبر نہیں ہو گی۔" تیسرا بولا۔

ویلنٹینا نے زور دار قہقہہ لگایا اور بولی ——— "میرے خیال سے تم موت کے خوف سے پاگل ہو چکے ہو——— ٹھیک ہے' اس طرح موت کی اذیت کم ہو جائے گی۔"

لیکن——— اس سے باتوں کے دوران کرنل نے اپنا پاؤں ایک سرخ رنگ کے بش بٹن پر رکھ دیا۔ جس کی ویلنٹینا کو کانوں کان خبر نہ ہو سکی۔ اور ابھی اس کی بات مکمل نہیں ہوئی تھی کہ اچانک کمرے کی بغلی کھڑکی کھلی:

——— حملہ آور نے بڑی پھرتی دکھائی تھی! اس کی آٹو میٹک گن سے یکدم کئی گولیاں ویلنٹینا کی طرف لپکیں' لیکن اس کے ٹریگر پر انگلی دبانے اور ویلنٹینا کے بٹن کو چھونے کا عمل ایک ساتھ ہی وقوع پذیر ہوئے۔

جستی پٹی میں نصب ایک طاقتور بم ایک زور دار دھماکے سے پھٹا۔ ویلنٹینا کے جسم کے پرزے تو اڑنے ہی تھے۔ پورا کمرہ جیسے آتش فشاں کی طرح پھٹ گیا۔

چند منٹ بعد ہی وہاں ایک سجے سجائے کمرے کی جگہ ملبے کا ڈھیر پڑا تھا۔

——— اور اس کمرے کے مکینوں کے جسم اس ڈھیر میں دب کر مختلف ٹکڑوں میں بٹ چکے تھے۔

——— دھماکہ اتنا زور دار تھا کہ عمارت کی بہت سی دیواروں میں دراڑیں پڑ گئی تھیں۔ کئی کمروں کی کھڑکیوں کے شیشے ٹوٹ چکے تھے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



فیضان نے صبح اٹھ کر پہلا کام یہ کیا تھا کہ یونیورسٹی جانے کے بجائے اپنے سفارت خانے پہنچ گیا۔ اس نے سفیر سے صاف صاف کہہ دیا تھا کہ وہ یکسوئی سے پڑھائی نہیں کر سکتا کیونکہ اس کی ذہنی سطح اتنی بلند نہیں۔ پھر یوں بھی اس کا شوق ہی یہاں ختم ہوتا جا رہا ہے۔ اس امر کو اس نے بطور خاص ملحوظ نظر رکھا کہ اس کی کسی بات سے سفیر یہ ہرگز محسوس نہ کر سکے کہ خدانخواستہ اس کے "انقلابی خیالات" بدل گئے ہیں اور ملائیت اس میں واپس لوٹ آئی ہے۔ سفیر نے اسے تین چار روز بعد آنے کو کہا اور یہ کہہ کر تسلی دی کہ وہ اس کے متعلق حکومت سے ہدایات لے کر جلد کوئی فیصلہ کر دے گا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# حیاتِ نو

فیضان پر صبح ہی سے ایک بے نام سی یاسیت طاری تھی۔ وہ گھبراہٹ سی محسوس کر رہا تھا ـــــــ اسی یاسیت سے نجات حاصل کرنے کے لیے وہ اپنے کمرے سے باہر نکل آیا ـــــــ آج چھٹی کا دن تھا اور یہ دن اس کے لیے ہمیشہ کوئی نہ کوئی پریشانی لے کر آتا تھا۔

یونیورسٹی سے ملحقہ باغ میں ٹہلتے ہوئے بھی اس کا ذہن بار بار ویلنٹینا میں الجھ کر رہ جاتا ـــــــ اس سے متعلق سوچنا جیسے فیضان کی عادت بنتی جا رہی تھی۔ جس جذباتیت کا شکار وہ آج ہو رہا تھا اس نے فیضان کو خاصا بزدل بنا دیا۔ کبھی کبھی تو اسے خود پر ترس آنے لگتا۔

پٹھان زادہ ہو کر وہ اتنا کمزور ہو جائے گا۔ اس نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا ـــــــ! باغ میں بھی سکون نہ پا کر وہ دریا کے کنارے چلا آیا پھر دور تک پیدل چلتا چلا گیا ـــــــ

دریا حسب سابق بڑا چپ چاپ اس کے ساتھ ساتھ بہتا چلا جا رہا تھا ـــــــ کبھی کبھی تو فیضان کو دریا کی اس پر اسراریت سے چڑ سی محسوس ہونے لگتی تھی۔ یہ خواہش بڑی شدت سے اس کے من میں انگڑائی لیتی کہ دریا کے ان پانیوں کو زبان مل جائے اور وہ چیخ چیخ کر وہ سب کچھ فیضان کو بتا دیں جو آج تک ان کے سینے میں گرداب کی طرح بل کھا رہا تھا۔

سورج نے ڈرتے ڈرتے ماسکو کی کہر آلود صبح کے پہلو سے جھانکا تھا ـــــــ اس کی کپکپاتی روشنیاں منجمند ماحول سے دریا کی شوریدہ سر لہروں کی طرح اپنا سر پٹخ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



رہی تھیں ـــــــ!!

دھوپ کے رنگ میں زردی گھل رہی تھی۔ اس زردی مائل دھوپ نے بھی فیضان کو تازگی کا احساس دلایا ـــــــ ویلنٹینا کا خیال پھر اچانک اس کے لاشعور کی گہرائیوں سے نکل کر اس کے شعور پر غالب آنے لگا ـــــــ!!

ایک کلی سی اس کے دل میں چٹخی اور ٹوٹ گئی ـــــــ!!

"میں اتنا کمزور کیوں ہو گیا ہوں ـــــــ؟" اس نے خود سے سوال کیا۔

پھر اس سوال کا کوئی جواب نہ پا کر اس نے اپنی نظریں دوبارہ پانیوں پر رقص کرتی سورج کی کرنوں پر گاڑ دیں۔

دور دور تک کسی ذی ہوش کا نام و نشان دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ ماحول پر طاری اس منحوس سی خاموشی سے اب اسے وحشت ہونے لگی تھی۔ اس نے شدت سے محسوس کیا کہ روس کے لوگوں کی طرح یہاں کا ماحول بھی بڑا منافق اور خاموش ہے۔

کچھ دور اب اسے دریا کے کنارے ٹہلتے دو تین بوڑھے بھی نظر آنے لگے تھے۔ لیکن یہ سب لوگ ایک دوسرے سے اس طرح نظریں چرا رہے تھے جیسے ایک دوسرے کے چور ہوں ـــــــ!

اس لمحے نہ جانے کیوں شدت سے اس کا جی چاہا کہ دریا کی ان لہروں سے ویلنٹینا نکل آئے اور اسے اپنی آغوش میں سما لے ـــــــ! خاصی دیر تک وہ لہروں پر نظریں جمائے اسی سوچ میں مستغرق رہا لیکن پانی اس کی سوچ کے تابع نہ ہو سکا۔

یاسیت کا احساس بڑھنے لگا۔ ایک پژمردگی اسے اپنے شکنجے میں کسنے لگی۔ پھر اچانک ہی ایک خیال سے وہ مہک اٹھا اور اس کے قدم بے اختیار ویلنٹینا کے فلیٹ کی طرف بڑھنے لگے۔

اپنی دانست میں اس نے یہی چاہا تھا کہ اچانک ویلنٹینا کے دروازے پر دستک دے کر اسے حیران کر دے گا ـــــــ آج اس کا دل ویلنٹینا سے بہت کچھ کہنا چاہتا تھا۔ اس نے شدت سے چاہا کہ اپنا سینہ کھول کر اس کے سامنے رکھ دے گا ـــــــ! اسے بتائے گا کہ وہ کس شدت سے اس کے دام الفت میں الجھ کر رہ گیا

ہے۔

تین چار میل کا پیدل سفر اس نے خوابوں کے تانے بانے سلجھاتے اور الجھاتے ہوئے طے کیا تھا —— راستے میں اسے کچھ لوگ ملے ضرور تھے لیکن حسب عادت سب ایک دوسرے سے کنی کترا کر گزر گئے۔

دھڑکتے دل اور لرزتی تمناؤں کے ساتھ اس نے ویلنٹینا کے دروازے پر دستک دی۔ پہلی کے بعد دوسری پھر تیسری دستک پر اسے مہربان قدموں کی چاپ سنائی دی۔ تو اس کے دل کی دھڑکنیں پھر غیر متوازن ہونے لگیں ——!!

دروازہ ایک سپاٹ چہرے والی ڈھلتی عمر کی خاتون نے کھولا۔ اس کا شباب گو کہ استبداد زمانہ کی بھینٹ چڑھ چکا تھا —— لیکن فیضان کے دل نے بے اختیار کہا۔ ویلنٹینا کی ماں اسی کو ہونا چاہیے۔

"تم فیضان ہو؟" —— مہربان چہرے نے اس کے کچھ پوچھنے سے پہلے ہی اس سے پوچھ لیا۔

"جی! جی! ویلنٹینا کہاں ہے؟" —— اس سوال نے اسے گڑبڑا کر ہی تو رکھ دیا تھا۔

"تمہارے لیے ایک پیغام ہے" —— یوں لگتا تھا جیسے خاتون الفاظ کا چناؤ بڑی احتیاط سے کر رہی ہے۔

فیضان کا دل دھک سے رہ گیا ——!!

"ویلنٹینا کہاں گئی؟" —— اس کی بیقراری سے عیاں تھی۔

"اندر آ جاؤ" —— خاتون نے جیسے اس کے سوال سے متعلق جواب نہ دینے کی قسم کھا رکھی تھی۔

عورت کے پیچھے وہ کسی سحر زدہ معمول کی طرح اندر آگیا —— ویلنٹینا کی ماں نے جس کمال ہمت سے اپنے جذبات پر پردہ ڈال رکھا تھا اس کے لیے فیضان کے دل سے بے اختیار واہ نکل گئی۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

"بیٹھو!"——— ستم رسیدہ خاتون نے اس مرتبہ جب فیضان کی طرف دیکھا تو اس کی آنکھوں میں تڑپتی نمی نے فیضان کو بے چین کر دیا۔

قمیض کی آستین سے آنکھیں پونچھتی وہ دوسرے کمرے میں چلی گئی۔ واپسی پر وہ ہاتھ میں ایک لفافہ تھامے ہوئے تھی۔

"یہ تمہارے لیے ہے۔" اس نے ہچکیوں کا گلا گھونٹتے ہوئے کہا۔ آنسو بے اختیار اس کے گالوں پر پھیلتے چلے گئے۔

فیضان کو یوں لگا جیسے کسی نے اس کا دل مٹھی میں لے کر مسل دیا ہو۔

کسی غیر مرئی عمل کے تابع اس نے ہاتھ بڑھا کر خط تھام لیا۔

"بیٹا یہ خط لے کر جتنی جلدی ممکن ہو یہاں سے نکل جاؤ——— دوبارہ کبھی اس طرف نہ آنا"——— آخری فقرے پر اس نے سسکیاں لے کر رونا شروع کر دیا۔

فیضان کٹ کر رہ گیا———!

اسے سمجھ نہیں آ رہی تھی کیا کرے؟ کسی سحر زدہ معمول کی طرح وہ اٹھ کر کھڑا ہوا۔ اس نے چاہا ہمدردی کے دو بول اس محترم خاتون کی نذر گزارے لیکن الفاظ اس کے حلق میں اٹک کر رہ گئے۔

خاتون جسے صورت حال کی نزاکت کا احساس شدت سے تھا اپنی آستین سے آنکھیں پونچھتی دوبارہ اس کی راہنمائی کرتی باہری دروازے تک آئی۔ دروازے کے قریب رک کر اس نے فیضان کی آنکھوں میں جھانکا——— اس لمحے فیضان کو و یلنٹینا اس محترم خاتون کی آنکھوں سے جھانکتی دکھائی دی۔

خاتون نے دونوں ہاتھ اس کے کندھوں پر رکھے اور سر اونچا کرتے ہوئے اس کے ماتھے پر بوسہ دے کر کہا۔ "مجھے معاف کرنا بیٹا! تمہیں بیٹھنے کو بھی نہیں کہہ سکتی۔"

فیضان کی قوت گویائی چھن چکی تھی۔ اسے کچھ نہیں سوجھ رہا تھا کہ اسے کیا جواب دے۔ خاتون نے آگے بڑھ کر دروازے کا ہینڈل گھمایا——— یہ گویا رخصتی کا اشارہ تھا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



فیضان کے باہر نکلتے ہی اس نے مزید کچھ کہے بغیر دروازے بند کر دیا۔!!

---

شدت غم سے بے حال ہونے کے باوجود فیضان نے دوسرے ہی لمحے معاملات کی سنگینی کا احساس کر لیا۔ یہ اس کی خوش قسمتی تھی کہ کے جی بی نے اسے یہاں نہیں دیکھا تھا ورنہ شاید یہ خط بھی اس تک کبھی نہ پہنچ پاتا۔

یونیورسٹی جانے کا خیال اس کے دل سے نکل گیا اور لمبے لمبے ڈگ بھرتا وہ دوبارہ دریائے سرخ کے کنارے پہنچ گیا—— اس مرتبہ اس نے خاص طور سے احتیاط کی تھی کہ کوئی اسے دیکھ نہ سکے۔

ایک محفوظ کونے میں پہنچ کر وہ دریا کے کنارے ایک پتھر پر بیٹھ گیا۔ دھڑکتے دل اور کپکپاتے ہاتھوں سے اس نے لفافہ چاک کیا—— اور سفید کاغذ پر بکھرے الفاظ کے پس منظر سے ویلنٹینا کی شبیہہ نکل کر اس سے مخاطب ہو گئی۔

فیضان!

تمہیں یہ خط اس وقت ملے گا' جب میں اس دنیا سے جا چکی ہوں گی۔ مجھے یہ کچھ لکھتے ہوئے روحانی کرب کے جس شدید احساس سے دو چار ہونا پڑا ہے۔ اس کا شاید تم کبھی اندازہ نہ کر پاؤ۔

میں جانتی ہوں تمہیں بہت دکھ ہو گا لیکن میں سب کچھ کرنے پر مجبور ہوں۔

سچی بات تو یہ ہے فیضان کہ شعور کی آنکھ کھولنے کے بعد سے میں نے کبھی خود کو عورت جانا ہی نہیں تھا۔ میں نے ابھی جوانی کی ابتدائی منازل طے ہی کی تھیں جب میرا بدقسمت باپ کے جی بی کی درندگی کی بھینٹ چڑھ گیا——

وہ بالکل سیدھا سادا انسان تھا—— اپنے کام سے کام رکھتا تھا۔ اور یہی اس کا سب سے بڑا گناہ تھا۔ جانے وہ کونسی منحوس گھڑی تھی جب میرے باپ نے کسی کے سامنے سوشلزم کو برا بھلا کہہ دیا۔

اس روز آدھی رات گئے ہمارے گھر کے دروازے پر دستک ہوئی تو جیسے مجھے خود ہی آنے والی اذیتا کیوں کا ادراک حاصل ہو گیا۔ میری ماں نے اٹھ کر

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



دروازہ کھولا اور سفید کپڑوں میں ملبوس کے جی بی کے درندے ہمارے گھر میں گھس آئے ـــــ پہلے تو انہوں نے وحشیانہ انداز میں میرے والد کو پیٹنا شروع کر دیا۔ پھر انہیں آدھ موا کر کے گھسیٹتے ہوئے باہر لے گئے۔

میری والدہ نے روتے ہوئے جب اپنے بے بس خاوند کی مدد کو آگے بڑھنا چاہا تو دو درندے ان پر بھی پل پڑے ـــــ انہوں نے ہم دونوں بہنوں کے منہ پر بھی تھپڑ مارے ـــــ وہ ہماری بدبختی کا آغاز تھا۔

اگلے روز مجھے وہ لوگ والد سے ملانے لے گئے۔ جس نے مجھے کہا کہ اب اس کی زندگی اس صورت ممکن ہے کہ میں ان بھیڑیوں کے اشارہ پر ناچتی رہوں۔

میں آرٹس کی طالبہ اور خواب دیکھنے والی لڑکی تھی۔ بچپن ہی سے میری ماں نے جو خود بھی اچھا گانے والی عورت تھی مجھے گیت سنا سنا کر میری روح میں ایک نغمگی گھول دی تھی۔ میں نے زندگی کے اس بھیانک روپ کا تو کبھی خواب میں بھی تصور نہیں کیا تھا۔

میں نے اپنی ماں کو تھیٹروں میں گاتے اور ہزاروں لوگوں سے داد وصول کرتے پایا تھا۔ میں تو مغنیہ بننا چاہتی تھی ـــــ اپنے گیتوں سے فضاؤں میں رس گھول کر کائنات کے وسیع کینوس میں حسین رنگ بھرنے کے خواب دیکھا کرتی تھی۔

یکایک جیسے کسی نے مجھے آسمان کی بلندیوں سے اٹھا کر تحت الثریٰ کی گہرائیوں میں پھینک دیا۔!

ان لوگوں نے اپنے مذموم مقاصد کی بجا آوری کے لیے سب سے پہلے مجھے آبرو باختہ کیا ـــــ وہ درندے جانتے تھے مجھ میں نسوانیت کوٹ کوٹ کر بھری ہے ـــــ سب سے پہلے انہوں نے میری نسوانیت کو کچلا۔ مجھے احساس دلایا کہ میں نہ کبھی عورت تھی نہ ہوں۔ میں صرف ایک سوشلسٹ روسی خاتون ہوں جسے انقلاب کی بجا آوری کے لیے جنم دیا گیا اور جس کی روح اور جسم پر اس کا کوئی نہیں صرف اور صرف اس کی سٹیٹ کا حق ہے۔

ان لوگوں نے میرے دامن عصمت کو داغدار کیا۔ میری نسوانی حیا کو نوچا کھسوٹا۔ اتنی بے رحمی سے میرا روحانی پوسٹ مارٹم کیا کہ ساری پاکیزگی کو نوچ کر

www.iqbalkalmati.blogspot.com



میرے جسم سے الگ کر دیا۔

میں عورت سے فاحشہ بن گئی۔!!

میری روح تو مر ہی چکی تھی۔ جسم ان لوگوں کی ملکیت بن گیا۔ میں پانچ سال تک اپنا جسم انسان نما درندوں سے سرخ انقلاب کے لیے نچواتی رہی۔

مجھے ایئرہوسٹس بنا کر یہ ڈیوٹی سونپی گئی کہ تم جیسے سادہ لوح نوجوانوں کو سرخ انقلاب کا گرویدہ بناؤں۔ مجھے بتایا گیا کہ مرد کے دل میں اترنے کے لیے اسے اپنے جسم کا اسیر بنالوں ——— اور میں کٹھ پتلی کی طرح ان کے اشاروں پر ناچتی چلی گئی۔

میں نے جانے کتنے معصوم اور بھولے بھالے لوگوں کا خون کیا۔ انہیں انسانیت کی سطح سے گرا کر "انقلابی درندے" بنا دیا ——— خود تو میں قعر مذلت کی گہرائیوں میں دفن تھی ہی۔ ان بے گناہوں کو بھی اپنے ساتھ ہی دفن کرتی رہی۔

جس روز میری ڈیوٹی تم پر لگی تھی اور مجھے کہا گیا کہ اس نوجوان کو قابو کر کے کامل میں اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کے لیے آلہ کار بناؤ۔ اس روز مجھے یہ احساس قطعاً" نہیں تھا کہ مجھ میں مرجانے والی ویلنٹینا کبھی زندہ بھی ہو جائے گی۔

لیکن تم سے پہلی ملاقات پر ہی مجھے یوں لگا جیسے میری ذات پر چڑھا آہنی خول تڑخ کر رہ گیا ہو ———!!

میں فاحشہ سے دوبارہ عورت بننے لگی تھی فیضان ———! جانے وہ کون سا کمزور لمحہ تھا جب تم چپکے سے میرے دل کے کسی زنگ آلود دریچے کو کھول کر اس میں آن بیٹھے۔!

یہ میری بربادی کا آغاز تھا ———!!

تم نے اپنی معصوم باتوں اور حرکتوں سے مجھے عورت بنانا شروع کر دیا ——— اور میں بے بسی سے اپنے لٹنے کا تماشا دیکھتی رہی ——— جانے کتنی دفعہ میرا جی چاہا کہ تمہیں بھی اپنے جسم کا اسیر بنالوں' لیکن تم تو میری روح کی گہرائیوں میں اتر گئے تھے ——— تم نے تو جیسے مجھ پر محبت کا اسم اعظم پڑھ کر پھونک دیا تھا۔ تمہیں اپنے نزدیک پا کر بجائے اس کے میری حیوانیت جاگے۔ مجھ میں پاکیزہ نسوانیت زندہ ہونے

www.iqbalkalmati.blogspot.com :مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



لگتی تھی۔

فیضان!

میں نے کئی مرتبہ چاہا کہ تمہاری محبت کے ان گہرے پانیوں سے نکل کر دوبارہ اپنی اصلیت کی طرف لوٹ جاؤں' لیکن میرے لیے یہ ممکن ہی نہیں رہا تھا۔ میں تو تمہاری محبت کے سمندر میں غرق ہوتی چلی جا رہی تھی ——— بے خودی کا ایسا ان دیکھا عالم مجھ پر طاری ہو رہا تھا کہ جس میں میری اپنی ذات کی تو کوئی حیثیت جیسے رہ ہی نہیں گئی تھی۔ بس مجھ میں تو تم ہی تم تھے۔

کل مجھے سختی سے حکم دیا گیا کہ تمہارے ساتھ جنس کا گھناؤنا کھیل کھیلوں اور اس کی فلم تیار کر کے اپنے مالکوں کو پہنچاؤں تاکہ اس کے بل بوتے پر وہ تمہیں بلیک میل کر کے اپنے گھناؤنے مقاصد کے لیے استعمال کر سکیں۔

فیضان!

یہ ناممکن تھا ———!

میں ان درندوں کو یہ کیسے سمجھاتی کہ ان کی لاکھ کوششوں پر بھی مجھ میں موجود عورت ابھی عورت نہیں ———!!

اب میرے لیے دو ہی راستے تھے یا تو ساری زندگی کے لیے سائبیریا کے سرد جہنم زاروں میں سڑتی رہوں یا پھر موت کو گلے لگا لوں۔

میں نے دوسرا راستہ چنا ہے ———!

لیکن میں اکیلی نہیں مروں گی۔ کم از کم دو چار درندوں کو ضرور اپنے ساتھ جہنم رسید کروں گی۔

میں جا رہی ہوں فیضان۔ اس دعا کے ساتھ کہ میرا عزم متزلزل نہ ہو۔

کاش! تم اس وقت مجھے دیکھتے۔ میں یہ فیصلہ کرنے کے بعد کتنی مطمئن ہوں۔ کوئی پچھتاوا نہیں مجھے ——— میں بہت پرسکون ہوں۔ بس ایک دکھ ہے ——— تمہیں ہمیشہ کے لیے کھو دینے کا دکھ ———!

لیکن سوچتی ہوں زندگی میں سب کچھ پانے ہی کو نہیں ہوتا۔ ہر پھول ایک سی قسمت لے کر دنیا میں نہیں آتا ———

www.iqbalkalmati.blogspot.com



تم محبت کی خوشبو ہو فیضان ــــــــ!

میں نے تمہیں بہت محسوس کیا ہے ــــــ تمہیں پایا نہیں ــــــ لیکن تمہیں مجھ سے کوئی چھین نہیں سکتا ــــــ!!

کوئی نہیں چھین سکتا ــــــ!

مجھے علم ہے میری موت کا تمہیں دکھ تو ہو گا ــــــ لیکن اسے روگ نہ بنا لینا۔ ورنہ میری روح کو کبھی قرار نہیں آئے گا۔ میں تمہارے لیے صرف ایک پیغام چھوڑ کر جا رہی ہوں۔ یہ پیغام اپنے ملک کے کونے کونے میں پہنچا دو ــــــ اپنے ملک کے بچے بچے کو بتا دو کہ انقلاب کی آڑ میں انکی غیرت کا سودا کیا جا رہا ہے ــــــ اگر خدانخواستہ اس انقلاب نے افغانستان میں بھی قدم جما لیے تو ان لوگوں کا حال بھی دوسروں سے مختلف نہیں ہو گا۔

غلامی کا ایک ایسا طوق ان کے گلے میں پڑ جائے گا جسے اتارنا پھر کبھی ممکن نہیں رہے گا۔

فیضان! میرے لیے کبھی نہ رونا ــــــ کوئی پچھتاوا کبھی تمہارے نزدیک نہ پھٹکے اگر تم نے میرا پیغام اپنے ہموطنوں تک پہنچا دیا تو میں سمجھوں گی تم نے محبت کا حق ادا کر دیا ــــــ!

میں تو مر کر یہ قرض اتار رہی ہوں۔

خدا کے لیے جتنی جلد ممکن ہو ماسکو سے نکل جاؤ!

تمہاری

ویلنٹینا

وہ خط پڑھ رہا تھا اور آنسو اس کا چہرہ بھگو رہے تھے ــــــ! خط کے خاتمے پر فیضان بچوں کی طرح سسکیاں لے کر رونے لگا ــــــ!

اس کی آنکھوں کا سارا پانی دریا بنتا رہا ــــــ جانے کتنی دیر تک اس کی آنکھیں خون روتی رہیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



پھر جیسے اسے قرار آ گیا——— وہ اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ خط کو مقدس دستاویز کی طرح اس نے تہہ کر کے اپنی جیب میں چھپا لیا۔ اب یہ خط اس کا سرمایہ حیات تھا۔

اچانک ہی ایک کرودھ اس کے اندر جاگ اٹھا——— اس نے اپنی خونیں نظریں دریائے سرخ پر گاڑ دیں۔

ویلنٹینا! اس نے دل ہی دل میں اپنی محبوبہ کو نذر عقیدت گزاری۔ خدائے لم یزل کی قسم! جب تک میرے جسم میں خون کا ایک قطرہ بھی باقی ہے۔ میں ان سرخ لٹیروں کے خلاف لڑتا رہوں گا۔ میں ان کے قدم کبھی اپنی مقدس زمین پر جمنے نہیں دوں گا۔ تمہارے خون کا ایک ایک قطرہ آج سے مجھ پر قرض ٹھہرا۔

خدا کرے اس قرض کی مکمل ادائیگی سے پہلے مجھے کبھی .ت نہ آئے

——— ایک ولولہ تازہ———

ایک عزم نو———

ایک جذبہ جہاد لے کر وہ اٹھا اور لمبے لمبے ڈگ بھرتا یونیورسٹی کی طرف چل دیا۔ اس کے قدم بڑی مضبوطی سے زمین پر جم رہے تھے۔ ویلنٹینا کی مسکراتی آنکھیں راستے کے دونوں اطراف کے پھولوں میں سے جھانکتی اسے صاف دکھائی دے رہی تھیں۔

# گمُ شُدہ اَوراق

دریائے موسکوا کی تڑپتی بل کھاتی لہروں پر نظریں جمائے وہ کب سے کھڑا تھا۔

دریا اپنے جوبن پر تھا—— شوریدہ سر لہریں شور مچاتی ساحلوں سے ٹکرا رہی تھیں اور فیضان کو یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے ان لہروں کی تمام تر شوریدہ سری اس کے اندر در آئی ہے۔

اس کی رگوں کے کھولتے خون میں دریا کی طغیانی سے زیادہ جوش و خروش مچل رہا تھا۔ اسے رہ رہ کر ویلنٹینا کے وہ الفاظ یاد آ رہے تھے جو اس نے فیضان کو اس کے لیے ملک افغانستان کی بدقسمتی سے متعلق کہے تھے۔

وہ سوچنے لگا تھا: "کہ اس کے آباؤ اجداد نے جب ان سرکش لہروں کو سر کیا تھا' تب بھی دریائے موسکوا کی طغیانیوں میں یہی جوش و جلال کار فرما تھا؟

اس کا ذہن پانچ سو سال پیچھے لوٹ گیا اور اسے تاتاریوں کے گھوڑوں کی ٹاپیں ریڈ سکوائر کے ان دفاتر کے سامنے گونجتی سنائیں دیں جہاں بیٹھ کر آج زار روس کے پیروکار اپنے چہروں پر امن و آشتی کا لبادہ اوڑھ کر تیسری دنیا کے کمزور ممالک کے عوام کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں۔

اس کے استاد نے کئی برس قبل کابل کے ایک سکول میں تاریخ کا سبق پڑھاتے ہوئے اسے بتایا تھا: "کہ عثمانیوں کے گھوڑوں نے مشرقی اور مغربی یورپ کے قریباً" ہر ملک کو اپنے سموں تلے روند ڈالا تھا" اور——

تیمور لنگ نے جب روس کا رخ کیا تو یہاں بستیاں اس کی دہشت سے خالی

www.iqbalkalmati.blogspot.com :مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہو گئی تھیں۔ اس کے بوڑھے استاد نے یہ بھی کہا تھا: "بیٹے! تم یہاں سے جب فارغ ہو کر کالج میں جاؤ گے تو تمہیں ایک دوسری خود ساختہ اور جعلی تاریخ پڑھنے کو دی جائے گی لیکن تم اپنی جستجو سے اصلی سچی اور کھری تاریخ تلاش کرنا ——— اسے پڑھنا اس تاریخ کو پڑھنا جو استعمار کی جادو گری سے محفوظ رہی ہو! یہ تاریخ تمہیں استعماری قوتوں کے ہتھکنڈوں سے روشناس کرائے گی اور ان کے ہاتھوں زخم خوردہ اقوام کے کلیجوں میں پڑنے والے گھاؤ بھی دکھائے گی" ———

دریائے موسکوا کے کنارے کھڑے فیضان اوغلو کو آج شدت سے اپنا وہی بوڑھا استاد بار بار یاد آ رہا تھا جسے اس نے نہ جانے لاشعور کے کن کونوں کھدروں میں دفن کر رکھا تھا۔ اس کے سینے سے ایک ہوک سی اٹھی: خدا جانے وہ آج زندہ بھی ہے یا انقلاب کی بھینٹ چڑھ چکا ہے ———؟

اس کے معزز استاد نے کہا تھا: "بیٹا! ——— استحصال کا شکنجہ اتنا زبردست ہوتا ہے کہ زیرِ دستوں کے زخم ناسوروں میں بدل جاتے ہیں ——— غصب شدہ قوموں کے اجسام اور روحیں گل سڑ جاتی ہیں ——— ان کے افکار، نظریات اور عظیم روایات سب ہی کچھ سامراج کی بھینٹ چڑھ جاتا ہے اور یہ سامراج اگر کوئی ملک چھوڑ کر بھی چلا جائے تو اپنے پیچھے وہ انسانوں کے بجائے غلاموں کی ایک ایسی بھیڑ چھوڑ جاتا ہے جو اس کی غیر موجودگی میں بھی اس کے نظریات و افکار کے گن گاتی رہتی ہے ———!"

آج، وہ سسکا: "——— یہی کچھ ہونے والا ہے میرے ملک میں بھی ———"!!

لیکن آخر یہ سب کچھ کیوں ہوتا ہے؟ کیا وہ اس قوم کا ایک فرزند نہ تھا۔ جس نے خیبر کی چوٹیوں کو سر کرتے ہوئے ——— پنجاب کی ہریالیوں کو زیر کیا! سندھ کے تپتے ریگزاروں کو پاٹ کر سومنات کے غرور کو بھی اپنے پاؤں تلے روند ڈالا تھا؟

اس کے اجداد نے صدیوں برصغیر پر حکومت کی تھی ——— اسلام کے ابدی پیغام کو راس کماری سے کنیا کماری تک پہنچایا تھا ——— سمرقند و بخارا ——— اس کی تاریخ تھی! وہ یاد کرنے لگا:

"یہ بہت پرانی بات نہیں تھی ——— اکتوبر ۱۹۱۷ کے انقلاب سے پہلے روس

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کی بیشتر آبادیاں مکمل طور پر مسلمان بستیاں تھیں——زاران روس کے جبر و تشدد کے باوجود انہیں اس وقت بھی اپنے داخلی معاملات میں کچھ نہ کچھ آزادی بہرحال حاصل تھی——!!

اسے آج بڑی شدت سے تاریخ کا فراموش کردہ وہی باب یاد آ گیا تھا ——وہ بھولا نہ تھا کہ: "روس کی سولہ جمہوریتوں میں سے پہلی آٹھ خالصتاً" مسلم آبادیاں ہیں۔ اور باقی ۹ تا ۱۶ جمہوریتوں کے اندر بھی خاصی تعداد میں مسلمان موجود ہیں۔" وہ انہیں اسی طرح دیکھ رہا تھا۔

جمہوریہ روسیہ کے اندر شمالی قوقاز' جزیرہ نمائے قرم اور ایدل اورال (وانگا کے گردوپیش کے علاقے) میں اس کے آباؤ اجداد تاتار اور باشکر آباد ہیں——"

ازبکستان' تاجکستان' ترکمانستان قرغیزستان۔ شمالی آذر بائیجان اور شمالی قوقاز——یہ سب اس کے اپنے لوگ ہیں۔

روسی ترکستان میں ماوراء النہر کا دو آبہ مسلمانوں کے تاریخی نقوش' مراکز بخارا' سمرقند خیوہ (خوارزم) اور فوقند کے نقوش اپنے سینے پر سجائے آج بھی نشان عبرت بنا کھڑا ہے۔ امام بخاری' ترمذی' زمخشری' سرخسی اور فلاسفہ عظام فارابی و ابن سینا اسی خطے میں محو خواب ہیں۔

ابن قفال' ابوعبدالرحمن سلمی' حافظ ابن مندہ' ابن نصر' عمر بن قطافہ' حافظ ابوسعید ہیثم بن کلیب شاشی——اسے ایک ایک بھولی ہوئی کہانی یاد آ رہی تھی۔

سمرقند تیمورلنگ کا دارالحکومت تھا۔ جسے "روئے زمین است" کہا گیا—— "مسجد ٹیلہ" مسجد بی بی خانم اور خاندان تیموریہ کے آخری حکمران الغ بیگ گورگان کا مدرسہ "الغ بیگ گورگانی" سمرقند کی عظیم اسلامی درسگاہیں اور مساجد اس کے لاشعور میں انگڑائیاں لے لے کر جاگنے لگیں——!

دریائے موسکوا کی طغیانی سے اس کی رگوں میں کوندتی بجلیاں بہت زیادہ قوت کے ساتھ اس کے شعور کو ڈسنے لگیں۔

تیمور کے چہیتے پوتے ولی عہد سلطان محمد گورا میر کا مقبرہ جس کی نظیر ایشیائے کوچک میں نہیں ملتی۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سمرقند کی خاک ہی سے امام الہدیٰ' ابواللیث نصر بن محمد السمر قندی علم اخلاقیات کے موجد ابوزید دبوسی سمر قندی' حافظ رجاء' امام ابوداؤد (ابن ماجہ کے مشہور شاگرد تھے) اصحب تحفتہ الفقہاء علاؤ الدین محمد بن احمد سمر قندی علم الکلام کے شاہوار۔ ابومنصور ماتریدی سمرقندی۔

بخارا کا مدرسہ میر عرب۔ مسجد کلاں' مینار کلاں جو وسط ایشیا کا سب سے بلند مینار ہے۔

بخارا ہی کا مدرسہ عبدالعزیز' مدرسہ کلتاش وہ عظیم درسگاہیں تھیں جن سے لاکھوں نے اکتساب فیض کیا جنہیں آج کے زاروں نے کھنڈرات کا ڈھیر بنا دیا ہے۔

مسجد مغنی عطاء' مسجد مصلی اور سلسلہ نقش بندیہ کے بانی خواجہ بہاؤ الدین نقشبندی کا مدفون۔

سمرقند کے مضافات میں محدث جلیل امام محمد بن اسمٰعیل بخاری صاحب "الجامع الصحیح" مشہور فقیہ ابو جعفر محمد بن عبداللہ ہندوانی بلخ کے آئمہ جنہیں فقہ میں غیر معمولی دسترس کی وجہ سے چھوٹے ابوحنیفہ کہا جاتا ہے۔

ماورالنہر کے عظیم امام ابوبکر خواہرزادہ محمدم بن حسین' شمس الائمہ عبدالعزیز بن احمد الحلوانی' قاضی خان کے استاد ابواسحاق ابراہیم بن اسمٰعیل ——— ان سب نے خاک بخارا ہی سے جنم لیا تھا۔

خوازرم کے ابوبکر خوازرمی۔ محدث محمد بن محمود خوازرمی (علم کلام' طب' حساب' ریاضی اور فلکیات پر محمود خوازرمی نے ہی سب سے پہلے انسائیکلوپیڈیا تالیف کیا)

اسی طرح جمہوریہ ترکمانستان میں "مرو" کے ہزاروں علمائے کرام۔ جمہوریہ قرغیرستان کے "اوش" شہر کے امام الحرمین' جمہوریہ قازقستان کے قازق ترک شہسوار اور علماء اسے فراموش کردہ ساری کہانیاں یاد آ گئیں۔

تاریخ زندہ ہو کر اس کے سامنے آن کھڑی ہوئی تھی۔

وقت نے دست سوال اس کے سامنے دراز کرکے اس کے ضمیر کو جنجھوڑتے ہوئے پوچھا تھا ——— کہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



تھے وہ آبا تمہارے ہی مگر تم کیا ہو؟

—O—

اس سوال کا کوئی جواب نہ پا کر وہ گور کی پارک میں چلا آیا——!
یہاں سے اس کی یونیورسٹی نزدیک ہی تھی——یونیورسٹی میں داخل ہوتے ہی سب سے پہلے اس کی نظر مرکز علوم شرقیہ پر پڑی——اس کا خون کھول اٹھا۔
اسے اچھی طرح سمجھ آ گئی: "کہ ۱۹۵۳ء میں یہ یونیورسٹی اس لیے قائم ہوئی تھی کہ یہاں تیسری دنیا کے بھولے بھالے' جذباتی اور بدقسمت نوجوانوں کو اکٹھا کر کے ان کے ذہنوں میں مسموم نظریات انجیکٹ کیے جائیں اور انہیں عالمی انقلاب کا بے ہودہ سبق اور جذباتی نعرے دے کر ان کے ملکوں میں موجود نظام ہائے زندگی کی بیخ کنی کے لیے واپس بھیج دیا جائے!"

اس علوم شرقیہ کی عمارت سے اسے ایسے کئی بدقسمت ممالک کے نوجوان لڑکے اور لڑکیاں نمودار ہوتے دکھائی دیئے۔ جن کی شکلیں' عادات' اطوار اور مذاہب تو مختلف تھے لیکن اس ڈیپارٹمنٹ میں ان سب کو انقلاب کی ایک ہی تھیوری رٹائی جا رہی تھی۔

——ایک ہی طرح کا زہر ان سب کی رگوں میں اتارا جا رہا تھا——!!
——ایک ہی قسم کے نظریات ان کے اذہان میں ٹھونسے جا رہے تھے——!

اور یہ سب تیسری دنیا کے وہ بدقسمت اور بدبخت نوجوان لڑکے اور لڑکیاں تھے جو ترقی پسندی کی مذبح گاہ پر بڑی پر بڑی خوشی سے اپنے جسم و جان کا بلی دان دے رہے تھے——ان کی حکومتیں جو بلاشرکت غیرے ان کے دل و دماغ پر بھی حکومت کرنے کی دعوے دار تھیں نے' ان بے چاروں کو چند ٹینکوں' ہوائی جہازوں' سڑکوں' پلوں اور خوراک کے عوض——غیروں کے ہاتھ گروی رکھ دیا تھا۔
"بردہ فروشی کی ایسی بھیانک تصویر اس سے پہلے انسانی تاریخ میں کس نے دیکھی ہو گی——"

www.iqbalkalmati.blogspot.com مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

اسے ان نوجوانوں کے آقاؤں سے کراہت سی محسوس ہونے لگی۔

اس کی نظریں یونیورسٹی کی عظیم الشان عمارت کے مختلف بلاکوں کا جائزہ لیتی ہوئیں آخر سائنس بلاک پر آ کر جم گئیں —— ایک زہر خندہ مسکراہٹ اس کے ہونٹوں پر خود بخود پھیلتی چلی گئی۔

وہ جانتا تھا اس بلند و بالا عمارت میں —— تعلیم کی آڑ میں تخریب کاری کا سبق پڑھایا جا رہا تھا —— یہاں نوجوانوں کو اپنے ہی ملک' اپنے ہی لوگوں کو تباہ و برباد کرنے کی تربیت دی جا رہی تھی۔

یہاں پل اور سڑکیں بنانے کے بجائے انہیں اڑانے کے طریقے بتائے جاتے تھے —— انہیں تعمیر کے بجائے تخریب کاری کا درس دیا جا رہا تھا۔

اس نام نہاد درس گاہ میں تاریخ کا وہ شعبہ بھی قائم تھا جہاں تاریخ کی دھجیاں بکھیری جاتی تھیں —— جہاں دنیا کے تمام عظیم انسانوں کو محض اس گناہ کے پاداش میں عظیم نہیں سمجھا جاتا تھا کہ وہ کمیونسٹ نہیں تھے —— جہاں مذاہب کی تضحیک یہ کہہ کر کی جاتی تھی کہ یہ امراء کا ہتھیار ہے —— افیون ہے جو غریب عوام کو کھلا کر ہمیشہ کی نیند سلا دیا جاتا تھا۔

—O—

اس کا دل کلاس روم میں جانے کو نہیں چاہ رہا تھا —— وہ سیدھا لائبریری میں گھس گیا۔

آج اس کا رخ لائبریری کے ان گوشوں کی طرف تھا جس طرف کسی کو بھولے سے بھی جانے کی ہمت نہ پڑتی تھی۔ جہاں الماریوں میں کتابیں محض اس لیے سجائی گئی تھیں کہ انہیں صرف غیر ملکی وفود دیکھ سکیں اور بس ——

فیضان کے قدم بے اختیار اس سمت اٹھ رہے تھے ——

اس کی نظریں قد آدم الماریوں میں سجی کتابوں پر رینگتی ہوئیں بالآخر ایک کتاب پر آ کر ٹھہر گئیں —— یہ کتاب عثمانیوں کے دور حکومت سے متعلق تھی!

کتاب لے کر جب وہ لائبریرین کے پاس اندراج کروانے لگا تو اس نے گھور کر

صرف ایک نظر فیضان کی طرف دیکھا اور کتاب اس کے نام جاری کر دی۔

فیضان جب لائبریری کے دروازے سے باہر نکل رہا تھا تو اسی لمحے لائبریرین بھی اس کے "ماسٹر" کو فیضان کے گمراہ ہونے کی خبر دے رہا تھا ——

—O—

اس کتاب کی حالت بتا رہی تھی کہ اسے صرف الماریوں کی سجاوٹ کے لیے ہی یہاں رکھا گیا تھا مگر کسی نے آج تک اس کا مطالعہ کرنے کی زحمت گوارہ نہیں کی تھی ——

اپنے کمرے میں آ کر اس نے ہولے سے کتاب کا سینہ چاک کیا۔ عثمانیوں کے گھوڑے اس کو مشرقی اور مغربی یورپ کو روندنے کے بعد روس کے دروازوں پر دستک دیتے صاف سنائی دے رہے تھے —— یہ اس کے اسلاف کی قابل فخر تاریخ تھی —— ایک ایسا تابناک باب تھا جو اب گرد آلود ہو گیا تھا۔

رات کے آخری پہر تک وہ کتاب کی ورق گردانی کرتا رہا۔

ایک ایک ورق پر اس کو رونا آ رہا تھا —— اس کا جی چاہتا تھا کہ گلا پھاڑ کر چلا چلا کر تیسری دنیا کے ان تمام بدبخت طالبعلموں کو بتا دے: کہ وہی قومیں زندہ رہنے کا حق رکھتی ہیں جو اپنے ضمیر کی قیمت نہیں چکاتیں۔

جو چمکتے دمکتے لوہے کو سونا نہیں سمجھتیں —— جو اپنے بل بوتے پر زندہ رہنے کی طاقت کا ادراک رکھتی ہیں اور جنہوں نے ذہنی غلامی قبول کر لی وہ روئے زمین پر اپنی مرضی کی زندگی جینے کا حق کسی غیر کے ہاتھ فروخت کر دیتی ہیں۔

—O—

کتاب ایک طرف رکھ وہ چارپائی پر لیٹا تو اس کا ذہن اپنے ملک میں پہنچ گیا۔

کوہ ہندوکش اور بامیان کے عظیم سلسلے —— دریائے آمو اور کابل کی روانیاں سرسبز پہاڑ' جنگلات' وادیاں' پھلوں سے لدے پھندے درختوں کے کبھی نہ ختم ہونے والے سلسلے اور چپے چپے پر موجود غیور افغانوں کی عظیم روایات کی ثبت

کردہ مہریں۔

"نہیں —— خدا کی قسم نہیں" —— کوئی اس کے اندر چلایا

—— "میں اپنی تاریخ کو کبھی شرمندہ نہ ہونے دوں گا——

—— میں اپنی تاریخ کو اغیار کے قدموں تلے روندتا کبھی نہ دیکھ سکوں گا۔

—— میں حق اور انصاف کے لیے' اپنے خون کا آخری قطرہ بہانے سے بھی دریغ نہ کروں گا۔

وہ تڑپنے لگا:

"لعنت ہے ایسی ترقی پر! مجھے نہیں چاہئے یہ ترقی —— مجھے صرف ایمان چاہیے۔

—— اپنے لوگوں کے لیے ایمان! ایسی قوت جو ہمیں پھر اللہ پر یقین کامل کا بھروسہ عطا کرے۔

جو ہمیں ہمت اور قوت عطا کرے——

اور اس کے دل نے گواہی دی:

"تم آج آزاد ہو گئے ہو——"

"آزاد؟" —— اس نے اپنے آپ سے سوال کیا۔

اپنے ہاتھوں اور پاؤں میں بندھی ہوئی زنجیروں کے باوجود اس نے ہتھیار ڈالنے سے انکار کر دیا تھا۔

—— وہ عام انسان سے ایک مجاہد بن گیا تھا۔

—— غازیانہ روایات کا حامل پٹھان زادہ! جو ظلمتوں کے خلاف پھر گھوڑوں کی ٹاپوں کی آوازیں سن رہا تھا۔

اور یہ آوازیں سنتے سنتے وہ نیند کی دیوی کی بانہوں میں جھولنے لگا۔

—○—

ماسکو کی صبح پر آج پھر دھند اور کہر نے قبضہ کیا ہوا تھا—— فیضان صبح

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اٹھ کر یونیورسٹی جانے کے بجائے سیدھا دوبارہ سفارت خانے میں پہنچ گیا۔

اس نے سفیر سے صاف صاف کہہ دیا: "کہ وہ یکسوئی سے پڑھائی نہیں کر سکتا۔ کیونکہ اس کی ذہنی سطح اتنی بلند نہیں!" اور دوسرے اسے کابل میں نہایت اہم کام بھی سرانجام دینے ہیں۔

"وہ کیا کام ہیں۔" سفیر اس کی بات سن کر بولا: "جو کام کابل میں ادا ہونے ہیں کیا وہ ماسکو میں سرانجام نہیں پا سکتے؟"

"جی نہیں! ان کی نوعیت ہی ایسی ہے۔" فیضان بولا۔ "وہ کام اتنے اہم ہیں کہ مجھ ہی سے متعلق ہیں اور فوری طور پر میری توجہ کے طالب ہیں۔"

اس نے باتیں کرتے وقت اس امر کو ملحوظ خاطر رکھا کہ اس کی کسی بات سے سفیر ہرگز یہ نہ جان سکے کہ خدانخواستہ اس کے "انقلابی خیالات" بدل گئے ہیں اور ملائیت اس میں دوبارہ لوٹ آئی ہے۔

کافی دیر تک مغز ماری کے بعد بالآخر اس نے سفیر کو قائل کر لیا اور تین روز بعد یونیورسٹی نے ناپسندیدہ شخصیت قرار دے کر اسے ملک سے نکال دیا۔

---

ماسکو کے ہوائی اڈے پر جہاز میں سوار ہوتے ہی اس نے گرد و پیش کا جائزہ لیا۔ اسے وہ دن یاد آ گیا جب ویلنٹینا بطور ایئرہوسٹس اس کی اور یاسمین کی خاطر داری میں لگی ہوئی تھی——— لیکن اس وقت وہ کہاں تھی؟

اس نے ہولے سے کھڑکی کا پردہ سرکایا اور خلاؤں میں گھورنے لگا——— ایئرپورٹ پر موت کا سناٹا طاری تھا——— رن وے پر کہر میں لرزتا ایک مسلح محافظ دور کھڑا اسے دکھائی دیا۔ اس سے آگے وہ کچھ نہ دیکھ سکا۔ پھر آہستہ آہستہ ایک صورت اس کے سامنے ابھرنے لگی! یہ ویلنٹینا ہی تھی۔

"ویلنٹینا!" اس کے ہونٹ لرزنے لگے: "دیکھو——— میں تمہارا ہی مشن پورا کرنے کے لیے جا رہا ہوں۔"

جانے وہ کتنی دیر یونہی بڑبڑاتا رہا اور اس کے جواب میں ایک نرم و نازک

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

ہاتھ ہواؤں میں لہراتا رہا——— جیسے اسے کوئی الوداع کہہ رہا ہو۔

"خدا حافظ" اس نے دھیمی سی آواز میں اسے جواب دیا۔ جہاز کے انجن غرانے لگے۔

"خدا حافظ۔" اس نے دوبارہ اپنا سلام دہرایا۔ "میں تو دراصل تاریخ کے گمشدہ اوراق ڈھونڈنے جا رہا ہوں——— ویلنٹینا! ویلنٹینا!! تم گوارہ رہنا۔"

جہاز نے تیز رفتاری سے رن وے پر دوڑنا شروع کر دیا تھا——— پھر ایک ہلکے سے جھٹکے سے وہ فضاؤں میں بلند ہونے لگا——— ماسکو سے وہ تیزی سے دور اور کابل سے نزدیک ہوتا جا رہا تھا———!

# مُصوّر اور تصویر

جتنی دیر جہاز محوِ پرواز رہا' فیضان اپنی سوچوں کا رخ کسی اور جانب نہ موڑ سکا' لیکن —— جونہی جہاز نے فضاؤں سے اتر کر' کابل کے رن وے کو چھوا' اس کی سوچوں کا دھارا بھی اپنا رخ بدلنے لگا۔

—— اس نے جلدی سے اپنا سوٹ کیس سنبھالا' اور مسافروں کے تعاقب میں جہاز کے دروازے کی طرف بڑھنے لگا۔ کابل سردی کی گرفت میں کپکپا رہا تھا۔ ہوائی اڈے پر جہاز لینڈ کرتے ہی سردی کی شدت بڑھنے لگی تھی —— حالانکہ ابھی دروازہ نہیں کھلا تھا۔

لیکن نجانے برفیلی ہوائیں کہاں سے اندر گھس آئی تھیں۔ پھر دروازہ کھل گیا۔ اس کی نظریں کابل ایئر پورٹ کی بلند و بالا عمارات کے عقب سے ابھرنے والے ان نقوش پر جم گئی تھیں جو آہستہ آہستہ اس کی آنکھوں کے راستے اس کے دل میں اترنے لگے تھے۔

—— وہ بجھ سا گیا۔

پھر جیسے کسی نے اس کے کانوں پر سرگوشی کی: "کیا تم تاریخ کے انہی نقوش میں رنگ بھرنے کے لیے یہاں آئے ہو جنہیں وقت کی آندھیوں اور طوفانوں نے اس قدر مدھم اور دھندلا کر دیا؟"

"ہاں!" وہ سنبھلا: "میں آج تاریخ کی اس تابناک داستان کو دہرانے آیا ہوں' جس کا اس وقت میں وارث ہوں —— اور اگر وقت نے مجھ سے وفا نہ کی تو پھر میرے بعد آنے والی نسلیں ان تصویروں میں رنگ بھر لیں گی۔"

"کہنا تو بڑا آسان ہے' لیکن ——؟" سرگوشی نے پھر اپنا سوال دہرایا:

www.iqbalkalmati.blogspot.com مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

"برخوردار! اپنے ارادوں کو بروئے کار لانے کے لیے تمہارے پاس آخر کون سے ہتھیار ہیں؟"

"دو ہتھیار۔" وہ دھیرے سے مسکرایا۔

"——— ایک ہتھیار تو میرا جذبہ ایمانی ہے اور دوسرا میرے بازو!" اس نے ہوا کی لہروں پر اپنا ہاتھ لہرایا: "میرے جسم کا تازہ اور جوان خون ان مدھم ——— مٹتے ہوئے نقوش کو پھر سے اجاگر کر دے گا۔"

——— ان کی چمک واپس آ جائے گی!

اور میرے بازو میرے خوابوں کو کبھی شرمندہ نہ ہونے دیں گے!!

اس کی آواز شاید ہوا کے جھونکوں نے سن لی تھی——— جو اس کا خیر مقدم کرنے کے لیے اور تیزی سے جہاز کہ کھلے دروازے میں سے اندر گھس آئے تھے——— کابل کی فضائیں اپنے جانباز سپوت کے لیے دعاگو تھیں۔

جہاز کے ساتھ سیڑھی لگ چکی تھی۔

——— اسی گزر گاہ سے وہ دوسروں کے ہمراہ اپنے سفر کا آخری مرحلہ طے کرنے لگا۔ مگر' ابھی اس کے قدموں نے کابل کی زمین کو چھوا ہی تھا کہ کسی مضبوط اور طاقتور ہاتھ نے جھپٹ کر اس کے ہاتھ سے اس کا سوٹ کیس چھین لیا ——— اس کے تن بدن میں آگ سی لگ گئی! گردن موڑ کر وہ اس غاصب کا کھوج لگانے ہی لگا تھا کہ ——— دوسری جانب سے چار مضبوط ہاتھ اس کی طرف لپکے اور انہوں نے اس کے دونوں بازو جکڑ کر' اسے باقی ہجوم سے علیحدہ کر لیا۔

افغان انٹیلی جنس "خاد" صبح ہی سے ہوائی اڈے پر اس کے استقبال کی تیاریاں کر رہی تھی۔ اس کی آمد کا شیڈول یہاں پہنچ چکا تھا——— اس کے باغیانہ عزائم کی مکمل کہانی سمیت وہ اسے قریباً" گھسیٹتے ہوئے ہوائی اڈے ہی پر بنے ایک کمرے میں لے آئے اور یہاں پہنچتے ہی بغیر کچھ کہے سنے اس پر پل پڑے۔

وہ اسے دیوانہ وار وحشیوں کی طرح پیٹ رہے تھے———

پہلے تو فیضان چیختا چلاتا رہا' مگر——— آہستہ آہستہ اس کی مدافعت دم توڑنے لگی پھر——— پیٹ میں ایک زوردار گھٹنے کی ضرب سے نڈھال ہو گیا! اسے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



یوں محسوس ہوا جیسے کوئی چیز تیزی سے معدے سے حلق کی جانب سفر کر رہی ہے۔

اس نے لاکھ سنبھلنے کی کوشش کی مگر ضرب اتنی شدید تھی کہ اسے زمین بوس ہونے میں مزید دیر نہ لگی اور وہ دھڑام سے گر گیا۔ اس کے حواس چھن گئے تھے۔

فیضان کو ہوش ایک تنگ و تاریک کوٹھڑی میں آیا تھا ——!

اس کے سر پر خاصی اونچائی پر ایک طرف بجلی کا بلب روشن تھا! ہوش میں آنے کے بعد فوراً بعد اسے یوں محسوس ہوا جیسے اس کے جسم کی تمام ہڈیاں ٹوٹ چکی ہیں۔ اس کی نس نس میں درد کی ایک تیز لہر سرایت کر گئی۔ اس کا سر ابھی تک چکرا رہا تھا! آہستہ آہستہ اس کے اوسان بحال ہونے لگے۔ اسے ہوش میں آتے دیکھ کر ایک عسکر اس کی طرف لپکا۔ اور کوٹھڑی کے دروازے کے نزدیک آ کر رک گیا۔

دونوں ایک دوسرے کو چپ چاپ دیکھتے رہے! فیضان نے کچھ کہنا فضول سمجھا۔ وہ جانتا تھا "یہاں عسکر کی حیثیت ہی کیا ہو سکتی ہے" —— اسے خاموش دیکھ کر عسکر نے ہی ہمت کی۔

"گھبراؤ نہیں! اللہ خیر کرے گا" ——

"اللہ خیر کرے گا!"

اس کے منہ سے اللہ کا نام سن کر پہلے تو فیضان نے اس کے اس فقرے کو دہرایا اور پھر —— اسے اس پر غصہ آیا" کہ ایسے وحشی لوگ بھی خدا کا مقدس نام استعمال کرتے ہیں۔"

لیکن —— اس کی پوزیشن کے متعلق سوچ کر وہ اس کے متعلق اپنے دل میں ہمدردی کے جذبات محسوس کرنے لگا۔ وہ جانتا تھا "کہ یہ بیچارہ آخر کس مجبوری کے عالم میں —— یہاں نوکری کر رہا ہے۔ وگرنہ کسی افغانی کی غیرت اسے کسی غیر اسلامی یا غیر اخلاقی نظریے کے سامنے جھکنے کی اجازت نہیں دیتی۔ بس بے چارے

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

حصول رزق کی خاطر دل پر پتھر رکھ کر زندگی کی گاڑی گھسیٹ رہے ہیں ——!!"

"مجھے پانی پلاؤ۔"

—— فیضان کو اپنا حلق سوکھتا محسوس ہو رہا تھا۔ اس نے عسکر کی ہمدردی کو بالکل نظر انداز کر دیا تھا۔

"ضرور —— ضرور" کہہ کر وہ چلا گیا۔

عسکر کی واپسی قریباً پانچ منٹ بعد ہوئی۔ وہ خاص طور سے اس کے لیے کچھ درد کش گولیاں چھپا کر لے آیا تھا۔

عسکر کو فیضان کی حالت پر رحم آنے لگا۔ گویہ اس کے لیے کوئی نئی بات نہیں تھی۔ ایسے "گمراہ نوجوانوں" کو اکثر "خاد" والے اسی عقوبت خانے میں ان کے دماغ ٹھیک کرنے کے لیے لا کر بند کر دیا کرتے تھے —— پھر ایک ڈیڑھ ماہ بعد یہاں سے انہیں کسی نامعلوم مقام کی طرف لے جایا جاتا تھا۔ اور —— اس کے بعد ان پر کیا گزرتی؟ اس کا علم کسی کو نہیں تھا۔

"جلدی سے پانی پی لو —— خدا کے لیے کسی کو یہ نہ بتانا میں نے تمہیں پانی پلایا ہے۔" عسکر نے خوف سے لرزتے ہوئے اس سے درخواست کی۔

"شکریہ" کہہ کر اس نے عسکر کو بغور دیکھا۔ اور منہ دوسری طرف پھیر لیا —— وہ خود بھی یہ نہیں چاہتا تھا کہ اس کا کوئی عمل دوسروں کے لیے پریشانی کا باعث بنے —— گولیاں کھانے کے بعد چند منٹ بعد وہ قدرے پر سکون ہو گیا۔

عسکر اس کے سامنے ہی کھڑا تھا اور فیضان سوچنے لگا: "ایک پٹھان ہونے کے ناطے اس کی ذہنی کیفیت کیوں اس قدر پست ہو گئی ہے!"

وہ اس کی طرف متوجہ ہوا: "بابا! تمہاری غیرت کیا مر گئی ہے۔ تم ایک بزرگ ہو اور اپنی عظیم روایات کو نہیں جانتے؟" وہ کہے بغیر نہ رہ سکا۔

"میں یہاں نوکری نہیں کرتا بیٹا! میں تو مصور ہوں۔ یہاں بھی مصوری کر رہا ہوں۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com 



"مصوری؟" فیضان چونکے بغیر نہ رہ سکا۔ بوڑھا عسکر اسے کوئی فلسفی دکھائی دے رہا تھا۔

"ہاں! میں تصویریں بناتا ہی نہیں کھوجتا بھی ہوں —— اور کچھ تصویریں میرے پاس خود بخود چلی آتی ہیں۔" وہ مدھم ہوتی ہیں ان کے نقوش میں رنگ بھرنے کی ضرورت ہوتی ہے —— تاکہ تاریخ کے اوراق پر ابھرتی صاف دکھائی دے سکیں۔

وہ تھوڑی دیر رکا اور پھر اس نے آہستہ سے کہا: "تم بھی میری تصویر ہو۔ لیکن تمہارے رنگ پھیکے ہیں۔ ان میں اپنے خون جگر کی رنگینیاں بھی بھروں گا۔"

فیضان اس کی ساری گفتگو کا لب لباب جان چکا تھا۔ اس بوڑھے فلسفی مصور نے اس کے اندر جھانک کر اس کے دل کی دنیا کو کھوج لیا تھا۔ شاید اسے ایسی تصویروں کی تلاش رہتی تھی۔

"ذرا یہ بھی تو بتا دیں کہ ان تصویروں سے آپ کیا کیا کام لیتے ہیں؟" فیضان نے پوچھا۔

"وہی کام!" عسکر بولا: "جس کی تکمیل کے لیے تم نے ماسکو یونیورسٹی کو خیر باد کہا اور —— آج اس بوڑھے عسکر کی مصوری کا امتحان لے رہے ہیں۔"

وہ تھوڑی دیر فیضان کی آنکھوں میں جھانکتا رہا اور پھر آہستہ سے کہنے لگا۔ میری یہ تصویریں میدان جنگ کا رخ کرتی ہیں —— میرے عزیز۔ وہ تاریخ اس تابناک اوراق کو روشن کرنے کی فکر کرتی ہیں جنہیں وقت کی آندھیوں اور طوفانوں نے بے نور کر دیا ہے —— اور وہ اپنے گرم اور تازہ لہو سے تاریخ کے اس باب میں رنگ بھرتی ہیں۔"

فیضان حیران ہی تو رہ گیا —— وہ جسے معمولی عسکر سمجھتا تھا۔ وہ تو ایک عظیم مصور تھا جو اس کی نشات ثانیہ میں پھر رنگ بھرنا چاہتا تھا۔ وہ اسے کچھ کہنا چاہتا تھا' لیکن عسکر نے اپنے ہونٹوں پر انگلی رکھ کر چپ رہنے کا اشارہ کر دیا۔

—O—

تھوڑی دیر بعد اسے ایک ضابط (لفٹیننٹ) اور تین عسکر اپنی طرف آتے

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

دکھائی پڑے۔ اس کوٹھڑی کے نزدیک پہنچ کر تینوں رک گئے ——— ضابط نے دیوار سے ٹیک لگا کر بیٹھے فیضان اوغلو پر ایک نظر ڈالی۔ نفرت سے اس نے ہونٹ سکیڑ لیے:

"ملا بنتے ہو!" اس نے دانت پیستے ہوئے فیضان کو گالی دی تو فیضان کو یوں محسوس ہوا جیسے کسی نے پگھلتا ہوا سیسہ اس کے کانوں میں انڈیل دیا ہو———!!

جواب میں اس نے ضابط پر بھی گالیوں کی بوچھاڑ کر دی۔

"باہر نکالو اسے" ——— ضابط نے چلاتے ہوئے اپنے ساتھیوں سے کہا۔

اس کے ساتھ ہی اس نے اپنی جیب سے لٹکتی وسل بجا دی ——— دیکھتے ہی فیضان کی کوٹھڑی کے سامنے عساکر کا ہجوم اکٹھا ہو گیا——— ضابط کے ہمراہیوں میں ایک نے کوٹھڑی کا دروازہ کھولا اور پانچ چھ عساکر ڈنڈے لہراتے اندر گھس آئے۔

ایک مرتبہ پھر وہ ائرپورٹ والی اذیت ناک صورت حال کا سامنا کر رہا تھا۔

اس مرتبہ وہ جلدی بے ہوش گیا اور اس کی جان چھٹ گئی۔!

———○———

ہوش آیا تو اس کی نظر عسکر پر پڑی' جو ——— ایک مصور کے روپ میں کچھ عرصہ قبل اس سے باتیں کرتا رہا تھا! وہ جب اس کی کوٹھڑی کی سلاخوں کے ساتھ سر جوڑے' اس بات کا منتظر تھا کہ کب ——— اس کی تصویر میں حرکت پیدا ہوتی ہے۔

دونوں آنکھیں چار ہوئی تو وہ فیضان سے مخاطب ہوا:

"میرے بیٹے! میں تمہارے اس جذبہ حریت کو سلام کرتا ہوں ———اور خدا سے دعا کرتا ہوں کہ وہ تمہارے ایمان کو مزید قوت عطا کرے"" لیکن——— بیٹا! جہاں میں یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہوں کہ "مادر وطن کو تم ایسے فرزند کبھی کبھار ہی نصیب ہوتے ہیں' وہاں تمہیں میں یہ یاد دلانا بھی ضروری خیال کرتا ہوں کہ: ——— چاہے تمہارا جسم فولاد ہی میں ڈھالا گیا ہو' آخر وہ کب تک ان ظالموں کی سختیوں کا متحمل ہو سکتا ہے؟

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اور پھر ایک دن ایسا آئے گا' جب تمہارے مردہ یا نیم مردہ جسم کو رات کی تاریکیوں میں دریائے کابل کی لہروں کی نذر کر دیا جائے گا۔ دریار کے ان پانیوں کے سپرد کر دیئے جاؤ گے جس کی لہریں تم جیسے غیور افغانیوں کے خواب سے اب لہو رنگ ہونے لگی ہیں —— لیکن وہ انتظار کر رہی ہیں جب کوئی بندہ مومن آئے گا اور —— ان لہروں کو یہ پیغام دے گا: "ماضی کی وہ تاریخ' جس کے خدوخال دھندلے پڑ گئے ہیں' آج پھر روشن ہو گئی ہے۔"

وہ تھوڑی دیر کے لیے رکا اور پھر کہنے لگا۔" اگر —— یہی صورت پیش آئی تو پھر کیا ہو گا؟"

"پھر کیا ہو گا؟" ——

فیضان نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔

"پھر میں اپنے خدا کے سامنے شرمندہ تو نہ ہوں گا ——"

"اور —— وہ مشن؟" عسکر بولا: "جس کے لیے تم نے اتنی صعوبتیں اٹھائیں' وہ کیسے پورا ہو گا؟"

"میرا مشن؟" فیضان حیران ہو کر مصور کی طرف دیکھنے لگا۔

"کیا تم سمجھتے ہو کہ ایک مصور اپنے شاہکار کو اس صورت زمین بوس ہوتے دیکھ سکتا ہے؟ کیا وہ اپنے نقش و نگار کو یوں آگ میں بھسم ہوتے دیکھنا گوارا کر سکتا ہے اور ——

کیا مادر وطن کا ایک فرزند اس طرح بے بسی کی موت قبول کر سکتا ہے۔

"نہیں' ہرگز نہیں!" بوڑھا عسکر خود ہی اپنے سوالوں کا جواب دینے لگا تھا۔

—— وہ بول رہا تھا اور فیضان اپنا دل کرید رہا تھا۔

"کیا اس طرح بے بس ہو کر مر جانا' میرے مشن کی واقعی توہین نہیں ہے؟"

محض جذباتی بن کر اگر میں آج اپنے مقصد میں ناکام ہو گیا' تو —— کیا یہ میرے ارمانوں کی ایک الم ناک شکست تصور نہ ہو گا؟

وہ چونکا! اس کے دل نے آواز دی: عسکر سچ کہتا ہے۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

"تو پھر میں کیا کروں؟" وہ عسکر کی طرف دیکھنے لگا۔۔۔۔۔ عسکر اس کے چہرے پر نموادر ہونے دلے مدو جزر صاف پڑھ رہا تھا! اسے اپنی طرف دیکھتے ہوئے وہ مسکرایا!

عسکر کی مسکراہٹ سے فیضان کو بڑا حوصلہ ملا۔

"ہاں ہاں! بزرگوار"۔۔۔۔۔ وہ تڑپ کر رہ گیا۔۔۔۔۔" واقعی میرا مشن ادھورا وہ گیا تو میری روح کو کبھی قرار نہیں ملے گا۔"

"تو بیٹا! مصلحت اختیار کر۔۔۔۔۔ اللہ تیرا حامی و ناصر ہو گا۔۔۔۔۔ اپنا رویہ بالکل بدل لے۔ ان لوگوں پر یہ ظاہر کر کہ تیرا دماغ وقتی طور پر خراب ہو گیا تھا ۔۔۔۔۔ اب بالکل ٹھیک ہے۔ تجھے کسی نے ورغلا دیا ہے۔۔۔۔۔اب تو راہ راست پر آگیا ہے۔"

اس نے ایک طویل سانس لی۔۔۔۔۔!

فیضان اپنی کوٹھڑی کی سلاخوں سے لگا اس کی باتیں سن رہا تھا۔۔۔۔۔ عسکر بات کرنے سے پہلے احتیاط" اردگرد کا جائزہ ضرور لے لیتا تھا۔

"یہ لوگ فورا" تیرے کہنے میں آ جائیں گے۔ ایسی کئی مثالیں یہاں موجود ہیں۔ تیرے جیسے کوئی نوجوانوں نے اسی طرح جان بچائی ہے۔۔۔۔۔ بیٹا! غور سے سن!"

فیضان ہمہ تن گوش ہو گیا۔

"تجھے تربیت دے کر مجاہدین کے خلاف لڑنے کو بھیجا جائے گا۔ یہ ٹھیک ہے کہ تیری نگرانی روسی مشاور بڑی سختی سے کریں گے لیکن تدبر سے انہیں دھوکہ دے کر نکل جانا۔۔۔۔۔ کسی بھی سرحدی علاقے سے فرار ہونا تیرے لیے قطعا" مشکل نہیں ہو گا۔ اچھا میں چلتا ہوں۔"

---

فیضان کے لیے یہ بوڑھا عسکر تائید غیبی بن کر آیا تھا۔۔۔۔۔!

اس نے وہی کیا جو اس کے رہبر نے بتایا تھا۔۔۔۔۔ اگلے ہی روز اس کا رویہ تبدیل

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہو گیا۔ اس کے ساتھ ہی تفتیشی ٹیم کا رویہ بدلنے لگا——!!

دو ماہ تک وہ لوگ فیضان کا جائزہ لیتے رہے۔ لیکن اس نے اپنی کسی حرکت سے انہیں شک میں مبتلا نہیں ہونے دیا۔ دوماہ بعد پل چرخی جیل سے "خاد" کے ہیڈکوارٹر میں یہ پیغام پہنچا دیا گیا کہ فیضان اور اوغلو راہ راست پر آگیا ہے۔!!

اس پیغام کے دوسرے ہی روز جیل کے ایک الگ تھلگ کمرے میں اس کی ملاقات جگرمن ارخان سے ہوئی۔ "خاد" کے میجر ارخان نے اسے پیش کش کی تھی! کہ اگر وہ فوج میں بھرتی ہو کر مجاہدین کے خلاف جنگ کے لیے تیار ہو جائے تو اس کی چھینی ہوئی خوشیاں واپس لوٹا دی جائیں گی۔ بصورت دیگر اس جیل سے رات کے اندھیرے میں اس کی لاش باہر نکلے گی اور اسے دریائے کابل میں دریار برد کر دیا جائے گا۔"

فیضان جانتا تھا کہ جگرمن ارخان جو کہہ رہا ہے وہ خالی خولی دھمکی نہیں۔ واقعی "مشاوروں" کی آمد کے بعد سے حکومت کا انقلاب کے بارے میں رویہ بہت سخت ہو گیا تھا اور یہ بات بھی کابل کے گلی کوچوں میں عام طور پر کہی اور سنی جانے لگی تھی کہ ایک مرتبہ پل چرخی جا کر زندہ واپس لوٹ آنا معجزے سے کم والی بات ہیں۔

کابل کے اکثر باشندوں نے رات کے اندھیرے میں کرفیو کے اوقات میں اس جیل سے پراسرار ٹرک برآمد ہوتے اور انہیں دریائے کابل پر پہنچ کر اپنا بوجھ گراتے دیکھا تھا لوگ جانتے تھے "کہ ان ٹرکوں میں ان بے بس' بے گناہ' مظلوم اور غیور افغانوں کی لاشیں جاتی ہیں جو تشدد کی تاب نہ لا کر اپنی جان جان آفرین کو سونپ دیتے ہیں' لیکن اپنی غیرت کا سودا نہیں کرتے۔"

فیضان اوغلو بے غیرت نہیں تھا——!!

لیکن پل چرخی جیل سے نکلنے کا سوائے اس کے اور کوئی طریقہ نہیں تھا کہ وہ جذبات کے بجائے عقل استعمال کرتا—— اور اس نے ایسا ہی کیا۔

فیضان اوغلو نے خاد کے جگرمن ارخان کی بات تسلیم کر لی اور فوج میں شمولیت پر رضامندی ظاہر کردی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



فیضان کو وہ لوگ پل چرخی سے اب کابل میں لے آئے تھے۔ یہاں آ کر اسے ایک مرتبہ پھر ایک انکوائری بورڈ کے سامنے پیش ہونا پڑا——— اسے اپنے بوڑھے عسکر راہنما کی ہدایت ازبر تھی———

دشمن نے اس کی قوم کو پھانسنے کے لیے جو جال پھیلایا تھا اس میں کابل کی جدید آبادی کے لوگ آہستہ آہستہ پھنستے چلے جا رہے تھے——— اور اسے اپنے لوگوں کو اس جال سے نکالنا تھا خواہ اس کی کچھ بھی قیمت ادا کرنی پڑتی۔

فیضان نے انکوائری کمیٹی کے سامنے عذر پیش کیا کہ اس سے جو کچھ بھی ہوا' نادانستگی میں ہوا اور اب وہ اپنے گزشتہ طرز عمل پر بہت شرمندہ ہے' آئندہ کبھی "بورژ وائی" خیالات اس کے نزدیک بھی نہیں پھٹکیں گے۔

اسے یہاں سے کابل چھاؤنی منتقل کر دیا گیا———

کابل چھاؤنی سے ٹریننگ اکیڈمی جہاں محض چھ ماہ کی تربیت کے بعد ہی وہ "ضابط" بن گیا۔

اپنے فوجی تربیتی مرکز میں اسے بمشکل کوئی ایسا کیڈٹ ملا تھا جو اپنی مرضی سے فوج میں آیا ہو——— ورنہ تو سب ہی وہ لوگ تھے جنہیں زبردستی فوج میں شامل کیا گیا تھا۔

کبھی کبھی جب وہ اپنی موجودہ صورتحال پر غور کرتا تو اسے قدرے الجھن بھی ہوتی لیکن اس کا پراسرار محسن مصور کے روپ میں ہمیشہ اس کے سامنے موجود رہا۔

جب کبھی کوئی بغاوت کی چنگاری فیضان کے دل میں سلگی——— فوراً بوڑھے مصور نے اس کے لاشعور سے نکل کر اس چنگاری کو دلائل کی آگ سے ٹھنڈا کر دیا۔

وہ شاید نہیں چاہتا تھا کہ اس کی بنائی ہوئی کسی بھی تصویر کے رنگ پھیکے پڑیں۔ اس نے بہرحال اپنی اس "عظیم ڈیوٹی" کے لیے اپنے خدا کے حضور جواب دہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



بھی تو ہونا تھا ـــــــ!

بالآخر وہ دن بھی آ ہی گیا جب اس کو "پاس آؤٹ" ہونا تھا ـــــــ! کابل کی فوجی چھاؤنی میں ایک تقریب منعقد کی گئی تھی ـــــ

شہر کے روسا' بزعم خویش' ترقی پسند معاشرے کے کرتا دھرتا غیر ملکی سفیر ـــــــ اور حکام سب ہی یہاں موجود تھے۔ نئے تیار ہونے والے ضابط' قطار باندھے کھڑے تھے۔ پھر روایتی سلامی دی گئی ـــــــ

کیڈٹوں نے مارچ پاسٹ کیا ـــــ

اور وہ جونیئر ضابط بن کر محاذ کی طرف روانہ ہو گئے۔

اس ہجوم کے ایک کونے میں وہ بوڑھا عسکر بھی موجود تھا ـــــــ اس کی بوڑھی چمکیلی آنکھیں بڑی بے چینی سے اپنی بنائی ہوئی تصویر کا جائزہ لے رہی تھیں۔

کہیں کوئی رنگ پھیکا تو نہیں پڑ گیا؟ بار بار یہی سوال وہ خود سے کر رہا تھا۔

پھر جب اس نے فیضان اوغلو کو وردی پہنے اپنے سامنے موجود چبوترے کے نزدیک سے سلامی دے کر گزرتے دیکھا تو ایک پھیکی سی مسکراہٹ اس کے ہونٹوں سے چپک گئی۔

"خدایا! اپنے اس کمزور بندے کو اتنی طاقت نصیب کر کہ یہ اپنے عظیم مشن کو پورا کر سکے۔" ایک دعا اس کے دل سے فیضان کے لیے نکلی اور وہ ہجوم سے چپ چاپ باہر نکل آیا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# شعلہ اور شبنم

پاسنگ آؤٹ پریڈ سے فراغت کے بعد انہیں کابل چھاؤنی بھیج دیا گیا!

چھاؤنی پر سرد موت کہرے کی طرح جمی ہوئی تھی۔ دن میں تو معمول کی مصروفیت جاری رہتی' لیکن شام ڈھلتے ہی پچھم سے پورب کی طرف ایک پراسرار سی یخ بستہ ہوا سرسرانے لگتی اور پھر ہوا کے پیٹ میں اندھیرا کیچوے کی طرح رینگنے لگتا۔

بالآخر اسے میدان کارزار کی طرف روانہ کر دیا گیا——!

آج وہ کابل سے لوگر جا رہا تھا۔ اس کی کمپنی کے سب ہی لوگ کنوائے کی شکل میں پہاڑوں کے درمیان بنی سڑک پر چل رہے تھے۔

راستہ صاف کرنے کے لیے سڑک سے ملحقہ پہاڑیوں پر پہلے ہی سے مورچہ بندیاں کر لی گئی تھیں۔ تاکہ مجاہدین اچانک حملہ نہ کر سکیں——کنوائے کی حفاظت کے لیے دو ہیلی کاپٹر بھی ان کے آگے آگے اڑ رہے تھے۔

فیضان جیپ کی اگلی سیٹ پر بیٹھا تھا۔ اس کی جیپ ایک ڈھلتی عمر کا برف جیسے منجمد چہرے والا افغانی عسکر چلا رہا تھا——اس کی نظریں ونڈ سکرین کے سامنے والے راستے پر جمی تھیں۔

کبھی یہ راہ گزر شجاعتوں' جانثاروں کی پیامبر رہی تھی! خلوص اور مہروفا کے سجدوں کی جگمگاہٹ جو راستوں کا امتیازی نشان تھی کئی راہ گم کردہ قافلوں کی راہبر بنا کرتی تھی لیکن آج اس پر موت کی سرخ آندھی نے اپنا سحر پھونک کر اسے اپنے خونی شکنجے میں جکڑ لیا تھا۔ پرجلال' پرہیبت اور پرشکوہ سربلند پہاڑوں کے وسیع و عریض

سلسلے اس کے دونوں اطراف پھیلتے چلے جا رہے تھے۔۔۔ جن پر لگے درختوں کی شاخیں آلوچوں' چناروں اور خوبانیوں کے بوجھ سے جھکی ہوئی تھیں۔ ان درختوں سے پھوٹنے والی خوشبو نے فضا کو بھی معطر کر رکھا تھا' لیکن۔۔۔۔۔۔:

چناروں کی اس خوشبو کے ساتھ ساتھ فیضان کو اب ان جلالت مآب پہاڑیوں کی کھ میں ان شیر خوار پھولوں کے گرم کچے لہو کی مہک بھی محسوس ہو رہی تھی جنہیں شکم مادر سے چھین کر غاصبوں نے اپنی خونی زبانوں سے چاٹ لیا تھا۔

پہاڑ کے دامنوں کی وسعت میں حد نظر تک سرخ چناروں اور آلوچوں کے درختوں کا سلسلہ پھیلتا چلا گیا تھا۔۔۔۔۔ چناروں کے یہی درخت اب شہادت کے استعارے بن گئے تھے۔ فیضان کو یوں لگ رہا تھا جیسے ان پہاڑوں پر جہاں جہاں بھی غیور افغانوں کے جسموں سے خون کے قطرے ٹپکے تھے وہیں چنار کے پیڑوں نے سر اٹھا لیا تھا۔ اسے ان لہو رنگ چناروں میں شہیدوں کے بدن کی وہ آگ دھکتی دکھائی دے رہی تھی جس نے استعماریت کے عزائم پر اپنا لہو نچوڑ کر اسے سرد کرنے کی کوششیں کی تھیں۔

پہاڑی راستہ اب چکر کھا کر اونچا ہونے لگا تھا۔ کھڑکی سے نیچے اس نے نگاہ ڈالی۔ سورج کی سنہری کرنوں نے پہاڑیوں کے دامن میں سانپ کی طرح بل کھاتے ہوئے رینگنے والے پہاڑی چشمے کو لکیر کی شکل میں بدل کر ان پر آتشیں رقص شروع کر دیا تھا۔۔۔۔۔ پانی اسے پہاڑوں میں پیالے کی صورت دہکتا دکھائی دے رہا تھا۔

پھر اسے یوں محسوس ہوا کہ جیسے پہاڑوں کی یہ وسعت اس کے جذبوں کے سامنے سمٹنے لگی ہو۔ ہوا کی خنکی جو اس کے جذبوں کے دہکتے آتش کدے پر برف بن کر برس رہی تھی۔ اس کے جذبات کو سرد کرنے کے بجائے ان کی گرمی کو دو چند کرنے لگی۔

اس کی رگوں میں اچانک ہی خون کی جگہ سیال آتش گیر مادہ رینگنے لگا۔
پہاڑوں کو ڈھانپنے والے سبزے نے اس کے جذبات میں آگ لگا دی۔

———○———

آگے آگے جانے والے ہیلی کاپٹر سے اشارہ ملنے پر سارا کنوائے رک گیا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ـــــــ شاید پائلٹ کو کوئی شک گزرا تھا اور اب اس کی تصدیق تک ان لوگوں کو یہیں رکنا تھا۔

فیضان جیپ سے باہر نکل آیا۔ سامنے پہاڑ کی کوکھ میں اسے ایک چوٹی پر مٹی سے بنے ہوئے چند مکانات دکھائی دیئے۔ ان مکانات سے رسی کی طرح بل کھاتا ایک پتریلا راستہ اس طرف آ رہا تھا۔

اس کی جیپ سے کچھ فاصلے پر ایک چشمہ بہہ رہا تھا!

فیضان سمجھ گیا کہ رسی کی طرح بل کھاتے راستے سے اس طرف آنے والے بچے اور عورتیں پانی لینے آ رہی ہیں ـــــــ اس کی نگاہیں اسی راستے پر جم کر رہ گئیں۔

پانچ چھ بچے اور دو تین عورتیں اس طرف آ رہی تھیں ـــــــ کنوائے پر نظر پڑتے ہی وہ سب لوگ سہم کر ایک دم رک گئے ـــــــ پھر کچھ سوچ کر عورتیں تو وہیں رہ گئیں اور بچے ان کی طرف آنے لگے ـــــــ فیضان کی نظریں ان کے دمکتے سرخ و سپید لیکن قدرے خوفزدہ چہروں پر جمی تھیں ـــــــ درماندگی ان کے چہروں پر نوحہ الاپ رہی تھی ـــــــ بچے چلتے ہوئے ان کے قریب سے گزر گئے۔ فیضان کا کلیجہ کٹ کر رہ گیا ـــــــ پہاڑوں کی چوٹی ان بچوں کی حالت پر غمگین تھی۔

ہر پتھر حزیں تھا۔

سرسراتی ہوا اب نوحہ الاپنے لگی تھی ـــــــ

بچوں نے چپ چاپ اپنے برتن پانی سے بھرے اور پتھروں پر مضبوط قدم دھرتے جس راستے سے آئے تھے اسی راستے پر واپس لوٹ گئے۔

کنوائے کو چلنے کا اشارہ مل گیا تھا ـــــــ!!

سورج جس نے سہم کر اپنا منہ آسمان میں چھپا رکھا تھا۔ ان بچوں کے جذبہ حریت کو سلام کرنے آسمان کی اوٹ سے باہر نکل آیا۔

کنوائے ایک مرتبہ پھر بل کھاتی سنگلاخ سڑک پر رینگنے لگا ـــــــ سورج نے خود ننگا ہو کر پہاڑوں کے حسن کو چار چاند لگا دیئے تھے۔

خوبانیوں کے درختوں کے پتوں پر ٹکے شبنم کے قطرے مقدس آنسوؤں کی

صورت زمین پر ٹپکنے لگے تھے۔

چڑھائی کے بعد اب وہ اترائی کی طرف گامزن تھا ——— راستہ بڑا پیچیدہ اور ٹیڑھا میڑھا تھا ——— لیکن کنوائے بڑے اطمینان سے کچھوے کی چال اس راہ گزر پر رینگتا ہوا "لوگر" کی طرف بڑھ رہا تھا۔

فیضان سوچ رہا تھا ———!

یہی راہ گزر تھی جس پر کبھی غزنوی اور غوری کے جانباز قافلے سفر کرتے ہوئے خیبر کی طرف جایا کرتے تھے ——— پہاڑوں کی انہی چوٹیوں نے کبھی غازیان صف شکن کے وہ پر جلال چہرے بھی دیکھے ہوں گے جن پر ایمان و عزم کی تابناکیاں جگمگایا کرتی تھیں۔ مگر آج وہ اس راہ گزر پر شرمندہ اور سر جھکائے اپنے حالات پر نوحہ کناں ستم رسیدہ انہی قافلوں کی اولاد کے وہ چہرے دیکھ رہا تھا جن پر بدبختی کی ایک طویل داستان رقم تھی۔ پہاڑی راستہ اب اسے بہت نیچے لے آیا تھا۔

دھوپ نکھرنے لگی تھی ——— فطرت کی گود میں بیٹھ کر سفر کرتے مسافر کو قدرے روحانی اور جسمانی سکون کا احساس ہونے لگا ——— بلند و بالا پہاڑوں کے اوپر کھلا نیلا آسمان اور نکھری نکھری دھوپ ٹھٹھرے ہوئے جسموں کے لیے آغوش مادر کا کام کر رہی تھی ———!!

بلندی سے نیچے آنے والی چمکتے پانی کی لکیر جو اس کی نظروں سے اوجھل ہو گئی تھی پھر یکدم ان کے سامنے آ گئی ——— پتھروں سے لڑتا جھگڑتا اور جھاگ اڑاتا تیز رفتار پانی پورے جوش و خروش کے ساتھ حالات کے دھارے پر بہتا چلا جا رہا تھا۔

پہاڑوں پر رسیلے پھلدار درختوں کا سلسلہ اب ختم ہونے لگا تھا ——— وہ جوں جوں لوگوں کے نزدیک آ رہے تھے ——— پہاڑوں کی ہیئت بدلنے لگی تھی: فیضان کو بمباری سے جلے ہوئے درخت اور پہاڑوں کا خاک شدہ سبزہ بخوبی دکھائی دینے لگا تھا۔ اسے یوں لگا جیسے پامیرے کوہ سفید تک ——— کہساروں کی ساری ہریالی اور سبزے نے اچانک آگ پکڑ لی ہو ——— کہسار جل رہے تھے ———!!

افغانستان جل رہا تھا ———!

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اور پہاڑوں کی یہی آگ آخر الاؤ بن کر فیضان کے دل میں دہکنے لگی تھی۔
انہی جذبوں کے دوش پر وہ سفر کرتا بالاخر لوگر چھاؤنی میں داخل ہو گیا۔
"لوگر" میں ان کا قیام دو ماہ تک رہا' پھر انہیں ہوائی جہازوں کے ذریعے "خوست" روانہ کر دیا گیا——— خوست ولایت پکتا کی چھاؤنی تھی جسے دو سال سے مجاہدین نے گھیرے میں لے رکھا تھا۔

—○—

خوست پہنچنے پر ایک سرد چہرے اور بھنچے ہوئے جبڑوں والے روسی کرنل نے ان کا خیر مقدم کیا۔ رات کو آفیسرز میس میں انہیں معمول کے مطابق افغان مجاہدین کے خلاف پروپیگنڈہ مقاصد کے لیے بنائی جانے والی فلمیں دکھائی گئیں۔ ان فلموں میں مجاہدین کو وحشیوں اور درندوں کے روپ میں دکھایا گیا تھا اور یہ ثابت کیا گیا تھا۔ یہ وحشیوں کا ٹولہ غیر ملکی طاقتوں کے اشارے پر "عظیم انقلاب" کو سبوتاژ کرنے کی کوشش میں مصروف ہے۔

اگلے روز "دربار عام" میں ایک افغان کرنل نے ان سے خطاب کیا۔ مجاہدین کے خلاف بڑی دھواں دھار تقریر کرنے کے بعد اس نے پاکستان' چین' امریکہ اور دنیا کے بہت سے دوسرے ممالک کو گالیاں دیتے ہوئے عساکر کو بتایا کہ یہ ممالک افغانستان کو پھلتا پھولتا دیکھنا نہیں چاہتے——— اور مجاہدین ان کے اشارے پر ان کے خلاف سرگرم عمل ہیں۔

اسی دربار میں اسے بتایا گیا کہ یہاں سے دس پندرہ میل کے فاصلے پر مجاہدین کا مضبوط ترین مرکز "ژاور" موجود ہے۔ اس مرکز سے ولایت پکتیا اور کابل تک مجاہدین کا رابطہ ہے غزنی' پغمان اور نزدیکی تمام ولایتوں میں سرگرم جہاد مجاہدین کے لیے "ژاور" سپلائی مرکز کی حیثیت رکھتا ہے——— ان لوگوں نے اس مرکز کو تباہ کر کے مجاہدین کی کمر توڑنے کا منصوبہ بنایا تھا۔

اس کے لیے بڑا زبردست منصوبہ تیار کیا گیا تھا۔ افغان فوج نے اپنے کمانڈوز کو مجاہدین کے مورچوں کے گرد پھیلی اونچی پہاڑیوں پر اتارنا تھا——— اس

کے لیے ——— پہلے افغان فضائیہ اور بھاری توپ خانے کے ذریعے تباہ کن بمباری کا پروگرام بنایا گیا تھا تاکہ مجاہدین کے مورچے تباہ کیے جا سکیں۔

کمانڈوز کے اترنے کے ساتھ ہی پیدل فوج نے خوست سے "ژاور" کی طرف ایڈوانس کرنا تھا ژاور مرکز پر قابض ہو کر اسے تباہ کرنا اور یہاں اپنی مورچہ بندیاں قائم کرنی تھیں تاکہ مستقبل میں ہمیشہ کے لیے اس خطرے سے نجات حاصل کر لی جائے۔

———O———

حفاظتی اقدامات کے پیش نظر ابھی عساکر کو حملے کی حتمی تاریخ سے آگاہ نہیں کیا گیا تھا——— کیونکہ روسی اور افغان حکام جانتے تھے کہ ان میں مجاہدین کے بہت سے جاسوس موجود ہیں——— اگر نہ بھی ہوں تو کوئی عسکر اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر یہاں سے نکلے گا اور مجاہدین تک حملے کی اطلاع پہنچا آئے گا۔

ایسا تجربہ انہیں اس سے پہلے بھی کئی مرتبہ ہو چکا تھا———!!

اس کے باوجود فیضان جانتا تھا کہ اگلے ہفتے میں کسی بھی وقت یہ حملہ متوقع ہے۔ اس کا جی چاہتا تھا کہ پر لگا کر اڑ جائے اور "ژاور" میں مجاہدین تک یہ اطلاع پہنچا آئے۔

اگلی رات جب وہ میس سے نکل کر اپنے کمرے کی طرف جا رہا تھا تو اچانک ہی ایک تیز رفتار جیپ کو اس نے اپنی طرف آتے دیکھا۔

ہیڈ لائٹس روشن تھیں اور جیپ کا ڈرائیور اسے انتہائی رفتار سے چلاتا ہوا اس طرف لا رہا تھا——— فیضان کے نزدیک پہنچ کر اس کے بریک زور دار آواز سے چرچرائے اور جیپ رک گئی۔

اگلی سیٹ پر ایک روسی میجر بیٹھا تھا——— جیپ کا ڈرائیور بھی روسی فوجی تھا پچھلی نشست پر ان لوگوں نے ایک عسکر کو دو افغان فوجیوں کی گرفت میں بٹھایا ہوا تھا۔ اس عسکر کے ہاتھ پیچھے کی طرف بندھے تھے اور آنکھوں پر پٹی بندھی ہوئی تھی۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

ضابط فیضان اوغلو ٹھٹھک گیا یہ اس کی یونٹ کا عسکر تھا۔۔۔۔۔!!

میجر اتر کر باہر آ گیا۔۔۔۔۔ اس کے کندھوں پر نظر پڑتے ہی فیضان کی دونوں ایڑیاں بج اٹھیں۔۔۔۔۔

"اپنی کمپنی کو "فال اِن کر لو"۔۔۔۔۔ روسی میجر نے اسے حکم دیا۔

ضابط فیضان اوغلو نے دوبارہ ایڑیاں بجائیں اور واپس بیرکوں کی طرف گم گیا۔

بمشکل پانچ منٹ بعد ہی اس کی کمپنی کے جوان وہاں "فال ان" تھے۔ پانچ عسکر گنتی میں کم تھے۔۔۔۔۔!!

"کہاں گئے یہ لوگ" میجر نے درشت لہجے میں ضابط فیضان اوغلو سے پوچھا۔

"یہ میری ڈیوٹی نہیں کہ ان کی مصروفیت کا پتہ لگاتا پھروں" ۔۔۔۔۔ فیضان کے ضبط کا یارا ختم ہوتا جا رہا تھا۔

"شٹ اپ۔۔۔۔۔" روسی میجر غرایا۔۔۔۔۔ "یہ لوگ فرار ہو چکے ہیں۔" اس نے گلہ پھاڑتے ہوئے فیضان کو مخاطب کیا۔

"یہ بھی ان کا ساتھی تھا" ۔۔۔۔۔ اس نے نوگرفتار کی طرف اشارہ کیا۔ جسے اب اس کے حکم پر جیپ سے باہر لا کر کھڑا کر دیا گیا تھا۔

جیپ کے یہاں پہنچتے ہی روسی فوجیوں کا ایک سیکشن اپنی بارک سے نکل کر وہاں اس یونٹ کے ساتھ ہی آ کر "فال ان" ہو گیا تھا۔ روسی میجر نے ان کی طرف دیکھا۔

"اس کا اشارہ سمجھ کر دو روسی فوجی اس کے نزدیک آ کر کھڑے ہو گئے۔

"اس کی آنکھوں سے پٹی ہٹاؤ۔" ۔۔۔۔۔ اس نے حکم دیا۔

عسکر کی آنکھوں سے پٹی اتار دی گئی۔ خوف سے عسکر کا چہرہ پیلا پڑ چکا تھا۔

"کس راستے سے گئے ہیں وہ لوگ" ۔۔۔۔۔ اس نے بڑی شستہ فارسی میں عسکر کو مخاطب کیا۔

"کون لوگ؟" ۔۔۔۔۔ فیضان نے محسوس کیا جیسے اچانک ہی عسکر کی آنکھوں میں زندگی واپس لوٹ آئی ہو۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



"بتاؤ اسے ـــــــ اس نے دونوں روسی فوجیوں کو مخاطب کیا۔
دونوں نے ایک ساتھ زور دار ٹھوکریں اس کی پسلیوں میں رسید کیں۔ عسکر درد کی شدت سے بلبلا اٹھا لیکن اس نے اپنی زبان نہ کھولی ـــــــ دونوں روسی اسے وحشیوں کی طرح دیوانہ وار پیٹنے لگے۔ اب میجر بھی ان کے ساتھ شامل ہو گیا تھا۔

دس منٹ بعد ہی عسکر قریبا" نیم جان ہو کر گر پڑا لیکن اس نے اپنے ساتھیوں کے فرار کے راستے کا انکشاف نہ کیا۔
نیم بے ہوش غیور افغان پر جھک کر روسی میجر نے اس کے بال اپنی مٹھی میں جکڑ لیے اس کے بالوں کو زور دار جھٹکے دیتے ہوئے میجر نے متعدد مرتبہ اپنا سوال دہرایا ـــــــ آخری مرتبہ عسکر نے زور سے اس کے منہ پر تھوک دیا۔
روسی میجر تن کر کھڑا ہو گیا۔!
اس کی آنکھوں سے خون ٹپک رہا تھا۔ اپنے دائیں ہاتھ کھڑے روسی فوجی سے اس نے کلاشنکوف پکڑ لی اور دوسرے ہی لمحے وہ گالیاں بکتا ہوا دیوانہ وار غیور افغان پر گولیاں چلا رہا تھا۔
پوری میگزین اس نے افغان زادے پر خالی کر دی ـــــــ!!
افغان فوجیوں کی یونٹ پر موت کی طرح بے رحم سکوت طاری تھا۔ غم و غصے سے ان کی حالت غیر ہو رہی لیکن وہ جانتے تھے کہ کوئی بھی غیر احتیاطی قدم ان کو بھی اس انجام سے دو چار کر سکتا ہے۔
"اباؤٹ ٹرن۔" ـــــــ کے حکم پر پوری کمپنی اپنے پاؤں پر گھوم گئی۔ انہیں بیرک میں واپس جانے کا حکم مل چکا تھا۔
روسی سیکشن ابھی تک وہاں موجود تھا۔ افغانوں کے واپس جاتے ہی ان لوگوں نے مردہ عسکر کی لاش کو پاؤں سے پکڑ کر گھسیٹنا شروع کر دیا ـــــــ لاش کی بے حرمتی کرتے وہ اسی طرح اسے قلعے کے دروازے تک لے آئے۔ پھر باہر کوڑا کرکٹ پر پھینک دیا۔
یہ یہاں کا معمول تھا ـــــــ

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کسی بھی بھگوڑے عسکر کو گرفتاری پر اسی انجام سے دو چار ہونا پڑتا تھا ——— افغان فوج میں فرار ہونے کی کم از کم سزا موت تھی۔

———○———

میس کی طرف واپس لوٹتے ہوئے اس نے بڑی مشکل سے اپنے دلی جذبات پر قابو پایا۔

اس کا جی چاہتا تھا کہ قلعے کی چوٹی پر نصب تمام مشین گنوں کا رخ ان روسی سپاہیوں کی بیرک کی طرف موڑ دے لیکن ابھی اسے مصلحتاً خاموشی اختیار کرنا تھی: "وہ نہیں چاہتا تھا کہ اس بدقسمت افغان عسکر کی طرح وہ بھی اسی بے بسی کی موت سے دو چار ہو۔"

بوڑھے مصور نے اسے زندگی کے جس اسلوب سے آگاہ کیا تھا وہ راستہ ہی دراصل اسے اپنی منزل کی طرف لے جا سکتا تھا۔

بوجھل قدموں سے چلتا وہ اپنے کمرے تک آیا اور بے دم سا ہو کر چارپائی پر گر پڑا۔ اس نے اپنی وردی تبدیل کرنے کا تکلف بھی نہیں کیا تھا۔ دروازے کو اس نے اندر سے کنڈی لگا دی اور لوہے کی چارپائی پر دیوار سے ٹیک لگا کر لیٹ رہا۔

اس کی ہزار کوششوں پر بھی دم توڑتے افغان عسکر کا لہولہان چہرہ اور روسی میجر کی بھیڑیئے کی طرح دہکتی آنکھیں اس کے سامنے سے الگ نہیں ہو رہی تھیں ——— وہ چاہتا تا کہ آج کے حادثے کو بھلا دے لیکن جب کبھی وہ اپنی سوچوں کا دھارا کسی اور سمت موڑنے کی کوشش کرتا شہید افغان عسکر کی لاش اچانک ہی اس کی آنکھوں کے سامنے آ کر تڑپنے لگتی: کئی سوال اس کے چہرے پر جنم لیتے اور فیضان کی طرف جواب کے طالب ہوتے لیکن فیضان کے پاس شہید کے ان سوالوں کا کوئی جواب نہیں تھا———

اور آخر ——— کسی نہ کسی طرح اسے اونگھ سی آ گئی۔

———○———

اچانک اسے یوں لگا جیسے کسی نے دروازے پر ہلکی سی دستک دی ہو———

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس نے چاہا کہ اٹھ کر دروازہ کھول دے لیکن اس کے جسم نے حرکت کرنے سے انکار کر دیا ——— فیضان کو اپنا جسم بالکل بے جان محسوس ہونے لگا تھا۔

پھر دروازہ خود بخود آہستگی سے کھل گیا۔

فیضان حیران رہ گیا اس نے سوچا: "میں نے تو دروازے کو اندر سے کنڈی لگا رکھی تھی۔ پھر وہ کیسے کھل گیا؟"

اندر آنے والے کے نقوش اندھیرے کی وجہ سے ابھی تک پوری طرح واضح نہیں ہوئے تھے لیکن فیضان نے اندازہ لگا لیا: "کہ یہ تو کوئی عورت ہے۔"

اس نے دروازہ بند کر کے جیسے ہی فیضان کی طرف دیکھا حیرت سے اس کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں: یہ ویلنٹینا تھی۔

"ویلنٹینا تم" ——— بمشکل اس کے منہ سے نکلا ——— خوشی اور حیرت کے ملے جلے جذبات سے اس کو اپنا دم گھٹتا محسوس ہونے لگا تھا۔

"ہاں فیضان میں ———" ویلنٹینا نے بڑے پرسکون لہجے میں جواب دیا۔ اس کی آواز کسی گہرے کنویں سے آتی سنائی دے رہی تھی۔

"لیکن تم تو مر چکی تھی ———" فیضان کے منہ سے بے ساختہ نکل گیا۔

"ہاں فیضان میں مر چکی ہوں لیکن میری روح تمہارے ساتھ ساتھ بھٹک رہی ہے۔ جب تک تمہیں اپنی منزل کی طرف گامزن نہ دیکھ لوں میری روح کو قرار نہیں آئے گا۔"

اس سے پہلے کہ فیضان کچھ کہتا اس نے اپنا مرمریں ہاتھ فیضان کی طرف بڑھا دیا۔

"فیضان! میں نے کہا تھا ناں کہ میں تمہارے ساتھ تمہارے گاؤں میں رہا کروں گی۔ میں تمہاری بھیڑیں چرایا کروں گی!! یقین مانو ——— مجھے تمہاری چراگاہوں' پہاڑوں اور پہاڑوں کے دامن سے جنم لیتی زندگی یہاں سے کہیں جانے نہیں دیتی ——— آؤ کہیں اور چل کر بیٹھتے ہیں۔"

فیضان نے کسی معمول کی طرح اپنا ہاتھ اس کی طرف بڑھا دیا' پلک جھپکتے ہی

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں: www.iqbalkalmati.blogspot.com

وہ دونوں کاہل کے ایک خوبصورت مرغزار میں کھڑے تھے! وہ حیران رہ گیا یہ تو وہی جگہ تھی جہاں سے "لوگر" کی طرف جاتے ہوئے اس کا کنوائے گزرا تھا۔

ماحول کے حسن کو و یلنٹینا کی موجودگی نے چار چاند لگا دیئے تھے ——— فیضان نے ایک نظر اس کی طرف دیکھا تو اسے یوں محسوس ہوا جیسے اس کے ہونٹوں پر ایک صحرا بچھ گیا ہو۔ اور یہ پیاس اب اس کے سارے بدن میں اترنے لگی تھی۔ اس کا جی چاہا کہ و یلنٹینا شبنم کی طرح اس پر برسے اور اس کی تشنگی کو موت کی نیند سلا دے ——— لیکن وہ اپنی اس خواہش کا اظہار و یلنٹینا پر نہ کر سکا۔

دونوں خوبانی کی خوشبو سے لدے ایک پودے کے نزدیک پتھریلی زمین پر بیٹھ گئے۔ فیضان کو یوں لگا جیسے اس کے گرد اگرد پھیلے پھلوں اور پھولوں سے لدے ان کہساروں نے اس سے کچھ کہا ہو۔ کسی نے اس کے کان میں سرگوشی کی ہو۔ پھر آواز اسے بڑی واضح سنائی دینے لگی۔

"فیضان! اگر تم یوں ہی زندہ رہے تو آنے والا سہانا موسم تمہاری بے بسی کا مذاق اڑائے گا۔ شبنم سے بھیگی ہوائیں تمہارے آنسوؤں پر طنز کریں گی۔ و یلنٹینا کی پاکیزہ محبت کی دلفگار یادیں تمہاری زندگی میں نفرتوں کا زہر گھول دیں گی۔ اگر تم نے بہت جلد اپنے مقصد عظیم کو لبیک نہ کہا تو دوریاں عذاب بن کر تم پر مسلط ہو جائیں گی۔"

آواز خاموش ہو گئی تو وہ سوچنے لگا: "کیا بوڑھے مصور کو رات کے اس حصے میں بھی چین نہیں آ رہا۔"

وہ سہم کر و یلنٹینا کی طرف دیکھنے لگا جس کی ساحرانہ آنکھیں ابھی تک فیضان پر گڑی ہوئی تھیں ———

وہ فیضان کو یوں دیکھ رہی تھی جیسے وہ کوئی مسکراتا ہوا خواب ہو یا پھر ان فلک بوس پہاڑوں کے اوپر فضائے بسیط میں مینہ کی بوندوں سے بوجھل کوئی بادل کا ٹکڑا ——— جو برس کر اس کے اندر دہکتے نفرتوں کے الاؤ کو ٹھنڈا کر دے گا:

"فیضان!؟"

اسے و یلنٹینا کی مدھ بھری آواز سنائی دی ——— "میں تمہیں مبارک باد

www.iqbalkalmati.blogspot.com



دینے آئی ہوں فیضان! تمہارے مقدس سفر کے آغاز کی مبارکباد ـــــــ اس سفر کی!! جس پر تمہارے روانہ ہونے کا' جانے میں کتنی دیر سے انتظار کر رہی تھی۔"

فیضان نے برقرار ہو کر اس کا ہاتھ تھام لیا ـــــــ

خوبانی کے پورے سے اچانک ہی شبنم کے بے شمار قطرے مینہ کی شکل میں اس کے ہاتھ پر گرے' اس نے چاہا اپنا گیلا ہاتھ صاف کر لے مگر جیسے ہی اس نے ہاتھ الگ کیا۔ ویلنٹینا فضاؤں میں گھل گئی۔

"ویلنٹینا! ویلنٹینا!!" وہ بے قرار ہو کر تڑپا ـــــــ

لیکن' اس کی آواز صدا بہ صحرا ثابت ہوئی!

کھڑے ہو کر اس نے چاروں سمت نظریں دوڑائیں' مگر ویلنٹینا کا کہیں سراغ نہیں مل رہا تھا ـــــــ خوشبو کی طرح رعنائیاں بکھا کر وہ کہیں اوجھل ہو گئی تھی! اس نے اپنا سر جھکا لیا اور گہری سوچوں میں گم ہو گیا۔

ـــــــ کہ اچانک اسے اپنے کندھے پر کسی دست شفقت کا احساس ہوا!! اس نے گھوم کر دیکھا! ـــــــ بوڑھا مصور اس کے سامنے کھڑا مسکرا رہا تھا۔

بیٹا! یہ لو خوبانی کا چھوٹا سا پھول' جو میں راستے سے تمہارے لیے توڑ لایا ہوں' دیکھو شبنم کے قطرے اس پر جگمگاتے کتنے بھلے محسوس ہوتے ہیں؟"

"شبنم کے قطرے؟"

فیضان حیران ہو کر مصور کی طرف دیکھنے لگا۔ وہ کہہ رہا تھا:

"بیٹا! شبنم تو بکھرنے کے لیے ہوتی ہے' لیکن میرے بچے! تم تو شعلہ ہو۔"

ـــــــ شعلہ! برق تپاں جو کبھی یہاں تڑپتا ہے کبھی وہاں چمکتا ہے۔

ـــــــ اسے سکون نہیں! لیکن سکون اس کے نصیب میں کہاں۔

"یہ چیز اسے کب میسر آتی ہے بابا؟"

فیضان بوڑھے کی طرف دیکھنے لگا وہ کہہ رہا تھا:

"بیٹا! جب چاروں طرف آگ برس رہی ہو گی تو لوگ جہاد جہاد پکارتے اس آگ میں کود پڑیں گے اور یقیناً" اس وادی میں داخل ہو جائیں گے جہاں خوبانیوں کے پودوں پر شبنم گرتی ہے اور کبھی نہیں پگھلتی۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



"کبھی نہیں پگھلتی بابا؟"

فیضان بوڑھے مصور کی طرف دیکھنے لگا جو وہ دروازے کے باہر جا رہا تھا' البتہ اس کی آواز سنائی دے رہی تھی۔

"بیٹا! وہ ایسی وادی ہے جہاں تمہیں بھی دائمی سکون نصیب ہو گا۔"

——— ظلم اور جبر سے ہمیشہ کے لیے نجات بھی مل جائے گی اور

——— جہاں تمہاری خواہشات کبھی تشنہ تکمیل نہ رہیں گی۔

بوڑھا مصور چلا گیا تو اس کی آنکھوں کے سامنے ——— حد نگاہ تک انہی سرخ چناروں کا سلسلہ ابھرنا شروع ہو گیا جنہوں نے غیور افغانوں کے جسموں سے خون چوس کر پرورش پائی تھی اور جو اب ——— سر اٹھا اٹھا کر بڑی بے قراری سے اس کا انتظار کر رہے تھے۔

# الجہاد' الجہاد' الجہاد

اچانک اسے یوں لگا جیسے دروازہ دوبارہ کسی نے آہستگی سے کھٹکھٹایا ہو پھر کوئی دبے قدموں اندر چلا آیا ——— آنے والا ہیولے کی شکل میں اس کے سامنے کھڑا تھا۔ اس کے نقوش واضح نہیں تھے لیکن فیضان بخوبی اندازہ کر سکتا تھا کہ یہ کون ہے ———؟

پھر ہیولا بھی غائب ہو گیا ———!! جیسے اس کی اگلی منزل کی نشاندہی کے لیے وہ یہاں آیا ہو۔

فیضان کو یوں لگا جیسے کوئی آہستہ آہستہ اس کے کانوں میں سرگوشیاں کر رہا ہو۔

سرگوشیاں اب نمایاں ہونے لگی تھیں۔

پھر ایک واضح آواز اسے ہر طرف گونجتی سنائی دی۔

"الجہاد! الجہاد! الجہاد! الجہاد! ———"

آوازیں بلند ہوتی جا رہی تھیں۔ اچانک ہی وہ ہڑبڑا کر اٹھ کھڑا ہوا۔

چھاؤنی کے باہر خوست شہر کی مسجد کے سپیکر سے اللہ اکبر کی صدائیں گونج رہی تھیں۔ اس نے برف جیسے ٹھنڈے پانی سے غسل کیا اور کمرے کے ایک کونے ہی میں مصلیٰ بچھا کر نماز کی نیت باندھ لی۔

نماز یہاں لوگ انفرادی طور پر ہی ادا کرتے تھے کیونکہ نمازی کو روسی اور ترقی یافتہ ماسکو نواز افغان آفیسر اچھی نظروں سے نہیں دیکھتے تھے۔

نماز کے اختتام پر جب اس کے ہاتھ دعا کے لیے اٹھے تو جیسے اچانک ہی اس

www.iqbalkalmati.blogspot.com مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

کی آنکھیں چھلک پڑیں ـــــ جانے کب سے یہ آنسو اس کے اندر منجمد ہو رہے تھے جو اب اس کے جذبات کی تپش سے پگھل گئے تھے۔

"خدایا!" ـــــ اس نے گڑگڑاتے ہوئے کہا ـــــ آج کی رات کو یہاں میری آخری رات بنا دینا ـــــ الٰہی! میں تیرا ناکس و ناتواں بندہ آج تیرے در پر دامن پھیلائے تیرے حضور دست سوال دراز کرتا ہوں۔"

"اے مولائے کل! مجھے ہمت عطا کر ـــــ مجھے توفیق دے کہ میں جو عزم لے کر ماسکو سے یہاں آیا تھا اس پر پورا اتر سکوں ـــــ میرے مالک! مجھے استقامت اور پامردی عطا کر ـــــ میرے لیے تنگ راہیں کشادہ کر دیتے ـــــ میرے مولا! میری راہیں بھی آسان فرما ـــــ مجھے ہمت دے کہ میں ـــــ کہ میں ـــــ"

اس کا گلا رندھ گیا۔ آنسو اس کے اندر بھی گرنے لگے تھے۔ اس کی آواز حلق میں اٹک کر رہ گئی ـــــ اس سے آگے وہ کچھ نہ کہہ سکا۔ بیقرار ہو کر وہ سجدہ ریز ہو گیا۔

اس کے آنسوؤں سے مصلّٰے بھیگنے لگا تھا ـــــ پھر جیسے یکایک اس کے آنسو تھم گئے۔ اسے اپنا وجود بڑا ہلکا پھلکا دکھائی پڑنے لگا۔ جیسے اس کے سر پر لدا منوں بوجھ کسی نے بڑی آہستگی سے اتار کر نیچے رکھ دیا ہو۔

کوئی نادیدہ طاقت اسے احساس دلا رہی تھی کہ خدا کے حضور اس کا گڑگڑانا قبولیت کا شرف پا چکا تھا۔

وہ اٹھ کھڑا ہوا ـــــ!

ابھی اس نے مصلّٰے تہہ کرکے رکھا ہی تھا جب کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ اس کے اجازت دینے پر ایک مستعد عسکر اندر آیا ـــــ جس نے کچھ ٹائپ شدہ کاغذ اس کے سامنے رکھ کر کسی اطلاع پر اس کے دستخط لیے تھے۔

اسے ناشتے کے فوراً بعد ایک اہم کانفرنس میں طلب کیا گیا تھا۔

—O—

اس کانفرنس میں خوست چھاؤنی میں موجود جونیئر ضابط سے اوپر کے تمام

عہدیداروں کو طلب کیا گیا تھا ـــــــ یہاں ان لوگوں کو بڑے بڑے نقشوں کی مدد سے اس علاقے کی پوزیشن سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا گیا کہ افغان فوج اور مجاہدین دونوں فریقوں نے کہاں کہاں بارودی سرنگیں حفظ ماتقدم کے لیے بچھا رکھی ہیں۔!!

اس کے ساتھ ہی محفوظ راستوں کی نشاندہی بھی کر دی گئی تھی۔

یہ سب کچھ اس بڑے حملے کی تیاری کا حصہ تھا جو ان لوگوں نے اگلے چند روز میں مجاہدین کے مضبوط مرکز "ژاور" پر کرنے کا پروگرام بنایا تھا ـــــــ

جب روسی فوج کا ایک کرنل دیوار گیر نقشوں پر چھڑی رکھ رکھ کر ان لوگوں کو بارودی سرنگوں والے مشتبہ راستوں کی نشاندہی کر رہا تھا تو فیضان کا دل احساس تشکر کے جذبات سے لبریز ہو چکا تھا ـــــــ اس کی رو رو کر خدا کے حضور کی گئی التجائیں اتنی جلدی قبولیت کا شرف حاصل کر لیں گی؟ ـــــــ اس احساس نے اسے جہاں جذبہ تشکر عطا کیا تھا وہاں اس کے جذبہ حریت کو بھی مہمیز لگائی تھی۔

اس کی ایک بہت بڑی مشکل اللہ نے خود بخود حل کر دی تھی ـــــــ اسے محفوظ راستوں کا ادارک حاصل ہو گیا تھا ـــــــ اب دنیا کی کوئی طاقت میدان جہاد کی سمت اس کے اٹھنے والے قدموں کو روک نہیں سکتی تھی ـــــــ!"

آج کی رات واقعی اس کی قید میں آخری رات تھی ـــــــ کل صبح وہ آزاد ہونے والا تھا۔ یہ سوچ اس کے لیے بڑی فرحت بخش تھی۔

اس کانفرنس سے ایک اور سنگین حقیقت کا علم بھی اسے ہوا تھا کہ جس طرح افغان فوج میں مجاہدین کے ہمدرد موجود ہیں جو انہیں پل پل کی خبر دیتے تھے۔ اس طرح مجاہدین میں بھی افغان فوج کے جاسوس موجود ہیں جو ان کی قلعہ بندیوں سے دشمن کو آگاہ رکھتے تھے۔ یہ اطلاعات تو اسے تھیں کہ فریقین ایک دوسرے کے ناگہانی حملوں سے خود کو محفوظ رکھنے کے لیے اپنے گرداگرد بارودی سرنگیں بچھا کر رکھتے ہیں لیکن ان کی پوزیشنوں کا علم نہیں تھا ـــــــ اس طرح یہ خطرہ بہرحال موجود تھا کہ ان بارودی سرنگوں سے بچ کر وہ کبھی منزل مراد پا بھی سکے گا یا نہیں ـــــــ! اب قسمت نے خود ہی اس کے فرار کی راہ ہموار کر دی تھی۔ اسے علم ہو گیا تھا کہ کن راستوں سے گزر کر افغان فوج مجاہدین پر حملہ آور ہونے والی ہے ـــــــ یہی محفوظ

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

راستے تھے اور اس نے انہی راستوں کے ذریعے فرار کی ٹھانی تھی۔

---

اس روز شام کے بعد اسے ایک سیکشن ساتھ لے کر "ریکی" کرنے کے لیے بھیج دیا گیا۔ اس سیکشن میں اس کے ساتھ ایک حوالدار اور ایک عسکر تھا۔ یہ حوالدار ڈھلتی عمر کا آدمی تھا اور مقامی علاقے کا ہونے کی وجہ سے ان راستوں سے کافی واقفیت بھی رکھتا تھا۔

فوجی اصولوں کے مطابق ان لوگوں کو دشمن کے علاقے میں "ریکی" کرکے صورتحال کا جائزہ لینا تھا ــــــ ان "ریکی" کرنے والی گشتی دستوں کی رپورٹ کے بعد ہی پھر حملے کی جزئیات طے کی جاتی ہیں۔

اس ڈیوٹی کو ضابط فیضان اوغلو نے عطیہ خداوندی جان کر قبول کیا تھا ــــــ!

شام ڈھلے اپنے دونوں ہمرائیوں کے ساتھ وہ اپنے مشن پر روانہ ہو گیا۔ اس نے جان بوجھ کر اپنے ایک ساتھی کو ایل ایم جی اور دوسرے کو راکٹ لانچر لے جانے کا حکم دیا۔ اس کی خواہش تھی کہ اس کے ذریعے مجاہدین تک بہتر اسلحہ تو پہنچ جائے۔ دونوں محافظوں نے بلا چون و چرا اس کے حکم کی تعمیل کی ــــــ یہ کام فیضان نے اتنی پھرتی اور ہوشیاری سے کیا تھا کہ ان لوگوں کے قلعہ خوست سے باہر نکلنے تک اعلیٰ افسران کو علم ہی نہ ہو سکا کہ یہ لوگ کس قسم کا اسلحہ لے کر جا رہے ہیں ــــــ یوں بھی وہ کمپنی کمانڈر تھا اور اپنی کمپنی کی حد تک کئی معاملات میں خود مختار بھی تھا۔

خوست بازار کے باہر سے چکر کاٹ کر وہ لوگ باڑی کی طرف روانہ ہو گئے انہیں اسی علاقے میں "ریکی" کرنا تھا ــــــ دونوں عساکر اس کے آگے آگے چل رہے تھے اور کلاشنکوف ہاتھوں میں تھامے وہ ان کے پیچھے پیچھے آ رہا تھا۔

حوالدار بڑا محتاط اور اس علاقے کے چپے چپے سے واقف نظر آتا تھا۔ ایک جگہ پہنچ کر وہ رک گیا۔ یہاں سے ان لوگوں کو گھوم کر واپس قلعہ خوست میں جانا

www.iqbalkalmati.blogspot.com



تھا۔

"رکو نہیں ——— آگے کی سمت چلتے رہو" ——— جیسے ہی عساکر نے گھومنا چاہا انہیں ضابط فیضان اوغلو کا حکم سنائی دیا۔ دونوں نے گردن موڑ کر دیکھا ——— فیضان نے کلاشنکوف ان کی طرف تان رکھی تھی۔ جس کا لاک روانگی پر ہی کھول لیا گیا تھا۔

"مجھے تم لوگوں سے کوئی مطلب نہیں ——— میں کافر کی نوکری پر لعنت بھیجتا ہوں۔ میں مجاہدین کے ساتھ مل کر پرچمیوں' خلقیوں اور روسیوں کے خلاف جہاد کروں گا۔ میں تمہیں مجبور نہیں کرتا کہ میرا ساتھ دو۔ لیکن تمہارے پاس جو ہتھیار ہیں وہ میں واپس ان کافروں کے ہاتھ نہیں لگنے دوں گا ——— تمہیں یہ ہتھیار اٹھا کر میرے ساتھ چلنا ہو گا ——— جیسے ہی مجھے احساس ہو گا کہ ہتھیار مجاہدین کے ہاتھ لگ سکتے ہیں تمہیں واپس جانے کی اجازت دے دوں گا۔"

"یااللہ تیرا شکر ہے" ——— فیضان کی بات ختم ہوتے ہی بوڑھے حوالدار نے فارسی میں کہا۔

"ہم آپ کے ساتھی ہیں" ——— دوسرا عسکر پکارا۔

زمین پر اپنے ہتھیار رکھ کر تینوں آپس میں باری باری بغلگیر ہوئے ——— خوشی سے تینوں کے پاؤں زمین پر نہیں ٹک رہے تھے۔ اگلے ہی لمحے وہ اپنی منزل مراد کی طرف گامزن تھے۔

———O———

دونوں عساکر خدا کا شکر اس لیے گزار رہے تھے کہ ان کی دلی مراد بر آئی تھی ——— اور فیضان اس لیے مسرور تھا کہ دونوں اس کے لیے مسئلہ نہیں بنے تھے ———۔ اب وہ خود ان کی راہنمائی کرتا ہوا آگے آگے چل رہا تھا ——— چھاؤنی کے کانفرنس روم کا ایک نقشہ اس کی آنکھوں کے سامنے لہرا رہا تھا اور فیضان اپنی یاد داشت کے سہارے آگے بڑھ رہا تھا۔

رات کے اندھیرے میں صحیح سمت راہنمائی کے لیے وہ بار بار مڑ کر بوڑھے

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

حوالدار کی طرف دیکھ لیتا جو اس علاقے کے چپے چپے سے واقف تھا۔ ساری رات وہ لوگ پہاڑیوں کے بیچوں بیچ سفر کرتے رہے اور صبح دم ایک پہاڑ پر چھپ کر بیٹھ رہے ابھی تک انہیں یہ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ وہ کہاں ہیں؟

ایک بات تو یقینی تھی کہ وہ مجاہدین کے علاقے میں پہنچ چکے تھے ——!

—○—

کابل کے ایک مرکز سے قاسم ایشان زادہ اور میرداد خان اگلے ہی روز یہاں پہنچے تھے —— حاجی امان اللہ نے کابل کے گردو نواح میں جد و جہد تیز کرنے کے لیے وہاں کمانڈروں کی ایک خصوصی میٹنگ طلب کی تھی۔

"باڑی مرکزی" پر قاسم ایشان زادہ صبح کی نماز سے فارغ ہو کر یونہی ٹہلتا ہوا ایک طرف نکل گیا۔ رائفل اس نے اپنے کندھے سے لٹکا رکھی تھی اور ہاتھوں میں وہ دوربین تھام رکھی تھی جو آج ہی حاجی امان اللہ نے اسے اپنے مرکز لے جانے کے لیے دی تھی۔

اپنی دانست میں قاسم ایشان زادہ نے صرف پہاڑوں کا نظارہ کرنے کے لیے ہی دور بین آنکھوں سے لگائی تھی۔ اس کا رخ "توڑ غاڑ" کی طرف سے آنے والے راستے کی طرف کر دیا —— دور بین کو شمالاً" جنوباً" گھماتا چلا گیا اور اچانک ہی ٹھٹھک کر رہ گیا۔

اسے تین افغان فوجی چھپ چھپ کر اس طرف آتے دکھائی دیئے تھے۔

پہلا خیال قاسم ایشان کے ذہن میں یہی آیا کہ یہ دشمن کی پڑول پارٹی ہے جو راستہ بھول کر اس طرف آ نکلی ہے۔ ایک لمحے کے لیے اس نے کچھ سوچا پھر مرکز کی طرف واپس بھاگ گیا۔

تھوڑی ہی دیر بعد میرداد خان اور تین دیگر مجاہدین کے ساتھ وہ اس سمت روانہ ہو گیا —— دور بین کی مدد سے انہوں نے آنے والوں کی سمت اور راستے کا تعین کر لیا تھا۔

تینوں مجاہدین بلی کی طرح قدموں کی آواز پیدا کیے بغیر پہاڑی سلسلے میں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



غائب ہو گئے۔ وہ آنے والوں کے راستے پر گھات لگانے جا رہے تھے۔ میرداد خان انہیں ہدایت نہ بھی کرتا تو بھی وہ اس وقت تک گولی نہ چلاتے جب تک کہ مخالف سمت سے کوئی غلط حرکت نہ ہوتی۔

میرداد خان خود قاسم ایشان کے ساتھ ہی وہیں دبک کر بیٹھ گیا —— دوربین اس نے اپنی آنکھوں سے لگالی تھی —— پھر اس نے دوربین ہٹالی۔ کیونکہ سامنے سے آنے والے بے دھڑک اور سیدھے ان کی طرف چلے آ رہے تھے۔ قاسم ایشان نے کلاشنکوف کا لاک کھول کر گن سیدھی کر لی۔

"اس کی ضرورت نہیں قاسم!" —— میرداد خان نے ہاتھ اوپر ہٹاتے ہوئے قاسم سے کہا —— "یہ اپنے لوگ ہیں۔ میرا دل گواہی دیتا ہے کہ اللہ نے ہم پر خصوصی مہربانی کی ہے۔"

تھوڑی دیر بعد ہی تینوں افغان فوجی مجاہدین کے سامنے تسلیم کر چکے تھے —— حاجی امان اللہ نے اسی دم راکٹ لانچر اور ایل ایم جی ملنے پر دو نوافل شکرانے کے گزارے —— فیضان اوغلو کی آمد کو وہ اللہ کی نصرت شمار کر رہے تھے۔ مجاہدین کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے قبول اسلام کا واقعہ یاد آگیا تھا ——!!

دوپہر تک وہ باتیں کرتے رہے پھر حاجی امان اللہ کے اصرار پر لیٹ گئے اس کی خواہش تھی کہ انہیں آرام کا موقعہ دیا جائے۔ سہ پہر تک کا وقت تینوں نے سوتے جاگتے گزارا۔ فیضان کو کبھی کبھی اپنے گھر والوں کی یاد ضرور آتی —— وہ جانتا تھا اس کے فوج سے فرار کے بعد "خدمت اطلاعات دولتی" (خاد) نے اس کے خاندان کے لوگوں اور بہی خواہوں پر عرصہ حیات تنگ کر دیا ہو گا۔

لیکن ——!

قرآن کا وہ حکم کہ اللہ اپنے راستے پر گامزن ہونے والوں کا امتحان سے ضرور گزارتے ہیں اور ان کی راہ میں ثابت قدم رہنے والے ہی بامراد ٹھہرتے ہیں اس کو تسلی دلانے کے لئے کافی تھا۔

افغان فوج کے "ضابط" کے مجاہدین کے سامنے تسلیم ہونے کی اطلاع مجاہدین کے نزدیکی مراکز پر پہنچ چکی تھی اور نزدیکی مراکز کے کماندار جوق در جوق اس

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

مجاہد کو دیکھنے اور ــــــ دشمن کی تازہ ترین منصوبہ بندیوں کے حالات جاننے کے لیے باڑی مرکز پہنچ رہے تھے۔

مغرب کے بعد ضابط فیضان اوغلو جس نے افغان فوج کی وردی اتار کر اپنے ہاتھوں جلا دی تھی' مجاہدین کی طرف سے فراہم کردہ کپڑے ان لوگوں کو تازہ مورچہ بندیاں دشمن کے عزائم اور حملے کی تفصیلات بتا رہا تھا۔ مجاہدین کو کچھ اطلاعات تو اپنے ہی خواہوں کی طرف مل چکی تھیں' لیکن اتنی تفصیلات کا علم ہونے پر وہ مزید ہوشیار ہو گئے۔

فیضان کی بات ختم ہوتے ہی حاجی امان اللہ نے مجاہدین کو فوراً" نئی مورچہ بندیاں قائم کرنے کے احکامات جاری کیے۔ فیضان کا ساتھی بوڑھا حوالدار ان لوگوں کے ساتھ ہی راکٹ لانچر اٹھائے خوست کی طرف سے آنے والی سڑک کی طرف روانہ ہو گیا۔

وہ لوگ اس راکٹ لانچر کے ذریعے ٹینکوں کی ممکنہ یلغار روکنے جا رہے تھے۔ روانگی سے پہلے بوڑھا حوالدار ایک مرتبہ پھر فیضان سے بغلگیر ہو گیا۔ بیٹا تم نے میری عاقبت سنوار دی۔ اس نیکی کا اجر خدا تمہیں ضرور دے گا۔ دعا کرنا۔ اب جو میں جا رہا ہوں تو سرخرو ہو کر یہاں سیدھا اللہ کے دربار میں پہنچ جاؤں۔"

فیضان کا دل بھر آیا' لیکن اس نے زبان سے صرف "آمین" ہی کہہ کر رخ موڑ لیا۔

———○———

حاجی امان اللہ کے ساتھ رات کے اندھیرے میں وہ "ژاور مرکز" کی طرف روانہ ہو گیا۔ رات کے پہلے پہر "ژ اور مرکز" پر اس علاقے میں معروف جہاد مجاہدین کے تمام گروپوں کے کمانڈر اکٹھے ہو چکے تھے۔ جہاں ضابط فیضان اوغلو نے انہیں دوبارہ تمام تفصیلات سے آگاہ کیا ــــــ!

اس نے تجویز دی کہ دشمن کے حملے سے پہلے ہی اس پر حملہ کر دیا جائے

لیکن! وہ شاید نہیں جانتا تھا کہ مجاہدین کے پاس سوائے جذبے کے اور کچھ نہیں ہے ــــــ اسے یہاں آ کر علم ہوا تھا کہ دنیا بھر میں کیے جانے والا یہ پروپیگنڈہ بالکل غلط تھا کہ مجاہدین کو امریکہ سے بے تحاشا اسلحہ مل رہا ہے ــــــ دوسرے ممالک بھی مدد کر رہے ہیں' حقیقت اس کے بالکل برعکس تھی ــــــ مجاہدین کے پاس دشمن سے چھینا ہوا اسلحہ تھا یا پھر وہ ہلکے ہتھیار جو مسلمان مخیر حضرات نے خرید کر ان تک پہنچائے تھے۔ باقی ممالک کی امداد صرف زبانی تھی یا اخلاقی! اس اجلاس میں ضابط فیضان اوغلو نے تجویز پیش کی کہ درمیانے اسلحے کے حصول کے لیے خوست بازار میں موجود ایک اسلحہ کے ڈپو کو لوٹ لیا جائے ــــــ اس کی اس تجویز سے اتفاق کیا گیا اور اگلے روز رات کا وقت اس مہم کے لیے منتخب ہوا۔ حاجی امان اللہ کی تجویز پر ضابط فیضان اوغلو کو ہی حملہ آور مجاہدین کی کمان سونپی گئی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com


# منزلِ مراد کا مسافر

اگلا روز اس کی زندگی کا عظیم انقلاب لے کر نمودار ہوا' کل تک وہ افغان فوج کا ضابط تھا——— اور آج مجاہدین کا کمانڈر بن کر حملہ کرنے جا رہا تھا———!

شام ڈھلے وہ لوگ اپنی مہم پر روانہ ہوئے۔ خوست بازار کے باہر ہی فیضان نے اپنے ساتھیوں کو رکنے کا اشارہ کیا——— وہ خود حالات کا جائزہ لینے کے بعد کوئی قدم اٹھانا چاہتا تھا۔

فیضان کے ساتھ آنے والے مجاہدین کی تعداد چار تھی اور ان کے پاس صرف دو رائفلیں تھیں یا پھر کینوس کے تھیلے جس میں وہ لوگ یہاں لوٹا ہوا اسلحہ لے کر جانا چاہتے تھے۔

فوجی تربیت کے مطابق اس نے پہلے خود اسلحہ کے ڈپو کا جائزہ لیا جو قلعے کے باہر ایک قدرے محفوظ مقام پر بنایا گیا تھا۔ یہاں تین پہریدار موجود تھے———! فیضان جانتا تھا کہ ان لوگوں کے اشارے پر فوج ان کی مدد کو آ سکتی ہے——— اسے سب سے پہلے فوج کو مصروف رکھنے کے لیے کچھ کرنا تھا۔ جس کا بندوبست اس نے روانگی پر کر لیا تھا۔

اپنے ساتھیوں کو ساتھ لے کر وہ ڈپو کے نزدیک پہنچا پھر اس نے اپنے کوٹ کی جیب سے ایک پڑول کی بوتل نکالی جو اسی مقصد کے لیے اس نے دم رخصت اپنے پاس رکھی ہوئی تھی۔ بوتل کے منہ میں کپڑا ٹھونس کر اس نے کپڑے کو آگ دکھائی اور بوتل کو پورے زور سے ڈپو سے کچھ فاصلے پر کیمو فلاج کی گئی گاڑیوں پر پھینک دیا——— بوتل کینوس کی چادروں پر گری جنہوں نے فوراً" آگ پکڑ لی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



جلتی ہوئی کینوس کی چادریں جب وہاں موجود ہیکلز پر گریں جن پر پٹرول کے کین رکھے ہوئے تھے تو جیسے قیامت آ گئی ——— پل بھر میں شعلے آسمان سے باتیں کرنے لگے۔

چند ہی منٹوں میں وہاں کہرام مچ گیا۔

الارم بجنے لگے ——— ڈپو کے پہرے دار اسی طرف دوڑ پڑے ——— دوڑتے پہریداروں کو مجاہدین نے نشانے پر رکھا ہوا تھا ——— ان کے زمین چاٹتے ہی وہ لوگ فیضان کے اشارے پر ڈپو میں جا گھسے۔ چند منٹ بعد چاروں مجاہدین نے اپنے جسموں پر اسلحہ کے گٹھے لاد لیے تھے ——— فیضان ان کی راہنمائی کے لیے آگے آگے چل رہا تھا۔ آگ کی روشنی سے بچنے کے لیے انہوں نے لمبا لیکن محفوظ راستہ اختیار کیا۔ اس کی دانست میں انہیں کسی نے دیکھا نہیں تھا لیکن وہ یہ نہ جان سکا کہ اسے بھاگتے ہوئے اس کی کمپنی کے ایک عسکر نے دیکھا ضرور تھا ——— یہ الگ بات کہ وہ اپنے "سابقہ ضابط" پر گولی چلانے کی جرأت نہ کر سکا۔ اور اس کے کسی فیصلے پر پہنچنے سے پہلے ہی فیضان اس کی زد سے نکل گیا!

آگ کی لپٹوں نے قلعے میں موجود فوج کو بوکھلا کر رکھ دیا ———! اس کے ساتھ ہی کسی نے چلا کر کہا مجاہدین حملہ آور ہو گئے ہیں ———!!

مجاہدین ان لوگوں کے اعصاب پر دہشت بن کر سوار ہو چکے تھے۔ گزشتہ دو سال میں انہوں نے ایسے ایسے محیر العقول اور دلیرانہ کارنامے انجام دیے تھے کہ اب ان کی کسی جگہ موجودگی ہی روسی اور افغان فوج کے لیے باعث خوف بن جایا کرتی تھی۔ روسی فوجی تو کبھی ایسے مواقع پر باہر نہیں نکلتے تھے ——— اب بھی انہوں نے ایسا ہی کیا۔

افغان فوجیوں کو "دشمن" سے نمٹنے کے لیے باہر بھیجا گیا' لیکن "دشمن" ان کی دسترس سے بہت دور جا چکا تھا۔ ضابط فیضان اوغلو اور اس کے ساتھی بڑی تیز رفتاری سے سفر کرتے پہاڑی سلسلے میں گم ہو چکے تھے ——— دم رخصت اس نے اس ڈپو سے حاصل کردہ دستی بموں کے ذریعے ڈپو کو راکھ کے ڈھیر میں بدل دیا تھا۔

رات کے اندھیرے میں مجاہدین کا تعاقب کرنے کی حماقت کوئی نہیں کر سکتا

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



تھا۔ کیونکہ تمام فوجی جانتے تھے کہ اپنے فرار کے راستے پر مجاہدین نے گھات ضرور لگائی ہوتی ہے تاکہ تعاقب میں آنے والی فوج سے نمٹا جا سکے۔ اور رات کے اندھیرے میں گولی کی سمت کا اندازہ کرنے سے پہلے ہی موت ان کا مقدر بن سکتی ہے۔

سپیدہ سحر نمودار ہونے سے پہلے وہ لوگ اپنے مرکز میں پہنچ چکے تھے اور اس محاذ پر پہلی مرتبہ مجاہدین کے ہاتھ اسلحے کا اتنا بڑا ذخیرہ لگا تھا۔ فیضان کے پہلے ہی کارنامے نے اس کا احترام سب کے دلوں میں قائم کر دیا تھا۔

دوسری طرف ——!

صبح ہونے تک آگ کی طرح یہ خبر دشمن کیمپ میں پھیل گئی تھی کہ رات مجاہدین نے حملہ ضابط فیضان اوغلو کی کمان میں کیا تھا اور فیضان یہاں سے فرار ہو کر مجاہدین کے ساتھ شامل ہو چکا ہے۔

میرداد خان واپس کابل مرکز آیا تو حاجی امان اللہ نے فیضان اوغلو کو بھی اس کے ساتھ روانہ کر دیا —— وہ سمجھتا تھا کہ ایسے مجاہدین کی زیادہ ضرورت کس محاذ پر ہو سکتی ہے۔

اور جلد ہی ——!

کابل کے در و بام اس کے نام سے گونجنے لگے۔

اخوندزادہ کے قتل پر اس کی گرفتاری اسی میجر ارخان کے ہاتھوں ہوئی تھی جس نے اسے ماسکو سے واپسی پر بزعم خویش "انقلابی" بنانے کے جتن کیے تھے اور آج جب وہ "خاد" کے چنگل سے نکلا تو قسمت اسے پھر ارخان کے دروازے پر لے آئی تھی —— لیکن یاسمین؟——

اس نے سوچا—— یاسمین سے زندگی نے دوبارہ ملایا بھی تو کس روپ میں!!

# تائیدِ غیبی

یاسمین نے واضح طور پر محسوس کیا تھا کہ جو خواب وہ دیکھتی آئی تھی یہاں آکر بالکل چکنا چور ہو گئے تھے۔ خصوصاً" فیضان کی اچانک بیوفائی نے اسے کسی قابل نہیں چھوڑا تھا۔ اس کا دل پڑھائی سے بالکل اچاٹ ہو گیا تھا۔ فیضان جاتے ہوئے اسے مل کر بھی نہیں گیا تھا۔ اس حادثے نے تو اسے اندر سے بالکل ہی توڑ کر رکھ دیا تھا۔

اس نے اب پارٹی میٹنگوں میں حصہ لینا چھوڑ دیا تھا۔ سارا سارا دن اپنے کمرے میں پڑی رہتی۔ ایک بے نام سا پچھتاوا اس کی جان کو آ گیا تھا۔ منتشر ذہن کے ساتھ تعلیم تو وہ کیا حاصل کر پاتی جسمانی عوارض نے اسے گھیر لیا۔

پارٹی اجلاس سے مسلسل غیر حاضری نے اس کے ساتھیوں کے دلوں میں پرورش پاتے ان خدشات کو مستحکم کر دیا تھا کہ یاسمین "منحرف" ہو گئی ہے۔ اگر وہ روس کی شہری ہوتی تو اسے اس گناہ کی قیمت بہرحال ادا کرنا پڑتی ——— لیکن وہ غیر ملکی طالبہ تھی۔ اور عین ممکن تھا کہ اس کے ساتھ کی جانے والی کوئی زیادتی ان لوگوں کے لیے پریشانی کا باعث بن جاتی۔ اسی لیے بطور احتیاط فیضان کی روانگی کے بمشکل دو ڈھائی ماہ بعد ہی اسے بھی "نالائق اور کند ذہن" قرار دے کر واپس کابل بھیج دیا گیا۔

○

بکرمن ارغان کی بیٹی یاسمین جب اپنے ملک میں واپس آئی تو وہ پہلے والی یاسمین نہیں رہی تھی۔ فیضان کی جدائی کا سانحہ اس کی جان کو آ گیا تھا۔ اس کی ہنسی اور قہقہے کبھی کے رخصت ہو چکے تھے۔ کابل کی اونچی سوسائٹی کے گھرانوں میں اس کا

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



آنا جانا بالکل ختم ہو گیا تھا۔

تقریبات میں بھی وہ خال خال ہی نظر آتی تھی۔ اپنے والدین کی اکلوتی اولاد ہونے کے باعث وہ اسے ضرورت سے زیادہ عزیز رکھتے تھے۔ ارخان نے کبھی اس پر کسی کام کے لیے دباؤ نہیں ڈالا تھا۔ یاسمین کی ماں نے حتی الوسع کوشش کی تھی کہ وہ اپنی بیٹی کو روایتی مسلمان اور افغان زادی بنا سکے۔ وہ خود ایک قدامت پسند مذہبی عورت تھی۔ ایک روایتی مسلمان افغان عورت جسے اپنی بیٹی کا کھلے بندوں گھومنا بالکل پسند نہیں تھا۔

ایک روز جب اسے یہ اطلاع ملی کہ اس کی بیٹی شراب نوشی کی محفلوں میں بھی شرکت کرنے لگی ہے۔ اس نے رو رو کر میجر ارخان کے سامنے ہاتھ جوڑے کہ وہ بیٹی کو شمع محفل بننے سے بچا لے ——— لیکن ارخان پر جدید نظریات ضرورت سے زیادہ ہی غلبہ پا چکے تھے۔ اس نے اپنی بیوی کو حسب سابق ڈانٹ دیا اور بیچاری بڑھیاں کٹ کر رہ گئی۔

یاسمین کی ماسکو روانگی نے تو اسے چارپائی سے لگا دیا تھا لیکن وہ مری نہیں تھی۔ اپنی بیٹی کی آمد کی منتظر رہی۔ اب جب اس کی بیٹی "مسلمان افغان زادی" بن کر لوٹی تو اس نے خاصی دیر لگا دی تھی۔ اس کی ماں کی روانگی کا وقت ہو رہا تھا۔ اندر ہی اندر کڑھنے اور مسلسل غم کرتے رہنے کی وجہ سے اس کے دل میں سیاہ شگاف پڑ گیا تھا۔

حالات کی تاریکیوں نے اس شگاف کو مزید گہرا کرنا شروع کر دیا اور جب ایک روز اسے دل کا دورہ پڑا اور ارخان اسے ہسپتال لے کر گیا تو اسے ڈاکٹروں نے بتایا کہ مریض کے علاج میں زبردست کوتاہی کی گئی ہے اور معاملہ اب دوا سے زیادہ دعا پر آ گیا ہے ———!

یاسمین نے پانچ چھ ماہ تک حتی المقدور کوشش کر ڈالی کہ اس کی ماں زندہ رہے لیکن وہ اپنی ماں کو مرنے سے نہ بچا سکی۔

مرتے وقت اس کی ماں کم از کم اس لحاظ سے مطمئن اس دنیا سے جا رہی تھی کہ: اس کی بیٹی نے کسی مرحلے پر ہی سہی بہرحال سیدھی راہ تو اپنا لی تھی۔

ماں کی موت نے تو یاسمین کے رہے سہے اوسان بھی خطا کر دیئے تھے۔ اس نے جب کبھی صدق دل سے حالات کا جائزہ لیا تو خود کو ہی ماں کی موت کا ذمہ دار گردانا۔ اس کی بے جا اور حد سے بڑھتی ہوئی ترقی پسندی نے اسے جنم دینے والی ماں کی جان لے لی تھی۔ اس انکشاف نے اسے کئی مرتبہ رلایا۔ جوں جوں وہ اس پر غور کرتی۔ نام نہاد ترقی پسندی اور سوشلزم سے اس کی نفرت بڑھتی چلی جاتی۔

ایک روز جب اس نے سنا کہ روس کی فوج ہی اس کے ملک میں "دوستی نبھانے" کے لیے گھس آئی ہے تو وہ تلملا کر رہ گئی۔ لیکن بے چاری معصوم لڑکی کیا کر سکتی تھی۔

اس دوران کابل کے دوسرا براہان مملکت یکے بعد دیگرے اس انقلاب کی بھینٹ چڑھ چکے تھے۔ ملکی حالات بالکل بدل گئے تھے۔ ساری ساری رات کابل کرفیو کی لپیٹ میں رہتا۔ لوگ ایک دوسرے سے خوف زدہ اور سہمے سہمے نظر آنے لگے تھے۔ یہ بڑے صاف دل اور پکے مسلمان تھے۔ دل کی بات کبھی دل میں نہ رکھ سکے۔ ان کے اندر روس کے خلاف پلنے والی نفرت روز بروز بڑھتی ہی چلی گئی۔ یاسمین کے دیکھتے ہی دیکھتے کئی نوجوان کابل سے غائب ہو کر پہاڑوں میں چلے گئے۔

جانے والے رائفلیں بھی ساتھ لے گئے تھے۔ وہ اس عزم سے نکلے تھے کہ اپنے گھروں کو تب ہی لوٹیں گے جب اپنا ملک آزاد کروالیں گے۔ ان جانے والوں میں چند ایسے بھی تھے جن کے نام اور کارناموں سے جلد ہی کابل کے درو بام گونجنے لگے۔

انہی میں ایک نام فیضان کا بھی تھا ——— !

فیضان کا نام یاسمین نے پہلی مرتبہ اپنے باپ سے سنا تھا جب وہ ایک روز کرنل شولو خوف سے ڈانٹ کھا کر خاصا آگ بگولا اور غصے میں پھنکتا گھر آیا تھا۔ کرنل شولو خوف نے اس کی بہت بے عزتی کی تھی اور فیضان کے نکل جانے پر اسے نکھٹو اور کام چور ہونے کے طعنے بھی دیے تھے۔

ایک روز اخبارات میں اس نے فیضان کی تصویر اس خبر کے ساتھ دیکھی کہ اس نے ایک روسی مشاور کو کابل کے ایک بھرے پرے بازار میں گولی مار دی تھی

www.iqbalkalmati.blogspot.com مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں :

اور ہجوم میں فرار ہو گیا تھا۔ اس کے کارناموں کو پڑھ کر اور سن کر یاسمین کو بہت خوشی ہوتی تھی۔ اس نے بار بار ان باتوں پر خدا کا شکر ادا کیا تھا کہ فیضان ماسکو والوں کے نرغے سے زندہ نکل کر واپس آ گیا ہے۔

پچھلے دنوں تو اس کا تذکرہ قریباً" آئے روز اس کے گھر میں ہونے لگا تھا۔ گھر میں وہ اپنے والد اور نوکروں کے ساتھ ہی رہتی تھی لیکن اس ماڈرن آبادی کے اکثر لوگوں کا ان کے ہاں آنا جانا لگا رہتا تھا۔ کابل کے ہر گھر میں انہی مجاہدین کی کہانیاں زیر بحث رہتی تھی۔

کچھ لوگ ان سے بے پناہ محبت کرتے تھے اور کچھ نفرت' لیکن ہر دو طبقے ان کی جرأت اور قوت ایمانی کے قائل ضرور تھے۔ دوست دشمن بارہا ان لوگوں کو خراج عقیدت پیش کر چکے تھے جنہوں نے ایک جابر اور قاہر قوت سے نہتے ہونے کے باوجود ٹکر لی تھی۔

———○———

یاسمین نے یہ تو کبھی سوچا ہی نہیں تھا کہ اس طرح اچانک فیضان زندگی میں دوبارہ کبھی اس سے ٹکرا جائے گا۔ فیضان نے بھی کبھی یہ نہیں سوچا تھا کہ وہ جس گھر میں پناہ لینے جا رہا ہے وہاں یاسمین بھی اس کی منتظر ہو گی۔

جگرمن ارخان کے ہاتھ سے پستول گر چکا تھا۔ اس نے اپنی بیٹی کی دھمکی میں بڑا واضح وزن محسوس کر لیا تھا۔ اس کے تجربے نے اسے انسانی لہجوں میں چھپے حقائق کو پڑھنے کا اچھا خاصا گر سکھا دیا تھا۔ جس طرح یاسمین نے اچانک اس پر پستول تانا تھا عجب نہیں تھا کہ اگر وہ مدافعت کرتا تو یاسمین گولی چلا دیتی۔

"فیضان پستول اٹھا لو۔" اس نے حیرت زدہ فیضان کو اپنے باپ کے پستول کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

فیضان نے چند لمحوں کے لیے کچھ سوچا پھر پستول اٹھا لیا۔

"بابا"—— یاسمین نے اپنے والد کو مخاطب کیا—— "مجھے افسوس ہے میں نے آپ پر پستول تانا ہے۔ لیکن میری جگہ کوئی باغیرت پٹھان لڑکی ہوتی تو وہ یہی

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کچھ کرتی ـــــ یہ شخص ہمارے گھر پناہ لینے آیا ہے اور پٹھان پناہ لینے والے کو کچھ نہیں کہا کرتے خواہ وہ ان کے باپ کا قاتل ہی کیوں نہ ہو ـــــ یہ ہمارا مہمان ہے۔"

"یاسمین"ـــــ میجر ارخان نے اس کی آنکھوں میں جھانکا۔ "تم جانتی ہو اسے؟"

"اسے کون نہیں جانتا بابا ـــــ یہ لوگ تو ہماری پہچان ہیں۔ یہ ہماری عظیم روایات کے امین ہیں انہوں نے ساری دنیا کو باور کرا دیا ہے کہ افغان اپنے عظیم پہاڑوں کی طرح ناقابل تسخیر ہیں یہ باتیں کہتے ہوئے اس کا گلا رندھ گیا۔

"بیٹی میری بات کا جواب تم نے ابھی تک نہیں دیا ـــــ" میجر ارخان نے اسے دوبارہ مخاطب کیا۔

"ہاں بابا! ہم دونوں کالج میں اور پھر ماسکو میں بھی اکٹھے ہی پڑھتے رہے ہیں۔" یاسمین نے بالآخر اقرار کر ہی لیا۔

"آپ لوگو میری وجہ سے پریشان نہ ہوں۔ میں جلدی یہاں سے چلا جاؤں گا۔" فیضان نے پہلی مرتبہ ان کی گفتگو میں مداخلت کی۔

"نہیں فیضان! تم ایسے نہیں جاؤ گے ـــــ تم میرے مہمان ہو۔ نوکری ثانوی چیز ہے۔ میں پہلے مسلمان اور پھر افغان ہوں۔ کاش میری آنکھیں بھی آج سے پہلے کھل گئی ہوتیں اور میں تمہاری گرفتاری نہ کرنے جاتا ـــــ اے کاش۔"

"میں آپ لوگوں کا کس منہ سے شکریہ ادا کروں۔" فیضان نے کچھ کہنا چاہا۔

"یہ باتیں پھر ہوتی رہیں گی۔ فی الحال تم آرام کرو۔ میں ایک نظر ذرا باہر کا جائزہ لے آؤں۔" یہ کہہ کر میجر ارخان باہر نکل گیا۔

اس نے اچانک باہر جانے پر فیضان بالکل نہیں گھبرایا تھا۔ اسے یقین تھا کہ میجر ارخان اسے کبھی دھوکہ نہیں دے سکتا۔ مسلمان کی غیرت ہی کو جگانا ہوتا ہے۔ اور وہ محسوس کر سکتا تھا کہ ارخان کی سوئی ہوئی غیرت آج بیدار ہو گئی ہے۔ یہ تائید غیبی تھی۔ اس کی چھٹی حس نے احساس دلایا ـــــ خدایا تو ہی

www.iqbalkalmati.blogspot.com مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



دلوں کے حال جاننے والا اور دلوں کو پھیرنے والا ہے۔ اس نے دل ہی دل میں کہا۔

"مجھے افسوس ہے یاسمین ــــــ اپنے رویے سے میں نے تمہیں خاصا دکھی کیا ہے۔" اس نے ارخان کے جاتے ہی یاسمین سے کہا۔

"نہیں فیضان! تم تو میرے محسن ہو! اگر اس روز تم ایسی کھلی باتیں نہ کرتے تو نجانے آج میں ذلالت کی کسی راہ پر گامزن ہوتی ــــــ تم نے تو مجھے ان درندوں کا شکار ہونے سے بچا لیا تھا فیضان ــــــ!"

دونوں وہیں بیٹھے ماسکو کی باتیں کرتے رہے۔

کرنل شولوخوف غصے سے پاگل ہو رہا تھا۔ اس کا جی چاہتا تھا کہ اپنے سامنے سر جھکا کر کھڑے ہوئے تمام فوجیوں کو گولی سے اڑا دے۔ جن کی بزدلی اور نااہلی کی وجہ سے نہ صرف فیضان ان کے ہاتھوں سے نکل گیا تھا بلکہ اس کے ساتھی بھی پندرہ بیس فوجیوں کو موت کے گھاٹ اتارنے کے بعد غائب ہو گئے تھے۔

سمجھ نہیں آتی تھی کہ ان لوگوں کو زمین کھا گئی یا آسمان نے نگل لیا ہے؟

"گدھوں کی طرح کیا سر جھکائے کھڑے ہو ــــــ" اس نے اپنے سامنے کھڑے فوجیوں کو مخاطب کیا۔ جاؤ اور فیضان کو ڈھونڈو۔ سارے کابل میں میں نے ناکہ بندی کروا رکھی ہے وہ کہیں نہیں جا سکتا۔ وہ یہیں ہے۔ کابل ہی میں کہیں اس نے پناہ لے رکھی ہے۔"

اور تمام گدھے وہاں سے جان بچی سو لاکھوں پائے کا ورد کرتے ہوئے کھسک گئے۔ کرنل شولوخوف وہیں کھڑا کچھ سوچتا رہا ــــــ پھر اچانک ایک خیال سے چونک پڑا۔ بڑی تیز رفتاری سے چلتا ہوا وہ اپنے کمرے میں پہنچ گیا۔ کمرے میں آ کے انٹرکام کے ذریعے اس نے میجر بوناکوف کو اپنے پاس طلب کیا۔

چند منٹ بعد میجر وہاں موجود تھا۔

"بوناکوف!" ــــــ اس نے بڑے سرد لہجے میں اسے مخاطب کیا ــــــ

"تمہارے سیل میں ایک غدار ضرور جود ہے۔ باغیوں کا کوئی آدمی ــــــ اور ہم

نے بہرحال اسے تلاش کرنا ہے۔ اس کام کے لیے میں بہت وقت نہیں دے سکتا! خیال رکھنا۔"

بوناکوف کا کوئی جواب سنے بغیر اس نے "آؤٹ" کہہ دیا اور میجر بوناکوف پاؤں پٹخ کر باہر نکل گیا۔

اس کے روانہ ہوتے ہی کرنل شولوخوف نے مغز کھپائی شروع کر دی۔ اچانک اپنے نزدیک پڑے فون پر اس نے ایک نمبر ملایا۔ گھنٹی کابل کے مضافاتی علاقے کی ایک چھاؤنی میں بجی تھی۔ دوسری طرف سے فون اٹھانے والا اس علاقے کا روسی کمانڈر تھا' کرنل شولوخوف نے اسے کچھ سمجھایا اور حکم دیا —— "فوراً" اس علاقے کو گھیرے میں لے لو۔"

محض دس منٹ بعد دس پندرہ ٹینک گڑگڑاتے ہوئے چھاؤنی سے باہر نکل رہے تھے۔

---

میجر ارخان یونہی باہر نہیں نکل آیا تھا اس کی ساری زندگی فوج میں گزری تھی۔ اور اس کے حساس کانوں نے ٹینک کی گڑگڑاہٹ محسوس کر لی تھی۔ باتیں کرتے کرتے یاسمین اور فیضان اچانک چپ ہو گئے۔ کیونکہ مختلف قسم کے فوجی ٹرکوں اور ٹینکوں کی آوازیں اب خاصی نمایاں ہو گئی تھیں۔

دونوں ایک دوسرے کے منہ کی طرف دیکھنے لگے جیسے ان میں سے ہی کوئی ایک اس صورت حال کا ذمہ دار ہو۔

بکرن ارخان جس تیز فتاری سے گیا تھا اس سے زیادہ تیز رفتاری سے اس کی واپسی ہوئی۔ اس کے چہرے پر ہوائیاں اڑ رہی تھیں۔ اسے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ صورت حال کی وضاحت کس طرح کرے —— اس کی حالت بالکل نو مسلموں کی سی ہو گئی تھی۔ جنہیں ایمان لاتے ہی اللہ تعالیٰ نے کسی بڑی آزمائش میں ڈال دیا ہو۔ آج زندگی میں پہلی مرتبہ اس کی راہ گم کردہ بیٹی اسے راہ راست پر لائی تھی اور آج ہی اس کا امتحان قدرت لینے پر تل گئی تھی ——!

www.iqbalkalmati.blogspot.com



میجر ارخان جانتا تھا کہ فیضان کو گرفتار کروانے کی صورت میں اسے کسی بھی اعلیٰ ترین اعزاز سے نواز جاتا۔ کیونکہ اس سے پہلے بھی اس نے فیضان پر قابو پایا تھا کچھ بعید نہیں تھا کہ وہ کرنل بنا دیا جائے لیکن کیا وہ اپنے ضمیر کی طرف سے خود پر برپا ہو جانے والے عذاب کا سامنا کر سکے گا؟ــــــ نہیں ــــــ اس نے سوچا۔ یہ ناممکن ہو گا ــــــ!

"فیضان میرے بیٹے!" ــــــ اس نے اندر داخل ہوتے ہی فیضان کو مخاطب کیا۔ "ان لوگوں کو شاید تمہارے یہاں موجود ہونے کا شک ہو گیا ہے۔ تمہاری حالت اس قابل نہیں کہ اب مزید بھاگ دوڑ سکو۔ اس بستی میں محفوظ ترین ٹھکانہ تمہارے لیے اگر کوئی ہے تو یہی گھر۔ جس میں تم بیٹھے ہو۔ بیٹا! تم مجھ پر اعتماد کر سکتے ہو۔ یہ افغان فوج کے میجر کا نہیں ایک مسلمان کا وعدہ ہے۔"

فیضان نے اس کی بات کا کوئی جواب نہ دیا صرف ایک لمحے کے لیے یاسمین کی طرف دیکھا۔ جس کے چہرے پر ایک رنگ آ رہا تھا اور دوسرا جا رہا تھا۔

"فیضان! تم مطمئن رہو۔" اس کے لہجے میں بلا کی خود اعتمادی تھی۔

فیضان نے چند سیکنڈ کے لیے کچھ سوچا۔ آرمی و ہیکلز کی آوازیں اب خاصی نمایاں ہو رہی تھیں۔ فضا میں کوئی ہیلی کاپٹر بھی چنگھاڑنے لگا تھا اور اس کی چنگاڑ اب لحہ بہ لحہ تینوں کو قریب آتی محسوس ہو رہی تھی۔ فیضان کے دل نے باپ بیٹی کے الفاظ کی صداقت پر صاد کر دیا۔ اس نے مطمئن ہو کر گردن جھکا لی۔

ارخان نے اپنا ریوالور اس کی طرف بڑھا دیا اور گولیوں کی پیٹی اس کے ہاتھ میں تھماتے ہوئے کہا۔

"بیٹے خدا نہ کرے اگر کوئی برا وقت آ بھی گیا تو تم اکیلے نہیں ہو گے۔ ہمارے پاس دو اور ریوالور بھی موجود ہیں۔"

فیضان اوغلو کو ان لوگوں نے سٹور میں چھپا دیا۔ چند ہی منٹ بعد فوج کے متعدد دستے اس ماڈرن آبادی کو گھیرے میں لے رہے تھے۔ وہ بے دھڑک کسی بھی مکان میں گھس جاتے تھے بکرن ارخان اپنے بنگلے کے دروازے پر آ گیا تھا ایک جیپ اس کے قریب آ کر رک گئی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



جیپ میں حواس باختہ افغانی میجر اور اس کے سپاہی بیٹھے تھے۔ یہ لوگ "خاد" کی طرف سے آئے تھے اور فیضان کی گرفتاری کی اس مہم میں حصہ لے رہے تھے۔ بوکھلائے ہوئے افغانی میجر نے جگرن ارخان کو اطلاع دی کہ فیضان بھاگ گیا ہے۔ ارخان کو اپنی اداکاری کی صلاحیتوں پر کبھی اعتماد نہیں رہا تھا۔ لیکن آج وہ خود اپنے آپ کو داد دیے بغیر نہ رہ سکا۔ اس نے اپنے چہرے پر غصے کی کیفیت طاری کر لی اور منہ ہی منہ میں کچھ بڑبڑا کر رہ گیا۔

اس کے ساتھی میجر ارخان کی جذباتی کیفیت کا اندازہ لگا سکتے تھے۔ وہ جانتے تھے کہ ارخان نے کس طرح جان جوکھوں میں ڈال کر فیضان اوغلو کو گرفتار کیا تھا اور اس کے فرار کے بعد تو اب یقیناً" اس کی جان غیر محفوظ ہو گئی تھی جو لوگ اخوندزادہ کو بھرے بازاری میں گولی مار سکتے تھے ان کے لیے جگرن ارخان کو مار دینا کچھ بعید نہیں تھا۔

فوج کے مختلف سپاہی اس کے گھر کے سامنے سے گزرتے رہے لیکن کسی نے اندر داخل ہونے کی جرات نہ کی۔ قریباً" ایک گھنٹہ کی ناکام مغز ماری کے بعد وہ لوگ بے نیل مرام لوٹ گئے۔

کرنل شولوخوف پر دیوانگی کا دورہ پڑ چکا تھا۔ فیضان کا اس طرح ہاتھوں سے نکل جانا خود اس کے لیے بھی خطرے کی گھنٹی تھی۔ اسے مجاہدین سے زیادہ خطرہ اپنے افسران کی طرف سے تھا۔ کے جی بی اسے کبھی معاف نہیں کر سکتی تھی۔ اس نے بادل نخواستہ یہ اطلاع اوپر پہنچائی تھی اور اب اپنی قسمت کے فیصلے کا منتظر یہاں بیٹھا تھا۔

---

فیضان اوغلو کو ارخان نے زبردستی چھ سات روز اپنا مہمان رکھا تاکہ اس کے زخم مندمل ہو جائیں۔ اس دوران یاسمین نے اس کی تیمارداری میں دن رات ایک کر دیے اس کا علاج دونوں باپ بیٹی نے خود ہی کیا تھا۔ پھر ایک روز رو بصحت ہو کر وہ میرداد خان کے ٹھکانے کی طرف روانہ ہو گیا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



میرداد خان تک پہنچنے کے لیے اسے کسی خاص تکلیف کا سامنا نہیں کرنا پڑا تھا۔ یاسمین جس کو دیکھ کر کبھی اسے گھن آتی تھی۔ آج اس کے لیے روحانی تسکین کا باعث بنی ہوئی تھی۔ یاسمین میں فیضان نے انقلابی تبدیلی محسوس کرلی تھی۔

اس نے جان لیا تھا کہ شام ڈھلنے سے پہلے صبح کی بھولی یاسمین گھر لوٹ آئی ہے۔ اس کی طبیعت میں ایک واضح ٹھہراؤ آ گیا تھا۔ وہ روایتی حیا جو اس سے ترقی پسندی نے چھین لی تھی۔ دوبارہ اس کا حصہ بن گئی تھی اور اب یاسمین کے نزدیک فیضان کی حیثیت ایک مجاہد کی سی ہو کر رہ گئی تھی۔

ایک ایک مجاہد جو اس کے دین' ملت اور ناموس کی بقا کے لیے جنگ لڑ رہا تھا۔ یہ جانے بوجھے بغیر کہ اس اندھی لڑائی کا انجام کیا ہو گا۔ اس دوران جگرین ارخان اسے "خاد" کی پل پل کی خبر دیتا رہا تھا۔ اس نے فیضان کو بتا دیا تھا کہ کس طرح اس نے کرنل شولوخوف کو گمراہ کرنے کے لیے تفتیش اور تلاش کو غلط راستے پر ڈال دیا ہے۔

---

جب اس روز علی الصبح فیضان نے باپ بیٹی سے جانے کی اجازت لی تو یاسمین کا جیسے دل ایک دم سے بیٹھ گیا۔ فیضان نے اسے اپنی اگلی منزل نہیں بتائی تھی لیکن یہ یقین ضرور دلایا تھا کہ وہ لوٹ کر ضرور آئے گا۔ اس نے جگرین ارخان کو بین السطور میں اس امر کا احساس بھی دلا دیا تھا کہ وہ کبھی خود کو اکیلا نہ سمجھے۔

ارخان کے لیے یہ امر باعث برکت تھا کہ فیضان اوغلو ایسے سربکف افغان مجاہد نے یاسمین کے لیے سہارا بننے کی آرزو ظاہر کی تھی۔

امیرداد خان اور دیگر مجاہدین نے صلاح مشورے کے بعد اسے وقتی طور پر کابل سے ہٹا لینے کا فیصلہ کر لیا وہ جانتے تھے کہ کے جی بی اور "خاد" پاگل کتوں کی طرح فیضان کی بو سونگھتے پھررہے ہیں اور کابل میں وہ لوگ خود کو زیادہ محفوظ بھی تصور نہیں کرتے تھے۔

مختلف ذرائع سے سفر کرتا فیضان اوغلو اپنے پرانے ٹھکانے جلال آباد میں پہنچ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



چکا تھا۔ اس نے یہاں آ کر دم نہیں لیا تھا کہ آتے ہی اپنی سرگرمیاں شروع کر دی تھیں۔ جلال آباد میں اسے مجاہدین کے مقامی کمانڈر کی حیثیت حاصل تھی جلد ہی کے جی بی کے ایوان اس کی جلال آباد میں موجودگی اور کارناموں کی خبروں سے لرزنے لگے۔

اب کے جی بی کی مرکزی کمان نے اس معاملے کو خود ہینڈل کرنے کا فیصلہ کر لیا تھا۔

بڑی سوچ بچار کے بعد وہ لوگ اس نتیجے پر پہنچے کہ یہ کام انہیں اپنے دیرینہ دوستوں سے لینا چاہیے ——— اور ان کا یہ دیرینہ دوست بھارت تھا۔

بھارتی انٹیلی جنس ایجنسی ان کے لیے پہلے بھی افغانستان میں کئی مشن انجام دے چکی تھی۔ اور کے جی بی کی طرح اس کے بھی افغانستان میں اڈے اور ایجنٹ ہمیشہ سے موجود رہے ہیں۔ پھر اگلے ہی روز روس کے ایک "خصوصی مشن" کو لے کر ایک روسی مگ ماسکو سے دہلی کی طرف محو پرواز تھا ———!!

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# جال

پالم پور پر چھائے سکوت کو روسی مگ کی آواز نے ہی توڑا تھا۔ جیسے ہی وہ ریڈار کی رینج میں آیا۔ پالم پور کا A - T - C (ایئر ٹریفک کنٹرول) بیدار ہو گیا۔ کرنل سارنگ خود کنٹرول روم میں بیٹھا تمام امور کی نگرانی کر رہا تھا۔ اس وقت رات کے گیارہ بج رہے تھے اور ہوائی اڈے کی عمارتوں میں سوائے پہرے والوں کے گشت کرنے کے اور کوئی آواز سنائی نہیں دے رہی تھی۔ کرنل سارنگ کے سامنے رکھے ہوئے ٹرانسیٹر میں جیسے ہی زندگی کی لہر دوڑی اس نے اپنے ہاتھ میں پکڑے کافی کے مگ کو ایک طرف رکھ دیا۔ اب وہ پوری طرح متوجہ تھا۔

"کمانڈ اٹنڈنگ۔ اوور ——— !"

"ریڈ سکوائر۔ داخل ہو گیا سر! اوور۔"

"آل رائٹ۔ نو کنکٹ۔ ڈیڈ۔ آؤٹ۔"

اس کے ساتھ بیٹھے دونوں آرمی انٹیلی جنس کے آفیسر بھی اس کے ساتھ ہی اٹھ کر کھڑے ہو گئے تھے۔ اب وہ تینوں کنٹرول روم میں موجود تھے۔

"ریڈ سکوائر۔ ریڈ سکوائر۔ پالم پور ہوشیار رہے اوور" ———!!

جیٹ سے پیغام آ رہا تھا۔

"ریڈ سکوائر' پالم پور موجود ہے اوور۔" کرنل سارنگ نے مائیک اپنے منہ کے قریب کر لیا تھا۔ اس اثنا میں اس کے دونوں ساتھیوں میں سے ایک جس نے گروپ کیپٹن کی وردی پہن رکھی تھی۔ اس بڑی سی سکرین کے سامنے مائیک تھام کر کھڑا ہو چکا تھا جس میں مختلف لہریں ابھر ابھر کر غائب ہو رہی تھی۔

"رہنمائی پالم پور۔ اوور۔" جیٹ سے پیغام آیا۔

اس کے ساتھ ہی گروپ کیپٹن نے کنٹرول سنبھال لیا۔

"ریڈ سکوئر۔ نارتھ۔ ۴۵ ڈگری۔ اوور۔"

"یس پالم پور۔ اوور۔"

اب سکرین پر لہریں کافی واضح ہو رہی تھیں۔

"۰۷ ڈگر ایسٹ۔ ریڈ سکوائر۔ اوور۔"

"مجھے ہوئی اڈے کی عمارت نظر آ رہی ہے۔ اوور۔" جواب ملا۔"

"ریڈ سکوائر۔ ۵۰ ڈگری شمال کی طرف آؤ اور ریڈنگ کرو۔ اوور———

"او کے پالم پور۔ اوور۔"

اب صرف ایک ہی لہر باقی رہ گئی تھی جو تیزی سے حرکت کر رہی تھی اور ساتھ ہی ایک تیز آواز ابھرنے لگی۔

"پالم پور اٹنش پلیز۔ ففٹی + فورٹی + تھرٹی +ٹونٹی + ٹن + زیرو۔"

"ڈاؤن ———" گروپ کیپٹن نے تیزی کے ساتھ حرکت کرتی ہوئی لہر پر نظریں جما رکھی تھیں۔

دوسری طرف کرنل سارنگ اور اس کا دوسرا ساتھی جس نے آرمی میجر کی وردی پہن رکھی تھی۔ آنکھوں سے دوربین لگائے رن وے پر جلتی بجھتی بتیوں کو دیکھ رہے تھے۔ دیوہیکل جیٹ کی گڑگڑاہٹ ان کو صاف سنائی دے رہی تھی چند لمحوں کے بعد ہی جہاز نظر آ گیا۔

"ریڈ سکوائر، تم ٹھیک آ رہے ہو۔ ٹیکسی ٹریک نمبر ۵ تمہارے سامنے ہے۔ اوور۔" گروپ کیپٹن نے کہا۔

"لینڈنگ' پالم پور۔ اوور۔" جواب آیا۔

"گڈ لک۔ آؤٹ۔" گروپ کیپٹن نے اپنے سر کے گرداگرد لپیٹا ہوا مائیک اتار کر سامنے میز پر رکھ دیا۔

"کیپٹن! تعاون کا شکریہ۔ مجھے امید ہے ہائی کمان کے احکامات تم نے سمجھ

لیے ہوں گے۔کرنل سارنگ اور اس کا ساتھی گروپ کیپٹن ہاتھ ملا کر باہر نکل گئے۔ وہ دونوں باہر پہلے سے موجود ایک کار میں تیز رفتاری سے جیٹ کا تعاقب کر رہے تھے جو اب رن وے کے ایک میں کھڑا تھا۔ انجن ابھی تک سٹارٹ تھے۔ پھر یک لخت انجن بند ہو گئے۔ کے جی بی کی خاص ہدایت کہ طیارے کے نزدیک کوئی گاڑی یا ہوائی اڈے کا کوئی رکن نہیں آئے گا۔ اس لیے کرنل سارنگ اور اس کا ساتھی ہی طیارے کے قریب پہنچے جیسے ہی طیارے کے نزدیک پہنچے خاکی کپڑوں میں ملبوس ایک روسی ان کی طرف بڑھا۔ وہ چند لمحے پہلے ہی کاک پٹ سے برآمد ہوا تھا اور اب ہاتھ میں ایک بریف کیس پکڑے ان کی طرف آ رہا تھا۔ نہ جانے اس کے چہرے پر کیا لکھا تھا کہ جیسے ہی وہ ان دونوں کے نزدیک آیا کرنل سارنگ اور اس کے ساتھی کے ہاتھ خود بخود سلیوٹ کے لیے اٹھ گئے۔

"کرنل جہاز کو فوراً" پن ڈراپ ایریا (جہاز کے چھپنے کی جگہ) بتاؤ۔" اس نے چھوٹتے ہی کہا۔

"اوکے سر۔" کرنل نے کار کا دروازہ دوبارہ کھول کر اس میں لگے ٹرانسمیٹر کے ذریعے کسی کو حکم دیا اور ان کے دیکھتے ہی دیکھتے جہاز کے انجن دوبارہ جاگ پڑے۔

جب تک جہاز خفیہ مقام پر کیمو فلاج نہیں ہوا' روسی وہیں موجود رہا۔ ہوائی اڈے پر موجود ایئر فورس "پروسٹ گارڈز" نے اس علاقے کو گھیرے میں لے لیا تھا۔ جہاز کا پائلٹ جہاز ہی میں رہ گیا تھا۔ اس خدشے کے پیش نظر کہ انڈین ایئرفورس کے آفیسران میں سے کوئی بھی اس جہاز کو چیک نہ کر سکے۔ تھوڑی دیر بعد ہی وہ تینوں کرنل سارنگ کی کار میں تیز رفتاری سے ہوائی اڈے سے باہر جا رہے تھے۔ کے جی بی کے آفیسر نے بریف کیس کو اپنی کلائی میں ایک زنجیر سے لاک کیا ہوا تھا۔

---

انڈیا کے سنٹرل انٹیلی جنس بیورو کے ہیڈ کوارٹر میں جنرل مہتہ بے چینی سے

ان کا انتظار کر رہا تھا۔ آج وہ صبح سے ہی دفتر میں موجود تھا۔ فارن منسٹری کے ایک خاص حکم کے تحت اس سے کہا گیا تھا کہ "مہمان" کے ساتھ ہر ممکن تعاون کیا جائے' لیکن کس سلسلے میں؟ ــــــــ اس کی نشاندہی فارن آفس بھی نہیں کر سکا تھا۔

وزیر خارجہ نے اس سے صرف اتنا ہی کہا تھا کہ معاملہ اہم اور انتہائی خفیہ نوعیت کا ہے۔ خود اس کو بھی علم نہیں۔ وزیر اعظم نے براہ راست اس کو حکم دیا تھا۔!!

تھوڑی دیر کے بعد ہی وہ ایک سرخ و سپید لمبے تڑنگے روسی جرنیل کا استقبال کر رہا تھا جو جیٹ سے نکلنے کے بعد ایک دوسری گاڑی سے ان کے تعاقب میں آ رہا تھا۔

"جنرل ایوانوچ ترگنیف" اس نے جنرل مہتہ کو سرد آنکھوں سے گھورتے ہوئے مصافحہ کیا۔ اور جنرل مہتہ فوراً" سمجھ گیا کہ اس کے سامنے کے جی بی کا ڈپٹی ڈائریکٹر کھڑا ہے۔

وہ اسے اپنے خصوصی کمرے میں لے گیا۔ جنرل مہتہ نے صبح سے اب تک جو اعصابی جنگ اپنے آپ سے لڑی تھی اس کے بعد وہ خود کو خاصا تھکا ہوا محسوس کر رہا تھا اور اس کی خواہش تھی کہ روسی جرنیل سے صبح ہی مذاکرات کیے جائیں۔ یہی سوچ کر جب یک موقع پر روسی جنرل نے اصل معاملے کی طرف آنا چاہا تو اس نے کہا۔

"جنرل میرے خیال سے آپ اب آرام کیجیے ہم صبح بات کریں گے۔"

ابھی تک روسی جنرل نے بیٹھنے کا تکلف بھی نہیں کیا تھا۔ اس کا جواب مہتہ کے لیے خاصا خلاف توقع تھا۔

"جنرل اپنے بزنس میں دن رات کوئی معنی نہیں رکھتے۔ آؤ پہلے مطلب کی بات کریں۔"

اس نے ایک آرام دہ کرسی پر جو جنرل مہتہ کی میز کے سامنے رکھی تھی بیٹھتے ہوئے کہا۔

"کم آن جنرل۔"

مہتہ نے تھکے تھکے لہجے میں اسے جواب دیا۔ پھر اس نے فون پر سیکرٹری کو کافی لانے کو ہدایت کی۔ اسے بادل نخواستہ جنرل ترگنیف کی بات ماننا پڑی کیونکہ ہدایات جو اسے فارن آفس سے ملی تھیں۔ گو کہ غیر مبہم تھیں لیکن خاصی سخت

---

جنرل ترگنیف نے اپنی کلائی کے گرد سختی سے بندھا ہوا بریف کیس اب کھول کر سامنے میز پر رکھ لیا تھا۔ جیسے ہی کافی کی تیاری کی اطلاع ملی جنرل مہتہ خود اٹھ کر باہر گیا۔ پھر وہ ایک ٹرے میں کافی کے دو مگ رکھے اندر آ گیا۔

—O—

چند منٹ کے بعد وہ دونوں ایک فائل پر جھکے ہوئے تھے۔

"یہ ہے وہ شخص اور ہماری اطلاعات کے مطابق یہ اس وقت اسی علاقہ میں ہے۔ ہرزہ کے نزدیک "خلد آباد" یا "چالت" دونوں میں سے کسی ایک جگہ موجود ہے۔ عموماً" یہ جلال آباد میں ملتا ہے اور باغیوں کے طاقتور گروپ کی عملاً" کمان اسی کے ہاتھوں میں ہے۔ اس کے خاتمے میں افغان باغیوں کا ایک مضبوط گروپ اپنی موت آپ مرجائے گا اور یہ کام تمہارے آدمیوں نے کرنا ہے۔"

جنرل ترگنیف نے فائل پر سے نظریں اٹھا کر جنرل مہتہ کی طرف دیکھا۔ جو ابھی تک اسی کے خدوخال میں کھویا ہوا تھا۔ ایک ۲۵ سالہ بھرپور اور نوجوان پٹھان جس کے گلے میں دوربین لٹکی ہوئی تھی اور ایک ہاتھ میں کلاشنکوف رائفل تھامے ہوئے تھا۔ اس کے سر پر پٹھانوں والی ٹوپی بھی نظر آ رہی تھی۔

"اس کا نام کیا ہے؟" جنرل مہتہ نے پوچھا۔

"فیضان —— فیضان اوغلو —— لیکن یہ بھی یقینی نہیں۔ زیادہ تر وہ یہ نام استعمال کرتا ہے۔" ایک لمحے کے لیے رک کر اس نے مہتہ کی آنکھوں میں جھانکا۔ "اس سلسلے میں تمہیں ہر قسم کی مدد مل جائے گی۔ ہماری تحقیقات کے مطابق جلال آباد اور کابل میں مقیم انڈین ہندو جو وہاں خاصی تعداد میں آباد ہیں اس کام کے لیے مناسب ہیں۔ میں تمہیں یہ بات بھی بتا دوں کہ اس سے پہلے ہم نے دس کمانڈوز

کا ایک گروپ جس کی قیادت ایک افغانی میجر کر رہا تھا اس کے تعاقب میں روانہ کیا تھا۔ باقی افراد تمام کے تمام کے۔ جی بی کے تربیت یافتہ تھے لیکن حیرت ہے کہ ہمیں آج تک ان سے میں نہ تو کسی کی لاش دستیاب ہو سکی ہے اور نہ ہی ان کا کوئی پیغام مل سکا ——— حالانکہ وہ جدید ترین ہتھیاروں سے لیس تھے۔ جی۔ آر یو کے تربیت یافتہ اور اپنے متعلق کسی بھی قسم کی اطلاع دینے پر اچھی طرح' قادر نہ جانے ان کو زمین نگل گئی یا آسمان کھا گیا۔ ——— "روسی جنرل نے سگار کا دھواں فضا میں بکھیرتے ہوئے کہا۔

"اس سلسلے میں اب تمہارے ذہن میں کون سا منصوبہ ہے؟" جنرل مہتہ نے سگریٹ کی راکھ ایش ٹرے میں جھاڑتے ہوئے پوچھا۔

"دھوکے سے حملہ! ہمارے آدمی اس کے مسلسل تعاقب میں ہیں۔ لیکن ابھی تک سوائے اس کی ایک کمزوری کے اور کوئی اہم بات ہمارے علم میں نہیں آ سکی۔"

"وہ ———؟" مہتہ نے خاصی بے چینی دکھائی۔

"وہ اپنے ساتھیوں سے ملنے ضرور جلال آباد' کابل وغیرہ جاتا ہے۔ شہروں میں اکثر آپریشن وہی ترتیب دیتا ہے۔ یہ شخص ماسکو کا تعلیم یافتہ ہے۔ لیکن جدید تہذیب سے بالکل کورا۔"

"میں اسے دیکھوں گا جنرل۔"

مہتہ نے گفتگو سمیٹتے ہوئے کہا۔

"میرا خیال ہے اس مشن کی اہمیت سے تم بخوبی آگاہ ہو گے۔ سوائے تمہارے پرائم منسٹر کے اور کسی کے علم میں کچھ نہیں آنا چاہیے۔" جنرل ترگنیف کا لہجہ کچھ اس قسم کا تھا جیسے وہ کسی محکوم سے گفتگو کر رہا ہو۔

"مجھے اپنے فرائض کا بخوبی علم ہے جنرل۔ اور ہمارے اپنے بھی کچھ اصول ہیں جن کے لیے ہم مشوروں کے محتاج نہیں۔"

جنرل مہتہ نے بظاہر یہ بات مسکراتے ہوئے کہی تھی۔ لیکن اس کے لہجے کی تلخی کے۔ جی۔ بی کے نمائندے نے بھی محسوس کر لی تھی۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



"او کے جنرل گڈلک۔ اب ہم کامیابی کا جشن اکٹھے ہی منائیں گے۔ مجھے اسی وقت واپس جانا ہے۔" جنرل ترگنیف کے چہرے پر مکارانہ مسکراہٹ بخوبی دیکھی جا سکتی تھی۔

—O—

تھوڑی دیر کے بعد ہی وہ اپنے جیٹ کی طرف واپس جا رہا تھا جسے بظاہر تو مگ کی شکل دی گئی تھی لیکن وہ روسی فضائیہ کا خطرناک جیٹ طیارہ تھا جس کے متعلق ابھی تک بیرونی دنیا کو کوئی اطلاع نہیں تھی۔ اس اہم طیارے کے متعلق تمام معلومات خفیہ رکھی گئی تھیں اور اس کو صرف کے جی بی ہی استعمال میں لاتی تھی۔ ابھی تک ریڈ آرمی کو بھی یہ طیارے نہیں دیئے گئے تھے۔

کرنل سارنگ ایک مرتبہ پھر اس کو ہوائی اڈے پر چھوڑنے آیا تھا۔ اس وقت صبح کے تین بج رہے تھے اور وہ ساری رات دوسرے کمرے میں بیٹھا اونگھتا رہا تھا۔ ان لوگوں نے "خصوصی ہدایات" پر بڑے زبردست ڈسپلن کا مظاہرہ کیا تھا کرنل سارنگ کی ڈیوٹی ہی یہی لگائی گئی تھی کہ وہ انڈین ایئرفورس کے کسی بھی کارکن کو اس طیارے کے نزدیک نہ پھڑکنے دے۔ اسے اس "بیہودہ ڈیوٹی" پر غصہ تو بہت آیا تھا کیونکہ یہ کام تو معمولی سپاہی بھی کر سکتے تھے جو کا اس سے بھارتی انٹیلی جنس نے لیا تھا لیکن جلد ہی اسے احساس ہو گیا کہ معاملہ واقعی خاصا اہم اور حساس ہے۔

—O—

چندومل کا شمار کابل کے متمول لوگوں میں ہوتا تھا۔ تقسیم سے پہلے اس کا کاروبار پشاور سے کابل تک پھیلا ہوا تھا لیکن تقسیم کے بعد وہ سمٹ کر جلال آباد تک محدود ہو کر رہ گیا تھا۔ اسے انڈیا میں بھی خصوصی اہمیت حاصل تھی۔ کیونکہ تقسیم کے فوراً بعد ہی اس کو انڈین انٹیلی جنس نے اپنا آلہ کار بنا لیا تھا۔ چندومل کو حقیقت میں بھارتی انٹیلی جنس کی بنیاد کابل میں رکھنے کا اعزاز حاصل تھا—— اس کی جہاندیدہ آنکھیں دیکھ رہی تھی کہ سرحدی گاندھی کے ناپاک عزائم کا منہ کالا ہونے

کے باوجود ابھی تک سرحد کے دونوں اطراف ورغلائے گئے پٹھانوں کے کچھ ایسے گروہ موجود ہیں جن کی مدد سے وہ اپنی قوم کے ان مذموم مقاصد کو بروئے کار لا سکتا تھا جس کی حسرت ہی دل میں لے کر کانگریس کے بڑے بڑے لیڈر "اکال چلنا" کر گئے تھے۔ ایک ہندو ہونے کے ناطے اس کی رگ رگ میں مسلم دشمنی سمائی تھی ------ خصوصاً" ہندوستان کی تقسیم نے اسے نظریاتی دھچکا ہی نہیں خاصا مالی دھچکا بھی لگایا تھا اب کم از کم وہ پاکستانی علاقے میں لوٹ مار کا بازار گرم نہیں کر سکتا تھا۔

اس نے پاکستان کے قیام کو دوسرے بہت سے ہندوؤں کی طرح اپنی انا کا مسئلہ بنا لیا تھا اور بھارتی انٹیلی جنس کے تعاون سے اب اپنے انتقام کی آگ ٹھنڈی کر رہا تھا۔ وہ بوڑھا ہو چکا تھا لیکن ابھی تک اس میں بوڑھوں والی کوئی بات نظر نہیں آتی تھی۔ کابل میں آنے والا کوئی بھی انڈین سفیر سب سے پہلے اس سے ملاقات کیا کرتا تھا۔ اس کی دہلی میں بے شمار جائیداد تھی اور اپنے دو لڑکوں اور ایک لڑکی کو اس نے وہیں رکھا ہوا تھا۔ کابل میں اس کے دو لڑکے اور دو لڑکیاں اور موجود تھے خود لالہ چندمل کبھی افغانستان رہتا اور کبھی دہلی میں۔

اس کی کابل اور جلال آباد کے علاوہ افغانستان کے تقریباً" سارے ہی بڑے بڑے شہروں میں آڑھت کی دکانیں تھیں جبکہ اس کے لڑکوں نے یہاں ٹرانسپورٹ کا کام سنبھال رکھا تھا اور ان کے ٹرک کابل سے انڈیا تک آتے جاتے تھے۔ آج کل وہ دہلی آیا ہوا تھا۔

---

اس روز جیسے ہی صبح صبح لالہ جی مندر سے فارغ ہو کر گھر پہنچے ایک اہم اطلاع ان کی منتظر تھی۔ اپنے "دوست" کا پیغام موصول ہونے پر فوراً" صفدر جنگ روڈ کی طرف روانہ ہو گیا۔ جہاں اس کا "دوست" کرنل سارنگ اس کا منتظر تھا۔

صفدر جنگ روڈ نئی دہلی کے ان علاقوں میں شامل ہے جہاں زیادہ تر سرکاری دفاتر واقع ہیں یا حکومت کے اعلیٰ عہدے داروں کے شاندار بنگلے یہاں بنے ہوئے ہیں۔ ان دفاتر میں سے ایک دفتر جس پر بظاہر سوشل و یلفیئر کا بورڈ لگا ہوا تھا

www.iqbalkalmati.blogspot.com :مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس میں "را" کا دفتر قائم تھا۔ انڈین انٹیلی جنس کے مختلف یونٹ ایسی ایک متحدہ کمان کے تحت کام کر رہے تھے۔ یہاں زیادہ تر وہی لوگ آتے تھے جو "را" کے "ذرائع" ہوتے تھے' انہیں "مہمان" کہا جاتا تھا۔ جن کے ذریعے وہ غیر ممالک میں کام کرتے تھے لیکن کیا مجال کہ ایک "مہمان" دوسرے "مہمان" کی شکل بھی دیکھ پائے۔

آج جیسے ہی لالہ چندو مل اپنے اسی مخصوص کمرے میں داخل ہوا جہاں وہ پچھلے بیس سال سے آ جا رہا تھا۔ اس نے اپنے پچھلے تین سالہ "دوست" کرنل سارنگ کو بڑی بے چینی سے اپنا منتظر پایا۔ اس سے پہلے آج تک ایسا نہیں ہوا تھا کہ اس نے "دوست" کو پہلے ہی سے منتظر پایا ہو۔ اس کی جہاں دیدہ اور مکار آنکھوں نے کرنل سارنگ کا چہرہ دیکھتے ہی معاملے کی سنگینی کا احساس کر لیا تھا۔

معمول کے مطابق کرنل سارنگ نے بڑی گرمجوشی سے اس کا استقبال کیا۔ اس کے لیے چائے منگوائی اور ادھر ادھر کی ہانکنے کے بعد جلد ہی مطلب کی طرف آ گیا۔ اس نے پہلے تو لالہ چندو مل کو کرید کرید کر جلال آباد' کابل اور گرد و نواح کے تازہ حالات پوچھے پھر وہ لالہ کو اصل موضوع کی طرف لے آیا۔

تھوڑی دیر کے بعد جب کرنل سارنگ نے اس کے سامنے وہ تصویر رکھی تو لالہ اندر ہی اندر کانپ اٹھا لیکن اس نے اپنی کسی حرکت سے بے چینی یا گھبراہٹ کا اظہار نہیں کیا۔ وہ بہرحال ایک گھاگ ایجنٹ تھا۔

"اسے جانتے ہو لالہ؟"

لالہ اسے بخوبی جانتا تھا۔ فیضان کو کون نہیں جانتا تھا لیکن وہ انجان بنا رہا۔

"نہیں مہاراج لیکن صورت کچھ جانی پہچانی لگتی ہے۔" اس نے اپنی روایتی مکاری سے کام لیتے ہوئے کہا۔

"بہرحال اسے جاننے کی کوشش کرو۔ لالہ اس شخص کو جتنی جلد ممکن ہو قتل کر ڈالو۔ یہ بہت ضروری ہے اور "ماسٹر" نے اس کا خصوصی حکم دیا ہے۔"

کرنل سارنگ نے اپنی سرد آنکھیں لالہ چندو مل کے چہرے پر مرکوز کر رکھیں تھیں۔ وہ اس کے چہرے پر اپنی بات کا رد عمل تلاش کر رہا تھا لیکن لالہ جوں کا توں ہی تھا۔ اس نے اپنے چہرے سے گھبراہٹ بالکل نہیں ظاہر ہونے دی۔ کیونکہ

وہ اپنے "کھیل" کے تمام اصول اچھی طرح جانتا تھا۔

"ٹھیک ہے مہاراج۔ پہلے تو یہ پتہ لگانا ہے یہ ہے کون؟"

اس نے سارنگ کی تسلی کروا دی۔

"تمہیں کابل میں ہمارے "سرخ دوست" ملیں گے۔ ان سے مکمل تعاون کرو۔ فی الحال تمہیں انہی کے لیے کام کرنا ہے۔" کرنل سارنگ نے اس کو مزید ہدایات دیتے ہوئے کہا۔

———O———

جب لالہ چندو مل صفدر جنگ روڈ سے واپس اپنے گھر "کناٹ پلیس" آ رہا تھا تو اس کے وہم و گمان میں بھی یہ بات نہیں آ سکتی تھی کہ ایک موٹر سائیکل سوار نے اس کے گھر سے یہاں تک اس کا پیچھا کیا ہے' موٹر سائیکل سوار اب دوسری سڑک پر مڑ گیا تھا۔ وہ دہلی کے ایک عام سے ہوٹل کی طرف اڑا چلا جا رہا تھا۔

اس نوجوان نے جو صبح ہی سے اپنی موٹر سائیکل سمیت لالہ چندو مل سے چپکا ہوا تھا اس کی ایک ایک حرکت نوٹ کر لی تھی۔ اس نے لالہ کو اپنے گھر سے "سوشل ویلفیئر" کے دفتر تک جاتے اور واپس آتے دیکھا تھا اور اس دفتر کے متعلق وہ کسی خوش فہمی کا شکار نہیں تھا——!

———O———

دوست آور خاں بائیس سالہ نوجوان تھا اور اس سے پہلے بھی متعدد بار وہ انڈیا آ چکا تھا۔ اس کا والد فروٹ کا کاروبار کرتا تھا۔ اس نے دوست آور خاں کو انٹرمیڈیٹ کرنے کے کچھ عرصہ بعد دہلی کے ایک کالج میں ہی داخلہ دلوا دیا تھا۔ جہاں وہ انجینئرنگ کی تعلیم حاصل کر رہا تھا۔ دوست آور خاں کے والد نے کبھی سیاست میں حصہ نہیں لیا تھا' لیکن اس کا بیٹا کبھی اس کا ہم خیال نہ ہو سکا۔ جتنا اس نے دوست آور خاں کو مذہب سے دور رکھنا چاہا اتنا ہی وہ مذہب کے نزدیک آتا گیا۔ اس کے باپ کی خواہش تھی کہ اس کا بیٹا مغربی تعلیم و تہذیب پانے کے بعد افغانستان کی برسر

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اقتدار پارٹی میں کوئی اہم مقام حاصل کرے۔ اس طرح وہ تجارت کے علاوہ سیاست میں بھی اپنی ایک حیثیت منوا سکتا تھا۔

اس کی جہاندیدہ نظروں نے دیکھ لیا تھا کہ افغانستان میں ظاہر شاہ نے روس کو بے انتہا سہولتیں فراہم کر دی تھیں اور روس کے متعلق اس کے بڑے بوڑھوں نے اسے بتایا تھا کہ وہ امداد کے ساتھ ساتھ "انقلاب" بھی ایکسپورٹ کرتا ہے' بلکہ وہ جو امداد دیتا ہے "انقلاب" کے لیے دیتا ہے۔ پھر شاہی خاندان میں وہ عنصر آہستہ آہستہ اہم عہدوں پر قبضہ کرتا جا رہا تھا جسے روس کی آشیرواد حاصل تھی اور ان لوگوں کے نظریات بھی کسی سے ڈھکے چھپے نہیں تھے۔

ایک طرف تو وہ لوگ افغانستان کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی آڑ میں دھڑا دھڑ سرخ لٹریچر اور بے حیائی امپورٹ کر رہے تھے اور دوسری طرف "پختونستان" کے مسئلے کو خواہ مخواہ ہوا دے رہے تھے تاکہ ایک نیا مسئلہ اپنے آقاؤں کے اشارے پر کھڑا کر کے پاکستان کو بھی اس لڑائی کا فریق بنا لیں۔

یہی وہ شواہد تھے جن سے دوست آورخاں کے والد نے مستقبل کا اندازہ لگا لیا تھا۔ پھر اس کے لگائے ہوئے اندازے کے عین مطابق ایک روز افغانوں نے سنا کہ ظاہر شاہ کی موجودگی میں اس کے دست راست نے راتوں رات حکومت کا تختہ الٹ دیا ہے؟ اس کے نظریات کیا ہیں؟

اس کے متعلق کسی بھی باشعور افغانی کو کوئی شک نہیں تھا۔ ان کے دیکھتے ہی دیکھتے چند مہینوں کے اندر ہی روس کے ہزاروں فوجی مختلف بھیس بدل کر افغانستان میں چلے آئے۔ پھر تو منصوبوں کا ایک سلسلہ ہی شروع ہو گیا اور "مشاوروں" کی ایک بڑی فوج افغانستان میں در آئی اور یکے بعد دیگرے تین انقلاب افغانستان کا مقدر بن گئے۔ اس کے ساتھ ہی روس نے "دوستی کا زبردستی حق" ادا کرتے ہوئے اپنی ڈیڑھ لاکھ فوج افغانستان میں اتار دی۔

---

دوست آورخاں صدر داؤد کے عہد حکومت میں کابل کے ایک کالج میں

تعلیم حاصل کر رہا تھا۔ جب اس کی ملاقات زور آور خاں سے ہوئی تھی۔ زور آور کے متعلق کالج میں عجیب عجیب افواہیں گشت کرتی تھیں لیکن ایک بات جو عام طور پر اس کے متعلق کہی جاتی تھی وہ یہ کہ وہ ملاؤں کا خاص آدمی ہے اور ملا ہمیشہ سے دوست آور خاں کی کمزوری رہے تھے۔ اس کے لاشعور میں یہ بات بیٹھ چکی تھی کہ اس ملک کے نجات دہندہ اگر کوئی ہیں تو یہی ملا ہیں ورنہ تو سرخ عفریت جو اپنا بھیانک جبڑا کھولے اس کے وطن کی طرف بڑھتی چلی آ رہی تھی۔ ایک روز وہ ان سب کو ہڑپ کر جائے گی۔ ان دنوں علما نے غیر اسلامی حکومت کے خلاف باقاعدہ اعلان جنگ کر دیا تھا اور ان کے کئی پختون ساتھی طالب علم علماء کی اس جدوجہد میں ان کا ساتھ دے رہے تھے۔ یہ لوگ عموماً خفیہ ہی اپنا کام کرتے تھے لیکن جب کبھی کسی کے متعلق شک ہو جاتا اور "پرچمی" یا "خلقی" اسے جان لیتے تو ایک روز چپ چاپ کالج سے گھر واپس جاتے ہوئے وہ غائب ہو جاتا تھا۔ اور پانچ چھ ماہ بعد اس کی لاش یا گرفتاری کی خبر اس شکل میں ملتی کہ بے اختیار دوست آور کے منہ سے مرنے والے کے لیے نعرہ تحسین بلند ہو جاتا۔

کابل کے ماڈرن طبقے نے جو ترقی پسندی کی آڑ میں بڑھ چڑھ کر روسی نظریات اپنا رہا تھا ہمیشہ یہ کوشش کی کہ ان کی اولاد ان کے نقش قدم پر چلے اور نئے زمانے کے نئے نظریات اپنا کر ترقی کی دوڑ میں شامل ہو جائے لیکن نہ جانے "ملاؤں" کے پاس ایسا کون سا منتر آ گیا تھا کہ جس پر پڑھ کر پھونک دیتے وہ ان کا ہی ہو کر رہ جاتا۔

کالج میں بھی عام شعبہ ہائے زندگی کی طرح دو متحارب گروپ موجود تھے۔ ایک "روسی گروپ" اور دوسرا "ملا گروپ۔" روسی گروپ کے اراکین الاعلان دندناتے پھرتے تھے جبکہ ملا گروپ والے اپنا کام انتہائی رازداری سے کرتے۔ ہر طالب علم دوسرے پر شک کرتا تھا کہ مباد اس کا ساتھی کے جی بی کا دوست نہ ہو!

اکثر یہ دیکھنے میں آتا تھا کہ اچانک کالج سے گھر جاتے یا گھر سے کالج آتے "خاد" کے لوگ کسی نوجوان کو جیپ میں بٹھا کر لے جاتے اور پھر مدتوں اس کے متعلق کوئی اطلاع نہیں ملتی تھی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

دوست آور اور زور آور کی ملاقات پہلے پہل کابل کے ایک ریستوران میں ہوئی تھی۔ اسے زور آور پر اعتماد بحال کرنے میں کئی ماہ لگ گئے۔ تب کہیں جا کر وہ اس قابل ہوا تھا کہ مجاہدین سے اس کا رابطہ قائم ہوا۔

اس کو مجاہدین نے جاسوسی کے لیے منتخب کر لیا تھا اور دوست آور کی تربیت کابل ہی کے ایک خفیہ ٹھکانے پر کی گئی تھی جلد ہی وہ پیغام وصول کرنے اور بھیجنے پر قدرت حاصل کر چکا تھا۔ ان لوگوں کا کوئی باقاعدہ نظام تو تھا نہیں نہ ہی ان کے پاس جدید آلات جاسوسی تھے۔ وہ اکثر زبانی پیغامات یا بذریعہ خط و کتابت اپنی مخصوص زبان میں اپنے پیغامات بھیجا کرتے تھے۔

دوست آور خاں یوں تو ہر سال چھٹیاں گزارنے اپنے والد کے پاس بھارت چلا جایا کرتا تھا لیکن اس مرتبہ وہ ایک خاص مشن پر آیا تھا۔ ابھی تک اس کے دوست اور دیگر حلقے اسے "ترقی پسند" اور "ملا ازم" کا مخالف ہی سمجھتے تھے۔ اور اس نے بھی یہ نقاب اوڑھے رکھنے میں ہی مصلحت جانی تھی۔

---

لالہ چندو مل کے متعلق مجاہدین کبھی غلط فہمی کا شکار نہیں رہے تھے۔ لیکن اس مرتبہ اس کی اچانک بھارت روانگی کو خصوصی شک کی نگاہ سے دیکھا گیا تھا۔ دہلی کا ایک معمولی سا ہوٹل جہاں افغان مہاجرین پناہ گزین تھے ـــــــ اصل میں مجاہدین کا ایک خفیہ اڈہ تھا' لیکن کے جی بی اور "را" کے ایجنٹ بھی انہیں میں موجود تھے۔ جو مجاہدین کے ہمدرد ہونے کا بھیس بدل کر یہاں قیام پذیر تھے۔ دوست آور کو خصوصی ہدایت کی گئی تھی کہ وہ اس ہوٹل کے قریب بھی نہ پھٹکے۔ وہ دہلی کے ایک شاندار ہوٹل میں قیام پذیر تھا۔ یہ ہوٹل اس کے لیے نیا نہیں تھا۔ وہ اس ہوٹل کے عملے کے لیے اجنبی نہ تھا کیونکہ وہ ہر سال ان کا مہمان ہوتا تھا۔

اس کے والد کے درجنوں ہندو سکھ دوست اس کی میزبانی کو عزت افزائی جانتے تھے ـــــــ یہ الگ بات کہ اپنے لاشعور میں ان کے خلاف چھپی ہوئی نفرت کو وہ کبھی نہ نکال سکا اور وہ علیحدہ قیام ہی بہتر سمجھتا تھا۔ پٹھانوں کی روایتی اسلام پسندی

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کا علم تو ہندو تاجروں کو بھی تھا۔ اس لیے انہوں نے کبھی شراب و شباب کی محفلوں میں اس کی شمولیت پر ضد نہ کی تھی—— اور ایک دو مرتبہ اسے دعوت دے کر اب چپکے ہو رہے تھے کیونکہ وہ جانتے تھے کہ یہ پٹھان بچہ لاکھ ترقی پسند ہونے کے باوجود آخر پٹھان ہی ہے۔

اس مرتبہ بھی اس کے والد کے ایک سکھ دوست نے اسے موٹر سائیکل دے رکھی تھی۔ جس پر وہ سارا دن گھومتا رہتا۔ بادی النظر میں یہی سمجھا جاتا تھا کہ وہ صرف دہلی کی سیر کر رہا ہے لیکن وہ کیا کر رہا تھا؟ اس کا علم اسے تھا یا خدا کی ذات کو۔ مجاہدین کے مقامی نمائندے کو بھی اس کے مشن کی نوعیت سے بے خبر رکھا گیا تھا۔

اسے صرف یہ بتایا گیا تھا کہ دہلی کے ایک مقامی ہوٹل کے باہر ہر روز گیارہ اور بارہ بجے کے درمیان ایک شخص کھڑا ہو گا جس سے مخصوص کوڈ کے تبادلے کے بعد اس کو اپنی معلومات "نوادرد" کے حوالے کر دینا ہے اور آج جیسے ہی وہ اس مخصوص جگہ پہنچا ایک افغانی کو اس نے وہاں موجود پایا جو ایک دکان کے باہر بچھی بنچ پر بیٹھا اخبار کا مطالعہ کر رہا تھا۔ دوست آور بھی ایک مخصوص انگریزی اخبار خرید کر اس کے قریب جا بیٹھا۔ چند سیکنڈ میں ہی ان کی شناخت کا مسئلہ طے ہو چکا تھا۔

———○———

شناخت کے بعد دونوں ایک ہو گئے اور تین بجے ایک فلم شو پر دہلی کے ایک سینما میں وہ دونوں اکٹھے ہی داخل ہوئے تھے۔ فلم کوئی خاص نہیں تھی اور گیلری میں ان کے علاوہ صرف پانچ دس لوگ ہی نظر آ رہے تھے چند منٹ کے اندر ہی دوست آور کی جمع کردہ لالہ چندو مل سے متعلق معلومات اس افغانی تک منتقل ہو چکی تھیں اور ہاف ٹائم سے پہلے ہی وہ وہاں سے جا چکا تھا۔ دوست آور نے اس کی ہدایت کے مطابق پوری فلم کو بادل نخواستہ برداشت کیا اور شام کو وہ خاصا مطمئن اپنے ہوٹل کے کمرے میں موجود تھا۔

اس کو "مرکز" سے لالہ چندو مل کی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



دی گئی تھیں اور اس نے یہ فرض بڑے احسن طریق سے نبھایا تھا۔

اس کے ملاقاتی نے دوسرے ہی روز علی الصبح کابل میں اپنے ایک "دوست" کے لیے ایک ٹیلیفون بک کروایا اور اسے اپنی خفیہ زبان میں لالہ چندومل کی دہلی میں سرگرمیوں سے مطلع کر کے مطمئن ہو رہا۔

# گرفت

لالہ چندو مل چند دنوں کے بعد ہی ایئر انڈیا کے ایک طیارے میں کابل کی طرف اڑا چلا جا رہا تھا۔ اس نے فیضان کی موت سے متعلق اپنے ذہن میں کئی منصوبے ترتیب دیئے تھے لیکن نجانے کیوں ایک بے کلی سی اسے لگی رہی۔ ایئر انڈیا کے طیارے نے جیسے ہی کابل پر لینڈ کیا روسی افواج کے مستعد دستے نے ایئرپورٹ کو گھیرے میں لے لیا۔ رات کا وقت تو ویسے ہی خطرناک تھا خاص طور سے پچھلے تین چار روز سے تو مجاہدین ایئرپورٹ اور اس کے اردگرد کے علاقے میں مسلسل حملے کر رہے تھے۔ ہوائی اڈے کا کنٹرول بھی فوج نے ہی سنبھال رکھا تھا اور جہاز کی آمد و رفت کے موقع پر خاص طور سے وہ ہشیار رہا کرتے تھے ——

جہاز کے مسافروں کی لسٹ "انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ" میں موجود تھی۔ ایک کلرک نے ٹائپ کرتے کرتے لالہ چندو مل کا نام پڑھا تو مسکراہٹ اس کے ہونٹوں پر دوڑ گئی۔ اس نے اطمینان سے تمام لسٹ ٹائپ کی اور متعلقہ افسر کو پہنچا کر خود ایئرپورٹ کی کنٹین میں چائے پینے چلا گیا۔

افغان عملہ جہاں کہیں بھی کام کرتا تھا۔ اس کی ٹیلیفون "کالیں" خاص طور پر ٹیپ کی جاتی تھیں لیکن کنٹین میں لگے پرائیویٹ بوتھ کال کے متعلق کلرک کو یقین تھا کہ اگر وہاں سے کوئی پیغام دیا بھی تو وہ محفوظ رہے گا۔ چائے پیتے پیتے اس نے اٹھ کر بوتھ میں سکہ ڈالا' ایک نمبر ملایا۔

"رات کو دس بجے میں آؤں گا۔"

اس نے مختصر پیغام دے کر فون بند کر دیا تھا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس کی توقع کے برعکس پیغام ٹیپ ہو چکا تھا لیکن کسی کو اس کا مطلب سمجھ میں نہ آسکا نہ ہی فون کرنے والے کا پتہ لگا سکی نہ ہی اس نمبر کا جس پر فون ہوا تھا اور نہ ہی یہ اتنا اہم پیغام تھا کہ وہ اس پر مغز ماری کرتے۔ ایک مختصر پیغام ہی تو تھا کسی نے کسی کو اپنی آمد کی اطلاع دی تھی۔

کے جی بی کے ٹی ٹی ایکسپرٹ نے "بے ضرر" لکھ کر فائل آگے بڑھا دی۔

لالہ چندومل کو لینے کے لیے افغان فوج کی ایک جیپ وہاں موجود تھی جس میں روسی فوجی سوار تھے۔ وہ بغیر کچھ کہے سنے چپ چاپ جیپ میں بیٹھ گیا۔ جیپ جیسے ہی روانہ ہوئی اس کے ساتھ بیٹھے افسر نے اپنا تعارف کرایا۔

یہ کے جی بی کا مقامی افسر تھا' لیکن لالہ چندومل نے اتنی صاف اور شستہ مقامی زبان بولتے آج تک کسی غیر ملکی کو نہ سنا تھا۔

"لالہ جی ہماری اطلاع کے مطابق فیضان جلال آباد میں موجود ہے۔ صبح تک تم جلال آباد پہنچ جاؤ گے۔ جلال آباد کی غلہ منڈی میں اس کی آمد و رفت کی اطلاعات اکثر ملتی رہتی ہیں اگر تم کوشش کرو تو مقامی آدمیوں کی مدد سے اسے ٹھکانے لگانا کچھ مشکل نہیں۔ ہمارے مسلح آدمی سفید کپڑوں میں تمہاری حفاظت کر رہے ہیں۔ ہمارے لیے بڑا مسئلہ ہے۔ جلال آباد کی مقامی آبادی کو کنٹرول کرنا۔ اس پر چھپ کر ہی حملہ ہو سکتا ہے۔ اگر سربازار اس پر حملہ کیا گیا تو جلال آباد ہمارے خلاف مقابلے میں ڈٹ جائے گا۔"

اس نے تھوڑے توقف کے بعد لالہ کو مخاطب کیا۔ "میں تم سے کوئی بات چھپانا نہیں چاہتا تم ان لوگوں کو اچھی طرح جانتے ہو۔ ہمیں روزانہ اپنے ساتھیوں کی چار پانچ لاشیں وہاں سے موصول ہوتی رہتی ہیں' لیکن مشکل یہ ہے کہ جلال آباد کے شہریوں کی تلاشی بھی نہیں لی جا سکتی صرف خفیہ کارروائی کے ذریعے ہی ہم کچھ کر سکتے ہیں اگر وہاں براہ راست حملہ کیا گیا تو ہر گھر مورچہ بن جائے گا۔ تمہاری اصلیت کا علم ابھی کسی کو نہیں۔ اس لیے ہماری بہت سی امیدیں تم سے وابستہ ہیں۔ کام

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ایسے طریقے سے ہونا چاہیے کہ کسی کو کانوں کان پتہ نہ چل سکے۔"

"ایسا ہی ہو گا جناب۔ ایسا ہی ہو گا۔"

لالہ چندو مل کے منہ سے بمشکل ہی یہ بات نکلی تھی۔ وہ دل ہی دل میں یہ سوچ کر لرز کر رہ گیا کہ جب روسی اور افغانی مل کر اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکے تو بے چارہ چندو مل کس گنتی میں ہے۔ کہیں وہ قربانی کا بکرا تو نہیں بن رہا۔

کابل کے ایک ہوٹل سے کچھ فاصلے پر انہوں نے لالہ چندو مل کو اتار دیا۔ رات اس نے کابل میں قیام کرنا تھا۔

———O———

فیضان اوغلو کا نام اب جلال آباد کے شہریوں کے لیے اجنبی نہیں رہا تھا۔ اسے یہاں مجاہدین کے ایک طرح سے مقامی کمانڈر کی حیثیت حاصل تھی اور اس کا نام جلال آباد کے بچے بچے کو ازبر تھا۔ اس کے ساتھی شہباز کی طرح جھپٹتے تھے اور پل بھر میں روسی اور پٹھو افغان فوج کے کسی بھی گشتی سیکشن پر گھات لگا کر غائب ہو جاتے۔

دوست آور کی پہلی اطلاع نے ہی فیضان کو چونکا دیا تھا۔ لالہ چندو مل پر اکثر مجاہدین شک تو کرتے تھے لیکن آج اس بات کا ثبوت بھی مل گیا تھا۔ فیضان کے لیے کابل میں لالہ چندو مل کو موت کے گھاٹ اتار دینا کوئی بڑا مسئلہ نہیں تھا۔ ان کے ایئر پورٹ والے ساتھی کی اطلاع موصول ہوتے ہی کابل میں مجاہدین حرکت میں آ چکے تھے لیکن عین اس وقت جب وہ ہوٹل کو اپنے گھیرے میں لیے آگے بڑھ رہے تھے انہیں رک جانا پڑا۔ جلال آباد سے ہنگامی حکم موصول ہوا تھا کہ لالہ چندو مل کو بالکل نہ چھیڑا جائے۔

———O———

صبح اٹھ کر لالہ ایک پرائیویٹ بس کے ذریعہ جلال آباد کی طرف روانہ ہو گیا۔ ساروبی کے نزدیک جیسے ہی بس ایک دونوں اطراف سے پہاڑوں میں گھری

www.iqbalkalmati.blogspot.com مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں:

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سڑک میں داخل ہوئی۔ ڈرائیور کو اچانک بریک لگا کر بس روکنا پڑی۔ سامنے راستہ بند تھا۔ بس رکتے ہی مجاہدین کے ایک دستے نے اسے چاروں طرف سے گھیرے میں لے لیا۔ انہوں نے کسی سواری کو کچھ نہ کہا صرف وہ خوف سے سہمے ہوئے چندومل کو اپنے کندھے پر ڈال کر انہی پہاڑیوں میں روپوش ہو گئے۔ جانے سے پہلے انہوں نے بس میں سوار افغانی مسافروں سے درخواست کی کہ وہ اس واقعہ کی اطلاع حکام کو نہ دیں۔

انہیں یقین تھا کہ غیور افغانوں نے جو انہیں دیکھتے ہی خوشی سے نعرہ لگانے لگے تھے۔ ان کی یہ بات مان لی ہو گی۔ لالہ چندومل کے تو وہم و گمان میں بھی یہ بات نہیں آ سکتی تھی کہ اس طرح اچانک وہ کچھ کرنے سے پہلے ہی "گناہ بے لذت" کی بھینٹ چڑھ جائے گا۔ وہ بچہ نہیں تھا جو یہ نہ سمجھ پاتا کہ اس کو کس "جرم" میں اغوا کیا جا رہا ہے۔

لیکن یہ تو وہ تصور ہی نہیں کر سکتا تھا کہ دہلی میں بھی ان لوگوں کا کوئی "ہمدرد" موجود ہو گا۔ جس نے انہیں تمام اطلاعات پہنچائی ہیں۔

وہ لوگ لالہ چندومل کو اپنے ایک خفیہ ٹھکانے پر لے آئے اور یہ اطلاع لالہ پر بم بن کر پھٹی کہ دہلی میں اس کے "را" کے دفتر جانے کی اطلاع ان لوگوں کو ہو چکی ہے۔

اس نے آئیں بائیں شائیں کرنے کی پوری کوشش کی لیکن ان لوگوں کے سامنے کوئی پیش نہ گئی اور لالہ سچ بولنے پر مجبور ہو گیا۔ دو گھنٹے کے اندر ہی اس نے مکمل ہتھیار پھینک دیے تھے۔ اس نے اپنے پچھلے گناہوں کے علاوہ اپنے موجودہ منصوبے کا بھی اقرار کر لیا تھا۔ مجاہدین کے علم میں وہ پناہ گاہ بھی آ چکی تھی جہاں سے بوقت ضرورت لالہ چندومل نے مدد حاصل کرنا تھی۔

لالہ کو مجلس شوریٰ کو سونپ کر وہ لوگ تیزی سے جلال آباد کی طرف بڑھنے کی تیاری کرنے لگے۔

———O———

تھوڑی دیر بعد ہی ایک پہاڑی کی اوٹ میں چھپے روسی فوج کے ٹرک پر

افغان فوج کی وردیاں پہنے' پندرہ مجاہدین فیضان اوغلو کی کمان میں جلال آباد کی طرف بڑھ رہے تھے ڈرائیور کے ساتھ والی سیٹ فیضان نے سنبھال رکھی تھی وہ ایک اعلیٰ روسی افسر نظر آ رہا تھا۔ "راستے میں جہاں کہیں بھی ان کا ٹکراؤ کسی فوجی کنوائے سے ہوا۔ وہ لوگ ایک دوسرے کی طرف دیکھے بغیر چپ چاپ آگے نکل جاتے۔ ہر فوجی سہا سہا اور خوفزدہ نظر آ رہا تھا۔ افغان فوجی تو خاص طور سے ایک دوسرے سے شرمندہ شرمندہ سے دکھائی دیتے تھے اور ایک دوسرے سے نظریں ملائے بغیر ہی آگے بڑھ جاتے تھے!

رات کے دس بجے کا عالم تھا جب جلال آباد کے ایک تھانے کے قریب ایک فوجی ٹرک آ کھڑا ہوا۔ وہ لوگ تھانے سے کچھ فاصلے پر ہی اترے تھے اور اب پیدل اس طرف بڑھ رہے تھے اس تھانے میں کے جی بی کے تربیت یافتہ ایجنٹوں کا ایک مستعد دستہ کسی بھی فوری اطلاع پر کارروائی کے لیے تیار بیٹھا تھا۔

وہ لوگ تھانے کی عمارت کے صحن میں مختلف گروپوں میں کھڑے خوش گپیوں میں مصروف تھے۔ جب اچانک ان پر قیامت ٹوٹ پڑی۔ ابھی ان کو یہ سمجھ ہی نہ آیا تھا کہ فائرنگ آسمان سے ہو رہی ہے یا زمین سے جب ان کے آدھے سے زیادہ ساتھی مارے گئے۔ اس سے پہلے کہ باقی سنبھل کر پوزیشن سنبھالیں تھانے کی عمارت اچانک بھک سے اڑ گئی۔

———○———

صبح دس بجے کی ڈاک سے ایک لفافہ جلال آباد کی فوجی چھاؤنی میں مقیم روسی افواج کے کمانڈر کے نام موصول ہوا۔ کرنل میخائل بظاہر تو ایک فوجی مشیر کی حیثیت سے یہاں مقیم تھا لیکن حقیقت میں وہ کے جی بی کا مقامی کنٹرول کمانڈر تھا۔ لفافہ تحقیق کے تمام مراحل سے گزر کر پانچ منٹ کے بعد اس کی میز پر اس کے سامنے موجود تھا۔ اس نے بے چینی سے لفافہ کھولا۔ جس میں سے ایک مختصر تحریر برآمد ہوئی۔

"سگ روس ایں افغانیان غیور راست' چیکو سلواکیہ نیست۔"

کمانڈر فیضان اوغلو

مزید کتب پڑھنے کے لیے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

# جی-آر-یو

لالہ کی موت جہاں بھارتی انٹیلی جنس کے لیے بہت بڑا المیہ تھی' اسی طرح فیضان اوغلو کا اس مرتبہ پھر شکنجے سے نکل جانا کے جی بی کے لیے معمولی سانحہ نہیں تھا!!

وہ لوگ اس مرتبہ تو چکرا کر ہی رہ گئے تھے۔

ماسکو کے انتہائی شمال مغرب میں ایک پر اسرار اور بہت قد آدم عمارت کے ایک کمرے میں آدھی رات کے بعد بھی روشنیاں جاگ رہی تھیں۔

ایک بڑی میز کے گرداگرد کے جی بی کے چار اعلیٰ افسران میز پر فائلیں پھیلائے بیٹھے تھے ——— چاروں کے اعصاب کھنچے اور تنے ہوئے نظر آتے تھے اور صاف دکھائی دے رہا تھا کہ سب لوگ ایک دوسرے کے لیے اپنی دلوں میں جز نفرت اور کچھ نہیں رکھتے!

پھر چاروں میں سے ایک جو ان میں سینئر تھا اور جس کی وردی کے کندھوں پر چمکتے سٹارز کی قطار اس کے جرنیل ہونے کی چغلی کھا رہی تھی۔ خونیں آنکھوں سے ان سب کو گھورنے لگا۔ یہ "جی آر جو" کی اس شاخ کا افسر اعلیٰ تھا جو افغانستان میں سیکورٹی کے معاملات کی نگرانی کر رہی تھی۔

"تم سب گدھے ہو ———!" اس نے کھڑے ہو کر اچانک ہذیانی انداز سے چیختے ہوئے ان تینوں کے لیے اپنا فیصلہ صادر کر دیا۔

"کامریڈ جرنیل" ——— ایک نے کچھ کہنا چاہا۔

"شٹ اپ" ——— وہ چلایا ——— "کل کا لونڈا تم لوگوں سے قابو نہیں

آ رہا ـــــ لعنت ہے تم پر ـــــ"

غصے میں وہ اتنی زور سے دھاڑا کہ اس کے گلے کی رگیں پھولنے لگیں اور اس سے پہلے کہ وہ اگلی کوئی بات کہتا اچانک اس پر کھانسی کا دورہ پڑ گیا۔

"تینوں گدھے" اپنی جگہ سہمے ہوئے بیٹھے تھے ـــــ!

ان کے دلوں میں اس جرنیل کے خلاف نفرت کے انگارے تڑپ رہے تھے۔ لیکن چہرے کے تاثرات پر انہوں نے اتنی ہوشیاری سے قابو پایا ہوا تھا کہ اگر وہ فوجی افسر نہ ہوتے تو دنیا کے بہترین اداکاروں میں ان کا شمار ہوتا۔

کھانسی کے خاتمے پر "جی آر یو" کا جنرل ولادی میروف ہانپتا ہوا دوبارہ اپنی کرسی پر ڈھیر ہو گیا ـــــ پھر اس نے اپنے سامنے دھرے بریف کیس میں سے ایک پلاسٹک کی شیشی نکالی اور اس میں سے ایک گولی ہتھیلی پر ڈال کر حلق میں انڈیل لی۔

اب وہ قدرے پرسکون نظر آ رہا تھا۔

"کرنل میخائل شولوخوف کو پرسوں میرے پاس رپورٹ کرنے کے لیے پیغام دے دو۔ میں ایسے گدھوں کو ایک منٹ کے لیے برداشت نہیں کر سکتا ـــــ اور ہاں۔"

اس نے اچانک ہی باری باری تینوں کی آنکھوں میں جھانکا ـــــ "اب یہ معاملہ سپریم کمانڈ کے پاس پہنچ چکا ہے۔"

تینوں جان سکتے تھے کہ اس بات کا مطلب کیا ہے۔ اب انہیں مکمل خاموشی اختیار کرنا تھی اور یہ بھی بھول جانا تھا کہ اس سے پہلے انہوں نے کبھی فیضان اوغلو نام کے کسی افغان باغی کا نام بھی سنا ہے ـــــ یا کے جی بی نے بھارتی انٹیلی جنس "را" کی مدد سے اسے قتل کرنے کے لیے کوئی منصوبہ بھی ترتیب دیا تھا۔

"گٹ آؤٹ" ـــــ وہ اپنی جگہ بیٹھے بیٹھے دھاڑا۔

"کامریڈ جنرل" ـــــ تینوں گدھوں نے کھڑے ہو کر ایک ساتھ اسے سلیوٹ کیا۔ اور اپنے اپنے بریف کیس بغل میں دبا کر باہر نکل گئے۔

ــــ○ــــ

جنرل ولادی میروف ان کی روانگی کے بمشکل چند منٹ بعد ہی کچھ سوچتا ہوا

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس میٹنگ روم سے ملحق ایک کمرے میں چلا گیا۔

اس کمرے کو ایک طرح سے "جی آر یو" کے آپریشن روم کی حیثیت بھی حاصل تھی۔ ایک سرخ رنگ کے ٹیلی فون پر اس نے مخصوص نمبر ڈائل کیا——— دوسرے ہی لمحے وہ سیکرٹری جنرل سے بات کر رہا تھا———!!

گفتگو کے خاتمے پر اس کے تنے ہوئے اعصاب پرسکون ہو گئے———!

اس نے میز کے ایک کونے پر لگی گھنٹی کے پش بٹن پر ہاتھ رکھا——— چند منٹ بعد وہ کافی کی چسکیاں لیتا ہوا اپنے ہاتھ سے ایک خط لکھ رہا تھا۔

———○———

یہ خط اگلے روز کی سفارتی ڈاک میں خصوصی اہتمام کے ساتھ دہلی میں روس کے سفارتخانے میں پہنچ گیا——— اس سفارتخانے کے قریبا" اسی فیصد ملازم براہ راست "کے جی بی" کے ایجنٹ تھے اور سفارتی لبادے میں اپنی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے تھے۔

ان سفارتی نمائندوں میں "یوری راگولین" نام کا ایک تھرڈ سیکرٹری بھی موجود تھا۔ راگولین تھا تو تھرڈ سیکرٹری——— لیکن یہاں فرسٹ سیکرٹری کی حیثیت بھی اس کے سامنے نہ ہونے کے برابر تھی۔ سفارتخانے کا ہر ملازم اس سے خائف رہتا تھا کیونکہ سب ہی لوگ جانتے تھے کہ اصل میں وہ کیا ہے؟

یوری راگولین نے جنرل ولادی میروف کی طرف سے بھیجے خط کو صرف ایک مرتبہ پڑھا پھر اپنے سامنے رکھی برقی انگیٹھی کی نذر کر دیا!

دوسرے روز روسی سفارتخانے کے لوگ ایک منصوبے کے تحت تھرڈ سیکرٹری یوری راگولین کے کان کی تکلیف کی خبر سفارتی حلقوں میں پھیلا چکے تھے اور اگلے ہی روز راگولین اپنے کان کا علاج کروانے کے لیے ائر انڈیا کی ایک فلائیٹ سے ماسکو جا رہا تھا——— دہلی سے ماسکو تک کا سفر اس نے "بڑی اذیت" کے ساتھ طے کیا تھا۔ اس دوران جہاز کے عملے کو یقین ہو چلا تھا کہ واقعی راگولین کان کی کسی انتہائی پیچیدہ بیماری کا شکار ہو چلا ہے۔

ماسکو میں اس کی آمد کی اطلاع ملنے کے بمشکل آدھ گھنٹے بعد ہی جنرل ولادی میروف نے اسے خصوصی میٹنگ کے لیے طلب کر لیا——— دونوں رات گئے تک ایک منصوبے پر بحث کرتے رہے۔

———〇———

تیسرے دن جب یوری راگولین واپس سفارت خانے پہنچا تو اس کی حالت قدرے سنبھل چکی تھی——— لیکن دوائیوں کا بیگ اس نے جان بوجھ کر اس انداز میں اور اتنی لاپرواہی سے پکڑ رکھا تھا کہ وہ ہر کسی کی نظر میں آ جائے۔

اسے "کان کی تکلیف" قدرے پرانی تھی اور مہینے میں ایک آدھ مرتبہ اکثر وہ اس کا شکار ہو کر ماسکو اپنے "خصوصی معالج" کو دکھانے ضرور چلا جایا کرتا تھا۔ ہوائی اڈے پر "را" کے خصوصی ایجنٹ نے اس کی نقل و حرکت پر کڑی نظر رکھی ہوئی تھی اور وہ روسی سفارت خانے کی کار کے پیچھے ہوائی اڈے سے سفارت خانے تک سائے کی طرح لگا رہا۔

واپسی پر اس نے "معمول کی کارروائی" کی رپورٹ لکھ دی تھی۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# نیا شکاری

ٹھاکر رمیش نے کلکتہ کے اس گنجان آباد علاقے میں موجود پرانے زمانے کی چار منزلہ عمارت کا دوبارہ تنقیدی نظروں سے جائزہ لیا پھر مطمئن ہو کر سر ہلاتا ہوا اس کی بوسیدہ سیڑھیاں چڑھنے لگا۔

تھوڑی دیر بعد ہی وہ ایک کمرے کے دروازے پر دستک دے رہا تھا۔

"کون ہے بے——؟" کسی نے اندر سے گالی دیتے ہوئے دریافت کیا۔

"ٹھاکر—— تیرا باپ۔" ٹھاکر رمیش نے بھی کلکتہ کی مخصوص زبان میں اسے مخاطب کیا۔

"اوہ" —— اندر سے آواز آئی اور کسی نے اٹھ کر دروازہ کھول دیا۔

دروازہ کھولنے والے کے جسم پر ایک دھوتی نظر آ رہی تھی۔ وہ بھی شاید اس نے ہنگامی حالات کے پیش نظر ہی باندھ لی تھی۔

کمرہ بڑا بھیانک منظر پیش کر رہا تھا۔

ایک کونے میں چھوٹی سی میز پر چائے کی پیالیاں اور کچھ کتابیں رکھی تھیں اور دوسری طرف ایک ڈھیلی سی چارپائی پر درمیانی عمر کی ایک نیم برہنہ عورت لیٹی ہوئی تھی۔ اس نے ٹھاکر کو دیکھ کر بھی اپنی پوزیشن بدلنے کا تکلف نہیں کیا تھا۔ کمرے سے شراب کے بھبوکے اٹھ رہے تھے!

ٹھاکر نے ایک نظر اس پر ڈالی پھر چہرہ دوسری طرف کر لیا۔ اس نے دوسری مرتبہ اس عورت کی طرف دیکھنا بھی گوارہ نہیں کیا تھا۔

"چل تو——" اندر موجود دھوتی والے نے دس کا نوٹ دیوار میں لٹکی

ایک لمبی کیل پر جھولتے پرانے سے کوٹ کی ایک جیب سے نکال کر اس پر پھینک دیا۔

عورت کچھ کہے سنے بغیر اٹھ کر کھڑی ہو گئی۔ نوٹ اس نے اپنی انگیا میں اڑس لیا تھا ـــــ میز پر دھری سگریٹ کی ڈبیا سے ایک سگریٹ نکال کر اس نے وہیں دھری ماچس سے سلگایا اور لمبا کش لگا کر دھوتی والے کی طرف دیکھتے ہوئے ٹھاکر کے لیے بڑا بے ہودہ اشارہ کیا لیکن ٹھاکر نے آنکھ دبا کر اسے کچھ سمجھایا اور وہ چارپائی کی پائنتی پر دھرے کپڑے پہن کر وہاں سے نکل گئی۔

---

"مجھے پانڈے کہتے ہیں۔" ـــــ عورت کے جاتے ہی اس نے ٹھاکر کی طرف ہاتھ بڑھایا۔

"بہت خوشی ہوئی تم سے مل کر کامریڈ پانڈے" ـــــ ٹھاکر نے بڑی گرمجوشی سے اس سے مصافحہ کیا تھا ـــــ "میرا نام تو تم جان ہی چکے ہو گے ـــــ اب کام بھی بتا دو۔"

"بیٹھو" ـــــ پانڈے نے چارپائی کے نیچے سے ایک ٹین کا ٹرنک گھسیٹ کر باہر نکالا پھر اسے کھول کر بیٹھ گیا۔ اس ٹرنک میں پرانے کپڑے دھرے تھے اور ایک قمیص کی جیب سے اس نے ایک تصویر نکال کر ٹھاکر کے سامنے رکھ دی!

تصویر پر پہلی نظر پڑتے ہی ٹھاکر اس سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔ آدمی نوجوان اور سرخ و سپید چہرے کا مالک تھا۔

"کیا نام ہے اس کا؟"

"فیضان ـــــ فیضان اوغلو" ـــــ جواب ملا۔

"کہاں کا ہے؟" ـــــ اس نے دوبارہ روکھے لہجے میں پوچھا۔

"افغانستان میں کسی جگہ کا۔"

"ک ک کیا مطلب ـــــ مجھے وہاں جانا ہو گا" ـــــ ٹھاکر کی زبان اچانک ہی لڑکھڑانے لگی تھی۔ اس سے پہلے صرف ایک مرتبہ اسے ایک مشن پر کابل بھیجا گیا تھا۔ تب بھی اسے اس نوعیت کا مشن سونپا گیا تھا۔ اس نے ایک غیر ملکی

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سفارت کار کے مقامی ڈرائیور کو قتل کرنا تھا۔ کیونکہ وہ شخص اب کے جی بی کے لیے ناکارہ ہو چکا تھا۔

"ٹھاکر ـــــــ یہ مشن تمہیں بہرصورت مکمل کرنا ہے ـــــــ اس آدمی کو ایک مہینہ کے اندر ختم کرنا ہے۔ یہ حکم "ریڈ سکوائر" سے براہ راست آیا ہے ـــــــ تم بچے نہیں ہو۔ اس کی اہمیت جان گئے ہو گے۔" پانڈے کی آواز اسے کسی گہرے کنوئیں سے آتی سنائی دے رہی تھی۔

"ٹھیک ہے ـــــــ" اس نے اپنی انگلیوں میں پھنسا سگریٹ زمین پر پھینک کر پاؤں سے مسلتے ہوئے کہا۔

پانڈے نے ایک نقشہ اور کچھ مزید تصویریں اس کے سامنے بچھا دیں اور اسے کچھ سمجھانے لگا۔

ـــــ○ـــــ

ٹھاکر کا ذہن پانڈے کے منہ سے نکلنے والے ایک ایک لفظ کو بڑی احتیاط سے حفظ کر رہا تھا۔ اس نے بلا کا ذہن پایا تھا۔ یہ اس کا ذہن ہی تھا جس نے اسے آج تحت الثریٰ کی گہرائیوں سے اٹھا کر آسمان کی بلندیوں تک پہنچا دیا تھا۔

اسے تو یہ بھی یاد نہیں تھا کہ اس کا اصلی نام کیا ہے ـــــــ اب تک اس نے درجنوں شہریت نام اور ملک بدلے تھے۔ کبھی وہ یورپ میں ہوتا۔ کبھی ایشیا کے کسی ملک میں اور کبھی مشرق وسطیٰ میں۔

اس کی ماں تو ٹھاکر کو جنم دے کر کسی آشرم کے سامنے پھینک کر چلی گئی تھی۔ جانے کس نے خدا ترسی کر کے اسے اٹھا لیا۔ پڑھایا' لکھایا' پھر وہ بھی مر گیا۔ اپنے محسن کی وفات کے بعد اس کا رہا ہی کون تھا یہاں۔ کالج سے بی اے کرتے ہی وہ نئے جہان کھوجنے نکل گیا۔ یہاں اس کی اپنی کوئی شناخت ہی نہیں تھی۔ اسے بہرکیف اپنی شناخت بنانا تھی۔ وہ جانتا تھا اس ملک میں بھیانک ماضی ایک سائے کی طرح اس سے چمٹا رہے گا ـــــــ!!

ایک روز وہ نکل گیا!

مختلف ملکوں کی خاک چھانتا وہ جرمن کو اپنی منزل مقصود ٹھہرا کر چلتا چلا جا

رہا تھا۔ ترکی میں جب وہ بالکل تہی دست ایک سڑک کے کنارے بنے پارک میں بھوک اور پیاس سے نڈھال بیٹھا تھا تو ایک غیر ملکی فرشتہ بن کر اس کی مدد کو آ گیا۔

اس نے نہ صرف ٹھاکر کو کھلایا پلایا بلکہ اپنے ساتھ اپنے گھر بھی لے گیا۔

اس کا گھر کیا تھا ——— زمین پر جنت کا نمونہ۔

ٹھاکر نے یہاں شراب اور شباب کی بدمستیوں میں خود کو غرق کر لیا۔ اس کے دوست نے اسے سارا مشرقی یورپ گھما دیا ایک روز بالآخر ٹھاکر جان ہی گیا کہ وہ کے جی بی کے شکنجے میں پھنس گیا ہے۔

لیکن وہ پریشان بالکل نہ ہوا۔ وہ تو پہلے ہی اپنی قسمت آزمائی کے لیے کسی میدان کی تلاش میں تھا۔ اس نے جی جان سے ان لوگوں کے لیے کام کرنے کی ہامی بھری اور جو کہا اس پر عمل بھی کر دکھایا!

دو سال کی قلیل مدت میں اس نے ایسے ایسے کارہائے نمایاں انجام دیے کہ اب وہ "کے جی بی" کے خصوصی ایجنٹوں میں شمار ہونے لگا تھا!

اپنے وطن سے روانگی کے چھ سال بعد جب وہ واپس آ گیا تو ایک کروڑ پتی رئیس اور باعزت آدمی بن چکا تھا اس نے دہلی کی ایک ماڈرن آبادی میں بنگلہ خرید لیا تھا اور اپنا کاروبار تمام بھارت میں پھیلایا ہوا تھا!

ٹھاکر نے شادی نہیں کی تھی لیکن شاید ہی دہلی کی کوئی ایسی سوسائٹی گرل تھی جسے اس کی غیر قانونی بیوی رہنے کا اعزاز نہ حاصل ہو چکا ہو ———!!

دہلی میں ٹھاکر کا گھر ہی شاید "کے جی بی" کا سب سے بڑا اڈہ تھا۔ آئے روز کسی نہ کسی بہانے وہ مختلف ممالک کے سفارتی نمائندوں کو اپنے ہاں مدعو کرتا رہتا تھا۔

"یوری راگولین" بھارت میں اس کا سپائی ماسٹر مقرر ہوا تھا اور اس کے اشارے پر وہ یہاں بھی اب تک کئی کارہائے نمایاں انجام دے چکا تھا۔

———○———

آج بھی وہ ایک ایسے ہی کام کے لیے دہلی سے کلکتہ آیا تھا ——— پانڈے کو دیکھ کر اسے بالکل حیرت نہیں ہوئی۔ اس نے خود بھی تو پانڈے کی طرح اپنی

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



شخصیت تہہ در تہہ بنا لی تھی۔

اس نے خود پر اتنے خول اب تک چڑھائے تھے کہ اب اسے اپنی اصل شخصیت خود تلاش کرنا مشکل ہو گیا تھا۔

یہ احساس بھی اسے آج ہی بخوبی ہوا تھا کہ اس کی حیثیت اب بھی کے جی بی کے معمولی مہرے سے زیادہ ہرگز نہیں۔ جانے پانڈے جیسے کتنے اور لوگ ابھی بھارت میں موجود ہیں۔ وہ جانتا تھا کہ یہ جال دنیا کے ہر ملک میں پھیلا ہوا ہے۔

"ہمارے دوست وہاں ہر ممکن تعاون کریں گے۔"۔——پانڈے نے اس ٹوٹے پھوٹے ٹرنک سے ایک پاسپورٹ اور ہوائی جہاز کا ٹکٹ نکال کر اسے تھما دیا۔

یہ دہلی سے کابل تک ائر انڈیا کا ٹکٹ تھا۔

"وہاں کامریڈ موجود ہوں گے——وہیں تمام بریفنگ ہو گی——او کے۔ گڈ لک۔" پانڈے نے اس کی بات سنے بغیر ہاتھ الوداعی مصافحے کے لیے اس کی طرف بڑھا دیا۔

ٹھاکر رمیش باہر نکل آیا——!

وہ "کے جی بی" کی طرف سے سکھائے جانے والے تمام آداب سیکھ چکا تھا۔ کسی بھی ایجنٹ کا دوسرے کسی ایجنٹ میں معمولی سا تجسس دونوں کی موت کا پیغام بن جاتا تھا۔ دونوں جانتے تھے کہ کوئی تیسرا ان کی اس ملاقات کی نگرانی بھی ضرور کر رہا ہو گا اور زیادہ دیر تک ان کی گفتگو سے اگر باہر والے کو شک ہو گیا تو دونوں ہی جان سے جائیں گے۔"

یہ لوگ ایک دوسرے سے کوئی سوال اپنے مقصد کے علاوہ نہیں کرتے تھے۔ ٹھاکر نے پانڈے سے یہ نہیں پوچھا تھا کہ اسے کابل میں کس کے پاس جانا ہے؟ کہاں قیام کرنا ہے؟ وغیرہ وغیرہ۔

وہ جانتا تھا کہ اگر ان سوالات کے جوابات جاننا ضروری ہوتا تو پانڈے اسے بتا دیتا۔

اس کا مطلب یہی تھا کہ اسے اب کابل کے ہوائی اڈے پر ہی خوش آمدید کہا جائے گا——وہاں اس کی پہچان پہلے ہی سے پہنچ چکی ہو گی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



شام کی فلائیٹ سے وہ دہلی واپس آ گیا۔

اس روز رات کو دہلی کے ایک شاندار ہوٹل میں وہ یوری راگولین کے ساتھ ڈنر کھا رہا تھا۔

"یہ خصوصی مشن تم پر بے پناہ اعتماد کی وجہ سے تمہیں سونپا گیا ہے۔ اس لفافے میں جو میں نے تمہیں دیا ہے تمہارا پریس کارڈ ہے ——— تم دہلی کے ایک انگریزی اخبار کے رپورٹر کی حیثیت سے کابل جا رہے ہو ——— وہاں ہمارے دوستوں کو یہ خبر رہتی ہے کہ فیضان کس علاقے میں آپریٹ کر رہا ہے۔ اس کا انٹرویو لینے کے بہانے کسی بھی طرح اس تک پہنچ جاؤ اور اسے زہر دے کر مار ڈالو ——— "

"زہر دے کر ہی کیوں۔" ٹھاکر مسکرایا ——— "اگر میٹھے سے کام بن جائے تو ---------"

اس نے فقرہ ادھورا چھوڑ کر قہقہہ بلند کیا۔

"نہیں ٹھاکر ——— اسے اتنا آسان مت لو۔ تمہارا واسطہ ایسے ہوشیار لوگوں سے کبھی نہیں پڑا ہوگا۔" راگولین نے سنجیدگی اختیار کر لی۔

"اونہہ ——— افغانی اور ہوشیار ———" ٹھاکر نے طنزیہ لہجے میں کہا۔

"بہرحال اس بات کا خصوصی خیال رکھنا کہ ذرا سی بھی بے احتیاطی تمہیں مار ڈالے گی۔ میں نہیں چاہتا کہ تم اندازے کی غلطی کا شکار ہو جاؤ ——— یہ شخص کوئی جاہل ملاں نہیں ہے۔ ماسکو یونیورسٹی کا پڑھا ہوا ہے۔ ہمارے داؤ پیچ سیکھ کر ہمیں پر آزما رہا ہے ——— تم میرے دوست ہو کامریڈ ——— صرف اپنے تک رکھنا یہ بات" ——— راگولین نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا ——— "اس سے پہلے ایک ایجنٹ کو ان لوگوں نے کابل ہی میں ختم کر دیا تھا ——— بہت ہوشیار شخص ہے یہ ———"

اس بات پر ٹھاکر کو واقعی سنجیدگی اختیار کرنا پڑی۔

"کامریڈ میرا نام بھی ٹھاکر رمیش ہے" ——— اس نے واڈکا کا ایک لمبا گھونٹ بھرتے ہوئے کہا۔ "او کے گڈ لک" ——— یوری راگولین نے کسی مشتبہ سی آئی ڈی والے کو شاید دروازے سے اندر آتے دیکھ لیا تھا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



—O—

تیسرے دن ایئر انڈیا کی ایک پرواز سے وہ کابل جا رہا تھا۔

ایک سریع الاثر زہر کی شیشی جس پر گردے کے درد کی دوائی کا لیبل لگا ہوا تھا اس کی جیب میں موجود تھی ـــــ باقی سب کچھ اسے وہیں سے موصول کرنا تھا۔ یوری راگولین کی گفتگو کے بعد بھی وہ فیضان کو اہمیت دینے کے لیے تیار نہ تھا ـــــ اس نے دنیا کے بیشتر ممالک میں "کے جی بی" کے پیشہ ور قاتل کی حیثیت سے اب تک درجنوں لوگوں کو موت کے گھاٹ اتارا تھا ـــــ کسی بھی انسان کی جان لے لینا اس کے بائیں ہاتھ کا کھیل تھا ـــــ وہ زہر انسانی جسم میں داخل کرنے کے بیسیوں طریقے جانتا تھا۔ اب تک اس نے اتنے بے شمار روپ بدل لیے تھے کہ اب وہ کسی بھی روپ میں خود کو نارمل محسوس کر سکتا تھا۔

پاسپورٹ اس کے لیے مسلمان کے نام سے حاصل کیا گیا تھا اور پریس کارڈ پر بھی اس کا نام محمد حسین لکھا ہوا تھا ـــــ روسی یہ سمجھتے تھے کہ اول تو مجاہدین ہر غیر ملکی کا بہت احترام کرتے ہیں۔ خصوصاً" اپنی روایات کے مطابق وہ مہمان کے لیے جان سے بھی گزر جاتے ہیں' لیکن مسلمان ہونے کے ناطے وہ ٹھاکر پر اور زیادہ اعتماد کرتے۔

ایئر انڈیا کا جہاز برق رفتاری سے کابل کی طرف محو سفر تھا اور ٹھاکر اپنی سیٹ کی پشت سے ٹیک لگائے سگریٹ کے مرغولے اپنے سامنے بکھیر رہا تھا اب تک اس نے فیضان کو مارنے کے اپنی دانست میں کئی طریقے سوچ لیے تھے۔ جہاز نے رات کے پہلے پہر کابل کے ہوائی اڈے پر لینڈ کیا ـــــ!

اس مرتبہ کے جی بی نے خصوصی احتیاط برتی تھی اور "خاد" کا جو ایجنٹ ٹھاکر کو ہوائی اڈے پر لینے آیا تھا وہ پہلے ہی یہاں کے حلقوں میں اخبار نویس کی شہرت رکھتا تھا ـــــ!

واپسی پر اسے پہچانتے ہوئے "کسٹ کلیرنس ڈیسک" پر اس کے سامان تلاشی دکھاوے کے لیے بہت سختی سے لی گئی تھی لیکن کسی نے اس کے جسم کو چھونے کی جرات نہیں کی تھی ـــــ آج خاص طور سے "خاد" کے تربیت یافتہ ایجنٹ کسٹم

آفیسروں کے روپ میں ہوائی اڈے پر ڈیوٹی دے رہے تھے۔

لاؤنج سے باہر نکلتے ہی مقامی "خاد ایجنٹ" اس "حسین بھائی" کا نعرہ لگا کر بغلگیر ہو گیا ـــــــ جواب میں ٹھاکر نے اس سے بھی زیادہ گرم جوشی کا مظاہرہ کیا۔ دونوں بے تکلف دوستوں کی طرح باتیں کرتے باہر آئے ـــــــ کیا مجال جو دونوں کے متعلق کوئی گہری نظر سے جائزہ لینے والا شک میں مبتلا ہوتا۔

مہمان اسے اپنے ساتھ ہی کابل کے ایک ہوٹل میں لے آیا۔ ہوٹل میں داخل ہونے کے بعد بھی ٹھاکر رمیش نے اخباری نمائندوں کے سے انداز میں کیمرہ اپنے گلے میں لٹکا رکھا تھا ـــــــ دونوں دوست انگریزی میں گفتگو کرتے یہاں تک آئے تھے۔

اس کے "دوست" نے کمرہ پہلے ہی سے اس کے لیے بک کروا رکھا تھا۔ رات گئے تک وہ اسے فیضان کی موجودہ پوزیشن سمجھاتا رہا۔ اس نے ہر ممکنہ جگہ کی نشاندہی کر دی تھی جہاں فیضان کے ملنے کے امکانات ہو سکتے تھے۔

ٹھاکر نے اس کے ساتھ نیچے ڈائننگ ہال میں کھانا کھانے سے انکار کرتے ہوئے اس کے ذریعے "مقامی کامریڈوں" کو پیغام بھیج دیا تھا کہ کوئی بھی اس سے ملنے یا رابطہ پیدا کرنے کی کوشش نہ کرے ـــــــ بصورت دیگر وہ ان سے خود ہی رابطہ قائم کرے گا۔

دہلی سے روانگی پر اسے "مقامی کامریڈوں" سے رابطہ کے تمام طریقے بتا دیئے گئے تھے اور ٹھاکر رمیش نے وہ حفظ کر لیے تھے ـــــــ اس کی یہ خوبی ہمیشہ اس کے کام آتی کہ وہ بہت کچھ زبانی یاد رکھ سکتا تھا۔ اس نے کبھی اپنے پاس کچھ لکھ کر نہیں رکھا تھا۔

اپنے میزبان کو رخصت کرنے وہ دروازے تک بھی نہیں آیا تھا۔ اس کی روانگی کے قریباً آدھ گھنٹے بعد ٹھاکر نپے تلے قدموں سے باوقار چال چلتا ہوٹل کے ڈائننگ روم میں آ بیٹھا۔ اس نے کھانے کے ہال میں داخل ہوتے ہی کاؤنٹر پر موجود لوگوں کی طرف مسکرا کر دیکھا اور ان کے چہروں پر جوابی مسکراہٹ آتے ہی ان کی طرف بڑھ گیا۔

ٹھاکر نے زبردستی ہی ان سے گرم جوشی سے مصافحہ کرتے ہوئے انہیں محو

www.iqbalkalmati.blogspot.com



حسین کے نام سے اپنا تعارف کروایا تھا اور ان لوگوں کو بتایا تھا کہ وہ ایک بہت بڑے اخبار سے منسلک ہے اور اس لڑائی کا جائزہ لینے ہی یہاں آیا ہے——! ٹھاکر نے جان بوجھ کر اپنی گفتگو میں "مجاہدین" کا لفظ استعمال کیا تھا۔ اس نے کاؤنٹر پر ہی اندازہ کر لیا کہ یہ لوگ بظاہر تو حکومت کے خوف سے مجاہدین کی مخالفت کرتے ہیں لیکن ان کے دل ان کے قدموں کی آہٹ پر ہی دھڑکتے ہیں——!

ہال میں متعدد میزیں خالی تھیں لیکن وہ جان بوجھ کر ایک ایسی میز کی طرف بڑھا جس پر پہلے ہی سے ایک موٹا تازہ افغان جو خاصا ماڈرن بنا ہوا تھا' بیٹھا نظر آ رہا تھا۔

"ہیلو"—— اس نے جاتے ہی اپنا ہاتھ اس کی طرف بڑھا دیا۔

"ہیلو۔" جواب میں خاصی سرد مہری کا مظاہرہ کیا گیا۔

ٹھاکر نے اس موٹے افغان سے اپنا تعارف ایک غیر ملکی مسلمان اخبار نویس کے حوالے سے کروایا اور اسے بتایا کہ وہ مجاہدین کی سرگرمیوں سے بڑا متاثر ہے اور انہیں نزدیک سے لڑتے دیکھنے کی تمنا لے کر آیا ہے——!

موٹے افغان نے مجاہدین کے ذکر پر خاصا ناک بھوں چڑھایا۔ وہ انگریزی سمجھ تو لیتا تھا لیکن بولنے میں خاصی دقت محسوس کر رہا تھا۔ شاید اس لیے اس نے کھانا ختم ہوتے ہی وہاں سے بھاگ جانے میں عافیت جانی۔

ٹھاکر نے اپنے لیے ہلکا پھلکا کھانا منگوایا اور اردگرد کی میزوں پر بیٹھے لوگوں کو سنانے کے لیے جو اب خاصی آباد ہو چکی تھیں۔ قدرے بلند آواز میں بسم اللہ پڑھ کر کھانا شروع کیا۔ اس کے بسم اللہ پڑھنے پر کئی لوگوں نے چونک کر اس کی طرف دیکھا لیکن وہ ان کی نظروں سے بظاہر لاتعلق سا کھانے میں جتا رہا—— کھانا ختم ہونے پر اس نے دعا کے سے انداز میں ہاتھ پھیلائے اور جب وہ ڈیڑھ دو گھنٹے بعد وہاں سے رخصت ہو رہا تھا تو اس ہوٹل میں آنے والے قریباً" ہر شخص کو یہ اطلاع مل چکی تھی کہ محمد حسین نام کے اس اخبار نویس کو جس کا تعلق بھارت کے ایک مشہور اور بڑے اخبار سے ہے' افغان مجاہدین سے بہت ہمدردی ہے اور وہ ان کو برسرپیکار دیکھنے کی تمنا لے کر یہاں آیا ہے——

لوگ یہ بھی جان چکے تھے کہ نووارد صحافی کٹر مسلمان ہے اور اپنے مذہبی

عقائد سے بڑا مخلص ہے ——— اس نے جان بوجھ کر شراب نوشی اپنے کمرے میں ہی کی تھی۔ جہاں اس کے لیے کابل میں میزبان نے کمرے میں موجود فریج میں پہلے ہی سے "واڈکا" کی بوتلیں رکھوا دی تھیں۔

اگلا سارا دن اس نے کابل میں گھوم پھر کر گزارا۔ وہ منجھے ہوئے اخبار نویسوں کے سے انداز میں مختلف طبقات زندگی سے متعلق لوگوں کی آرا لیتا رہا۔ اس دوران اس نے ہر گفتگو کرنے والے کو اس بات کا یقین دلا دینے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی تھی کہ وہ دل و جان سے ایک مسلمان ہونے کے ناطے افغان مجاہدین کی جدوجہد آزادی کا حامی ہے ———

ٹھاکر رمیش نے کچی گولیاں نہیں کھیلی تھیں!

وہ جانتا تھا کہ یہاں موجود لوگوں میں سے کم از کم اسی فیصد دل و جان سے مجاہدین کے ساتھ ہیں ——— یہ الگ بات کہ وہ خوف کے مارے کچھ نہ کہیں ——— یہاں قدم قدم پر مجاہدین کے جاسوس موجود تھے خصوصاً" ہر غیر ملکی پر ان کا چیک بہت سخت تھا۔ شہر میں ہونے والے واقعات کے پل پل کی خبر مجاہدین تک پہنچ جاتی تھی۔

یہ خبر بھی یقیناً" اب تک مجاہدین کو پہنچ چکی ہو گی کہ یہ مسلمان صحافی نام ہی کا مسلمان نہیں بلکہ دل میں ایمان اور درد بھی رکھتا ہے۔ یہ اطلاع اسی روز رات کے دوسرے پہر فیضان اوغلو تک بھی پہنچ گئی تھی جو کابل کے نزدیک ہی مجاہدین کے ایک "غنڈ" (مرکز) پر موجود تھا۔ اس نے اس اطلاع پر اپنا کوئی خاص ردعمل ظاہر نہیں کیا تھا۔ بس اسے معمول کی ایک اطلاع ہی جانا تھا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com


# شاہراہِ موت

تیسرے روز ٹھاکر رمیش اپنے سفر پر روانہ ہو گیا——!

اس کی منزل "لوگر" تھی۔ "لوگر" کی ولایت کو افغانستان میں ایک جنکشن کی حیثیت حاصل تھی—— یہاں سے ہی کابل قندھار اور کابل ہرات ہائی وے گزرتی ہے۔ روسی اور افغان فوج کے لیے اس سپلائی لائن کی حیثیت شاہ رگ کی سی ہے۔ اس محاذ پر وہ مجاہدین کا قبضہ ختم کروانے کے لیے اب تک کئی حملے کر چکی تھی لیکن یہاں سے مجاہدین کی مزاحمت ختم نہیں کر سکی تھی۔

اس محاذ کی خصوصی اہمیت کے پیش نظر مجاہدین کے مختلف گروپ یہاں مورچہ بند تھے فیضان بھی یہیں مصروف پیکار تھا—— اور ٹھاکر رمیش بھی اس کی تلاش میں اسی طرف نکلا تھا——!

"لوگر" چھاؤنی کے نزدیک بس نے اسے اتار دیا۔ یہاں سے آگے کوئی سواری نہیں جاتی تھی۔ چھاؤنی کے نزدیک سے گزرتے ہوئے اسے افغان ملیشیا کے جوانوں نے روک لیا۔ وہ اسے آگے جانے سے منع کر رہے تھے لیکن ٹھاکر آگے جانے پر بضد تھا۔

ملیشیا کے جوان اسے گرفتار کر کے اپنے کمانڈنگ آفیسر کے پاس لے آئے۔ ٹھاکر دل ہی دل میں بہت خوش تھا۔ اب تک ہر بات اس کی مرضی کے مطابق ہو رہی تھی اور ایسے واقعات سے وہ اپنی پوزیشن مستحکم کرتا چلا جا رہا تھا۔

کمانڈنگ آفیسر ایک روسی کرنل تھا——!

وہ اس علاقے کا ایریا کمانڈر تھا لیکن زیادہ تر ماتحت افواج افغان ہی تھیں۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس نے چھٹتے ہی ٹھاکر کو انگریزی میں ڈانٹ دیا ــــــ لیکن جواب میں ٹھاکر کی زبان سے ایک مخصوص لفظ ادا ہوتے ہی اس نے ان جوانوں کو جو اسے یہاں تک لائے تھے باہر جانے کا حکم دیا۔

ان کے وہاں سے جاتے ہی دونوں بے تکلفی سے روسی زبان میں باتیں کرنے لگے ــــــ پندرہ بیس منٹ بعد کمانڈر اس کے ساتھ ہی باہر آیا تھا ــــــ!

اس نے اپنے دفتر سے باہر نکلتے ہی چہرے پر غصے کے آثار طاری کر لیے اور وہاں موجود افغان عساکر کے سامنے ٹھاکر کو پشتو میں گالیاں دیتے ہوئے کہا۔

"اگر تم مرنے پر ہی تلے ہو تو جاؤ جہنم میں۔"

دونوں بڑی کامیاب اداکاری کر رہے تھے۔

"کیا کہا آپ نے؟" ٹھاکر نے انجان بنتے ہوئے انگریزی میں پوچھا۔

"اس سے آگے تم اپنی ذمہ داری پر جاؤ گے۔ ہم کسی بھی قسم کی ضمانت نہیں دے سکتے۔" روسی کرنل نے انگریزی میں کہا۔

"اونہہ تم مجھے کیا ضمانت دو گے ــــــ تمہاری تو اپنی زندگی کی کوئی ضمانت نہیں دی جا سکتی ــــــ" ٹھاکر نے طنز کی۔

"شٹ اپ" ــــــ کرنل نے اسے ڈانٹ دیا۔

"مسٹر کرنل! تم ایک ذمہ دار صحافی سے بات کر رہے ہو۔ اپنا لہجہ درست کرو ورنہ ــــــ" ٹھاکر نے غصے سے دانت پیستے ہوئے کہا۔

کرنل جواب دیے بغیر واپس مڑ گیا۔

ٹھاکر نے وہاں موجود افغان عساکر کے چہروں کو پڑھ کر بخوبی اندازہ کر لیا تھا کہ یہ لوگ اس کے طرز عمل سے بہت خوش نظر آ رہے تھے۔

اس نے مسکراتے ہوئے سب کو "سلام علیکم" کہا اور ان کے سامنے بھی ٹوٹی پھوٹی فارسی میں اپنے مسلمان ہونے کا اعلان کر کے سامنے نظر آتے پہاڑی سلسلے کی طرف چل دیا۔

---

وہ اندازے سے لیکن قدرے لاپرواہی کا مظاہرہ کرتا ہوا پیدل چلتا چلا جا رہا

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



تھا۔ پہاڑوں میں دو ڈھائی گھنٹے تک وہ مسلسل سفر کرتا رہا —— ابھی تک کسی سے اس کا ٹکراؤ نہیں ہوا تھا —— اب تو ٹھاکر کو الجھن محسوس ہونے لگی تھی۔ اس کی خواہش تھی کہ اب مجاہدین اسے گھیرے میں لے ہی لیں۔

پہاڑوں میں مسلسل چلنے کا اتفاق اسے خاصی مدت کے بعد ہوا تھا اور اب وہ تھکاوٹ محسوس کرنے لگا تھا —— اس کے چاروں اطراف غیور افغانوں کی طرح سربلند پہاڑی سلسلے چیخ چیخ کر اسے اس بات کا احساس دلا رہے تھے کہ افغانوں کے ارادوں کی طرح وہ بھی ناقابل تسخیر ہیں۔

ٹھاکر سوچ رہا تھا اگر فیضان مر بھی جائے تو بھی کیا روسی استعماریت کا سیلاب ان سرفلک پہاڑیوں سے ٹکر لے سکے گا۔"

"نہیں" —— کسی نے اس کے اندر سے سرگوشی کی اور اسے افغانوں کا وہ مشہور سلوگن یاد آ گیا —— "کہسار باقی' افغان باقی۔"

ایک پہاڑی چشمے کے نزدیک رک کر اس نے گہری سانس لی پھر کچھ سوچتے ہوئے اپنے جسم پر موجود بوجھ سے نجات حاصل کر لی —— اپنی کمر پر بندھا سفری تھیلا اور کیمرہ اس نے ایک طرف رکھ دیا —— جوتے اتار دیے اور پتلون کے پائنچے چڑھا کر ایک پتھر پر بیٹھ کر پاؤں پانی میں لٹکا دیئے۔ پہلے تو اسے خاصی ٹھنڈک محسوس ہوئی لیکن پھر سکون سا محسوس کرنے لگا۔

دس پندرہ منٹ اسی کیفیت کی نذر ہو گئے۔ اس نے جھک کر چلو بھر پانی پیا پھر اس پانی کے چھینٹے منہ پر مارے اور اٹھ کھڑا ہوا۔ جیسے ہی اس نے گردن گھما کر اپنے سامان کا جائزہ لینا چاہا —— سنسنی کی ایک تیز لہر اس کی ریڑھ کی ہڈی میں دوڑ گئی۔

دو مجاہد اپنے کندھوں سے رائفلیں لٹکائے اس کے سامنے کھڑے تھے۔ اس کی زندگی کا بیشتر حصہ ایسے ہی کاموں میں گزرا تھا —— اپنی چھٹی حس پر اسے بے پناہ اعتماد تھا —— اس کے کان بہت حساس تھے۔ معمولی چاپ بھی سن لیتے تھے لیکن اس کو گمان بھی نہ گزرا کہ یہ لوگ کب اور کس طرف سے یہاں آئے ہیں۔

لیکن —— دوسرے ہی لمحے اس نے اپنی کیفیت پر قابو پا لیا۔

"السلام علیکم ورحمتہ اللہ"—— اس نے چہرے پر مسکراہٹ بکھیرتے ہوئے دونوں کو خالص مسلمانوں کے سے انداز میں سلام کیا اور اپنا ہاتھ مصافحے کے لیے آگے کر دیا۔

"وعلیکم السلام"—— دونوں مجاہدوں نے بیک وقت کہا اور باری باری اس سے ہاتھ ملایا۔

"محمد حسین—— جرنلسٹ"—— اس نے مختصر سے الفاظ میں اپنا تعارف کروایا۔

دونوں نے جواب میں صرف گردن ہلا دی۔ کسی رد عمل کا اظہار نہیں کیا۔
اس نے اپنے جوتے پہنے اور چاہا کہ اپنا سامان بھی اٹھا لے لیکن رائفل برداروں نے اسے بندوق کے اشارے سے منع کر دیا۔ ان میں سے ایک نے اپنے دوسرے ساتھی کو مقامی زبان میں کچھ کہا۔ اس نے ٹھاکر کا بیگ اور کیمرہ اٹھا لیا اور آگے آگے چلنا شروع کر دیا——!

دوسرے مجاہد نے اسے اشارے سے اپنے ساتھی کے پیچھے پیچھے چلنے کا حکم دیا۔

"شکریہ—— شکریہ"—— ٹھاکر نے خواہ مخواہ دانت نکال کر اپنے کھنچے ہوئے اعصاب کو تسکین دینے کا سامان کیا۔

دونوں پندرہ بیس منٹ تک پیدل چلتے رہے۔ جیسے ہی وہ ایک پہاڑی کا موڑ گھومے انہیں تین اور مجاہد وہاں نظر آ گئے۔

"مسٹر حسین! ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں—— آپ جس محاذ پر آئے ہیں اتفاق سے یہاں کمانڈر فیضان اوغلو کمانڈ کر رہے ہیں۔" ان میں سے ایک نے بڑی شستہ انگریزی میں اس مخاطب کیا۔

اس کے منہ سے اپنا اور پھر فیضان کا نام سن کر ٹھاکر پہلے تو چونکا پھر اس کا دل بلیوں اچھلنے لگا—— اس کی تو جیسے دلی مراد بر آئی تھی۔ اس کی اپنے متعلق پھیلائی ہوئی باتیں مجاہدین تک پہنچ چکی تھیں۔ جس کا مطلب یہی تھا کہ وہ ان لوگوں کو دھوکہ دینے میں کامیاب ہو چکا ہے اور اس پر مستزاد یہ خوشخبری کہ اس محاذ کا

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

فیضان ہی کمانڈر ہے!

وہی فیضان جس کی تلاش میں وہ یہاں آیا تھا——!

"بس کامریڈ بن گیا کام"—— اس نے دل ہی دل میں خود کو شاباش دی۔

"اوہ! میرے خدایا! کتنی خوش قسمتی ہے میری—— جس مجاہد کے عظیم کارناموں سے کابل کے در و دیوار گونج رہے ہیں—— اس سے میری ملاقات ہو گئی۔" اس نے اپنی خوشی کا اظہار نوواردوں پر کیا۔

"مسٹر حسین ہم بہت معذرت چاہتے ہیں کہ اس علاقے میں مزید گھومنے کی اجازت آپ کو کمانڈر ہی دے سکتے ہیں۔ آپ کو پہلے ان سے ملاقات کرنا ہو گی" —— اسی مجاہد نے بڑے ادب سے ٹھاکر کو خبردار کیا۔

"اوہو! ضرور! کیوں نہیں چلیئے"—— اس نے بے چینی کا مظاہرہ کیا۔

"ایک اور زحمت کی معافی چاہوں گا"—— اسی مجاہد نے ہاتھ کے اشارے سے اسے رکنے کو کہا۔

"کیا؟" ٹھاکر چونکا۔

"آپ کو یہاں سے کچھ سفر آنکھوں پر پٹی باندھ کر کروایا جائے گا۔ اگر کمانڈر رضا مند ہوں تو آپ کو کھلے عام گھومنے کی اجازت ہو گی۔"

"ضرور' ضرور' مجھے کیوں اعتراض ہو گا۔ بہرحال اگر یہ آپ کا اصول ہے تو مجھے بھی اس کی پابندی کرنا پڑے گی۔" اس نے حیرت انگیز پھرتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے جذبات پر قابو پا لیا۔

"شکریہ۔" اسی مجاہد نے کہا۔

ان کے ایک ساتھی نے اپنے کندھے پر رکھا ایک کالا کپڑا ٹھاکر کی آنکھوں پر باندھ دیا اور ایک مجاہد اس کا ہاتھ پکڑ کر چلنے لگا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

ٹھاکر کو بہت الجھن ہو رہی تھی۔ اسے یہاں سے فرار کا راستہ بہرحال یاد رکھنا تھا۔ اب ایسا ممکن نہیں رہا تھا ——— بمشکل تین چار منٹ سفر کے بعد ہی ٹھاکر کو کسی گھوڑے کے قدموں کی چاپ سنائی دی اور تھوڑی ہی دیر بعد اسے گھوڑے پر سوار کروا دیا گیا۔

گھوڑے کی پشت پر بیٹھے ٹھاکر کو اب یوری راگولین کے اس فقرے کی اہمیت کا احساس ہونے لگا تھا کہ وہ فیضان اوغلو کے متعلق کسی غلط فہمی کا شکار نہ رہے۔ اتنے احتیاط پسند آدمی کی اس خطہ زمین پر موجودگی اس کے نزدیک کوئی معجزہ ہی ہو سکتی تھی۔

ان کا سفر تقریباً" آدھ گھنٹہ جاری رہا ———!!

اس دوران اس کے ہمسفروں نے اس سے متعدد مرتبہ اس سلوک پر معافی بھی مانگی تھی ——— انہوں نے ٹھاکر کی خواہش پر اس کی فلاسک سے اسے چائے بھی نکال کر پلائی تھی ———!!

خدا خدا کر کے سفر کا اختتام ہوا جب اس کی آنکھوں سے پٹی کھلی تو ایک پہاڑ کی کھوہ میں بنی جھونپڑی کے سامنے فیضان اوغلو کھڑا مسکرا رہا تھا۔

"السلام علیکم یا امیر" ——— ٹھاکر بلا کا مکار تھا۔

"وعلیکم اسلام۔" فیضان نے جواب میں اس سے بھی زیادہ گرمجوشی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس سے مصافحہ کیا۔

"میری خوش قسمتی ہے کہ میں نے آج اسلام کے اس عظیم مجاہد کو دیکھ لیا" ——— ٹھاکر نے خوا مخواہ اپنی بتیسی نکالی۔

"نہیں مسٹر حسین! عظمت تو اس خدائے بزرگ و برتر کے لیے ہے جو ہماری پہلی اور آخری امید ہے۔ جس کے سہارے پر ہم اس عفریت کو روکے ہوئے ہیں۔ اس لڑائی میں حصہ لینے والا ہر مجاہد میرے جیسا ہے۔ ہم سب مل کر جہاد کرتے ہیں۔ کیونکہ میں کمانڈر ہوں' اس لیے ممکن ہے میرا نام ہی سب کے سامنے آتا ہو۔" فیضان کی آواز بڑی دھیمی' بارعب اور مخاطب کو متاثر کرنے کی صلاحیت رکھنے والی تھی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

ٹھاکر کو احساس ہونے لگا تھا کہ وہ پھنس گیا ہے ـــــــ معاملہ خاصا پیچیدہ ہوتا جا رہا تھا۔ پھر اسے اپنی اس بزدلانہ سوچ پر غصہ بھی آیا کہ آخر اس نے ان ان پڑھ اور جدید دور کے تقاضوں سے ناآشنا اجڈ لوگوں کو اپنے ذہن پر سوار کیوں کر لیا ہے۔

"مسٹر فیضان! یہ سب کیا ہے؟ یہ لوگ اتنی بڑی استعماری طاقت کا مقابلہ کیسے کر سکیں گے ـــــــ ان کے پاس ایسی کون سی قوت ہے جو۔۔۔۔۔۔۔۔" اس نے جانے کیوں فیضان کے نزدیک کھڑے بوڑھے اور جوان مجاہدین کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہہ دیا۔

"یہ ہماری تاریخ ہے! اصلی اور کھری تاریخ جو ہماری خوش قسمتی سے استعمار کے ہتھکنڈوں سے محفوظ رہی ہے۔ ان کے چہروں پر جو ملال ٹپک رہا ہے وہی ہمارا تفاخر ہے۔ ان کے جسموں پر وہ زخم بھی موجود ہے جو استعمار مظلوم اقوام کی تاریخ کے چہرے پر لگایا کرتا ہے۔" اس نے ایک لمحے کے لیے رک کر آسمان پر بہت دور پرواز کرتے ایک عقاب کو دیکھا پھر دوبارہ ٹھاکر سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا۔

"مسٹر ‍ ین! استحصال کا شکنجہ اتنا زبردست ہوتا ہے کہ زخموں کی بڑی تعداد ناسور میں بدل جاتی ہے اور غصب شدہ قوموں کا سارا اخلاقی ڈھانچہ گل سڑ جاتا ہے ـــــــ سامراج چلا بھی جائے تو ایک اپاہج قوم اپنے پیچھے چھوڑ جاتا ہے۔ تم خود صحافی ہو اپنے ملک کی طرف دیکھو۔ دو سو سال تک فرنگی کے دور حکمرانی نے برصغیر کے عوام کا معاشی اور سماجی استحصال کس کس ڈھنگ سے کیا ہے؟ ـــــــ ردعمل وہاں بھی ہوا تھا۔ وہاں بھی سامراج کے خلاف تحریک نے جنم لیا۔ ایسے ہی غداروں نے جن سے تم ابھی "کابل" اور "لوگر" میں مل کر آ رہے ہو ـــــــ!

پشت سے حملہ کرنے والے انہی غداروں نے ٹیپو کو شہید کروایا' لیکن اس نے اپنی شکست تسلیم نہیں کی ـــــــ اس نے ایک ہی نعرہ لگایا تھا کہ شیر کی ایک دن کی زندگی گیدڑ کی سو سالہ زندگی سے بہتر ہے ـــــــ یہ ہے حریت پسندی کی تاریخ کا سب سے عظیم نعرہ ـــــــ!!

اس نے بھی مرتے مرتے استعمار کے منہ پر تھوک دیا تھا۔ ہم بھی مرتے مر

جائیں گے لیکن استعمار کے منہ پر تھوکتے رہیں گے!

مسٹر حسین ہماری اپنی ایک تاریخ ہے——! ہم اس نسل کی نمائندگی کرتے ہیں جس نے خیبر کے پہاڑی سلسلوں سے اسلام کی شمع روشن کی اور ہندوستان کے بت کدے کو شمع ایمانی کے نور میں غسل دیا—— ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ ہم محمود غزنوی کے پیروکار ہیں۔ ہم بت شکن ہیں۔ ہم روسی استعماریت کے بت کو بھی ضرب ایمانی سے پاش پاش کر دیں گے۔ تم کابل سے آئے ہو وہاں تم نے تصویر کا دوسرا رخ دیکھا ہے۔ لیکن یہ تو وہ پوشیدہ بیماریاں ہیں جو دفاعی نظام میں دراڑ پڑتے ہی ابھر کر سامنے آنے لگتی ہیں' حملہ آور ہوتی ہیں اور معاشرہ ایسی ہی تخریب اور بے راہ روی کا شکار ہو جاتا ہے جیسا وہاں کابل کے شہر میں بظاہر ہے۔

"مسٹر حسین! آج جو افغان اس سرخ عفریت کا ساتھ دے رہے ہیں وہ ہماری تاریخ کے ہیرو نہ کبھی پہلے تھے—— نہ آج ہیں اور نہ کبھی مستقبل میں ہوں گے۔ ہم افغانوں کی فطرت میں غلامی ہے ہی نہیں——! ہم آزاد منش لوگ ہیں۔ ان چیچک زدہ بیمار انسانوں کو—— اپنی تاریخ کے اس کینسر کو ہم اپنے ملی جسم سے الگ کر کے پھینک دیں گے—— بہت جلد—— بہت جلد——" وہ خاموش ہو گیا۔

جس روانی سے وہ انگریزی بول رہا تھا اور جس طرح الفاظ اس کی زبان سے نکل کر ٹھاکر رمیش کے ذہن پر ہتھوڑے کی طرح برس رہے تھے۔ یہ کیفیت بڑی جان لیوا تھی۔ اسے خواہ مخواہ ایک بے نام سا خوف ڈسنے لگا تھا۔

"اوہ! میں بھی کتنا بے وقوف ہوں۔ آپ کو کن باتوں میں الجھا دیا—— آیئے آپ کی ملاقات ان مجاہدوں سے کراؤں۔"

"ضرور! ضرور!" —— ٹھاکر نے تھوک نگلتے ہوئے کہا۔

وہ بڑی شدت سے خواہش کر رہا تھا کہ اس اذیتناکی سے کم از کم اسے تھوڑی دیر ہی کے لیے چھٹکارا مل جائے!

—O—

"اس کا نام کیا ہے؟" —— ٹھاکر نے اپنی نوٹ بک سنبھالتے ہوئے فیضان

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کے پہلو میں کھڑے ایک بارہ سالہ بچے کے متعلق دریافت کیا جو بڑے انہماک سے اپنی رائفل کا تنقیدی جائزہ لے رہا تھا —— شاید تھوڑی دیر پہلے ہی اس نے رائفل صاف کی تھی۔

"اس کا نام عمرخان ہے" —— فیضان نے جواب دیا۔

"کمال ہے اتنی چھوٹی عمر اور کلاشنکوف!"

"مسٹر حسین! یہ ہوا میں اڑتے پرندے کو نشانہ بنا سکتا ہے —— کیونکہ یہ بھی اسی نسل کی نمائندگی کرتا ہے جو اپنی روایات کی پاسدار ہے —— میں بھی آپ کی طرح کبھی کبھی سوچتا ہوں کہ ان بچوں کا صحیح مقام میدان جنگ نہیں ہے —— یہ عمر سکول جانے اور علم حاصل کرنے کی ہے —— لیکن ہم خود پر مسلط کردہ جنگ لڑ رہے ہیں۔ اپنی بقاء کی اس لڑائی سے الگ رہنا ہماری مردانگی کی توہین ہے ——!!" اس نے بچے کی پیٹھ تھپکتے ہوئے فارسی میں کچھ کہا۔

بچہ مسکراتے ہوئے ٹھاکر کی طرف دیکھنے لگا۔

"اس کا باپ کہاں ہے؟"

"شہید ہو گیا —— باپ بھی' بڑا بھائی بھی —— ماں اور چھوٹی بہن بھی۔ کچھ بمباری میں شہید ہوئے اور کچھ دشمن سے مقابلے میں اب یہ اکیلا ہی ہمارے ساتھ ہے۔"

"کیا مطلب؟" ٹھاکر کی یہ اداکاری قطعی غیر فطری نہیں تھی۔

"مسٹر حسین!! ایسی ہزاروں مثالیں یہاں موجود ہیں —— ہمارا سب کا ایک ہی عزم ہے کہ ہم غیر ملکی حملہ آور فوجوں کو اپنی مقدس سرزمین سے نکال کر ہی دم لیں گے۔ یا پھر مٹ جائیں گے۔"

"میرے خیال سے مجھے اپنے پیشہ وارانہ فرائض بھی ادا کرنے چاہئیں۔" ٹھاکر نے مسکراتے ہوئے کہا۔

وہ دکھاوے کے لیے فیضان کے ایک ساتھی کے ساتھ جو انگریزی تھوڑی بہت بول سمجھ لیتا تھا۔ محاذ پر گھومتا رہا —— اس نے پیشہ ور صحافیوں کے سے انداز میں وہاں مجاہدین سے گفتگو کی —— ان کے جذبہ جہاد کو سراہا۔ تصاویر بنائیں

اور شام ڈھلے تک اپنے کام میں مصروف رہا۔

شام ڈھلنے پر وہ واپس آگیا ——— !!

رات کا کھانا اس نے فیضان کے ساتھ ہی کھانا تھا ——— اس نے دکھاوے کے لیے ان لوگوں کے ساتھ باجماعت نماز پڑھی۔ اس کی کسی حرکت سے یہ احساس نہیں ہوتا تھا کہ وہ مسلمان نہیں ہے۔ شام کو فیضان جب اگلے مورچوں سے واپس لوٹا تو ٹھاکر اسکا منتظر تھا۔ اس نے فیضان سے خواہش ظاہر کی تھی کہ وہ رات کو اکیلے میں اس سے انٹرویو کرے گا۔!!

فیضان اور ٹھاکر آمنے سامنے بیٹھے تھے اور ٹھاکر اس سے پیشہ ور صحافیوں کی طرح سوال جواب کر رہا تھا ——— اچانک ہی فیضان کے ایک فقرے نے اسے چونکا دیا۔

"آپ کی انگوٹھی بہت شاندار ہے!"

ٹھاکر کی ریڑھ کی ہڈی میں سنسنی کی لہر دوڑ گئی ——— ! اس انگوٹھی میں نگینہ کی جگہ گھڑی لگی ہوئی تھی جس کے اندر ایک خفیہ خانے میں زہر تھا ——— سریع الاثر زہر ——— !

"ہاں" ——— اس نے خود پر قابو پایا ——— "میں نے یہ جاپان سے خریدی تھی۔ مسٹر فیضان میری بڑی کمزوری ہے کہ میں بازو پر گھڑی نہیں باندھتا ——— خصوصاً" ایسی مہمات میں ——— پھر اس سے دونوں ضرورتیں پوری ہو جاتی ہیں ——— گھڑی کی بھی اور انگوٹھی کی بھی ———"

"بہت خوب ———" فیضان بھی زیر لب مسکرایا۔

ایک مؤدب مجاہد نے دونوں کے سامنے کھانا چن دیا تھا ——— !!

"میرے خیال سے باقی باتیں طعام کے بعد!" ——— فیضان نے اسے کہا۔

"جیسے آپ کی مرضی" ——— ٹھاکر زبردستی مسکرایا۔

"میں ذرا ہاتھ دھو آؤں" ——— فیضان نے اٹھتے ہوئے اجازت چاہی۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ٹھاکر کے تو دل کی کلی ہی کھل اٹھی۔ اس سے شاندار موقعہ اسے کب ملنے والا تھا۔ ٹھاکر نے انگلی ٹیڑھی کر کے ذرا سا دباؤ ڈالا تو گھڑی ڈھکن کی طرح کھل گئی ہاتھ کو اس نے ہلکا سا جھٹکا دیا اور انگوٹھی کے پوشیدہ خانے سے دو تین قطرے فیضان کے سامنے دھرے مٹی کے پیالے میں گرا دیے۔ ایسا ہی ایک پیالہ اس کے سامنے بھی پانی سے بھرا پڑا تھا۔

ایک بڑی پلیٹ میں سالن موجود تھا اور بڑی بڑی دو تین تنوری روٹیاں ان کے سامنے دھری تھیں!!

انگوٹھی خود بخود اسی حالت پر واپس آ گئی۔ باہر سے فیضان کے قدموں کی چاپ پر وہ نارمل ہو کر بیٹھ رہا ——— لیکن اسے احساس بھی نہ ہوا کہ پشت سے کب کون اندر داخل ہوا اور کلاشنکوف کی سرد نالی اس کی گردن سے لگا دی۔

———O———

"مسٹر! تم جو کوئی بھی ہو! اپنی دانست میں بہت زیادہ چالاک بننے کی کوشش نہ کرنا۔ یہ وارننگ ہے۔ کابل کے ہوائی اڈے پر اترنے والا ہر غیر ملکی ہمارا مہمان ہے لیکن دشمن یا اس کے ایجنٹ کو ہم کبھی معاف نہیں کرتے ———! تمہاری حرکات شروع ہی سے مشکوک رہی ہیں ——— بہت جلد تم یہ بتا دو گے کہ تم کون ہو ———؟" بہت اطمینان سے وہ اس کے سامنے بیٹھ گیا۔

"لیکن ——— ہمیں اس سے کیا لینا دینا۔ تمہاری اطلاع کے لیے بتاتا چلوں کہ ان پیالوں میں جان بوجھ کر پہلے سے پانی بھر کر رکھا گیا تھا ——— تاکہ تم ان میں سے کسی ایک میں زہر انڈیلو اور پکڑے جاؤ ——— میں یہ بھی جانتا ہوں کہ اس میں وہ زہر ہے جو "بی آر یو" کے ایجنٹ استعمال کرتے ہیں یہ زہر جسم میں داخل ہونے کے کم از کم چار گھنٹے بعد اثر کرتا ہے ——— اس طرح تمہیں چار گھنٹے نکلنے کے لیے مل جاتے ——— افسوس تم کامیاب نہ ہو سکے۔"

اس کی زبان سے نکلنے والا ایک ایک لفظ نیزے کی انی کی طرح ٹھاکر رمیش کے کلیجے میں اتر رہا تھا۔ یہ شخص کتنی معلومات رکھتا ہے ——— اتنے ہوشیار آدمی

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سے اس کا واسطہ دنیا کے کسی براعظم میں آج تک نہیں پڑا تھا۔

"مرنے سے پہلے صرف ایک بات جان لو کہ اگر تم کسی غیر مسلم صحافی کے لبادے میں بھی یہاں آتے تو ہم تمہاری اسی طرح عزت کرتے ــــــ اور سب سے بڑی بات کہ اگر تم چپ چاپ واپس چلے جاتے تو بھی ہم تمہیں کچھ نہ کہتے ــــــ لیکن اب ــــــ" وہ ٹھاکر کی آنکھوں کی دم توڑتی روشنی میں جھانکتے ہوئے بولا۔ "تمہیں ان لوگوں نے شاید مشرقی یورپ کے کسی کیمپ میں ٹریننگ دی ہوگی۔ خیر اس سے کیا فرق پڑتا ہے ــــــ اصل بات تو یہ ہے کہ اب تمہیں بہرحال مرنا ہے ــــــ تم خود جانتے ہو تمہاری ناکام واپسی پر "کے جی بی" تمہیں مار ڈالے گی ــــــ پھر ہم ہی تمہیں کیوں نہ مار ڈالیں۔"

"م ۔ م مجھے معاف کر دو" ــــــ ٹھاکر گڑگڑایا۔

"تم بہت بزدل انسان ہو۔ موت سے اتنا ڈرتے تھے تو پھر یہاں کیا لینے آئے ہو۔ اچھا چھوڑو ان باتوں کو کھانا کھاتے ہیں۔"

وہ بڑی بے تکلفی سے کھانا کھانے لگے۔

ٹھاکر کی رگوں سے خون جیسے نچڑ چکا تھا ــــــ خوف اس کے روئیں روئیں میں سرایت کر گیا۔ اسے اپنے ہاتھ پاؤں سے جان نکلتی محسوس ہو رہی تھی۔ گھبراہٹ کے مارے ڈھنگ سے اس کے منہ سے بات نہیں نکل رہی تھی ــــــ یہ ایک مجاہد کے جذبہ ایمان کا جلال تھا جس نے "کے جی بی" کے ایک پیشہ ور قاتل کو بوکھلا کر رکھ دیا تھا ــــــ

"میرا خیال ہے تم کھانا کھا ہی لو ــــــ زندگی کا آخری کھانا ــــــ" فیضان نے مسکراتے ہوئے اسے مخاطب کیا۔

اس کی موت اتنی اذیت ناک ہوگی یہ تو اس نے کبھی سوچا ہی نہ تھا ــــــ کتنی بے بسی سے مرنے جا رہا تھا وہ ــــــ ٹھاکر کو آج اپنے تمام گناہ یاد آ رہے تھے۔ ایک ایک کر کے ان تمام مقتولین کی شکلیں اسے یاد آ رہی تھیں جو اس کی سفاکی کی بھینٹ چڑھ چکے تھے۔ اس کے ہاتھ میں پہنی اس انگوٹھی نے جانے اب تک کتنے لوگوں کی جان لے لی تھی ــــــ وہ اپنے شکار کو مارنے کا ہر دفعہ نیا طریقہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



سوچتا تھا——— بڑی جدت پیدا کر لی تھی اس نے اپنے اس فن میں———

لیکن———! یہ تو کبھی اس نے سوچا ہی نہیں تھا کہ وہ اتنی آسانی سے مر جائے گا۔

—O—

"لوگر" چھاؤنی کے او پی کی آنکھوں سے لگی دوربین نے جب پہاڑی سلسلوں سے ایک گھوڑے کو اس طرف آتے دیکھا تو اس کا چونکنا بالکل فطری عمل تھا۔ اس نے چیخ کر کچھ فاصلے پر مشین گن کے مورچے میں موجود روسی سپاہی کو مخاطب کیا۔ پہلے تو بے اختیار روسی سپاہی کا ہاتھ ٹریگر کی طرف بڑھا پھر وہ کچھ سوچ کر رک گیا———!

اس نے مورچے میں لگے ٹیلیفون کے ذریعے اپنے کمانڈر کو اطلاع دی اور دوسرے ہی لمحے کمانڈر وہاں موجود تھا——— روسی کرنل نے دوربین اپنی آنکھوں سے لگا لی اسے گھوڑے پر رسیوں سے بندھا ایک شخص نظر آ رہا تھا۔

"اس پر نشانہ لگائے رکھو اگر معاملہ گڑ بڑ نظر آئے تو بلا دریغ گولی چلا دینا———" اس نے روسی سپاہی کو حکم دیا۔

اس کے ساتھ ہی اس نے تین افغان فوجیوں کو اس طرف روانہ کر دیا کہ وہ گھوڑے کو چھاؤنی سے دور ہی روک لیں۔

تینوں افغان فوجی بادل نخواستہ اس مشن پر جا رہے تھے——— کچھ بھی ممکن تھا۔ یہ بھی ممکن تھا کہ مجاہدین نے کوئی دھماکہ خیز مواد اس طرح نہ بھیجا ہو جو انہیں اڑا کر رکھ دے۔

کسی نہ کسی طرح انہوں نے گھوڑے کی لگام تھام لی۔ اس پر لدی شخصیت کو دیکھ کر وہ چونکے بغیر نہ رہ سکے یہ تو وہی صحافی تھا جو صبح ہی مجاہدین کے مورچوں کی طرف روانہ ہوا تھا۔

—O—

گھوڑا اپنے سامان سمیت روسی کمانڈر کے سامنے کھڑا تھا۔ کرنل نے مردہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ٹھاکر رمیش کو رسیوں سے آزاد کروایا۔ اس کا پورا سامان اس کے ساتھ ہی بندھا تھا۔

اس کے گلے میں تعویز کی طرح لٹکتا ایک لفافہ کرنل کو نظر آ گیا تھا۔ سب سے پہلے کرنل نے وہی لفافہ چاک کیا——— اندر ایک کاغذ پر روسی زبان میں تحریر تھا۔

"حزب اللہ کے کمانڈر فیضان اوغلو کی طرف سے "کے جی بی" کے نام۔ آپ کا بھیجا ہوا تحفہ واپس لوٹا رہا ہوں۔ ہم نے اسے وہی زہر پلایا ہے جو آپ نے ہمارے لیے بھیجا تھا۔

نئے تحفے کا منتظر———!

خط کے آخر میں فیضان اوغلو کے دستخط تھے۔

روسی کرنل نے دانت پیستے ہوئے وہ رقعہ دوبارہ لفافے میں ڈالا اور تیز رفتاری سے اپنے کمرے کی طرف چل دیا۔ اسے یہ بھی سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ جانے سے پہلے اس لاش اور سامان کے متعلق وہاں موجود فوجیوں کو کوئی حکم ہی دے جائے۔

تھوڑی ہی دیر بعد وہ سیٹلائیٹ سسٹم کے ذریعے "کے جی بی" کے ہیڈ کوارٹر میں ٹھاکر رمیش کی موت کی رپورٹ دیگر تفصیلات کے ساتھ دے رہا تھا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# احمد ترسون

کرنل میخائل شولو خوف کے لیے یہ تازہ ترین چوٹ موت کے پیغام سے کم ہرگز نہ تھی۔ وہ جانتا تھا کہ اب معاملہ براہ راست کے جی بی کے ہاتھ میں چلا گیا ہے۔ اس کی کابل میں موجودگی کے دوران لالہ چندو مل کا راز فاش ہو گیا۔ یہ کوئی معمولی بات نہیں تھی۔ ان حالات میں جبکہ پہلے ہی اس کے افسران بالا اس سے خوش نہیں تھے یہ حادثہ اسے کسی بھی وقت لے ڈوبتا۔

ایک تو صاف ظاہر تھی کہ یہاں "خاد" کے ہیڈ کوارٹر میں ضرور کوئی مجاہدین کا آدمی موجود ہے لیکن وہ کون ہے؟ یہ سوال اسے مسلسل کچو کے لگا رہا تھا۔ اس نے اپنی دانست میں یہاں موجود افغانیوں کے گرد اگرد جو جال پھیلا رکھا تھا اور جس طرح ایک دوسرے سے ان لوگوں کی جاسوسی وہ کروا رہا تھا۔ اس کے بعد یہ کیسے ممکن تھا کہ وہ آدمی ان کی نظروں سے چھپا رہتا۔

وہ سوچ سوچ کر پریشان ہوتا رہا۔ کوئی راستہ اسے اس اندھیرے غار سے جس میں وہ اندھوں کی طرح ٹامک ٹوئیاں مار رہا تھا نکلنے کا نظر نہیں آتا تھا وہ اپنے کمرے میں اکیلا بیٹھا تھا اور صبح سے اب تک بے تحاشا سگریٹ پینے کی وجہ سے اسے اب گلے میں خارش ہونے لگی تھی۔ اچانک اسے ایک خیال آیا اور اس کے کرخت چہرے کے تنے ہوئے اعصاب ذرا ڈھیلے پڑ گئے۔

کرنل شولو خوف نے اپنے سامنے میز پر رکھی گھنٹی کا بٹن دبایا۔ فوراً" ایک باوردی ضابط اندر داخل ہوا۔

"احمد ترسون کو لے آؤ۔" اس نے ضابط کی طرف دیکھے بغیر کہا اور وہ انہی پاؤں پر واپس گھوم گیا۔

"ٹارچر سیل" میں جب سنائی کو یہ اطلاع ملی کہ احمد ترسون کو "آپریشن چیف" نے اچانک طلب کیا ہے تو اس کی باچھیں کھل گئیں۔ اس نے یہی اندازہ لگایا کہ اب شاید اس کی جان ہمیشہ کے لیے احمد ترسون سے چھوٹ جائے گی کیونکہ کرنل شولوخوف نے آج تک کسی کو شاباش دینے کے لیے طلب نہیں کیا تھا۔ وہ خود بھاگا بھاگا احمد ترسون کے پاس پہنچا تھا۔

"تمہارے لیے خوش خبری آئی ہے۔" اس نے ترسون پر نظر پڑتے ہی بڑے طنزیہ انداز میں اسے کہا۔

"کیا ——؟" ترسون کی چھٹی حس نے جیسے پہلے ہی سے اسے "خوشخبری" کا احساس دلا دیا ہو۔

"تمہیں کرنل شولوخوف نے طلب کیا ہے۔ اس کا ضابط باہر کھڑا ہے ابھی اور فوراً"۔"

ایک لمحے کے لیے تو احمد ترسون کو خون اپنی رگوں میں رکتا ہوا محسوس ہوا لیکن اس نے جلد ہی سنبھالا لیا۔

"ٹھیک ہے۔ میں نے لنگر خانے کا حساب کر رکھا تھا۔ وہ آپ دیکھ لیں" —— کہتا ہوا وہ باہر آ گیا۔

سنائی اسے اپنے بلاک کے دروازے تک چھوڑنے گیا تھا۔ بلاک کے دروازے پر ایک مسلح ضابط اس کا منتظر تھا۔

"آپ کو کرنل صاحب نے یاد فرمایا ہے۔" اس نے احمد ترسون کو دیکھتے ہی سلیوٹ مار کر کہا۔

"چلو۔"

احمد ترسون اس کی معیت میں چلتا ہوا سوچ رہا تھا کہ ضرور اس کی کسی حرکت پر کرنل شولوخوف کو شک ہو گیا ہے۔ اس نے ابھی تک کوئی "کام کی بات" سنائی سے متعلق بھی تو کرنل تک نہیں پہنچائی تھی۔ دروازے پر مسلح محافظوں نے اس کی تلاشی لی اور اس کا سروس ریوالور اپنے پاس رکھ کر اسے دروازہ کھولتے ہوئے اندر جانے کا اشارہ کیا۔ مسلسل سگریٹ نوشی کی وجہ سے کمرہ دھوئیں سے بھرا ہوا تھا شاید سردی کے مدنظر کرنل شولوخوف نے ایگزاسٹ فین نہیں چلایا تھا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



احمد سگریٹ نوشی نہیں کرتا تھا۔ اندر داخل ہوتے ہی اسے اپنا دم گھٹتا محسوس ہوا اور اس کی گھبراہٹ میں نہ چاہتے ہوئے بھی اضافہ ہو گیا۔ کرنل شولو خوف اس کی طرف پیٹھ کیے کھڑکی میں لگے شیشے پر جمی دھند اور اسے پھسلتی پانی کی بوندوں پر نظریں جمائے کھڑا تھا۔ جیسے ہی وہ احمد ترسون کی طرف گھوما جونیئر ضابط کی ایڑیاں آپس میں مل گئیں۔ اور اس نے کھٹاک سے سیلوٹ مار کر اسے تعظیم دی۔

"تمہاری طرف سے ابھی تک کوئی خبر نہیں ملی۔" اس نے حسب عادت سیدھا کلہاڑا ترسون کے اعصاب پر مار دیا۔

"سر! میں نے اس پر مکمل نظر رکھی ہوئی ہے۔" احمد ترسون نے خود پر بہت قابو پا لیا تھا۔

"میں نے تمہیں نظر رکھنے کو نہیں رپورٹ کرنے کو کہا تھا۔ گدھے ——— " شولو خوف نے اپنے ہاتھ میں پکڑے بید کو دوسرے ہاتھ پر مارتے ہوئے غصے کا اظہار کیا اور اس نے لفظ "رپورٹ" پر خاصا زور دیا تھا اور اس کا مطلب ترسون بخوبی سمجھتا تھا۔

"کچھ بھی ہو ———" شولو خوف کا لہجہ بڑا ڈراؤنا تھا۔ لرزا دینے والا۔ اس کی شخصیت کے اسی روپ پر یہاں کے ملازموں نے اسے خونخوار بھیڑیے کا خطاب دے رکھا تھا۔

"مجھے ایک ہفتے کے اندر بہرصورت اس کے خلاف ثبوت چاہیے۔"

اس نے حسب عادت چھڑی ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں ماری اور اس کی طرف گھور کر دیکھا۔ احمد ترسون کو اس کی چھوٹی چھوٹی آنکھوں سے چنگاریاں سی نکلنے کا احساس ہو رہا تھا۔

وہ سہم کر رہ گیا۔

اسے یوں لگا جیسے اس کے جسم سے تمام توانائی آہستہ آہستہ نکل رہی ہو۔

"دفع ہو جاؤ ———" کرنل شولو خوف دھاڑا۔

احمد ترسون جب اس کے کمرے سے نکلا تو شدید سردی کے باوجود اس کا جسم پسینے سے بھیگ رہا تھا ——— ڈیوٹی پر موجود گارڈ نے بڑے احترام سے اس کا پستول لوٹا دیا۔ احمد ترسون بوجھل دل اور قدموں سے چلتا ہوا اپنے بلاک میں واپس

آ گیا۔

وہ جانتا تھا کہ شولوخوف یہ سارا چکر اسفند یار کو چھٹی کروانے کے لیے چلا رہا ہے۔۔۔۔ سنائی چونکہ اس کا خاص آدمی تھا اور اس کا سلسلہ ایک مرتبہ اگر مجاہدین سے ثابت ہو جاتا تو اسفند یار کے یہاں قیام کے تمام مواقع بھی خود بخود ختم ہو جاتے۔ اول تو وہ خود ہی استعفیٰ دے دیتا۔ بصورت دیگر یہاں سے اس کا تبادلہ کر دیا جاتا۔

"لیکن وہ بیچارے بوڑھے سنائی کے لیے مشکلات کیوں پیدا کرے۔" اس نے سوچا۔ جہنم میں جائے شولوخوف۔ وہ بوڑھے سنائی کے لیے مشکلات پیدا کرنے سے پہلے ہی یہاں سے چلا جائے گا۔ یوں بھی وہ یہ نوکری افغان حکومت کے لیے تو نہیں کر رہا۔

اگلے روز وہ چپ چاپ یہاں سے نکلا اور مجاہدین کے مرکز پر پہنچ گیا۔ اس کی سابقہ ڈیوٹی اب کسی اور نے ادا کرنی تھی۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# میدانِ کارزار میں

بائیس روز کا جان لیوا سفر طے کر کے وہ ننگر ہار پہنچا تھا ــــــ

یہ راستے اب اس کے لیے اجنبی نہیں رہے تھے۔ یہاں کا ایک ایک ذرہ اس کے ساتھ ہی غنیم کے خلاف مصروف جہاد تھا۔ اسی راستے سے گزر کر اس کے اسلاف نے کبھی ہند کے کفر کدے میں نور ایمانی کی مشعل جلائی تھی ــــــ آج انہیں راہوں پر سفر کر کے وہ پناہ کی تلاش میں ادھر آ نکلا تھا۔

جلال آباد سے یہاں تک کا سفر اس نے پہاڑیوں میں چھپتے چھپاتے چھ سات روز میں طے کیا تھا۔ عموماً وہ یہ سفر دو روز میں طے کر لیا کرتا تھا لیکن اس مرتبہ کے جی بی اپنی سی کر گزری تھی۔ یہ الگ بات کہ روسی کمانڈوز اور "خاد" کے ایجنٹ اس کی گرد کو بھی نہ چھو سکے ــــــ!

دشمن نے اس راستے پر جاسوسی کا وسیع جال بچھا رکھا تھا۔ اس کے جاسوس مجاہدین کا لبادہ اوڑھ کر مختلف "مراکز" میں موجود تھے۔ وہ لوگ بڑی بے چینی سے فیضان اوغلو کے منتظر تھے۔ فیضان کی گرفتاری یا موت کی صورت میں کسی بھی مخبر کا منہ افغان سرکار موتیوں سے بھر دیتی۔

فیضان جانتا تھا کہ اس کے استقبال کو مجاہدین کے ہر "غنڈ" (مرکز) پر "خاد" کا کوئی نہ کوئی ایجنٹ ضرور موجود ہو گا۔ اس نے کوئی معمولی چوٹ دشمن پر نہیں کی تھی۔ ایسا بھرپور وار کیا تھا کہ دشمن مدتوں اپنا زخم چاٹتا رہتا لیکن اس کی تلافی ممکن نہیں تھی۔

لالہ چندو مل کی موت اس علاقے میں کے جی بی کی موت تھی! یہ خبر دشمن کے لیے دھماکہ سے کم نہیں تھی کہ "خاد" کے مرکزی دفاتر میں بھی مجاہدین کے

ساتھی موجود ہیں اور دنیا میں جہاں کہیں افغان تارکین وطن نے بسیرا کر رکھا ہے وہاں تک مجاہدین کے نظام جاسوسی کو بھی رسائی حاصل ہے——! وہ جنہیں ان پڑھ' جاہل اور گنوار سمجھ رہا تھا وہ لوگ اس کی شاطرانہ چالوں کو نہ صرف جانتے تھے بلکہ ان سے نمٹنے کے فن سے بھی انہیں آگاہی حاصل تھی۔

کابل کے گرد و نواح میں مصروف جہاد مجاہدین اپنے مشن کی تکمیل کے بعد جب اپنے کیمپوں کو لوٹتے تو وہ اپنے راستے میں آنے والے مجاہدین کی مختلف جماعتوں کے "غنڈ" (مراکز) پر قیام کرتے ہوئے واپس آتے تھے' لیکن فیضان نے یہ خطرہ مول نہ لیا۔ راستے میں پڑنے والے مختلف دیہاتوں سے اس نے اپنے پیٹ کی آگ بجھائی اور کسی نہ کسی طرح ننگر ہار پہنچ گیا۔ اس مرتبہ اس نے یہ سفر اکیلے ہی کیا تھا ورنہ عموماً" وہ لوگ قافلوں کی صورت ہی میں سفر کیا کرتے تھے۔

ننگر ہار سے وہ خیبر کے راستے پشاور آ گیا——!!

———○———

پھر ایک روز وہ بنوں کے راستے سفر کرتا دوبارہ میران شاہ کی طرف جا رہا تھا —— جہاں پکتیاں میں مجاہدین کے مضبوط مرکز "ژاور" پر دشمن کے حملے کی اطلاع نے مجاہدین کے قریباً" سب ہی گروپوں میں تشویش کی لہر دوڑا دی تھی۔

اس بات کا علم تو فیضان کو بھی ہو چکا تھا کہ دشمن "خوست" میں اپنی قوت جمع کر رہا ہے۔ قلعہ خوست میں دشمن کے اجتماع کا مقصد اس پر بخوبی عیاں تھا۔ وہ جان سکتا تھا کہ دشمن کی نظریں باڑی' لژہ اور ژاور میں موجود مجاہدین کی قلعہ بندیوں پر لگی ہیں۔

ان علاقوں میں مجاہدین نے اپنے قدم بڑی مضبوطی سے جما لیے تھے اور اپنے مورچے انہوں نے پہاڑوں میں اس طرح پھیلا رکھے تھے کہ دشمن کی بمباری ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی تھی۔

———○———

میران شاہ کی ایک خیمہ بستی میں فیضان مقامی کمانڈر مولوی حسن قلی کے پاس بیٹھا تھا۔ ایک نقشہ انہوں نے اپنے سامنے پھیلا رکھا تھا۔ ان کا تیسرا ساتھی ضابط

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



عمر خان گفتگو کے دوران بار بار بے چینی سے پہلو بدل رہا تھا——!! وہ ماسکو کا تربیت یافتہ ضابط تھا اور یہ بھی جانتا تھا کہ اس حملے میں روسی فوج کے ائربورن ڈویژن کے کمانڈوز حصہ لے رہے ہیں——!

جذبہ اپنی جگہ ایک اہم چیز ہے لیکن اسلحہ کی کمیابی نے اسے پریشان کر رکھا تھا۔ "میں جانتا ہوں عمر خان تم کیا سوچ رہے ہو؟" مولوی حسن قلی نے اس کی طرف دیکھے بغیر کہا—— "لیکن یہ ہمارے ساتھ پہلی مرتبہ نہیں ہو رہا—— ہماری تعداد ہمیشہ کم رہی ہے۔ اور نہ ہونے کے برابر ہے ہم نے ہر حملہ اللہ کے بھروسے اور اپنے ایمان کی قوت پر روکا ہے—— عمر خان تم نہ بھی کچھ کہو تو مجھے دشمن کے حملے کی شدت کا اندازہ ہے۔ ہمارے پاس ٹینک شکن اسلحہ نہ ہونے کے برابر ہے ہم ہوائی جہازوں کو کیسے گرائیں گے۔ لیکن اس کے باوجود ہم نے یہ جنگ لڑنی ہے —— آخری دم تک "ژاور" کی لڑائی کا اثر اس محاذ کے ہر مورچے پر موجود جوان پر ہو سکتا ہے۔"

"بس مولوی جی! اور کچھ نہ کہیئے!"—— ضابط عمر خان کی آنکھیں فضا میں کہیں دور جھانک رہی تھیں۔

تینوں کچھ دیر تک حملہ روکنے کی پلاننگ کرتے رہے پھر تینوں ایک ہی جیپ میں بیٹھ کر "ژاور" کی طرف روانہ ہو گئے۔

اگلے ہی روز دشمن نے حملہ کر دیا۔

———O———

حملے کا آغاز کمانڈوز نے کیا——!

علی الصبح—— افغان فوج کے کمانڈوز کو ہیلی کاپٹروں کے ذریعے ۸۱ کی پہاڑی پر اتار دیا گیا۔ اس کے ساتھ ہی ژاور کے گرداگرد بنی قریباً سب ہی اہم پہاڑیوں پر افغان چھاتہ برداروں کا ٹڈی دل پھیلنے لگا۔

دشمن نے وہی چال چلی تھی جو عموماً ایسی پہاڑی لڑائیوں میں چلی جاتی ہے۔ فرنگی بھی یہاں کے جیالوں سے نمٹنے کے لیے یہی حربہ آزمایا کرتا تھا۔ اس طرح دشمن نے مجاہدین کے سروں پر اپنی کمانڈ پوشیں نصب کر دی تھیں۔

اب دشمن نے ان پہاڑی مورچوں کے کور (Cover) کے ساتھ آگے ایڈوانس کرنا تھا۔ مجاہدین نے اپنے پاس جیسے تیسے اسلحہ کے ساتھ حملہ آور ہیلی کاپٹروں میں سے دو کو مار گرایا اور دشمن کے سینکڑوں کمانڈوز کا بھی صفایا کر دیا۔

لیکن ——— دشمن نے بے پناہ قوت کے بل بوتے پر یہ حملہ کرنے کا خطرہ مول لیا تھا۔ مجاہدین کو کمانڈوز کے ساتھ مقابلے میں الجھا کر دشمن کی آرٹلری نے "تژغار" کی بلند پہاڑیوں کی اوٹ میں اپنے محفوظ مورچوں سے مجاہدین پر قیامت ڈھا دی۔

اس کے ساتھ ہی افغان فضائیہ کے دو سکواڈرن حملہ آور ہوئے۔ زمین اور فضا سے بیک وقت دشمن اتنی تیز اور مسلسل بمباری کر رہا تھا کہ کسی مجاہد کو مورچے سے سر اٹھانے کا موقع نہیں مل سکتا تھا۔

افغان توپ خانہ اپنے روسی آقاؤں کی کمان میں ایک ایک انچ زمین پر آگ برسا رہا تھا۔ آسمان سے آتش و آہن کا الگ سیلاب مجاہدین پر برس رہا تھا۔

آفرین ہے ان جیالوں پر جو اس آتش نمرود کے طوفان کے سامنے سینہ سپر رہے۔ رات تک دشمن نے تباہ کن بمباری جاری رکھی اور علی الصبح ہیوی توپ خانے کی بمباری کی آڑ میں قلعہ خوست میں موجود پیدل فوج نے ژاور کی طرف بڑھنا شروع کر دیا!

مجاہدین کی تعداد دشمن کے مقابلے میں آٹے میں نمک جتنی بھی نہیں تھی۔ فیضان مولوی شیر گل کے ساتھ باڑی مرکز پر مشین گن سنبھالے بیٹھا تھا۔ اس کی نظروں کے سامنے دشمن کے بکتر بند قافلے گزرتے رہے لیکن اس ہلکی مشین گن سے وہ ان کا مقابلہ کرنے سے قاصر تھا۔ وہ جوش غضب میں جو گولیاں ان فولاد کے ڈھیروں پر پھینکتا وہ صرف ٹھن کر آواز پیدا کر کے رہ جاتیں۔

پیدل فوج پر البتہ وہ قہر برساتا رہا۔

شام تک مرکز میں موجود قریباً ہر مجاہد یا تو شہید ہو چکا تھا یا پھر شدید زخمی تھا۔

تھوڑے زخمی مجاہدین اپنے زیادہ زخمی ساتھیوں کو ژاور کی طرف منتقل کرتے رہے رات ڈھلنے تک مرکز میں فیضان کے ساتھ مولوی شیر گل اور دو زخمی

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



مجاہدین باقی رہ گئے تھے——

———○———

"فیضان! مقابلہ بے سود ہے—— ہمیں ژاور کی طرف پسپائی اختیار کرنا ہو گی۔" مولوی شیر گل نے جو اس کے نزدیک ہی ایک زخمی مجاہد کے بازو پر اپنی پگڑی پھاڑ کر پٹی باندھ رہا تھا۔ فیضان کو مخاطب ہوتے ہوئے کہا

فیضان نے گردن موڑ کر مولوی شیر گل کی طرف دیکھا۔ اس کی آنکھوں میں غضب اور بے بسی کے ملے جلے قہر نے پناہ لے رکھی تھی۔ مولوی شیر گل جانتا تھا کہ فیضان کا دل اسکی بات قبول نہیں کر رہا۔

لیکن——! اس نے بھی یہ فیصلہ بادل نخواستہ ہی کیا تھا۔

وہ نہیں چاہتا تھا کہ صبح اپنے اس قیمتی جاں باز سے بھی ہاتھ دھو بیٹھے۔

"فیضان! میرے بیٹے! میں تمہارے جذبات اچھی طرح سمجھتا ہوں۔ مجھے معلوم ہے تم کیا سوچ رہے ہو—— لیکن میرے عزیز! میں تمہیں ضائع نہیں ہونے دوں گا —— یہ جنگ جانے کتنی لمبی ہو جائے۔ ہمیں جانے ابھی کب تک لڑنا ہے—— مجھے کچھ اپنے پاس محفوظ بھی رکھنا ہو گا۔ میرے بیٹے——!"

"یا امیر! میرا دل پسپائی اختیار کرنے کو رضامند نہیں——" فیضان نے اس کے علاوہ کچھ نہ

"نہیں بیٹے! یہ حکمت عملی کا تقاضا ہے—— مسلمان میدان جہاد سے پیٹھ نہیں دکھایا کرتا—— ہم پسپا ہو رہے ہیں۔ واپس آنے کے لیے—— خدائے وحدہ لاشریک کی قسم اگر ہماری رگوں میں افغانی ماؤں کا خون ہی دوڑ رہا ہے تو ہم "ژاور" پر دشمن کا قبضہ کبھی برقرار نہیں رہنے دیں گے۔"

———○———

تینوں نے رات کے اندھیرے میں پسپائی اختیار کی تھی پہلے وہ "ژاور" آئے جہاں صورت حال مختلف نہیں تھی—— دشمن کی سینکڑوں لاشوں کے درمیان انہیں مجاہدین کے شہید لاشے بھی دکھائی دے رہے تھے۔

ایک ایک کر کے شاید تمام مجاہد اپنی حاضری اللہ کے حضور لگوا چکے تھے!

تینوں نے "ژاور" پر حسرت کی نظر ڈالی اور میران شاہ کیطرف چل دیئے ـــــــ گوکہ دشمن ہر طرف گھیرا ڈال چکا تھا لیکن کسی نہ کسی طرح یہ تینوں مجاہد صبح ڈھلنے تک میران شاہ پہنچ گئے۔

ان کی آمد سے پہلے کچھ زخمی مجاہد یہاں موجود تھے۔ جن کی زبانی انہیں اطلاع ملی کہ سوائے دو تین مورچوں کے، باقی ہر جگہ مزاحمت دم توڑ چکی ہے۔ مجاہدین یا تو شہید ہو چکے ہیں یا پھر شدید زخمی حالت میں وہاں سے فرار ہو گئے ہیں۔

علی الصبح میران شاہ میں تمام محاذوں کے کمانڈر جمع ہو چکے تھے۔!! وہ لوگ مل کر کوئی لائحہ عمل طے کرنے لگے۔ پھر ظہر کی نماز تک ایک فیصلے پر پہنچ کر سب مطمئن ہو گئے۔

اسی روز مغرب کے بعد مختلف مراکز سے اکٹھے ہونے والے قریباً" سات آٹھ ہزار مجاہدین دشمن کی موت کا پیغام بن کر اپنے اپنے مراکز سے "ژاور" کی طرف یلغار کرنے لگے ـــــــ ان کی دہشت اتنی زیادہ تھی کہ ان کی آمد کی اطلاع پر ہی دشمن اپنا بھاری اسلحہ چھوڑ کر بھاگنے کی تیاری کرنے لگا۔

اس دوران مجاہدین نے جو زخمی حالت میں پہاڑوں میں چھپے ہوئے تھے "ژاور" اور باڑی پہنچنا شروع کر دیا اور اس طرف سے فرار ہونے والے روسی افغان فوجیوں کے فرار کی راہیں مسدود کر دیں۔ دشمن بری طرح گھیرے میں آ چکا تھا۔ اس کا مورال تو مجاہدین کے اتنی زیادہ تعداد میں اکٹھے ہو کر حملہ کرنے کی خبر سے ہی ختم ہو چکا تھا ـــــــ! جب دشمن کو یہ احساس ہوا کہ وہ گھیرے میں بھی آ گیا ہے تو اس کے حوصلے بالکل ہی پست ہو گئے۔

دوپہر تک مجاہدین کا قبضہ دوبارہ خوست تک ہو چکا تھا۔ سینکڑوں روسی افغان فوجی مارے گئے تھے اور سینکڑوں ہتھیار ڈال چکے تھے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

# محسن کا ملاپ

ننگر ہار سے پاڑہ چنار کی طرف آنے والے راستے پر دونوں بڑی دیر سے نظریں جمائے بیٹھے تھے ـــــــ اس راستے پر مجاہدین عموماً" بہت چوکس ہو کر پہرہ دیا کرتے تھے کیونکہ اس راہ سے مہاجرین کے لٹے پٹے قافلے پاکستان میں داخل ہوتے تھے ـــــــ!

فیضان خود آنکھوں سے دور بین لگائے خستہ اور نڈھال لیکن سرخ و سپید اور پرعزم چہروں کے مالک افغانوں کو دیکھ رہا تھا ـــــــ ان کے جسموں پر کپڑوں کے بجائے چیتھڑے لٹک رہے تھے اور شدید سردی میں لرزتے' کپکپاتے اپنے گھروں کو خیرباد کہہ کر وہ ہمسایہ مسلمان مملکت کی طرف ہجرت کر رہے تھے۔

انہیں دیکھ کر فیضان کا ذہن چودہ سو سال پیچھے لوٹ گیا۔ اس نے تصور کی آنکھ سے خدا کے ان برگزیدہ بندوں کو دیکھا جن پر مکہ کی زمین محض اس لیے تنگ کر دی گئی تھی کہ انہوں نے خدا کے اصلی سچے اور ہمیشہ کے لیے رہنے والے دین کی حقانیت کو قبول کر کے اس دین مبین کو انسانوں تک پہنچانے والے پیغمبر نبی آخر الزماں ﷺ کی صدائے حق پر لبیک کہا تھا۔

ان میں وہ بھی شامل تھے جو اپنے اپنے قبیلوں کے سرکردہ لوگ شمار ہوتے تھے ـــــــ! ان میں وہ بھی تھے جن کی ہیبت سے کبھی مکہ کی گلیاں لرزا کرتی تھیں۔ جن کے دبدبے اور جلال کے سامنے انسانی نظر ہی نہیں ٹھہرتی تھی لیکن آج ـــــــ!

آج وہ سب اپنی سرداریاں' عزت' جاہ' منصب چھوڑ کر اپنے سردار رحمت اللعالمین ﷺ کے حکم پر مکہ سے مدینے کی طرف ہجرت کر رہے تھے ـــــــ!!

تاریخ کا ایک اور ورق پلٹا اور اس کی نگاہیں ابو جندل رضی اللہ عنہ کے باب پر گڑ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



گئیں! جو صلح حدیبیہ کا معاہدہ لکھنے سے پہلے ہی پاؤں ——— میں بیڑیاں پہنے گرتے پڑتے وہاں آن پہنچے تھے ———!!

ابو جندل ﷛ نے روتے ہوئے فریاد کی تھی۔

یا رسول اللہ ﷺ! یہ دیکھئے میری پیٹھ پر کوڑوں کے نشان ابھی تازہ ہیں ———!

میرا سینہ جلتے ہوئے پتھروں سے داغا گیا ہے!

میری پشت کو تپتی ریت پر گھسیٹا گیا ہے!

ان کافروں نے مجھے ہر ممکن اذیت بہم پہنچائی ہے۔

میرا جرم کیا ہے؟ ——— یہی جرم ہے میرا کہ میں نے اعلائے کلمتہ الحق پر لبیک کہا ہے ———!

یا رسول اللہ ﷺ! یہ لوگ کہتے ہیں کہ محمدؐ سے بیزاری کا اعلان کر دو ورنہ اسی طرح ستائے جاؤ گے ——— مگر میں نے صاف کہہ دیا ہے کہ ظالمو! وحشیو! نادانو! محمدؐ کی رفاقت اور اطاعت پر مجھ ایسی ایک تو کیا ہزار جانیں بھی قربان۔

تم میرے جسم کا ریشہ ریشہ الگ کر دو ——— میرے ہر عضو کو دہکتی آگ سے داغدار کر دو ——— تمہارے کوڑے میرے خون میں نہا جائیں لیکن جب تک میرے جسم میں خون کی ایک رمق بھی باقی ہے ——— جب تک میری سانسوں کا رشتہ ٹوٹ نہیں جاتا میں اللہ کے رسولؐ کی فرمانبرداری کا دم بھرتا رہوں گا!

ابو جندل ﷛ بڑی مشکل سے بیڑیوں سمیت فرار ہو کر آئے تھے لیکن حضور ﷺ انہیں پناہ نہ دے سکے ——— انہیں واپس جانا پڑا۔

تاریخ کا سفر جاری رہا۔

اس کی چشم تصور نے اگلا ورق ٹٹولا تو دیکھا کہ وہی مظلوم' اور اپنے گھروں سے نکالے گئے مقہور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تاجدار ختم نبوتؐ کی سربراہی میں جوق در جوق اسی مکہ کی طرف بڑھ رہے ہیں جس کی زمین ان پر تنگ کر دی گئی تھی ———!!

مکہ کی وہ گلیاں جن کی کھڑکیوں اور دروازوں سے مسلمانوں پر پتھروں اور گالیوں کی بارش ہوا کرتی تھی آج ان کی جلالت کے سامنے سرنگوں تھیں۔ کبھی سر

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



جھکا کر یہاں سے گزرنے والے مجبور انسان آج فاتح بن کر لوٹے تھے ــــــ ان کی گردنیں تو اب بھی خدا کے حضور جھکی ہوئی تھیں۔

البیہ تو ان پر گزرا جن کی نخوت سے تنی ہوئی گردنیں خم کھا گئیں ــــــ!

وہ جنہوں نے مسلمانوں کو گھروں سے بے گھر کیا تھا ــــــ ان پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑے تھے ــــــ انہیں عرب کے تپتے ریگزاروں پر گھسیٹا تھا ــــــ پہاڑوں کی گھاٹیوں میں پناہ لینے پر مجبور کر دیا تھا ــــــ ان کے زخمی اور خون آلود جسموں پر گھوڑے دوڑائے تھے ــــــ!

وہ جابر و حاسد قریش کے سردار بدحواس اور سراسیمہ ہو کر اپنے گھروں میں بزدلوں کی طرح بند ہو کر بیٹھ رہے تھے۔

مقابلہ کرنا تو دور کی بات تھی ــــــ اس لشکر جرار کے سامنے کسی کو آنکھ اٹھا کر دیکھنے کی ہمت نہیں ہو رہی تھی۔

قریش کے بازوئے شجاعت آج شل ہو گئے تھے۔

جرائتیں جواب دے گئی تھیں!

ان کی آبائی عربی غیرت پر اوس پڑ گئی تھی ــــــ!

تلواریں زنگ آلود ہو گئی تھیں۔

مکہ میں مقام خیف ہی کو نبی کریم ﷺ کی پہلی قیام گاہ کا شرف حاصل ہوا ــــــ! یہ وہی مقام مظلومیت تھا جہاں بنو ہاشم کفار مکہ کی طرف سے اپنے بائیکاٹ کے بعد محصور ہوئے تھے ــــــ!

کل کے محصور آج کے فاتح تھے ــــــ!

کل کے ظالم آج اپنے ہاتھوں ستائے گئے مظلوموں کی چشم کرم کے محتاج تھے۔ ان کے سامنے پناہ کے لیے' زندگیوں کی امان کے لیے گڑگڑا رہے تھے ــــــ!! التجائیں کر رہے تھے۔

حق آ گیا تھا ــــــ باطل کا جنازہ اٹھ چکا تھا ــــــ!

---

اور فیضان سوچ رہا تھا ــــــ!

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کیا سچائی کو اپنا آپ منوانے کے لیے ان مراحل سے گزرنا ضروری ہے؟ تو اسے قرآن کی وہ آیات یاد آ گئیں جن میں اللہ نے اپنے بندوں سے امتحان لینے کا ذکر کیا تھا ——— !

ماضی میں سفر کرتا فیضان اوغلو حال کی تلخ حقیقت میں واپس لوٹا تو اچانک اس کی دوربین اللہ کے راستے پر سفر کرتے ایک بوڑھے مسافر پر فوکس ہو کر رہ گئی۔

"میرے خدایا! یہ تو وہی ہے۔" وہ بڑبڑایا۔

واقعی یہ وہی تھا ——— !

وہی بوڑھا مصور ——— ! جس نے اس کی تصویر حیات میں بڑے گہرے رنگ بھرے تھے جس نے اسے مرنے کے بجائے جینے کی راہ دکھائی تھی ——— جس نے اسے زندگی کے حقیقی مفہوم سے آشنا کیا تھا۔

یہی تھا اس کا محسن عظیم ———

فیضان بے اختیار اپنی جگہ سے اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ پھر دیوانہ وار اس کے قدم بڑی تیزی سے اپنی سمت آنے والے اسی پتھریلے راستے پر اٹھنے لگے جس سے گزر کر قافلے نے یہاں پہنچنا تھا۔

پہاڑیوں میں مورچہ بند مجاہدین نے ممکنہ فضائی اور زمینی حملے کے پیش نظر اس قافلے کو اپنی پناہ میں لے لیا تھا۔ وہ جانتے تھے کہ بزدل دشمن ان نہتے اور بے بس مظلوم مہاجرین پر اس وقت تک فضا اور زمین سے آگ برساتا رہتا تھا جب تک وہ سرحد پار نہ کر جاتے ——— ! اپنی حدود میں قدم رکھنے کے فوراً ہی بعد مجاہدین ان مظلوموں پر اپنی گنوں کا سایہ کر دیتے تھے۔

---

فیضان کو اچانک بھاگتے دیکھ کر اس کے تین ساتھی اس کے تعاقب میں لپکے انہیں کمانڈر فیضان کی اس اچانک حرکت نے بوکھلا کر ہی تو رکھ دیا تھا ——— فیضان کا رخ اپنے بوڑھے محسن کی طرف تھا ——— !!

بوڑھے مصور کے نزدیک پہنچ کر وہ رک گیا ——— قافلے والوں کی نظریں

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس طرف اٹھی ہوئی تھیں۔

"بزرگوار!" ——— اس کے منہ سے بمشکل نکلا۔

"میرے بچے" ——— بوڑھے مصور نے اسے پہچان کر اپنی بانہیں پھیلا دیں۔

فیضان ان بانہوں میں سمٹ گیا۔ آج اسے پھر بہت دیر بعد ایک پراسرار سی طمانیت اپنے رگ و پے میں سرایت کرتی محسوس ہوئی تھی۔

جانے اس بوڑھے مصور کے پاس ایسی کیا روحانی قوت تھی کہ اس کے سامنے آکر فیضان ہمیشہ دب کر رہ جاتا تھا۔

"کیسے ہیں آپ؟" ——— یہ فقرہ بھی اس نے بالکل لاشعوری طور پر ادا کیا تھا۔

میری بات چھوڑو بیٹا! میرا سفر تو ختم ہوا ——— خدا کا شکر ہے میں کم از کم سرخرو ہو کر دنیا سے جا رہا ہوں ——— تمہارے کارناموں کی خبر مجھے ملتی رہتی تھی ———!!

"آیئے! میرے ساتھ آیئے" ——— فیضان نے اسے سہارا دے کر ایک طرف کرنا چاہا۔ اس نے محسوس کر لیا تھا کہ اس کا محسن شاید اس سے زیادہ سفر اپنے قدموں پر نہ کر سکے۔

"نہیں مَیں خود چل کر جا سکتا ہوں" ——— بوڑھے مصور نے کہہ کر ابھی بمشکل ایک قدم ہی بڑھایا تھا جب وہ اچانک لڑکھڑا گیا۔

فیضان اور اس کے دوسرے مجاہد ساتھی نے اگر اچانک ہی اس کو سہارا نہ دیا ہوتا تو وہ گر پڑتا۔

"غلام اللہ" ——— کسی نے ان کو عقب سے بوڑھے کا نام لے کر پکارا۔

"بس کرو ——— تم اور چل نہیں سکتے ——— تمہارا زخم بگڑ چکا ہے" ———
آواز کے تعاقب میں فیضان نے گردن موڑی تو کشادہ پیشانی اور گہری آنکھوں والے ایک نوجوان سے اس کی نظریں ٹکرا گئیں جس نے بوڑھے کو اس کا نام لے کر پکارا تھا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



فیضان کے استفسار کرنے سے پہلے ہی وہ ان کے نزدیک پہنچ گیا۔

"غلام اللہ پر بہت تشدد ہوا ہے ——— یہ بڑی مشکل سے ان کے چنگل سے نکل کر بھاگا ہے ——— ہم نے دیسی ٹوٹکوں سے علاج کیا ہے اس کا ——— اس کی حالت بہت خراب ہے ——— جلدی کرو ——— میں میڈیکل کا طالب علم ہوں ——— میں اس کی حالت کو زیادہ بہتر جانتا ہوں ——— جلدی کرو ——— جتنی جلدی ممکن ہے اسے طبی امداد ملنی چاہیے ——— نوجوان بے ربط سی گفتگو کر رہا تھا۔

فیضان کو یوں لگا جیسے کسی نے اچانک زور دار گھونسہ اس کے دل پر مارا ہو۔ اس نے بوڑھے کو اپنے کندھے پر اٹھایا اور پتھریلے راستوں پر قریباً بھاگتا ہوا اس پناہ گاہ کی طرف بڑھا جہاں مجاہدین نے ہنگامی طبی امداد کا مرکز قائم کر رکھا تھا۔

———O———

اس علاقے میں ان لوگوں نے حال ہی میں مورچہ بندیاں کی تھیں اور فیضان کے علاوہ دوسرے گروپوں کے مجاہدین بھی یہاں موجود رہتے تھے ——— جیسے ہی وہ اپنے بوڑھے محسن کو اٹھائے پناہ گاہ تک پہنچا۔ اس نے وہاں موجود بہت سے بوڑھے اور نوجوان مجاہدین کو اپنی طرف آتے دیکھا۔

"غلام اللہ ———"

"یہ تو غلام اللہ ہے۔"

"زخمی ہے شاید؟"

"غلام اللہ ٹھیک تو ہو نا!"

کئی آوازیں اسے پہچان کر ابھریں۔

غلام اللہ نے کسی کی بات کا جواب نہ دیا ——— ایک مسکراہٹ بدستور اس کے ہونٹوں سے چپکی رہی۔

فیضان نے اسے اندر موجود ایک سٹریچر پر لٹا دیا۔ مہاجرین میں آنے والا میڈیکل کا طالب علم بھی اس کے ساتھ ان کے تعاقب میں چلا آیا تھا۔

"مجھے بھی دیکھنے دو ——— میں انہیں زیادہ بہتر طریقے پر سمجھا سکوں گا۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس نے سٹریچر کے نزدیک موجود دو تھکے ہارے ڈاکٹروں کی طرف اشارہ کیا جو چند منٹ پہلے ہی ایک مجاہد کی مرہم پٹی سے فارغ ہو کر یہاں بیٹھے تھے۔

نوجوان سیدھا ان کی طرف بڑھا ——

"اس کے پیٹ کا زخم بہت گہرا ہے" —— اس نے خود ہی سٹریچر پر لیٹے غلام اللہ کے پیٹ سے لپٹا ایک میلا سا کپڑا الگ کرتے ہوئے کہا۔

دونوں ڈاکٹر اس طرف لپکے۔

"انفیکشن ہو گیا ہے شاید —— تینوں نے ایک دوسرے کی طرف متوحش نظروں سے دیکھا۔

"ہری اپ" —— ایک نے جو ان میں سینئر تھا اپنے ساتھی سے کہا۔

"تم لوگ باہر جاؤ" —— اسی ڈاکٹر نے فیضان اور اس کے ساتھی کو مخاطب کیا۔

"ڈاکٹر صاحب! میں —— فیضان نے کچھ کہنا چاہا۔

"نہیں —— جاؤ —— تم لوگ فوراً" چلے جاؤ" —— ڈاکٹر کو شاید ان کا ابھی تک یہاں رکنا گوارا نہیں تھا۔

فیضان نے ایک مرتبہ اپنے محسن کی طرف دیکھا اور تیزی سے باہر نکل آیا —— طبی امداد کا یہ چھوٹا سا کمرہ ایک پہاڑی کو کاٹ کر بنایا گیا تھا جس میں ان لوگوں نے ایک دروازہ بھی فٹ کر رکھا تھا —— ان کے باہر نکلتے ہی ڈاکٹروں نے دروازہ بند کر دیا۔

یہ ڈاکٹر بھی وہ مجاہد تھے جو مختلف مسلمان ملکوں میں وقتاً" فوقتاً" جہاد میں حصہ لینے کے لیے یہاں آجاتے تھے —— نامکمل سامان اور دواؤں کے ساتھ دن رات وہ زخمی مجاہدین کی زندگیوں کا تحفظ کرنے کے لیے موت سے برسرپیکار رہتے تھے۔ بسا اوقات ایک ایک دن میں درجنوں مجاہدین یہاں لائے جاتے —— جن کو صرف ایک یا دو ڈاکٹر بغیر کسی مددگار کے طبی امداد دیتے تھے۔

——O——

کمرے کا دروازہ قریباً" آدھ گھنٹے بعد کھلا تھا!

www.iqbalkalmati.blogspot.com



یہ آدھ گھنٹہ فیضان کے لیے کئی صدیوں پر محیط ہو گیا تھا۔ اس آدھ گھنٹے میں اس نے زندگی کا سب سے بڑا روحانی کرب محسوس کر لیا تھا ـــــ بے اختیار اس کی نظریں باہر آنے والے ڈاکٹر کی طرف اٹھیں۔

"دعا کرو ـــــ" ڈاکٹر نے اس سے نظریں ملائے بغیر کہا۔ اور ہاتھ دھونے کے لیے نزدیکی چشمے کی طرف بڑھا۔

"میں اس سے مل سکتا ہوں؟" ـــــ فیضان کی آواز پر ڈاکٹر رک گیا۔ اس نے بڑی عجیب سی نظروں سے فیضان کی طرف دیکھا۔

"کمانڈر فیضان! تمہارا کوئی رشتہ ہے اس سے؟"

"تم سمجھ نہیں سکو گے ڈاکٹر!" ـــــ فیضان کی آواز کہیں دور فضاؤں میں کھو گئی۔

"مل لو" ـــــ کہہ کر ڈاکٹر دوبارہ آگے بڑھ گیا۔

غلام اللہ ہوش و حواس میں بظاہر بڑے اطمینان سے کمرے میں رکھے واحد لوہے کے پلنگ پر لیٹا ہوا تھا۔ فیضان کو اندر آتے دیکھ کر اس نے اٹھنے کی کوشش کی لیکن اس کے سرہانے کھڑے قافلے کے ساتھ آنے والے میڈیکل سٹوڈنٹ نے اسے روک دیا۔

"بابا! تم کہاں رہے اتنی دیر ـــــ میں نے تمہیں بہت تلاش کیا۔" فیضان بے اختیار بول پڑا۔

"میں اپنی ڈیوٹی پر تھا بیٹا! جس طرح تم اپنا کام کر رہے ہو۔ میں وہاں کابل میں کام کر رہا تھا ـــــ ایک روز ان لوگوں کو میری کسی حرکت پر شک گزرا اور مجھے گرفتار کر لیا گیا۔" اچانک ہی درد کی ایک ٹیس اٹھی تھی بوڑھا غلام اللہ دوہرا ہو کر رہ گیا۔

فیضان بیقراری سے اس کی طرف بڑھا۔

"نہیں ـــــ کچھ نہیں ـــــ بس ـــــ تم ہٹ جاؤ ـــــ میرے نزدیک

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



نہ آؤ۔ مجھے اپنی بات پوری کرنے دو۔" اس نے رک رک کر کمرے میں موجود دونوں انسانوں کو احکامات سنائے۔

فیضان میں اتنی جرأت بھی نہیں رہ گئی تھی کہ وہ اس کی بات کاٹ کر اس کا حال ہی دریافت کر لے۔

"ان لوگوں نے مجھ پر ہر ممکن تشدد توڑا لیکن میں نے انہیں کچھ نہیں بتایا۔ میں بضد رہا کہ ان کا شک غلط اور بے بنیاد ہے —— کسی نے میرے خلاف انہیں بھڑکانے کی سازش کی ہے۔" چند لمحوں کے لیے رک کر اس نے اپنی سانسوں کے منتشر تانے بانے کو سمیٹا۔

"دراصل میں یہ چاہتا تھا کہ کسی طرح مجھے اس آستین کے سانپ کا پتہ چل جائے جس نے میری مخبری کی تھی ——"

"دو ماہ تک مجھ پر تشدد کرنے کے بعد انہیں بالآخر اس بات کا یقین آ ہی گیا کہ ان کے مخبر کی اطلاع غلط تھی یا پھر اس نے حسد کے جذبے کے تحت میرا نام لے دیا ہے ——"

"مجھے ایک گھونٹ پانی دو۔" اس نے رک کر لمبا سانس لیا۔

یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے وہ کوئی لمبا سفر کر کے تھک گیا ہو اور اب آرام کرنا چاہتا ہو۔

"پھر مجھے علم ہو ہی گیا اس آستین کے سانپ کا" —— اس نے فیضان کی طرف دیکھا۔" اور میں نے اسے مار ڈالا ——!! مجھے علم نہیں تھا کہ اس کی نگرانی بھی کی جا رہی ہے۔ بھاگتے ہوئے مجھے اس کے محافظ کی گولی لگ گئی —— اندھیرا تھا جو بچ نکلا —— ورنہ شاید تم سے اگلی ملاقات اس زندگی میں کبھی ہو ہی نہ سکتی" —— فیضان تڑپ اٹھا۔!

"اس نوجوان نے اصل میں مجھے یہاں تک پہنچایا ہے —— مجھے یہ امید نہیں تھی کہ دوبارہ زندگی میں کبھی اپنے لوگوں سے مل پاؤں گا —— تم فوراً" ایک کام کرو۔"

"کیا"؟ —— فیضان کے منہ سے بے ساختہ نکلا۔

"قاسم ایشان زادہ کو کسی طرح یہاں لے آؤ" ــــــ اس نے ڈوبتی ہوئی آواز میں کہا۔

"قاسم کو ــــــ اچھا ــــــ اچھا ــــــ ٹھیک ہے۔ تم میرا انتظار کرنا" ــــــ فیضان بجلی کی سی سرعت سے باہر نکل آیا۔

باہر آ کر اسے احساس ہوا اس نے اپنے دم توڑتے محسن سے جھوٹ بولا ہے۔ وہ قاسم ایشان زادہ کو یہاں اتنی جلدی کیسے لا سکے گا ــــــ وہ تو یہاں سے پندرہ بیس میل دور ایک خفیہ ٹھکانے پر موجود تھا جہاں پہنچنے کے لیے بھی اسے دشمن کے علاقے میں سے گزرنا پڑتا۔

"کچھ بھی ہو ــــــ" اس نے اپنے آپ سے کہا ــــــ "میں اپنے محسن کی آخری خواہش ضروری پوری کروں گا۔"

برق رفتاری سے پہاڑی سلسلوں میں بھاگتا وہ مولوی گل شیر تک پہنچا تھا۔ جس اس نے مقامی کمانڈر کو بتایا کہ وہ کسی دم توڑتے مجاہد کی آخری خواہش کے احترام میں قاسم ایشان زادہ کو بلانے جا رہا ہے تو اس نے نہ چاہتے ہوئے بھی بادل نخواستہ فیضان کو اجازت دے دی۔

اس علاقے میں دو تین روز پہلے ہی روسی فوج نے کابل فوجیوں کے ساتھ مل کر مورچے سنبھالے تھے۔ یوں بھی یہ میدان کار زار تھا اور پچھلے کچھ عرصے سے طرفین یہاں زندگی اور موت کا معرکہ لڑ رہے تھے ــــــ!!

شام کا ملگجا اندھیرا بارود سے جلی پہاڑیوں کے پیلے اور کالے سبزے پر رینگ رہا تھا جب فیضان اپنے مورچے سے باہر نکلا ــــــ!

اس نے پہاڑی کا لمبا چکر کاٹ کر قدرے محفوظ راستہ اختیار کیا تھا۔ یوں تو وہ لوگ اکثر رات کو گھات لگانے بھی انہی راستوں سے گزر کر جایا کرتے تھے' لیکن آج اس کا "ٹارگٹ" خاصا مشکل تھا۔

اس راستے پر بچھی بارودی سرنگوں سے بچتا بچاتا وہ کسی نہ کسی طرح مجاہدین

کے اس خفیہ ٹھکانے تک پہنچ ہی گیا جہاں بوڑھا قاسم ایشان زادہ مجاہدین کی کمان کر رہا تھا۔

فیضان کو اس طرح اچانک اتنی رات گئے وہاں دیکھ کر وہ چونکے بغیر نہ رہ سکا۔ جب اس نے اپنے یہاں آنے کا مدعا بیان کیا تو قاسم ایشان زادے کے بدن کا سارا لہو اس کے چہرے سے سمٹ آیا ــــــ!!

اپنے دیرینہ ساتھی غلام اللہ کا نام سنتے ہی اندھیری رات میں بھی اس کا چہرہ دمک اٹھا تھا۔ اس کے جذبات کی شدت کا اندازہ فیضان بڑی آسانی سے لگا سکتا تھا۔

"میں ضرور چلوں گا ــــــ ابھی تیار ہوتا ہوں۔" اس نے بے کلی سے کہا۔

اپنی آمد کے قریباً پندرہ بیس منٹ بعد ہی فیضان دوبارہ واپسی کے لیے تیار کھڑا تھا۔ بوڑھے ایشان زادہ نے اپنی کلاشنکوف اس طرح ہاتھ میں پکڑ رکھی تھی کہ چند لمحے کی مہلت ملنے پر بھی وہ آزادانہ اسے استعمال کر سکتا تھا۔ مقامی مورچے کی کمان اس نے دم رخصت اپنے نائب کے سپرد کر دی تھی۔

تین مجاہدوں کا ایک دستہ انہیں دو تین میل دور تک چھوڑنے آیا تھا۔ اس کے بعد فیضان نے انہیں زبردستی واپس بھیج دیا۔ وہ جانتا تھا کہ اس محاذ پر ان لوگوں کی کتنی زیادہ ضرورت ہے اور ان میں سے کسی ایک کی کمی بھی کتنی گراں گزر سکتی ہے۔

دونوں ایک دوسرے کے تعاقب میں آگے پیچھے چل رہے تھے۔ ان کی خوش قسمتی اندھیری رات کی صورت میں ان کے سروں پر سایہ فگن تھی۔ کبھی قاسم آگے ہوتا اور کبھی فیضان ــــــ دونوں ایک دوسرے سے کچھ فاصلہ رکھ کر لیکن ایک دوسرے کے چھوڑے ہوئے قدموں کے نشانات پر پاؤں دھرتے آگے بڑھ رہے تھے کیونکہ کسی بھی بارودی سرنگ کے اچانک پاؤں کا بوجھ پڑنے سے پھٹ جانے پر وہ ایک کے بجائے دو جانوں کے جانے کا خطرہ مول نہیں لے سکتے تھے۔!!

فیضان آگے آگے چل رہا تھا جب اچانک اس نے اپنے کندھے پر قاسم ایشان زادہ کے ہاتھ کا دباؤ محسوس کیا۔

وہ ٹھٹھک کر رک گیا ــــــ!!

قاسم نے نزدیک آکر اس کے کان میں سرگوشی کی۔ اس نے نزدیک ہی کہیں قدموں کی چاپ سنی تھی۔ ان پہاڑیوں پر ہونے والی کسی بھی نقل حرکت کا احساس "مرد کہستانی" فوراً" کر لیا کرتے تھے کہ وہ انہیں فضاؤں کے پلے بڑھے ہوئے تھے۔

فیضان نے اس کے اشارہ کرنے پر اپنے کان بھی اسی طرف لگا دیئے جلد ہی دونوں کو احساس ہو گیا کہ ان کے قریب ہی کہیں روسی کابل فوج کی کوئی پٹرولنگ پارٹی گشت کر رہی ہے۔ یہ لوگ رات کو عموماً" مجاہدین کے ناگہانی حملوں کے تدارک کے لیے گشت کرتے رہتے تھے تاکہ اپنے باقی ساتھیوں کو مجاہدین کے شب خون سے بچا سکیں۔

دونوں وہیں ایک پہاڑی کے چھجے تلے جنگلی گھاس کی اوٹ میں چھپ کر بیٹھ گئے کیونکہ قدموں کی آوازیں اب قریب آتی سنائی دے رہی تھیں۔ جو اس بات کا اشارہ تھا کہ پڑولنگ پارٹی ان کے نزدیک آ رہی ہے۔

یہ بات تو وہ جانتے ہی تھے کہ یہاں محفوظ راستے تھوڑے ہی ہیں۔ عام راستوں پر مجاہدین اور دشمن دونوں نے بارودی سرنگیں بچھا رکھی تھیں اور جس راستے پر وہ سفر کر رہے تھے اگر یہ راستہ محفوظ تھا تو دشمن فوج کے پڑولنگ دستے نے بھی یہی راہ اختیار کرنی تھی۔

---

دونوں دم سادھے بیٹھے تھے ــــــ!

اچانک ہی فضا ایک زور دار دھماکے کی آواز سے لرز اٹھی۔ دھماکے کی گونج ابھی پہاڑیوں میں ختم نہیں ہوئی تھی کہ گولیوں کی تڑتڑ سے پہاڑی سلسلہ گونجنے لگا۔

شاید گشت کرنے والے کسی فوجی کا پاؤں بارودی سرنگ پر آ گیا تھا اور دشمن نے اسے مجاہدین کی کارروائی جان بوجھ کر حفظ ماتقدم کے لیے گولیاں چلانی شروع کر دی تھیں۔ اس علاقے میں یوں بھی مجاہدین اکثر شب خون مارتے رہتے تھے اور روسی کابل فوجی ان کی آہٹ پر بھی اپنی توپوں اور رائفلوں کے دہانے کھول دیا

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کرتے ـــــ کیونکہ ان کے لاشعور میں موجود مجاہدین کا خوف انہیں ایسا کرنے پر مجبور کر دیا کرتا تھا۔

یوں بھی ان لوگوں کے پاس پھونکنے کے لیے بے تحاشا اسلحہ موجود تھا۔

---

دونوں یہی سمجھتے تھے کہ جب دوسری طرف سے فائرنگ کا جواب نہیں آئے گا تو یہ بلا خود بخود ٹل جائے گی کیونکہ ان لوگوں کو اپنی غلطی کا احساس ہو جائے گا۔"

لیکن ـــــ ان کی توقعات کے بالکل برعکس فضا میں پھیلی تاریکی تیز روشنیوں میں جھلملانے لگی۔

دشمن روشنی راؤنڈ فائر کر رہا تھا ـــــ!

شاید وہ لوگ کسی قسم کا خطرہ مول لینے کو تیار نہیں تھے۔

روشنیوں کے گولے ان کے سروں پر پھٹ رہے تھے اور دونوں کو اس تلخ حقیقت کا ادراک ہو چکا تھا کہ اب واپسی کا راستہ قدرے مشکل بلکہ کسی حد تک ناممکن ہو چکا ہے ـــــ!

وہ اس پوزیشن میں بھی نہیں تھے کہ یہاں چھپ کر ہی کچھ وقت گزار لیں۔ فیضان کو صرف یہی احساس تھا کہ اسے اپنے دم توڑتے محسن کی خواہش بہرحال پوری کرنی ہے۔

"اگر وہ خدانخواستہ ایسا نہ کر پاتا تو پھر پچھتاوے کا بوجھ اپنے دل و دماغ پر لیے وہ اگلی زندگی کیسے بسر کرے گا۔"

اس سوچ نے اسے پریشان کر رکھا تھا ـــــ"

"چاچا!" اچانک ہی اس نے قاسم ایشان زادے کو مخاطب کیا۔

"کیا بات ہے؟"

"تم یہاں سے فوراً نکلو۔"

"کیا" ـــــ بوڑھا قاسم گھبرا گیا ـــــ" ہوش میں تو ہونا" ـــــ اس نے بڑی شفقت سے فیضان کو ڈانٹا۔

"ہاں چاچا ـــــ میرے حواس بالکل بجا ہیں۔ جلد ہی روشنیوں کا یہ طوفان ہمارے سروں پر منڈلانے لگے گا ـــــ یہ ناممکن ہے کہ ہم کوئی گولی چلائے بغیر یہاں سے نکل سکیں۔ اور میں نہیں چاہتا کہ اپنے عظیم محسن کے سامنے قیامت کے روز شرمندہ ہو جاؤں" ـــــ اس کی آواز شدت جذبات سے بھرا گئی تھی ـــــ" چاچا! وہ میرا مسیحا ہے۔ اس نے مجھے نئی زندگی عطا کی ہے۔ میری حیات میں نئے رنگ بھرے ہیں۔ آج اگر قسمت نے اس سے ملایا بھی تو کس روپ میں ـــــ"

"بیٹا! جذباتی مت بنو ـــــ تربیت کے اصول کے مطابق بھی میں بوڑھا ہوں تم ابھی بچے ہو۔ ابھی تمہارے بازوؤں میں بہت سی قوت موجود ہے۔ تم نے ابھی بڑی لمبی جنگ لڑنی ہے۔ میری جان کا اتنا نقصان ہمارے مشن کو نہیں اٹھانا پڑے گا۔ جتنا تمہارے جان جانے سے ـــــ"

"چاچا! میں نے آج تک تمہاری کوئی بات نہیں ٹالی۔ لیکن آج مجھ سے کچھ نہ کہنا۔" فیضان کا لہجہ اتنا سخت اور کھردرا تھا کہ اگلی کوئی بات بوڑھا قاسم کہہ نہ سکا۔

"فی امان اللہ میرے بچے! میں ہر ممکن کوشش کرتا ہوں کہ تمہاری خواہش کا احترام کر سکوں" ـــــ قاسم نے اس کی پیٹھ پر تھپکی دی اور اندھیرے میں رینگ گیا۔

پہاڑی کے ساتھ ساتھ چپک کر چلتا ہوا بوڑھا قاسم ایک سائے کی طرح اسے نظر آتا رہا پھر اس کا ہیولا غائب ہو گیا۔

ابھی اس نے بمشکل گردن موڑی تھی کہ اچانک ہی اس نے محض چند گز کے فاصلے پر روشنی کا ایک گولہ پھٹا اور فیضان کی آنکھیں چکا چوند ہو گئیں۔

سب سے پہلے اس کی نظر پندرہ بیس گز کے فاصلے موجود ان تین روسی فوجیوں پر پڑی جو اپنی دانست میں بڑے چوکنے ہو کر اس طرح قدم بڑھا رہے تھے۔ اس سے پہلے کہ ان کی نظر فیضان پر پڑتی اس نے گن سے یکے بعد دیگرے آٹھ دس شعلے اگلے اور آنے والے سپاہی صورتحال کی سنگینی کا احساس کیے بغیر ہی جہنم واصل ہو گئے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



دم توڑتے سپاہیوں میں ایک کے منہ سے لگی سیٹی کی آواز نے باقی سب کو ہشیار کر دیا—— ایسی سیٹی رات کو گشت کرنے والے سپاہی اپنے پاس رکھا کرتے تھے—— مرتے مرتے وہ فیضان کی موت کا سامان اپنی دانست میں کر گیا تھا——!!

سیٹی کی آواز بلند ہونے کی دیر تھی کہ اچانک اس کے گرداگرد موجود پہاڑیاں دہکتے ہوئے الاؤ میں بدلنے لگیں۔

شاید اس علاقے میں نصب سینکڑوں اقسام کی تمام گنوں کا رخ دشمن نے اس کی طرف کر دیا تھا۔

ان لوگوں نے سیٹی بجانے والے سپاہی کی پوزیشن کے اندازے پر آگ برسانی شروع کی تھی —— اس کے سامنے کی زمین کا ایک ایک انچ جہنم زار بن رہاتھا۔ بارش کے اولوں کی طرح گولے اور گولیاں برس رہی تھیں۔

فیضان کی خوش قسمتی ہی تھی کہ وہ ایک پیالہ نما گہری جگہ پر دبکا ہوا تھا اور اس کے سر پر سے گولے اور گولیاں مختلف آوازیں پیدا کرتے آگے پیچھے گر رہے تھے ——!

جیسے ہی فائرنگ شروع ہوئی۔ روشنی راؤنڈ چلنے بند ہو گئے۔

فیضان نے ایک لمحے کے لیے کچھ سوچا پھر راستے کے محفوظ یا غیر محفوظ ہونے کو خاطر میں لائے بغیر دیوانہ وار پہاڑیوں میں بھاگتا چلا گیا۔

گولیوں کا رقص آہن و آتش اس کے نزدیک جاری رہا—— لیکن اس کا سفر نہ رکا۔

دس پندرہ منٹ وہ بھاگتا چلا گیا——

پھر پہاڑی سلسلے کے خاتمے پر رک گیا۔

اب اسے ایک قدرے ہموار اور میدانی قطعہ زمین عبور کرنا تھا۔ ڈیڑھ سو گز کا یہ فاصلہ ہی اس کے سفر کا سب سے مشکل حلہ تھا——!

بھاگتے بھاگتے اس کی سانس دھونکنی کی طرح چل رہی تھی۔

یہاں چند منٹ کے لیے رک کر اس نے اپنے حواس قابو کیے۔ ایک بات کی گواہی تو اس کے دل نے دے دی تھی کہ یہ علاقے قاسم ایشان زادہ عبور کر چکا ہے۔ اگر وہ ابھی یہاں ہوتا تو فیضان کو اس کی موجودگی کا احساس ضرور ہو جاتا۔

اس نے رک رک کر اپنی میگزین چیک کی۔

نئی میگزین اپنی گن میں لوڈ کی اور دل ہی دل میں خدا کو یاد کرتا ہوا میدانی قطعے کی طرف بڑھا۔

ابھی وہ بمشکل چند گز چلنے پایا تھا جب اچانک اس کی آنکھیں چندھیا گئیں۔

———O———

اس مرتبہ اس کا واسطہ کابل سے نہیں روس کے تربیت یافتہ "سپٹنز" سے تھا جو اسے گھیر کر زندہ پکڑنے کا بندوبست کر چکے تھے—— اپنا جال ان لوگوں نے اس میدان قطعہ اراضی پر پھیلایا ہوا تھا۔ اس سے پہلے تو شاید وہ صرف ریہرسل ہی کرتے آئے تھے۔

روشنی راؤنڈ اچانک اور اتنی زیادہ تعداد میں فائر ہوئے تھے کہ فیضان چکرا کر رہ گیا۔ اس کے ہاتھ کی انگلی کا دباؤ گھبراہٹ میں ٹریگر پر بڑھا اور بڑھتا ہی چلا گیا۔

اس بات کا احساس ہی اسے نہ ہو سکا کہ ساری میگزین خالی ہو گئی ہے۔

اس سے پہلے کہ وہ نئی میگزین اپنے کندھے سے لٹکتے تھیلے سے نکال کر اپنی گن میں لگاتا۔ اچانک جیسے زمین پھٹی اور اس میں پانچ چھ روسی کمانڈوز نکل کر اس پر جھپٹے۔ فیضان نے بہتیرے ہاتھ پاؤں چلائے لیکن اچانک سر کے نزدیک لگنے والی ایک زور دار ضرب نے اس کے چودہ طبق روشن کر دیے۔

------------------------

"سپٹنز" Spurtnaz روس کی وہ خصوصی انتہائی حساس نوعیت کی تربیت یافتہ

www.iqbalkalmati.blogspot.com



فوج ہے جو اس نے نیٹو ممالک کے خلاف تیار کی ہے۔ اس فوج کو قتل و غارت گری کی خاص تربیت دی جاتی ہے۔ رحم نام کا کوئی لفظ ان کی ڈکشنری میں نہیں ہے۔ یہ اتنے زبردست تربیت یافتہ ہیں کہ اگر کبھی نیٹو افواج نے روس کے حامی مشرقی یورپ پر حملہ کیا تو یہ لوگ حملے سے پہلے ہی اتنی تباہی پھیلا دیں گے کہ نیٹو افواج کا حملہ غیر موثر ہو کر رہ جائے۔ روس نے یہ فوج مشرقی جرمنی اور اس کا کچھ حصہ افغانستان میں رکھا ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# سپیٹنز

فیضان کو ہوش ایک خیمے میں آیا ——— !

رات کو شاید ابھی ایک پہر ہی گزرا تھا۔ خیمے میں روشنی نام کی کوئی شے نظر نہیں آ رہی تھی۔ اس کے دونوں ہاتھ مضبوطی سے کسی خاص رسی کے ساتھ پیچھے کی طرف باندھے گئے تھے۔ اور وہ شاید اوندھے منہ زمین پر گرا تھا۔

ہوش میں آتے ہی اسے سب سے پہلے جو آواز سنائی دی وہ بجلی کے زور دار کڑکے کی آواز تھی۔ ان دنوں موسم ایسا ہو رہا تھا کہ کسی بھی لمحے آسمان بادلوں سے گھر جاتا اور موسلا دھار بارش شروع ہو جاتی اور یہ سلسلہ پھر صبح دیر گئے تک جاری رہتا ——— !

پہلا خیال فیضان کے ذہن میں یہی آیا کہ قدرت ——— نے ابھی اس سے شاید اور کام لینا ہے ——— اور یہ تائید غیبی ہے۔

خیمے کے اندر تو کوئی موجود نہیں تھا لیکن باہر پہرے داروں کے آپس میں باتیں کرنے کی آوازیں سنائی دے رہی تھیں۔

یہ لوگ روسی زبان میں باتیں کر رہے ہیں اور فیضان کو فوراً" اندازہ ہو گیا کہ وہ روسی "سپٹنز" کے شکنجے میں پھنس چکا ہے۔

روس کی اس خصوصی فوج کی آمد کی اطلاع مجاہدین کو مل چکی تھی بلکہ ہرات اور قندھار کے محاذ پر وہ اس فوج کی دو کمپنیوں کا صفایا بھی کر چکے تھے۔

اس علاقے میں روسی فوج نے حال ہی میں خصوصی فوج کی کمانڈ قائم کی تھی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



جیسے ہی فیضان نے چاہا کہ وہ سیدھا ہو اچانک درد کی ایک تیز لہر نے اس کے سر کے پچھلے حصے سے سر اٹھایا اور وہ تڑپ کر رہ گیا۔

اس کے ساتھ ہی کسی کے خیمے کے اندر آتے قدموں کی چاپ سنائی دی۔

فیضان نے دوبارہ بیہوش ہو جانے ہی میں عافیت جانی ——

اندر آنے والے دو تھے ——!

دونوں نشے میں دھت معلوم ہوتے تھے۔ ان میں سے ایک نے اپنے پاؤں کی ٹھوکر فیضان کے پہلو میں لگائی۔

ضرب بڑی جان لیوا تھی لیکن فیضان نے اپنی زبان دانتوں تلے دبا لی۔ شاید وہ اندازہ کرنا چاہتے تھے کہ وہ ابھی ہوش میں آیا ہے نہیں۔

اس کی طرف سے کوئی خاص رد عمل نہ ہونے پر ٹھوکر مارنے والے نے زور دار قہقہہ بلند کیا۔ پھر اس نے فیضان کو گالی دے کر اپنے ساتھی سے کہا۔

"زور دار ضرب لگ گئی ہے شاید——"

"کہیں مر تو نہیں گیا؟" دوسرے نے جو نشے میں بدمست ہو رہا تھا لڑکھڑاتی زبان سے پوچھا۔

"ارے یہ لوگ پہاڑوں کی طرح سخت جان ہوتے ہیں۔ اتنی جلدی مرنے والے نہیں یہ کمبخت——!

"چھوڑو پرے —— مرنے دو—— باہر موسم بڑا شاندار ہو رہا ہے —— آؤ ایک دو پیگ اور لگالیں —— تھوڑی دیر بعد وہ حرامی میجر آ جائے گا"—— دوسرے نے اس کا بازو پکڑ کر کہا۔

شاید وہ اپنے افسر کے آنے سے پہلے کوئی بوتل خالی کر دینے کے چکر میں تھے۔

دوسرے نے ایک بھاری بھر کم گالی اپنے میجر کو دی اور دونوں روسی زبان کا ایک فحش سا گیت اپنی بھدی آوازوں میں گنگناتے خیمے سے باہر نکل گئے۔!!

—O—

"دستنز" کا خیال ذہن میں آتے ہی فیضان نے دو امکانات پر سوچنا شروع کر

www.iqbalkalmati.blogspot.com



دیا تھا۔

اس نے سوچا یا تو وہ فرار ہو جائے یا پھر فرار ہونے کی کوشش میں مارا جائے۔ تیسری کوئی بھی صورت ممکن نہیں تھی۔ ایک دفعہ اگر وہ زندہ ان لوگوں کے ہاتھ آ جاتا تو وہ اس کے جسم کا رواں رواں الگ کر دیتے۔

یہ لوگ اپنی بربریت کے لیے ساری دنیا میں مشہور تھے۔ فیضان کو علم تھا کہ جس جس افغان علاقے سے ان کا کنوائے گزرا وہاں انسان اور حیوان کوئی شے زندہ نہیں بچی تھی۔

محض اپنی بربریت کو تسکین دینے کے لیے یہ لوگ بستیاں جلا دیا کرتے تھے قندھار اور ہرات کے جانے کتنے دیہات ان کے بھیانک مظالم کی منہ بولتی تصویر بن کر زمین کے سینے پر نشان عبرت بنے نظر آتے تھے ——!!

دونوں "سپٹنز" کے باہر نکلتے ہی اس نے اپنے جسم کو بل دے کر سیدھا کیا۔ پھر کسی نہ کسی طرح ہمت کر کے اٹھ کر بیٹھ گیا۔

اپنے دونوں ہاتھ پشت کے نیچے سے گزار کر وہ سامنے لے آیا۔ اب وہ خود کو قدرے آسان پوزیشن محسوس کر رہا تھا۔

فرار کے خیال نے اس کے جسم میں جیسے بجلیاں بھر دی تھیں۔

اگر وہ یہاں سے دو میل دور تک بھی نکل جاتا تو بحفاظت اپنے ساتھیوں میں پہنچ سکتا تھا۔ اندھیرے میں آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر وہ بڑی بے چینی سے ماحول کا جائزہ لے رہا تھا۔

ایک کونے میں دو کلاشنکوف ایک لوہے کے پلنگ پر دھری تھیں۔ شاید یہ باہر موجود گدھوں ہی کی ملکیت تھیں۔

اپنی رسیاں کاٹنے کے لیے اسے کوئی صورت دکھائی نہیں پڑتی تھی۔ اب یہاں مزید ایک لمحہ ضائع کرنا بھی کسی نئے طوفان کا پیش خیمہ ثابت ہوتا۔ اس نے اپنے بندھے ہوئے ہاتھوں سے ایک گن کو سلنگ سمیت گلے میں ہار کی طرح لٹکالیا اور دوسری کو بندھے ہوئے ہاتھوں میں تھام لیا۔

اپنی ایک گن وہ دشمن کے قبضے میں دے کر اس کی دو بندوقیں لے جا رہا

مزید کتب پڑھنے کے لیے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



تھا۔ اس کی غیرت یہ گوارا ہی نہیں کر سکتی تھی کہ وہ پٹھان ہونے کے ناطے اپنا ہتھیار دشمن کو سونپ کر زندہ واپس چلا جائے۔

کہنیوں کے بل بندھے ہاتھوں سے رینگتے ہوئے اس نے پہرے داروں کی مخالف سمت سے خیمے کے پردے کی دیوار کو تھوڑا سا اٹھا کر باہر اندھیرے میں جھانکا ——— آنکھوں پر بہت زور دینے کے باوجود اسے دور تک کسی کے ہونے کا گمان نہ گزرا۔

دل ہی دل میں قرآنی آیات کا ورد کرتے ہوئے اس نے کروٹ لی اور لڑھکتا ہوا خیمے سے باہر آ گیا———!!

دوسرے ہی لمحے وہ اٹھ کھڑا ہوا———

اس کے ہاتھ گو کہ بندھے ہوئے تھے لیکن یہ مجبوری جیسے اس نے بالکل ہی نظر انداز کر دی تھی۔ پندرہ بیس گز دور تک وہ ماہر فوجیوں کے سے انداز میں زمین پر کہنیوں کے بل کرالنگ کرتا ہوا چلتا چلا گیا۔

پھر اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔

وہ گھٹنوں کے بل جھک کر چل رہا تھا۔

سو ڈیڑھ سو گز کا فاصلہ اس نے اسی طرح طے کیا۔ جلد ہی اسے اندازہ ہو گیا کہ اسے میدانی قطعہ ارضی سے کچھ زیادہ دور نہیں رکھا گیا تھا۔ یہ لوگ شاید اس سارے علاقے میں پھیلے ہوئے تھے۔

یوں بھی وہ رات کے اندھیرے میں کسی افغان قیدی کو اپنے پچھلے مورچوں میں لے جانے کا خطرہ کبھی مول نہ لیتے۔ وہ تو دن کے اجالے میں ہیلی کاپڑوں کے ذریعے ایک سے دوسری جگہ آیا جایا کرتے تھے۔

———○———

چیتے کی طرح قدموں کی چاپ کو دبائے ہوئے وہ بندھے ہاتھوں کے ساتھ میدانی علاقے تک آ گیا تھا———!!

بندھے ہاتھوں اور دھڑکتے دل سے بالآخر اس نے یہ قطعہ اراضی بھی عبور کر

www.iqbalkalmati.blogspot.com



لیا۔ ابھی بمشکل وہ اپنے "مرکز" کی طرف جانے والے راستے پر گامزن ہوا ہی تھا کہ اس کے عقب میں قیامت ٹوٹ پڑی ——!

غالباً" اس کے فرار کی خبران لوگوں کو ہو گئی تھی ——!

روسی "سپنٹز" دیوانہ وار گولیاں چلا رہے تھے ——! روشنی راؤنڈ سے انہوں نے رات کو دن کے اجالے میں تبدیل کر دیا تھا لیکن اب فیضان ان کی دسترس سے باہر نکل چکا تھا —— اسے اتنی ہی مہلت درکار تھی۔

وہ جانتا تھا بوڑھے قاسم ایشان زادہ نے اگر وہ اپنی منزل پر پہنچ چکا ہے تو مجاہدین کو اس صورتحال سے آگاہ کر دیا ہو گا۔ اور اپنے ایک ساتھی کو دشمن کے گھیرے میں دیکھ کر وہ لوگ کبھی آرام سے نہیں بیٹھ سکتے۔

بندھے ہاتھوں کو کھولنے کی کوئی صورت ابھی دکھائی نہیں دے رہی تھی ——!

ان لوگوں نے نائلن کی کسی مضبوط لیکن پتلی رسی سے اس کے ہاتھ بڑی مضبوطی سے باندھے تھے۔ یہ شاید وہ مخصوص رسی تھی جو کمانڈوز اپنے ساتھ رکھتے ہیں۔ کئی جگہ نوکدار پتھروں میں پھنسا کر اس نے جب بھی اس رسی کو کاٹنا چاہا وہ فیضان کو کلائیوں سے دھنستی محسوس ہوئی۔

مسلسل بھاگنے سے اب اس کا سانس پھولنے لگا تھا ——!

ہاتھ کھلے ہوتے تو اور بات تھی۔ دو رائفلوں اور بندھے ہاتھوں کے ساتھ ابھی اسے مزید کم از کم سات آٹھ میل کا پہاڑی سفر طے کرنا تھا۔

وہ رات کے اندھیرے میں زیادہ سے زیادہ دور نکل جانا چاہتا تھا۔ دن کے اجالے میں اس کی خیریت کی صرف ایک ہی صورت تھی کہ جس قدر ممکن ہو وہ اپنے مرکز سے نزدیک ہو جائے۔ فیضان جانتا تھا "سپٹنز" شکاری کتوں کی طرح اس کے تعاقب میں آ رہے ہیں اور اجالا ہونے پر ہیلی کاپٹر بھی اس کی تلاش کی اس مہم میں شامل ہو جائیں گے لیکن کوئی نادیدہ طاقت اسے اس بات کا احساس دلائے جا رہی تھی کہ وہ ایک مرتبہ اپنے بوڑھے محسن سے اس کی زندگی میں ملاقات ضرور کرے گا۔

گولیاں اور گولے ایک مرتبہ پھر اس کے نزدیک اور دور پھٹ رہے تھے۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس مرتبہ اس نے اپنی دانست میں بہت محفوظ راستہ اختیار کیا تھا۔

میرداد خان کو وائرلیس پر اگلے کسی مورچے سے فائرنگ کی خبر ملی تھی۔

چند منٹ پہلے ہی قاسم ایشان زادہ نے یہاں پہنچ کر اسے فیضان کے متعلق بتایا تھا میرداد خان نے اس فائرنگ سے یہ اندازہ لگایا کہ فیضان کم از کم دشمن کے ہاتھ نہیں لگا ورنہ وہ رات کی تاریکی میں یوں اندھا دھند اپنا اسلحہ نہ پھونکتا ——!

"لیکن ——"

یہ بات بھی اسے بخوبی سمجھ آگئی تھی کہ دشمن فیضان کے تعاقب میں ہے اور اگر خدا نخواستہ فیضان زندہ ان کے ہتھے چڑھ گیا تو وہ اسے پہچان کر اس کے ساتھ کیا سلوک کریں گے؟" اس کا تصور ہی بڑا اذیتناک تھا ——!

"اپنے دو چار ساتھیوں کے ساتھ جو یہاں موجود ہیں فائرنگ کرکے دشمن کو اپنی طرف متوجہ کرو۔ میں اس دوران نزدیکی مرکز سے مدد روانہ کرتا ہوں —— خیال رہے فیضان دشمن کے گھیرے میں آچکا ہے —— اور اسے ہر حال میں بچانا ہے —— خواہ اس کی کچھ قیمت بھی ادا کرنی پڑے ——" اس نے او۔ پی کے فرائض انجام دینے والے کو مطلع کیا۔!

اس کے ساتھ ہی اس علاقے میں دشمن کے نزدیک موجود مجاہدین کے دوسرے گروپ کے "مرکز" سے وہ رابطہ پیدا کرنے کی کوشش کرنے لگا ——!

جلد ہی رابطہ مل گیا ——!

فیضان کا نام مجاہدین کے کسی گروپ کے لیے اجنبی نہیں رہا تھا ——!

اطلاع کے ملتے ہی کہ فیضان "سپٹنز" کے گھیرے میں ہے' "مرکز" پر موجود مجاہدین حرکت میں آگئے۔

بھاگتا ہوا فیضان اچانک کسی خیال کی آمد سے وہیں تھم گیا ——!

اس نے فائرنگ کی آوازوں پر کان لگائے تو اپنے خون کی رفتار بڑھتی محسوس ہوئی۔ اسے بخوبی اندازہ ہو گیا تھا کہ اب وہ اکیلا نہیں رہا ——— اس کی مدد کو تاریک اور اندھی رات کے دم توڑتے اندھیرے میں مجاہدین بھی نکل کھڑے ہوئے ہیں۔ وہ لوگ روسیوں کی توجہ اپنی طرف مبذول کرنے کے لیے فائرنگ کر رہے تھے ———!

واقعی دشمن کی توجہ بٹ گئی ———!

فیضان کو تھوڑی دیر کے لیے ستانے کا موقع مل گیا۔ رائفل ابھی تک اس نے فائرنگ پوزیشن میں اپنے بندھے ہاتھوں میں پکڑ رکھی تھی۔ پندرہ بیس منٹ تک وہ یہیں دبکا بیٹھا رہا۔ اب اس نے ہاتھوں کو آزاد کرنے کی کوشش ترک کر دی تھی۔

ہاتھ اس بری طرح بندھے ہوئے تھے کہ اب مرکز پر پہنچ کر ہی وہ اس کی گرفت سے نکل سکتے ———!

تھوڑی دیر ستانے سے ہی وہ خود کو تازہ دم محسوس کرنے لگا تھا۔ شاید بے ہوشی کی حالت میں بھی وہ لوگ اسے وحشیانہ انداز سے پیٹتے رہے تھے کیونکہ فیضان کو اپنے جسم کا بند بند دکھتا محسوس ہو رہا تھا ——— جسم کے مختلف حصوں سے اٹھنے والی درد کی لہریں اس کے سر کے پچھلے حصے کا رخ کر رہی تھیں لیکن کمال ہمت سے اس نے ابھی تک خود کو سنبھال رکھا تھا۔

———○———

صبح کی پو پھٹ رہی تھی ———!

بہت دور سے اس نے پہاڑیوں میں گونجتی "اللہ اکبر" کی صدا سنی اور ایک پتھر سے ٹیک لگا کر بیٹھ رہا ——— پھر اسے اونگھ سی آئی ——— اس نے لاکھ کوشش کی کہ نیند کو خود پر غلبہ نہ پانے دے لیکن رات بھر کی بھاگ دوڑ کی تھکن اور اس کی جسمانی حالت نے اس کی اس کوشش کو ناکام بنا دیا ———!

اور فیضان نے آنکھیں موند لیں ———!

اچانک آہٹ پر چونک کر ہی اس نے دوبارہ آنکھیں کھولی تھیں ——— غیر

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ارادی طور پر اس کے بندھے ہوئے ہاتھ سب سے پہلے گود میں رکھی کلاشنکوف کی طرف جھپٹے لیکن اپنے کانوں سے ٹکرانے والی آواز پر اس کے ہاتھ وہیں تھم گئے۔

"اس کی ضرورت نہیں فیضان ——— اللہ نے کرم کر دیا ——— تم اپنوں میں ہو" ———!

آنکھیں کھولنے پر فیضان کی نظر اپنے گرد گھیرا ڈالے چار مجاہدین پر پڑی تو اس نے خدا کا شکر ادا کیا۔

ایک مجاہد نے اپنی چھاگل کھول کر پانی اس کے منہ کو لگایا اور دوسرے نے اپنے خنجر سے اس کے ہاتھوں کو بندھی رسی کاٹنی شروع کر دی۔

رسیوں سے نجات ملتے ہی اس نے ہاتھوں کو زور زور سے جھٹک کر دوران خون کا عمل درست کیا۔

تھوڑی ہی دیر بعد وہ لوگ اسے ایک گھوڑے پر بٹھا کر "مرکز" کی طرف لے جا رہے تھے جہاں اس کا بوڑھا محسن خدا سے زندگی کے چند سانسوں کی مزید مہلت مانگ رہا تھا۔ اس کی خواہش تھی کہ مرنے سے پہلے ایک مرتبہ پھر اپنی تصویر کے رنگوں کا حسن اپنی آنکھوں سے دیکھ لے ——— اس کا دل گواہی دے رہا تھا کہ فیضان ضرور واپس لوٹے گا ———

"کاش میں نے اس کے ہاتھوں قاسم کو نہ بلایا ہوتا" ——— اس نے اب تک کئی مرتبہ سوچا تھا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# الوداع! الوداع!!

قاسم اس تک پہنچ چکا تھا ——!
دونوں ایک ہی گاؤں کے رہنے والے تھے ——!
دونوں ایک ہی تیر کا شکار تھے ——!
دونوں کی ایک ہی کہانی تھی ——!!

دونوں شاید اپنے خاندان کے واحد زندہ بچ جانے والوں میں سے تھے۔ ورنہ تو ان کے گاؤں پر حملہ ہونے کے بعد کسی کا بچ جانا کسی معجزے سے کم نہیں تھا!

بوڑھے غلام اللہ پر رات سے اب تک بے ہوشی' مدہوشی اور بے خبری کے کئی دورے پڑ چکے تھے۔ میڈیکل کا طالب علم اور قاسم ابھی تک اس کے سرہانے بیٹھے تھے۔ اس نے قاسم ایشان زادہ سے جی بھر کے باتیں کی تھیں۔

دونوں قریباً" ایک سال بعد آپس میں ملے تھے۔ غلام اللہ خاصا مطمئن دکھائی دے رہا تھا —— بس اب ایک ہی بوجھ اس کے دل میں تھا اور وہ فیضان ——!

صبح دم جب کسی مجاہد کی اذان اس کے کانوں میں پڑی تو جیسے اس کے سارے گمشدہ حواس لوٹ آئے۔

اس کے دل سے بے اختیار ایک ہی دعا نکلی۔ فیضان سے آخری ملاپ کی دعا۔ رحمت خداوندی جوش میں آئی اور فرشتہ اجل کے بڑھے ہاتھ رک گئے۔ غلام اللہ نے انہیں سہارا دے کے بٹھانے کو کہا پھر چارپائی پر بیٹھے بیٹھے دیوار سے ٹیک لگا کر اس نے نماز پڑھی۔

نماز کے اختتام پر تینوں نے مشترکہ اپنے ہاتھ دعا کے لیے اٹھائے۔ جب غلام اللہ نے آخری مرتبہ آمین کہہ کر ہاتھ نیچے گرائے اور نظریں اٹھا کر سامنے دیکھا تو

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

زندگی کی نئی لہر اس کے چہرے پر رینگ گئی۔
فیضان اس کے سامنے کھڑا تھا ــــــ!

ـــــ○ـــــ

"فیضان میرے بیٹے!"

اس نے بیقرار ہو کر اپنے دونوں ہاتھ پھیلا دیئے۔ فیضان بے اختیار آگے بڑھا اور اس کے سینے سے لگ گیا۔

"میرا دل کہتا تھا تم ضرور آؤ گے ــــــ خدایا تیرا لاکھ لاکھ شکر ہے۔ اب میں دل پر کوئی بوجھ لے کر دنیا سے نہیں جاؤں گا" ــــــ وہ رندھی ہوئی آواز میں بڑبڑایا۔ "فیضان میرے بیٹے! جب روسیوں نے میرے گاؤں پر حملہ کیا تو میں اکیلا ہی اپنے گھر میں زندہ بچا تھا ــــــ" اس نے رک کر سانس لیا۔

"میرا ایک بیٹا تھا تمہاری طرح ــــــ!! کابل جا کر وہ بھی آزاد خیال ہو گیا ــــــ جب کبھی چھٹی آتا مجھے "انقلاب کی برکتوں" سے آگاہ کرتا رہتا ــــــ!

میں نے اسے ایک دو مرتبہ سمجھانے کی کوشش کی لیکن اس نے میری بات پر کان نہ دھرے۔ تم نوجوانوں میں یہی ایک کمی ہوتی ہے کہ تم جب تک خود ٹھوکر نہ کھالو ــــــ دوسرے کی بات پر کان نہیں دھرتے ــــــ جانے تم لوگ خود تجربہ کرنے پر کیوں تل جاتے ہو؟

یہ جانے بغیر کہ اس تجربے کی کتنی قیمت تمہیں ادا کرنی ہو گی۔

اپنے بزرگوں کے تجربات سے فائدہ اٹھانا شاید تم نے سیکھا ہی نہیں۔

خیر ــــــ! میں نے جب دیکھا وہ میری بات نہیں مانتا تو چپکا ہو رہا ــــــ میں نے سوچا! وقت اسے خود ہی حالات کی اصلیت سے آگاہی دے دے گا ــــــ!

اس کی آواز بھرا جانے سے گلا رندھ گیا تھا ــــــ یوں محسوس پڑتا تھا جیسے اس کی آنکھوں میں رکے تمام آنسو اس کے حلق میں اٹکنے لگے ہیں!

"ایک مرتبہ وہ چھٹی آیا تو اس کا چہرہ جوش مسرت سے دمک رہا تھا۔ اس نے مجھے آتے ہی کہا! بابا ہماری قسمت جاگ اٹھی ــــــ روسی دوست ہماری مدد کو آگئے ہیں۔ افغانستان کی قسمت بدل جائے گی۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com



ہاں بیٹا! میں نے کہا۔ تم واقعی ٹھیک کہتے ہو اب افغانستان کی قسمت بدلنے والی ہے۔ ذلت اور بدبختی اب ہمارا عیسا بننے والی ہے۔

وہ روز بد جس کے نہ آنے کی دعا افغانستان کا ہر بوڑھا کر رہا تھا ——— آکر ہی رہا۔

اس روز تو میرے بیٹے نے ہمیشہ کی طرح میری بات کا مذاق اڑایا' لیکن جب تیسرے ہی روز اس کا ماموں نزدیک کی ایک ولایت سے ہمارے ہاں پہنچا اور اس نے میرے بیٹے کو بتایا کہ اس کے "روسی دوستوں" نے ان لوگوں کے ساتھ کیا سلوک کیا تو میرا نادان بیٹا خاموش ہو گیا ———!!

فیضان! وہ بہت جذباتی تھا۔

ہر پٹھان کی طرح جوشیلا ——— کچھ نہ کچھ کر گزرنے کے لیے ہمیشہ تیار رہنے والا!

اسی روز رات کو وہ اچانک غائب ہو گیا ———! ہمارے نزدیک دور سے روسی فوجیوں کی "دوستی کے ثبوت تو موصول ہو رہے تھے لیکن پاکستانی سرحد سے نزدیک ہونے کی وجہ سے ابھی تک ہمارا علاقہ ان کی دست برد سے محفوظ تھا۔

تیسرے روز اچانک میرا بیٹا لوٹ آیا ———!

جانتے ہو فیضان اس نے مجھے آتے ہی کیا کہا ———!!

"کیا" ———؟ فیضان کے منہ سے بے اختیار نکلا۔

"وہ ہمیشہ انقلاب کے گن گایا کرتا تھا ——— جو روسی فوجوں کی آمد کو افغانستان کی خوش بختی سے تعبیر کرتا تھا جب تین روز تک نزدیک دور کے علاقے میں کامریڈوں کی بربریت کے نظارے اپنی آنکھوں سے دیکھے تو اس کی دنیا ہی بدل چکی تھی۔

"بابا! ہمیں آج رات ہی یہاں سے نکلنا ہو گا۔ لاکھوں کی تعداد میں لوگ اپنی جان اور عزتیں بچا کر ہمسایہ اسلامی ملک میں پناہ لے رہے ہیں ———!

"بابا! تم سچ کہتے تھے ———!!

وہ ننھے منے بچوں کی طرح سسک پڑا۔

میں نے اسے حوصلہ دیا اور یاد دلایا کہ وہ افغان ہے۔ اسے اپنا فرض نبھانا ہو

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لیے آج ہی وزٹ کریں

گا۔ اسے آج سے مجاہد بننا ہو گا۔

اپنی تھری ناٹ تھری رائفل اسے تھماتے ہوئے کہا کہ بیٹا! اس رائفل سے نکلنے والی گولیوں نے فرنگیوں کو اس سرزمین پر قدم جمانے کا موقعہ نہیں دیا تھا ——— میرے ہاتھ اب بوڑھے ہو رہے ہیں ——— شاید اتنی تیزی سے ٹریگر پر نہ چل سکیں جتنی تیزی سے تمہارے جوان ہاتھ ———! آج سے یہ امانت تمہارے حوالے کر رہا ہوں ———!

"ہم لوگوں نے دوسرے روز کسی قافلے کے ساتھ یہاں سے نکلنے کا ارادہ کیا تھا۔

وہ میری زندگی کا خوش قسمت ترین دن تھا ——— اس روز میرے بچے کی چھن جانے والی غیرت لوٹ آئی تھی ———

لیکن ———!!

وہ سسک پڑا۔ آنسو جو اس کے اندر جانے کب سے منجمد ہو رہے تھے۔ اس کے سینے کی تپش سے پگھل گئے۔!

اس کی سفید ڈاڑھی آنسوؤں سے بھیگنے لگی تھی۔

جوان بیٹے کی یاد نے اسے رلا دیا تھا ———!

"یہ خوشی بہت عارضی ثابت ہوئی ———" اس نے ٹھنڈی سانس بھر کر کہا۔

"جب صبح ہم روانہ ہونے کی تیاریاں کر رہے تھے تو اچانک روسی ہیلی کاپڑ وہاں آ گئے۔ اونہوں نے اندھا دھند بغیر کسی وارننگ کے نہتے اور بے بس انسانوں پر آگ برسانا شروع کر دی۔

میرے بیٹا! میرے روکنے کے باوجود رائفل لے کر باہر بھاگا۔ شاید نزدیکی پہاڑی میں بیٹھ کر وہ نیچے آنے پر ہیلی کاپڑ کو تھڑی ناٹ تھری کی معمولی سی رائفل سے گرانا چاہتا تھا ———!

"بیٹا! ابھی وہ چند گز دور تک ہی گیا تھا جب ایک ہیلی کاپڑ کی مشین گنوں سے لپکنے والی سرخ انگاروں کی زبان نے اسے چاٹ لیا۔

میں بھاگ کر اس کے نزدیک پہنچا تو میرا بیٹا! ——— میرا گھبرو شہید ہو چکا تھا ——— میرے پیچھے ایک دوسرے ہیلی کاپڑ نے میرے گھر پر راکٹ پھینکا اور میری

بیوی اور دوسری عورتوں کو جنہوں نے یہاں پناہ لے رکھی تھی موت کی نیند سلا دیا۔

بوڑھے غلام اللہ نے بڑی جلدی اپنی حالت پر قابو پالیا۔

"میرے بیٹے! اس کے بعد جس طرح میں نے ہجرت کی وہ الگ کہانی ہے۔!

میرے مرحوم بیٹے نے ایام جہالت میں پرچم پارٹی میں شمولیت اختیار کی تھی۔ اس کی یہی پہچان میرے کام آگئی ـــــ اپنے امیر کے حکم پر میں کابل چلا آیا اور اپنے بیٹے کی سابقہ پہچان کا حوالہ دے کر نوکری حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا۔!

کچھ پڑھا تھا لکھا کسی نہ کسی طرح "خاد" کے ہیڈکوارٹر تک پہنچ گیا۔

تمہارے جیسے کئی نوجوان جو اس انقلاب کی اصلیت جان کر جب اس سے کنارہ کشی اختیار کرتے تو وہ "خاد" کے مذبح خانوں میں پہنچ جاتے تھے اور میں انہیں اپنی ادھوری تصویریں سمجھ کر ان میں رنگ بھرتا اور ہوشیاری سے انہیں دشمن کے چنگل سے نکالتا رہا ـــــ!

اچانک اس پر کھانسی کا دورہ پڑا ـــــ بوڑھا غلام اللہ پیٹ پر ہاتھ رکھ کر دوہرا ہو گیا۔

اس کی حالت دیکھ کر فیضان گھبرا گیا اور تیزی سے ڈاکٹر کو بلانے باہر لپکا۔

"کیا بات ہے؟ کیا ہوا؟" ـــــ سامنے سے قاسم ایشان زادہ ایک ہاتھ میں قہوے کی کیتلی اور دوسرے ہاتھ میں پیالیاں پکڑے ان کی طرف ہی آرہا تھا ـــــ!

"چاچا! ان کی حالت بگڑ گئی ہے ـــــ تم اندر چلو ـــــ میں ڈاکٹر کو بلاتا ہوں۔"

ڈاکٹر کو لے کر جب فیضان اندر پہنچا تو قاسم ایشان زادہ اپنے بچپن کے دوست غلام اللہ پر جھکا ہوا تھا ـــــ

دونوں کو اندر آتے دیکھ کر غلام اللہ نے آنکھیں کھولیں۔

ایک نظر اس نے فیضان پر ڈالی اور اسے نزدیک آنے کا اشارہ کیا۔

"میرے بچے! میرا کام ختم ہو گیا ـــــ اللہ نے شاید مجھے آخری مرتبہ تم

لوگوں سے ملاتا تھا ـــــ میں مطمئن اس کی عدالت میں جا رہا ہوں ـــــ!"

"میرے بچے! اپنا فرض کبھی نہ بھولنا ـــــ!!

"الوداع! خدا تمہارا حامی و ناصر ہو ـــــ"

اس نے آنکھیں موند لیں ـــــ

ڈاکٹر نے بے بسی سے جھپٹ کر اس کی نبض پر ہاتھ رکھ دیا ـــــ!!

اس کے پاس شاید کوئی ایسی دوائی نہیں تھی جو اس حالت کے مریضوں کی زندگی چند منٹ ہی کے لیے بڑھا سکتی ـــــ!

فیضان اس کی چارپائی سے لگ کر بیٹھ گیا ـــــ!

اس کے کانوں میں غلام اللہ کے آہستہ آہستہ قرآنی آیات بڑبڑانے کی آوازیں آتی رہیں۔ پھر بڑبڑاہٹ بھی ڈوبنے لگی ـــــ!

قاسم ایشان زادہ نے اس کے سرہانے سورہ یاسین کی تلاوت شروع کر دی تھی۔

آخری رکوع ختم ہونے پر جب اس نے اپنے دوست کی نبض تھامی تو زندگی کی نبضیں ساکت ہو چکی تھیں۔

"انا للہ و انا الیہ راجعون" اس کے منہ سے نکلا۔

یہی آیات فیضان اور ڈاکٹر نے دہرائیں۔

"بخدا تو سرخرو ہو کر اللہ کی عدالت میں جا رہا ہے۔" قاسم ایشان زادہ نے رندھے ہوئے گلے سے کہا۔

فیضان نے اپنے آنسو روکنے کی ہزار کوشش کی تھی لیکن ضبط کے سارے بندھن ٹوٹ چکے تھے۔

اس نے سسکیوں کا گلا گھونٹتے ہوئے اپنے کندھے سے چادر اتار کر غلام اللہ پر ڈالی پھر اس کے سرہانے دیوار سے ٹیک لگا کر بیٹھ گیا۔

اللہ کے غلام نے انسانی غلامی کی لعنت کا طوق گلے سے اتار کر پوری کائنات کے آقا کی آغوش میں پناہ لے لی تھی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# انجامِ سفر

یاسمین اچانک ہی ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھی تھی۔ اسے کمرے میں کسی کی موجودگی کا احساس ہوا تھا یوں جیسے کسی نے اسے پاؤں کا انگوٹھا پکڑ کر جگایا ہو۔ اس نے گھبراہٹ ہی میں ٹیبل لیمپ کا بلب روشن کیا تھا۔ واقعی وہاں کوئی موجود تھا' لیکن آنے والے کا منہ کپڑے میں لپٹا ہوا دیکھنے کے باوجود اس نے سکھ کا سانس لیا وہ کوئی اور نہیں ہو سکتا تھا سوائے فیضان کے۔

"آپ کب آئے؟"——! اس کو بیدار ہوتے دیکھ کر نقاب پوش نے نقاب گرا دیا تھا۔

"ابھی آیا ہوں۔ خدا خیر کرے آج اس علاقے میں فوج اور سیکورٹی کچھ زیادہ ہی نظر آ رہی ہے——!

چچا ارغان تو آ گئے ہیں نا——!" اس نے ایک ہی سانس میں بہت سی باتیں کہہ ڈالیں۔

"آج کل وہ رات کو کم ہی گھر آتے ہیں۔ آج بھی شاید نہیں آئے"—— یاسمین بولی۔

یہ فیضان کی اس سے پہلی ملاقات نہیں تھی۔ وہ جب بھی کابل آتا یاسمین سے ضرور مل کر جاتا۔ اگر کبھی دس پندرہ دن تک اسے آنے کا موقع نہ ملتا تو کسی ذریعے سے پیغام بھیج کر اپنی خیریت سے ان لوگوں کو مطلع کر دیا کرتا۔

ارغان کا تعارف اس نے میر داد خان سے کروا دیا تھا۔ جکہن ارغان اب مجاہدین کا قابل اعتماد نمائندہ تھا۔ اس کی رسائی اکثر ان مقامات تک بھی ہو جاتی تھی جہاں احمد ترسون کی رسائی ممکن نہیں تھی۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

بگرٹن ارغان کی مجاہدین میں آمد تائید غیبی سے کم نہیں تھی۔ انہیں "خاد" کے ہیڈ کوارٹر میں طے پانے والی کسی بھی کارروائی کی خبر بہت پہلے مل جایا کرتی تھی۔ بگرن ارغان کی مدد سے مجاہدین نے کئی آپریشن ترتیب دیے اور کامیابی سے انہیں انجام تک پہنچایا۔

"خاد" کا آپریشنل چیف کرنل شولوخوف چکرا کر رہ گیا۔ اسے سمجھ نہیں آ رہی تھی کیا کرے؟ کدھر جائے؟ اس کا ہر منصوبہ روبہ عمل آنے سے پہلے اپنے بھیانک انجام کو پہنچ جاتا تھا۔ مجاہدین ہغمان پر قریبا" ہر رات حملہ کرتے تھے۔ اب تو ان کے حملے کابل ایئر پورٹ پر بھی ہونے لگے تھے۔ اس بات کا تو شولوخوف کو یقین ہو چکا تھا کہ ضرور کوئی مجاہدین کا جاسوس ان میں موجود ہے لیکن وہ کون ہے یہی جاننے کے لیے اس نے باری باری سب کو چیک کیا تھا۔

اور آج ——— بگرن ارغان کی باری تھی۔

کرنل شولوخوف نے دانستہ ایک کارروائی اس کی موجودگی میں ترتیب دی جس کی رو سے ایمونیشن سے بھرے ایک ٹرک کو رات کے اندھیرے میں کابل کے ایک پہاڑی مقام تک لے جانا تھا۔

———O———

وہی ہوا اور کرنل شولوخوف کی توقع کے مطابق' ایک مخصوص مقام پر جہاں ٹرک نے موڑ کاٹنا تھا مجاہدین نے رکاوٹ کھڑی کر کے اسے روک لیا۔ اب یہ الگ بات کہ ٹرک میں دو افغان سپاہی اور ایمونیشن کے خالی ڈبوں کے سوا کچھ نہیں تھا۔ یہ چال شولوخوف نے ان لوگوں کو دھوکہ دینے کے لیے چلی تھی جس میں وہ بہرحال کامیاب رہا۔ اسے علم ہو گیا تھا کہ یہ کام بگرن ارغان ہی کا ہے ——— لیکن اسے یقین نہیں آ رہا تھا۔

اس روز بگرٹن ارغان حسب معمول حالات سے بے خبر کابل کے ایک پرانے قہوہ خانے کی طرف چلا جا رہا تھا ——— یہ بات اس کے وہم و گمان میں بھی نہیں آ سکتی تھی کہ وہ "زیر نگرانی ہے۔ !

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس کی نگرانی کے لیے کرنل شولوخوف نے خاص طور سے ایسے لوگوں کا انتخاب کیا تھا جن کی وفاداریاں وہ ایک مدت سے آزما رہا تھا۔ ان لوگوں کا تعلق براہ راست کے جی بی سے تھا اور کابل میں یہ کے جی بی کے لیے خدمات انجام دے رہے تھے۔

روسی انٹیلی جنس نے اپنا جال بڑی مضبوطی سے بنا ہوا تھا گو کہ افغانستان کی اپنی خدمت اطلاعات دولتی (خاد) بھی انہی کی بنائی اور سنواری ہوئی تھی اس کے باوجود انہوں نے کے جی بی کا جال بھی سارے افغانستان پر پھیلا رکھا تھا۔

"کے جی بی" کے یہ ایجنٹ "خاد" کی نظروں سے بھی پوشیدہ رکھے جاتے تھے۔ لاشعوری طور پر روسی اس بات کو کبھی کے تسلیم کر چکے تھے کہ کبھی نہ کبھی افغانوں کی ملی غیرت ضرور جاگے گی اور جو مٹھی بھر لوگ بظاہر ان کا ساتھ دے رہے ہیں وہ کسی بھی لمحے ان کے لیے بالکل اجنبی بن کر رہ جائیں گے ـــــ تب پھر ان کے یہی مقامی ایجنٹ ہی تھے جن کے ذریعے وہ دوبارہ اس سرزمین پر سازش کی کوئی نئی سکیم تیار کر سکتے۔

یوں بھی ان ایجنٹوں سے وہ لوگ "آف دی ریکارڈ" کام کرواتے رہتے تھے۔ ان کے ذریعے ہی وہ کابل کے اعلیٰ حکام پر نظر رکھتے تھے اور ان کے خیالات اور جذبات کے پل پل کی اطلاعات جمع رکھتے۔

آج میجر ارخان کی نگرانی بھی ایسے ہی کے جی بی کے دو زر خرید غلام کر رہے تھے ـــــ!!

اس مخصوص قہوہ خانے میں پہنچ کر ارخان نے ایک کرسی سنبھال لی۔ قہوہ خانہ سگریٹوں کے دھوئیں سے بھرا ہوا تھا۔ وہاں موجود گاہکوں اور ریڈیو سے نشر ہونے والی اونچی آوازوں کے درمیان کان پڑی آواز سنائی نہیں دیتی تھی۔

مجاہدین ارخان سے ملاپ کے لیے عموماً ایسی جگہوں کا انتخاب کیا کرتے تھے۔

آج بھی جیسے ہی وہ قہوے خانے میں داخل ہوا ـــــ اس کے استقبال کے لیے پہلے ہی سے موجود ایک مقامی افغان کی نظریں اس پر جم کر رہ گئیں ـــــ قہوے کا بڑا سا گھونٹ بھر کر اس نے ـــــ ارخان کے بیٹھنے کا انتظار کیا اور اس کے بیٹھنے

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لیے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کے دو تین منٹ بعد ہی اس کے پاس پہنچ گیا۔

ارخان اس سے اٹھ کر یوں بغلگیر ہوا تھا جیسے وہ اس کا کوئی دیرینہ آشنا ہو۔ اس بات کا دونوں ہی کو احساس نہ ہو سکا کہ میجر ارخان کے تعاقب میں یکے بعد دیگرے آنے والے دو اور افغانوں کی پر تجسس نظریں ان کا احاطہ کیے ہوئے تھیں۔

جب دونوں آپس کی گفتگو سے فارغ ہو کر باہر نکل رہے تھے تو دونوں کے تعاقب میں پھر ایک کے جی بی کا ایجنٹ لگ چکا تھا۔

اس کے بعد سے اس نے اپنے خصوصی اور انتہائی قابل اعتماد آدمیوں کے ذریعے ارخان کی نگرانی شروع کروا دی تھی۔

جس روز دوبارہ اس کے آدمیوں نے ارخان کی خفیہ نگرانی اور پراسرار آدمیوں سے ملاقات کی "رپورٹ" پیش کی تو کرنل شولوخوف کی آنکھوں میں گویا خون ہی اتر آیا تھا۔ اس نے فوراً ہی ایک خصوصی دستے کو اس کی گرفتاری کا حکم دے دیا۔

---

میجر ارخان کوئی دودھ پیتا بچہ نہیں تھا کہ وہ معاملات کی سنگینی کا احساس نہ کر پاتا۔ اس نے سر شام ہی جب ایک ضابط کو زیر کمان چار سپاہیوں کو اپنے بلاک کی طرف آتے دیکھا تو اس کا ماتھا ٹھنکا۔ چھٹی حس کسی پیش آمدہ خطرے کی نشاندہی کر رہی تھی اور آج تک اسے چھٹی حس نے کبھی دھوکا نہیں دیا تھا۔

ایک لمحہ کے لیے اس نے کچھ سوچا پھر گھر کا نمبر گھما دیا' لیکن دوسری طرف تو صبح ہی سے لائن کٹ چکی تھی۔ اس نے جیسے ہی ٹیلی فون نیچے رکھا۔ اسی لمحے انٹرکام کی گھنٹی بجنے لگی۔ اپنی اندرونی حالت پر قابو پا کر اس نے دھڑکتے دل سے انٹرکام اٹھایا دوسری طرف سے بلاک پر متعین گارڈ کا انچارج اس سے مخاطب تھا۔

"آپ کو آپریشنل چیف نے یاد فرمایا ہے۔" اس نے سلام کے بعد مختصر سا پیغام دیا۔

"ٹھیک ہے۔ میں آتا ہوں۔"

www.iqbalkalmati.blogspot.com



اس نے مختصر سا جواب دے کر فون رکھ دیا۔ اس کے پاس کوئی بھی فیصلہ کرنے کے لیے صرف چند سیکنڈ تھے۔ ایک لمحے کے لیے جگرٹن ارخان نے کچھ سوچا اور پھر ایک فیصلے پر پہنچ کر مطمئن ہو گیا۔

اس نے فیصلہ کر لیا تھا کہ بزدلوں کی طرح سسک سسک کر جینے کی بجائے غیرت مندوں کی طرح ایک ہی مرتبہ موت کو گلے لگا لے گا۔ کمرے کے ایک کونے میں کارنس پر دھری اپنی کلاشنکوف اٹھاتے ہوئے ایک لحہ کے لیے اس کا دھیان یاسمین کی طرف ضرور گیا تھا' لیکن جیسے ——— کسی غیر مرئی قوت نے اسے اچانک ہی احساس دلایا کہ فیضان کے ہوتے ہوئے تمہیں گھبرانے کی ضرورت نہیں۔

کمرے سے باہر نکلتے ہوئے وہ سچے دل سے اپنے گناہوں کی معافی اللہ سے مانگ رہا تھا۔ بلاک کے دروازے کی طرف قدم اٹھاتے ہوئے جگرٹن ارخان کو یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے وہ ہلکا پھلکا ہو کر ہوا میں اڑنے لگا ہو۔

اس کے دل کا سارا بوجھ اتر چکا تھا ———!!!

———○———

گن اس کے ہاتھ میں پکڑی ہوئی تھی اور یہ بلاک کے دروازے پر متعین گارڈ کے لیے کوئی اچنبھے کی بات نہیں تھی کیونکہ جس خصوصی چھاپہ مار اینٹی مجاہدین گروپ سے میجر ارخان کا تعلق کہ اس کے ممبران ہر وقت "سٹینڈ ٹو" رہتے تھے۔ خصوصاً" اپنے افسر اعلیٰ کے سامنے پیش ہوتے وقت وہ مسلح ہو کر جاتے تھے۔ یہ الگ بات کے دروازے پر ہی ان کے ہتھیار رکھ لیے جاتے ———!

ضابط اور اس کے ساتھی بظاہر میجر ارخان کے احترام میں مستعد ہو گئے۔ انہیں خصوصی ہدایت کی گئی تھی کہ کرنل شولوخوف کے کمرے کے دروازے پر پہنچنے تک ارخان کو بالکل نہ چھیڑا جائے۔ یہ احتیاط مقامی ملازمین کی ممکنہ انگیخت کے پیش نظر اختیار کی گئی تھی۔ کمرے کے دروازے تک وہ لوگ اس کے آگے آگے چلتے ہوئے آئے تھے۔ دروازے سے چند قدم دور ہی وہ رک کر اس کی طرف واپس مڑے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



لیکن ـــــ یہ کیا؟ زمین نے جیسے ان کے قدم جکڑ لیے ہوں۔

بگڑن ارخان کی سٹین گن ان کی طرف اٹھی ہوئی تھی۔ دروازے پر متعین روسی سپاہی ابھی اس طرف متوجہ نہیں ہوا تھا ـــــ!

"اپنے ہتھیار پھینک کر فوراً" یہاں سے بھاگ جاؤ۔ میں نہیں چاہتا کسی مسلمان کے خون سے اپنے ہاتھ رنگوں۔"

ارخان کے لہجے میں جھلکتی سچائی اور آنکھوں سے ٹپکتی وحشت نے ان لوگوں کو یقین دلایا تھا کہ یہ شخص سچ بول رہا ہے۔ صرف دھمکی ہی نہیں دے رہا۔

محض چند سیکنڈ میں وہاں تین کلاشنکوف رائفلیں پڑی تھیں اور حسب حکم وہ لوگ الٹے قدموں پیچھے ہٹ رہے تھے۔ عین ان لمحات میں کمرے کا دروازہ کھلا اور ڈیوٹی پر متعین روسی سپاہی اندر سے برآمد ہوا۔ آج یہاں "ضابط" کے فرائض وہی سرانجام دے رہا تھا۔ اور شاید کسی کام سے اندر گیا تھا۔

اس سے پہلے کہ باہر کی صورت حال اس کی سمجھ میں آتی۔ میجر ارخان کی سٹین گن نے آگ اگلنا شروع کر دی۔ وہ فضا میں اڑتے پرندے کا نشانہ لے کر گرا لیا کرتا تھا۔ ایک دوسرے کے تعاقب میں تین گولیاں محض ایک ایک انچ کے فاصلے پر "روسی ضابط" کے سینے میں سوراخ کر گئیں۔ خون فوارے کی طرح ابل رہا تھا۔ وہ چکرا کر گر پڑا۔

اس سے پہلے کہ اندر موجود کرنل میخائل شولوخوف کو باہر کے حالات کا علم ہوتا۔ دروازہ بگڑن ارخان کی زوردار ٹھوکر سے کھل گیا۔

شولوخوف نے اپنی دانست میں ریوالور اپنے ہولسٹر سے نکالنے میں بہت پھرتی دکھائی دی لیکن اجل سے زیادہ عجلت نہ دکھا سکا اور ارخان کی گن سے لپکتی لمبی سرخ زبان نے اسے چاٹ لیا۔

ارخان بڑی پھرتی سے باہر کو لپکا۔ دروازے سے باہر اس کی نظروں نے آخری منظر یہ دیکھا کہ تین روسی سپاہی کلاشنکوف گنیں چھتیائے تیزی سے اس کی

www.iqbalkalmati.blogspot.com



طرف آ رہے تھے۔

تینوں سپاہیوں اور ارخان کی انگلیاں اکٹھی ہی ٹریگروں پر دبی تھیں۔ بکرمن ارخان کو ان کا انجام دیکھنے کی مہلت نصیب نہ ہو سکی۔ بس گرتے گرتے اس نے آخری منظر یہی دیکھا کہ تینوں سپاہی ڈگمگا رہے تھے۔

قریبی بیرک میں فائرنگ کی آواز سن کر تیزی سے بھاگ کر باہر آنے والے افغانی سپاہیوں نے بکرمن ارخان کو سیدھا کیا جو پہلو کے بل گرا ہوا تھا۔ ارخان آہستہ آہستہ کلمہ طیبہ کا ورد کر رہا تھا۔ اس کی آنکھوں کہیں دور فضا میں ٹک گئی تھیں اور ہونٹوں سے ایک ابدی مسکراہٹ چپک گئی تھی۔

پھر اس کی بڑبڑاہٹ بھی بند ہو گئی۔!

"انا للہ وانا الیہ راجعون!" —— بوڑھے فوجی نے اپنے گرد دائرے بنائے جوانوں پر نظر دوڑائی اور اٹھ کر کھڑا ہونے سے پہلے اپنے لرزتے ہاتھوں کی انگلیوں سے بکرمن ارخان کی کھلی آنکھیں بند کر دیں۔

نزدیک ہی تینوں روسی سپاہی ایڑیاں رگڑ رہے تھے' لیکن ان میں سے کسی نے اس طرف دیکھنے کی زحمت گوارا نہیں کی۔ ان کی آنکھوں میں خون اتر آیا تھا اور دلوں میں نفرت کے الاؤ دھک رہے تھے لیکن وہ کچھ نہیں کر سکتے تھے۔ ان سب پر تو جیسے سکتہ طاری ہو گیا تھا۔ تمام معاملہ ان کی سمجھ میں آ چکا تھا۔

وہاں موجود تمام سپاہی ایک دوسرے سے نظریں ملانے سے ہچکچا رہے تھے۔ ڈائریکٹر اسفندیار کو دو مسلح ضابطوں کے ساتھ اس طرف آتے دیکھ کر وہ لوگ بوجھل قدموں سے اپنی بیرک کی طرف چل دیئے۔

اسفندیار نے زمین پر بیٹھ کر جھکتے ہوئے ایک نظر بکرمن ارخان کے شہید وجود پر ڈالی۔

"میرے خدایا ——" اس کے دل سے آہ نکلی اور وہ اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔

ایک نظر اس نے سامنے کے کھلے دروازے پر ڈالی پھر اپنے ساتھیوں کے ساتھ اندر داخل ہو گیا۔ کرنل شولوخوف کی لاش پر ایک نظر پڑتے ہی اس نے ایسے لمبی سانس بھری جیسے کسی بہت بڑے بوجھ سے چھٹکارا پا گیا ہو۔ وہ شولوخوف کی لاش

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کے بہت نزدیک آکر اکڑوں بیٹھ کر اس کا جائزہ لیتا رہا۔ جیسے اس کی موت کا یقین کر لینا چاہتا ہو۔ جب اس کو یقین ہو گیا کہ وہ واقعی کوئی خواب نہیں دیکھ رہا تو بوجھل قدموں سے لیکن قدرے مطمئن باہر آکر کھڑا ہو گیا۔

اسے اس حادثے سے اگر کوئی معمولی سا بھی دکھ ہوا تھا تو وہ ارخان کی موت کا دکھ تھا۔ وہ کم از کم اس بات پر خدا کا شکر گزار تھا کہ بکرن ارخان حرام موت نہیں مرا اور جاتے جاتے ایک بڑے موذی کا صفایا بھی کر گیا ہے۔ یہ الگ بات کہ آنے والا اس سے بھی کوئی سخت گیر ہو سکتا ہے۔ کیونکہ اس عہدے پر بہرحال کسی "روسی مشاور" ہی نے فائز ہونا تھا۔

کچھ بھی تھا فی الوقت تو ڈائریکٹر اسفندیار نے سکھ کا سانس لیا——!

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# نئی منزلوں کے مسافر

رات کے اس پہر یاسمین کی خواب گاہ کے دروازے پر ہونے والی دستک نے ان دونوں ہی کو پریشان کر دیا تھا۔ دونوں باتیں کر رہے تھے جب اچانک ایک قدرے شریفانہ دستک انہیں چونکا گئی۔

"کون ہو سکتا ہے؟" —— فیضان نے سوچا۔

وہ اپنی یہاں موجودگی کی اطلاع "مرکز" کو ضرور دیا کرتا تھا۔ کہیں اچانک اس کی طلبی نہ آگئی ہو یا پھر دشمن کو اس کی موجودگی کا یہاں علم ہو چکا ہے؟

کچھ بھی تھا اسے چند سیکنڈ کے اندر ہی کوئی فیصلہ کرنا تھا۔

یاسمین کے چہرے پر ہوائیاں اڑنے لگی تھیں۔ خوف سے یوں دکھائی دیتا تھا۔ جیسے کسی نے اس کے چہرے سے سارا خون نچوڑ لیا ہو۔ سفید کپڑے کی طرح دھلا ہوا چہرہ لے کر وہ کسی لاشعوری عمل کی تابع اٹھ کھڑی ہوئی۔ فیضان نے اپنے ہونٹوں پر انگلی رکھ کر اسے خاموش رہنے کا اشارہ کیا اور دروازے سے ملحق دیوار سے لگ کر کھڑا ہو گیا۔

اس نے یاسمین کو اشارے سے دروازے کھولنے کو کہا۔ فیضان نے اپنی رائفل بالکل پوزیشن میں کی ہوئی تھی اور دروازہ کھول کر اندر آنے والے کی اس پر نظر پڑنے کا امکان بھی نہیں تھا۔ یاسمین اس کا مطلب تو سمجھ گئی تھی لیکن اس کے جسم نے کوئی حرکت کرنے سے انکار کر دیا تھا۔

پھر اس نے خود کو سنبھالا۔ ڈگمگاتے قدموں پر چلتی وہ دروازے تک گئی۔ اس دوران دو مرتبہ مزید دستک ہو چکی تھی۔ اس نے لرزتے ہاتھوں سے دروازہ کھول

www.iqbalkalmati.blogspot.com : مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com


دیا۔

—O—

نووارد نے اپنا منہ کپڑے میں ڈھانپ رکھا تھا——

"گھبرانا نہیں بٹی میں دوست ہوں۔"

اس نے اندر داخل ہوتے ہی پہلا فقرہ بڑی تیزی سے محض اس لیے ادا کر دیا تھا کہ یاسمین سنبھل جائے۔

فیضان نے کپڑے میں منہ چھپائے ہونے کے باوجود پہچان لیا تھا کہ یہ قاسم ایشان زادہ ہے اور اس کی اچانک آمد—— خدا خیر کرے۔

وہ دروازے سے نکل کر سامنے آگیا۔

"خیریت!"——

"اللہ ہم سب پر خیر کرے۔"

ایشان زادہ نے ایک گہری سانس لے کر منہ کے گرد لپٹا کپڑا اتار دیا۔ وہ اب یاسمین سے مخاطب تھا۔

"بٹی! موت تو برحق ہے۔ خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو اچھی موت مرتے ہیں۔ میں تمہارے لیے کوئی اچھی خبر نہیں لایا' لیکن ایک مسلمان افغان زادی ہونے کے ناطے یہ خبر تمہارے لیے بری بھی نہیں—— ہمیں ابھی اطلاع ملی ہے کہ تمہارے والد ارخان نے روسی کرنل کو مار ڈالا اور خود بھی شہید ہو گئے ہیں۔"

اتنا کہہ کر وہ چند ثانیے کے لیے خاموش ہو گیا۔

یاسمین کو یوں محسوس ہوا جیسے اچانک کسی نے بڑا زوردار گھونسہ اس کے دل پر مار دیا ہو۔ اسے اپنے قدموں پر کھڑے رہنے میں بڑی دشواری پیش آ رہی تھی۔ سسکیاں بھرتی وہ اپنے پلنگ پر ڈھیر ہو گئی۔ فیضان مرد تھا لیکن اپنے جذبات پر کنٹرول رکھنا۔ اس کے لیے بھی بہت مشکل ہو رہا تھا۔ اس کی آنکھیں ضبط کے باوجود—— بھیگ چلی تھیں۔

"انا للہ وانا الیہ راجعون"—— وہ بڑبڑایا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



قاسم ایشان زادہ نے آگے بڑھ کر سسکیاں بھرتی یاسمین کے سر پر ہاتھ رکھا اور اسے چپ کرانے لگا۔

"بیٹی! میں بڑی افراتفری میں اپنے ایک اور ساتھی کے ساتھ بڑا خطرہ مول لے کر یہاں تک پہنچا ہوں۔ ہمارے پاس بہت مختصر وقت ہے کسی بھی لمحے یہاں کوئی بھی آ سکتا ہے۔ تم جلدی تیار ہو جاؤ۔ ہم یہاں سے فوراً" چلنے والے ہیں۔"

غمزدہ یاسمین کو بہرحال وقت کی نزاکت کا احساس تھا۔ اس نے خود پر قابو پانے میں حیرت انگیز پھرتی کا مظاہرہ کیا۔ بڑی ہمت سے اس نے اپنی شال سے اپنا آنسوؤں سے بھیگا چہرہ صاف کیا اور اٹھ کر بیٹھ گئی۔

"ہم دروازے پر تمہارے منتظر ہیں۔ جتنی جلدی ممکن ہو تیار ہو کر آ جاؤ۔ زیادہ سامان اٹھانے کی ضرورت نہیں۔ صرف ایک اٹیچی کیس لے آنا۔ جلدی کرو ——"

کہتا ہوا قاسم ایشان زادہ باہر نکل گیا۔

فیضان کو اس کے دکھ کا احساس ضرور تھا' لیکن اسے تسلّی دینے کے لیے اسے کوئی مناسب الفاظ بھی نہیں مل رہے تھے۔ بالآخر وہ اتنا ہی کہہ سکا۔

"یاسمین مجھے تمہارے دکھ کا احساس ہے لیکن تم خود کو اکیلی نہ سمجھنا۔ ہمارے پاس وقت کم ہے جلدی تیار ہو جاؤ۔"

یہ کہہ کر وہ بھی کمرے سے باہر آ گیا۔ مرد ہونے کے باوجود وہ یاسمین سے آنکھیں ملانے کی جرأت نہیں پا رہا تھا۔

یاسمین نے بڑی افراتفری میں بہت دکھی دل سے اپنی ماں کے زیورات اور چند جوڑے کپڑوں کے اپنے اٹیچی کیس میں رکھے۔ اپنے کمرے کے ایک کونے پر رکھی ماں باپ کے ساتھ اپنی تصویر کو ایک لمحے کے لیے اس نے ٹکٹکی باندھ کر دیکھا۔ اس کی آنکھیں بھیگ گئیں اور دل خون کے آنسو رو دیا۔

تصویر اس نے بڑے احترام سے اپنی اٹیچی کیس میں رکھ لی تھی اور باہر آ گئی۔

فیضان نے اٹیچی پکڑ لیا۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.iqbalkalmati.blogspot.com


"ہم تیار ہیں۔"

اندھیرے میں اپنی طرف بڑھتے سایوں کو دیکھ کر فیضان نے سرگوشی کی۔

"آؤ ——" ایشان زادہ کا ہمراہی پکارا۔

دونوں آگے بڑھ آئے۔

"ایک منٹ میں اپنا کام مکمل کرلوں۔" قاسم ایشان زادہ کی آواز سنائی دی۔

سب وہیں رک گئے۔ ایک چرمی تھیلا اٹھائے قاسم ایشان زادہ ان کے قریب سے گزر کر آگے نکل گیا —— فیضان سمجھ گیا تھا کہ وہ کیا کرنے جا رہا ہے۔ اس تھیلے میں یقیناً طاقتور ٹائم بم رکھے ہوں گے۔ ایشان زادہ اپنا کام بمشکل دو تین منٹ میں مکمل کر کے واپس آگیا۔

———O———

کابل کی اس ماڈرن آبادی سے چار سائے ایک دوسرے کے تعاقب میں باہر نکلے اور اندھیرے کی چادر نے جلد ہی انہیں نگل لیا۔ چاروں نے راتوں رات پیدل قریباً پندرہ بیس میل کا سفر طے کیا تھا۔ اس دوران متعدد مرتبہ انہیں کرفیو کے اوقات میں گشت کرتی افغان فوج کی جیپوں کی روشنیوں سے خود کو چھپانا پڑا۔

کابل شہر میں زیادہ تر گشت رات کے اوقات میں روسی فوج ہی کا ہوتا تھا۔ صبح البتہ وہ چھاؤنیوں میں واپس چلے جاتے تھے۔ یاسمین کے لیے یہ سفر بڑا دشوار اور جان لیوا تھا' لیکن حالات اور وقت کی نزاکت کا احساس اس سے زیادہ اور کس کو ہو سکتا تھا وہ جانتی تھی ایک مرتبہ بھی اگر خدانخواستہ وہ ان انسانی درندوں کے ہاتھوں میں پہنچ گئی تو اس کے جسم کی بوٹی بوٹی وہ لوگ نوچ ڈالیں گے۔؟

صبح کاذب کا جالا پھیلنے تک وہ لوگ اپنے ایک محفوظ ٹھکانے تک پہنچ چکے تھے۔ فجر کے بعد اس کے والد کی غائبانہ جنازہ ادا کی گئی اور شام کے بعد دونوں کا نکاح پڑھا دیا گیا اور رات کے اندھیرے میں ایک مرتبہ پھر وہ دونوں دو اور مجاہدین کی ہمراہی میں اگلے ٹھکانے کی طرف چل دیے۔

اس مرتبہ ان کی منزل پاکستان کا ایک مہاجر کیمپ تھی۔ جہاں فیضان نے

www.iqbalkalmati.blogspot.com



یاسمین کو پہنچانا تھا۔ اسے زبردستی ایک ہفتے کی رخصت پر بھیجا گیا تھا ۔ جس کے بعد اسے واپس آ جانا تھا۔

دوسری طرف ان لوگوں کی روانگی کے بمشکل پندرہ منٹ بعد ہی دو تین فوجی ٹرکوں نے کابل کی ماڈرن آبادی کے اس بنگلے کو گھیرے میں لے لیا تھا۔ اپنی دانست میں ان لوگوں نے بہت پھرتی دکھائی ہو گی' لیکن اب موت اور تباہی کے سوا ان کے لیے اور کچھ نہیں تھا۔ یہ موت جو آدھ گھنٹے سے منہ پھاڑے انہیں نگلنے کی منتظر تھی مقررہ وقت پر پھٹ پڑی۔

بنگلہ اپنی تلاشی لینے والوں سمیت خاک کا ڈھیر بن چکا تھا۔ اتنے زور دار دھماکے ہوئے تھے کہ دور دور تک کئی خوبصورت بنگلوں کی کھڑکیوں کے شیشے ٹوٹ گئے۔

چار سال بعد ایک روز۔

پاکستان کے ایک سرحدی مقام پر بنے مہاجرین کے کیمپ میں خیموں کی ایک لمبی قطار کے سرے پر بنے ایک خیمے کے باہر ایک بوڑھی عورت اپنی بہو کے ساتھ بیٹھی تھی۔ ڈھائی سالہ ایک بچہ اپنی دادی سے بار بار لپٹ کر لاڈ کرتا اور پھر واپس ماں کی گود میں آ کر بیٹھ جاتا۔

"کچھ کرنے بھی دو گے ماں کو یا نہیں۔"

بوڑھی دادی نے اسے محبت سے کہا۔

بچے نے ایک لمبے کے لیے غصے سے دادی کی طرف دیکھا اور پرے ہٹ گیا۔

"بالکل فیضان پر گیا ہے وہ بھی ایسا ہی تھا۔"

اس نے اپنی بہو یاسمین کو مخاطب کیا جو اون کی شال بن رہی اور سوچ رہی تھی کہ آج ہی کا دن فیضان کی واپسی کا دن ہے۔ آج ایک دستے کو واپس آنا اور

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

دوسرے کو جانا تھا۔ جانے والوں نے اپنی رائفلیں دھوپ میں کھول کر رکھی ہوئی تھیں اور انہیں بڑی محبت سے صاف کر رہے تھے۔ پھر سارے کیمپ میں جیسے کھلبلی سی مچ گئی۔

دس روز پہلے جانے والا دستہ واپس آ گیا تھا۔ بوڑھی عورت اور اس کی نوجوان بہو کی آنکھیں گویا آنے والوں پر ٹھہر کر رہ گئیں۔ کیمپ میں موجود عورتوں' مردوں اور بچوں نے ان کے گرد گھیرا ڈال رکھا تھا۔ دستے کے تین مجاہد کم تھے۔ ایسا اکثر ہوا کرتا تھا۔ شاید ہی کبھی پورا دستہ واپس لوٹا تھا۔

لوگوں کے گھیرے میں سے قاسم ایشان زادہ کسی نہ کسی طرح باہر نکل ایا ——— اس کے بوجھل قدموں کا رخ اس خیمے کی طرف تھا۔ ایشان زادہ کو اس طرف آتے دیکھ کر نجانے یاسمین کو اپنی دھڑکن کیوں رکتی محسوس ہونے لگی تھی۔

اس نے اٹھ کر سلام کیا۔ ایشان زادہ نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا۔ اس کا گلا رندھ گیا تھا۔ بڑی ہمت سے الفاظ وہ اپنی زبان تک لایا تھا۔

"عجیب ستم ظریفی ہے قدرت کی بیٹی' کہ یہ فریضہ آج پھر مجھے ہی سونپا گیا ہے۔ ایک روز میں تمہارے باپ کی خبر لایا تھا۔ آج ایک اور سانحہ تمہیں بتانے آیا ہوں۔ چند لمحوں کے لیے رک کر اس نے اپنی حالت پر قابو پایا۔ میری بیٹی! اللہ نے تمہیں اعلیٰ منصب سے نوازنے کے لیے چنا ہے ——— میری بچی! تیرا شیر دل خاوند اور ہمارا جیالا ساتھی اللہ کے راستے میں ہمیں اکیلا چھوڑ گیا ہے۔ اللہ اس کے درجات بلند کرے۔"

بوڑھی عورت پر تو جیسے سکتہ طاری ہو گیا تھا لیکن وہ سنبھلی اور اپنی لہو روتی بہو کو اپنے ناتواں جسم سے چمٹا لیا۔ اس کا کلیجہ جیسے پھٹ چلا تھا۔ بوڑھے قاسم ایشان زادہ کی آنکھیں دھندلا گئی تھیں۔ آنسو اس کی سفید ڈاڑھی بھگو رہے تھے۔ ایک لمحے کے لیے تینوں نے ایک نظر محمود اوغلو پر ڈالی جو سب سے بے خبر ایک مجاہد کو رائفل صاف کرتے دیکھ رہا تھا۔

یہ مجاہد آج رات کے دستے میں جانے والا تھا اور بڑی محبت اور توجہ سے فیضان کے بیٹے محمود اوغلو کو بتا رہا تھا کہ رائفل کیسے فائر کی جاتی ہے۔

www.iqbalkalmati.blogspot.com



کمانڈو

مَیں ایک جاسُوس تھا

وادیِ لہُو رنگ

چناروں کے آنسُو

کہاروں کی آگ

بھٹکا ہُوا راہی

وطن کی مٹی گواہ رہنا

لہُو کا سفر

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com